جلد: ۱۰ شمارہ: ۱-۲
جنوری — جون ۲۰۲۳

ISSN: 2394-5567
S.No. 24

دبیر

مدیر

احمد نوید یاسر ازلان حیدر

DABEER

January - June 2023

S.No. 24

ISSN: 2394-5567
S.No. 24

Vol: 10, Issue: 1-2
January - June 2023

DABEER

In UGC Care List

Editor:
Ahmad Naved Yasir Azlan Hyder

ISSN:- 2394-5567 (UGC Care Listed) S.No. 24

بخواندم یکی مرد هندی دبیر سخن گوی و گوینده و یادگیر (فردوسیؔ)

دبیر

(بین الاقوامی پیئر ریویوڈ ریفیر یڈ سہ ماہی ادبی و تحقیقی جریدہ)

جلد:۔۱۰ شمارہ:۔۱۔ ۲

جنوری۔جون ۲۰۲۳ء

☆ایڈیٹر☆

احمد نوید یاسر ازلان حیدر

Mob. no. 09410478973

☆مراسلت کا پتہ☆

دبیر حسن میموریل لائبریری

۱۲۔چودھری محلّہ (جنوبی)، کاکوری، لکھنؤ۔۲۲۶۱۰۱

dabeerpersian@rediffmail.com

website: www.dabeerpersian.co.in

☆ریویو کمیٹی☆

پروفیسر آذرمی دخت صفوی، علی گڑھ

پروفیسر شریف حسین قاسمی، دہلی

پروفیسر مسعود انور علوی کاکوروی، علی گڑھ

پروفیسر عمر کمال الدین کاکوروی، لکھنؤ

پروفیسر طاہرہ وحید عباسی، بھوپال

پروفیسر مظہر آصف، نئی دہلی

☆مجلس ادارت☆

پروفیسر سید حسن عباس، صدر شعبہ فارسی، بی ایچ یو، وارانسی

پروفیسر سید محمد اسد علی خورشید، شعبہ فارسی، اے ایم یو، علی گڑھ

پروفیسر علیم اشرف خان، شعبۂ فارسی، دہلی یونیورسٹی، دہلی

پروفیسر سید محمد اصغر، شعبہ فارسی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی، شعبۂ فارسی، مانو، حیدرآباد

ڈاکٹر محمد عقیل، شعبہ فارسی، دانشگاہ ھندوی، بنارس

ڈاکٹر محمد احتشام الدین، مرکز تحقیقات فارسی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

ڈاکٹر افتخار احمد، شعبۂ فارسی، مولانا آزاد کالج، کلکتہ

ڈاکٹر محمد قمر عالم، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ فارسی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

ڈاکٹر انجمن بانو صدیقی، شعبہ فارسی، کرامت کالج، لکھنؤ

☆معاون مدیر☆

ڈاکٹر محمد توصیف خان کاکر

اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ فارسی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

ڈاکٹر عاطفہ جمال

پی ایچ ڈی، شعبۂ فارسی، لکھنؤ یونیورسٹی، لکھنؤ

فہرست مندرجات

	عنوان	مقالہ نگار	صفحہ
	اداریہ	ازلان حیدر	۴
۱	ہندوستان میں فارسی صحافت کا آغاز	پروفیسر طاہرہ عباسی	۵
۲	آزادی کی کہانی مخطوطات کی زبانی	پروفیسر صاحبزادہ صولت علی خان	۹
۳	مولانا ابوالکلام آزاد ایک باکمال انشاء پرداز	ڈاکٹر ای اے حیدری	۱۵
۴	گلستان سعدی کے اردو تراجم اور گلستان امجد	ڈاکٹر فہیم احمد	۲۶
۵	صوفیائے کرام کی تعلیمات میں انسان دوستی۔۔۔۔	ڈاکٹر محمد احتشام الدین	۳۳
۶	غزلیات طالب آملی کی فنی زیبائش	ڈاکٹر یاسر عباس	۴۳
۷	صاحب دستورالافاضل بحیثیت شاعر	ڈاکٹر نصرت انصاری	۵۱
۸	عقیدہ وحدۃ الوجود۔۔۔۔۔	جاوید بٹ	۵۶
	دکنیات		
۹	دکن میں مرثیہ نگاری کا تاریخی پس منظر	پروفیسر عزیز بانو	۶۳
	میراث خطی		
۱۰	تحفۂ اکبر شاہی کے خطی نسخوں کا مختصر تعارف	اسریٰ عتیق الرحمان	۶۹
	شخصیات		
۱۱	پروفیسر محبوب حسین احمد حسین عباسی: ایک تعارف	پروفیسر وجیہ الدین	۷۶
۱۲	پروفیسر سید شاہ طلحہ رضوی برقؔ	پروفیسر رضوان اللہ آروی	۸۷
	چشم بینش		
۱۷	ہمایوں نامہ	ڈاکٹر نیلوفر حفیظ	۱۲۴

اداریہ

اللہ تعالیٰ کا بے حد شکر و احسان ہے کہ اس نے ہمیں اس دنیا میں اشرف المخلوقات بنا کر بھیجا، رب کریم کا مزید فضل و کرم یہ ہے کہ اس نے ہمیں سید المرسلین خاتم النبیین حضور احمد مجتبیٰ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں پیدا ہونے کا شرف بخشا۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ وسلم اور ان کے جانشین خلفائے راشدین آل پاک و صحابۂ کرام پر صد ہا درود و سلام کہ جن کی بدولت ہم شریعت مطہرہ اور طریقت باطنہ کے روحانی برکات سے آج تک فیض یاب ہو رہے ہیں۔ حضور اکرم ﷺ کے علم پر ارشاد گرامی کو امت آج تک پھیلانے سکھانے پڑھانے اور سمجھانے کا کام کر رہی ہے۔

ہندوستان میں فارسی زبان و ادب کا چرچا ما قبل تاریخ سے ہے۔ آریوں کی زبان، رہن سہن، تہذیب و ثقافت اور رسم و رواج کی یکسانیت نے دونوں ملکوں کے درمیان ایک وضعدار تعلق برقرار رکھا ہے۔ ویسے تو ہندوستان میں عرب تاجروں اور سیاحوں کی آمد و رفت رہی ہے مگر ایرانی مورخین، سیاح اور دانشوروں کی متواتر آمد و رفت، ان کی تواریخ، لکھے گئے سفر نامے، یادداشتیں اور اشعار کے دواوین ایک گنجینہ کی طرح ہندوستان میں رہے۔ تب سے لیکر آج تک فارسی زبان و ادب ہندوستانیوں میں اس طرح گھل مل گئی کے یہاں کی خود کی تاریخیں، طبی نسخے، تذکرے، انشاء، لغات جیسے الگ الگ میدانوں میں کتب کا جم غفیر لگ گیا۔ نہ کہ صرف ایرانی بلکہ ہندوستانی اور ہندوستان کے دیہی علاقوں تک کے علماء کی تحریریں اس بات کا بین ثبوت ہیں کہ فارسی اور ہندوستان ایک دوسرے کے لئے لازم و ملزوم ہیں۔ آج بھی فارسی کی تعلیم و تربیت کے ساتھ اس میدان میں ہونے والی تحقیق کی ایک لمبی قطار دیکھنے کو ملتی ہے۔

دبیر میں باقاعدگی کے ساتھ ہر شمارے میں آپ کے جدید تحقیق سے روشناس کرایا جاتا ہے۔ دکنیات، مقالات، میراث خطی کے علاوہ چشم بینش میں کسی تصنیف پر سیر حاصل تبصراتی مضمون اور شخصیات میں عام طور سے گزرے ہوئے یا ریٹائرڈ اساتذہ پر مضامین بھی شائع کئے جاتے ہیں تاکہ ہماری نئی نسل کو ان تمام علوم و فنون کے ساتھ ساتھ اساتذہ سے بھی واقفیت ہو۔

ازلان حیدر

پروفیسر طاہرہ عباسی
صدر شعبہ فارسی
برکت اللہ یونیورسٹی، بھوپال

ہندوستان میں فارسی صحافت کا آغاز

فارسی صحافت کا دور تغیرات اور ہنگامہ خیز دور رہا ہے۔ اور تعجب خیز بات یہ ہے کہ تاریخ نگار اور انکے ہم عصر فارسی اخبارات سے مستفید ہونے سے قاصر رہے۔ لفظ صحافت عربی زبان کے صحف سے لیا گیا ہے صحیفہ جس پر کچھ لکھا جائے یعنی جریدہ اور اخبار کو کہتے ہیں۔

اخبار جو مقررہ وقت پر شائع ہوتا ہے جس کے ذریعہ تمام قومی، علاقائی اور بیرونی ممالک کی خبریں پہنچائی جاتی ہیں۔ انسان کی فطرت وضرورت تجسس ہوتی ہے اپنے سماج کے متعلق معلومات فراہم کرنا جس کی تکمیل صحافت کے ذریعہ پوری ہوتی ہے نیز ایسی نئی اطلاعات انسانی خبروں کو فروغ دینے کا کام بھی کرتی ہیں۔ صحافت سماجی سرگرمی کا ایک حصہ ہیجو اخبارات میں خبریں لکھ کر عوام تک پہنچانا ضروری ہے۔ ایک ملک کو چلانے کے لیےیو ہ ایک اہم ستون ہے۔ صحافت لمحہ لمحہ ہونے والے تغیرات اور حالاتِ حاضرہ سے لوگوں کو باخبر کرتے ہوئے شعور و بیداری پیدا کرتی ہے۔

فارسی زبان ہندوستان کی ہمہ جہت مقبولیت کی حامل رہی ہے ادب کے تعلق سے برطرف دوسرے تمام میدان سماجی، سیاسی، ثقافتی، سرکاری الغرض عصری تمام تقاضوں کے ساتھ شانہ بہ شانہ رہی ہے تہذیب وتمدن سے زبردست انقلاب کا آغاز ہوا اور فارسی صحافت پر اسکا اثر بھی بہت نمایاں ہوا۔ علم وادب کے حلقوں اور ان سے وابستہ افراد نے ہندوستان میں فارسی صحافت کی علم برداری کی اور اس کے لیے بہت روشن راہیں ہموار کیں جو اس وقت کارِ محال تھا لیکن اپنی کاوشوں وجدوجہد سے اس قیمتی صنف کو بام عروج تک پہنچانے کی پوری کوشش کی۔ ہندوستان میں فارسی صحافت کے آغاز پر اگر سرسری نگاہ بھی ڈالی جائے تو دور مغلیہ کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا کیوں کہ یہ وہ اہم دور تھا جس میں صحافت کا ایک با قاعدہ اور منظّم ادارہ قائم ہوا اور خبر رسانی کا بہت معقول انتظام انجام پذیر ہوا۔

تاریخ کے مطالعہ سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ شیر شاہ نے اس کے لیے چار شاہ راہیں بنوائی تھیں اور شاہ راہوں کے کنارے شجر کاری آب رسانی کے لیے کنویں اور سرائے جگہ جگہ تعمیر کرائی تھیں۔ خبروں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجانے کے لیے کافی تعداد میں گھوڑوں کا انتظام تھا تا کہ اس کام میں کسی طرح کی کوئی دشواری درپیش نہ ہو۔ شیر شاہ ایک لائق فائق بادشاہ تھا جس نے رسل ورسائل کے تمام کاموں کو بخوبی انجام دینے کے لیے سبھی ذرائع پر خصوصی توجہ دی اور انکو

مستحکم بنایا شیر شاہ کی اس پیش رفت نے فارسی زبان کی صحافت کو مزید ترقی دی اور ان امور کو انجام دینے میں شیخ زین جو اس وقت ان کے سکریٹری تھے انھوں نے بہت خوش اسلوبی سے اس کارہائے نمایاں کو انجام دیئے۔ جنگ کے دوران صحافیوں کی دوراندیشی اور نکتہ سنجی بابر کی فتح کی ضامن ہے۔ بابر کی سبکدوشی کے بعد انکے جانشین ہمایوں نے اس سلسلہ کو برقرار رکھتے ہوئے ''حبیب السیر'' کے مصنف آخوند میر کو ان فرائض کو انجام دینے کی ذمہ داری سونپی رفتہ رفتہ صحافت ترقی کی منازل کی طرف گامزن تھی اور عہد اکبر میں بھی صحافت کے ذریعہ واقعہ نگاری اور خبر رسائی کا فن منظم اور ارتقائی منازل کو طے کرنے لگا اور جدید اخبار نویسی کے پیکر میں ڈھلنے لگا۔ اخبار نویسی اور واقعہ نگاری کے لئے اکبر نے اپنے دربار میں بہت تجربہ کار دانشور اور دوربین لوگوں کو اس عہدے پر مامور کیا جنکی ایک مخصوص تعداد بڑے بڑے مقام پر صحافت سے وابستہ امور کو انجام دیتے تھے۔ انکو تیکچی کہا جاتا تھا اور وہ لوگ سلسلہ وار اپنے اپنے کاموں کو انجام دینے کے بعد بادشاہ سلامت کو اسکی پوری اطلاع دی جاتی تھی جسکی مدت چودہ دن کی ہوتی تھی۔ ایس۔ اے۔ اے رضوی کے بقول ''اس زمانے میں صوبائی خبر نگار (واقعہ نویس) متعین ہوتا تھا جو بادشاہ کو براہِ راست صوبہ کے اہم واقعات کے علاوہ ٹیکس کی جمع آوری کے بارے میں آگاہ کیا کرتا تھا دوسرا آزاد رپوٹر جسے سوانح نویس یا خفیہ نویس کہا جاتا تھا۔ وہ خفیہ نویس اطلاعات مرکزی حکومت کو بھیجتا تھا۔ علاوہ ازیں خبریں اور ضروری اطلاعات آزاد جاسوسوں کے ذریعہ بھی ملتی تھیں جنھیں 'ہرکارہ' کہا جاتا تھا'' (مولانا امداد صابری تاریخ صحافت اردو حصّہ اول)

ابوالفضل علامی نے آئینہ اکبری میں اس بات کی تصدیق بھی کی ہے کہ عہد اکبری میں روزنامہ نویسی اور وقائع نویسی کا رواج تھا اس کے ساتھ ہی قانون نویسی کے اہم کارنامہ بھی اکبر نے انجام دلوایا جس کے نتیجے میں ۱۵۷۴ء میں ریکارڈ آفس کا قیام ہوا اور ابوالفضل نے اکبر کے دربار میں اپنی رسائی کے بعد اس مواد سے استفادہ کیا جو اس دور میں ضروری خبریں اور اطلاعات ہرکاروں کے ذریعہ ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچائی جاتی تھیں۔

دورِ حاضرہ سے متعلق تمام واقعات، خاکے سوانح اور روزنامچہ وغیرہ اخبار میں بیان کئے جاتے تھے۔ عہد اکبری میں اخبار دربار معلّیٰ، شائع ہوا بعد ازاں اسکا نام دورِ شاہجانی میں اخبار دارالخلافہ شاہجاں آباد ہوگیا۔

مراۃ الاخبار فارسی زبان کا پہلا اخبار جو ہندوستان سے اپریل ۱۸۸۲ء میں شائع ہوا مراۃ الاخبار کے اشتہار کی شروعات کلکتہ جرنل سے ہوئی جسکا ذکر محمد عتیق صدیقی نے ہندوستانی اخبار نویسی (کمپنی کے عہد میں انجمن ترقی اردو ہند) میں کیا ہے۔ اشتہار کو اس طرح قلم بند کیا گیا ہے ''اڈیٹر (مراۃ الاخبار) عوام کو مطلع کرنا ہے کہ اس ملک میں اخبار بین طبقے کیلئے بہت سے اخبار شائع ہوتے ہیں لیکن اب تک فارسی کا کوئی اخبار شائع نہیں ہوا، جس سے ان لوگوں کو عموماً جو انگریزی سے ناواقف ہیں اور شمالی ہند کے رہنے والوں کو خصوصاً خبریں معلوم ہوسکیں۔ چنانچہ (ادارہ اڈیٹر مراۃ الاخبار) ایک فارسی اخبار کے اجراء کا کام شروع کر رہا ہے''

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین کی بنیاد معاشرے کی اصلاح، بیجا رسم و رواج کے خلاف آواز

اٹھانا،قوم میں بیداری پیدا کرنا ملک وقوم کی ترقی،قرآنی تعلیمات اوراحادیث مبارکہ اور عربی الفاظ کی اصطلاحات والفاظ کے استعمال پر تھی۔اس ضمن میں راجہ رام موہن رائے جن کے ہاتھوں سے اس عظیم کام کی بنیاد رکھی گئی کا قول اسطرح تحریر کیا گیا ہے۔

''خدا کا شکر ہے کہ انگریزوں کی سلطنت میں کلکتے کے رہنے والوں کو وہ آزادی اور تحفظ حاصل ہے جس کی معقولیت پسند اور مدنی الطبع انسان مذہبی اور مدنی اداروں کا مقصد وحید قرار دیتے ہیں افراد اور انکی ملکیت کی حفاظت کے لئے قانون انگلستان کے مطابق اس شہر میں بھی ان گنت قوانین بنائے گئے ہیں جس کے مطابق انصاف کیا جاتا ہے اور سزائیں دی جاتی ہیں۔ یہ اس کا نتیجہ ہے کہ معمولی حیثیت کا آدمی اپنے حقوق کے مطالبے میں نہ صرف اونچے درجے کے کسی بھی آدمی کے برابر سمجھا جاتا ہے بلکہ بڑے سے بڑے سرکاری افسر کے مقابلے میں بھی اس کو برابر کی حیثیت حاصل رہتی ہے۔ ہر شخص کو اپنے جذبات ہی کے اظہار کی آزادی نہیں ہے بلکہ دوسروں کے افعال پر بھی نکتہ چینی کی جاسکتی ہے اگر اس سے دوسروں کو نقصان نہ پہنچے۔

جو لوگ انگریزی سے نابلد ہیں وہ دوسروں سے اخبار پڑھوا کر سنتے ہیں یا خبروں سے بالکل بے خبر رہتے ہیں اس خیال کے پیش نظر مجھ حقیر ترین انسان کو فارسی میں ایک ہفتے وار اخبار جاری کرنے کی خواہش ہوئی ہے۔ دیسی برادری کے سبب باعزت افراد اس زبان سے واقف ہیں یہ اخبار ان سب لوگوں تک پہنچے گا جو اس کے خواہش مند ہوں گے۔

مختصر یہ کہ اس اخبار کی ذمہ داری لینے سے میرا مقصد صرف یہ ہے کہ عوام کے سامنے ایسی چیزیں پیش کی جائیں جن سے ان تجربوں میں اضافہ اور انکی سماجی ترقی ہوسکے ارباب حکومت کو بھی رعایا کا صحیح حال بتایا جائے اور رعایا کو ان کے حکمرانوں کے قانون اور رسم ورواج سے آگاہ کیا جائے تاکہ حکمرانوں کو اپنی رعایا کی تکلیفیں دور کرنے کا موقع ملے اور رعایا کی دادرسی ہوسکے۔ آئینہ سکندری فارسی زبان میں ہندوستان سے شائع ہونے والا دوسرا اخبار ہے ۲۶ اپریل ۱۸۸۳ء میں ہفت روزہ کی شکل میں بمبئی کے گورنر کی مرضی سے شائع ہوا۔

جامِ جہاں نما فارسی زبان کا تیسرا اخبار ہے جو ہندوستان کے شہر کلکتہ سے شائع ہوا اور اسکو اپنے وقت کا بہترین اخبار قرار دیا گیا۔ اس اخبار کا جو نسخہ نیشنل آرکائیو آف انڈیا میں موجود ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ اخبار آٹھ صفحات کا ہوتا تھا۔ اخبار جامِ جہاں نما میں تاریخی،معلوماتی اور ذہنی آسودگی بخشنے والی اور خصوصاً تعلیم نسواں سے متعلق خبریں شائع کی جاتی تھیں۔

مندرجہ بالا اخبار کے بعد شمس الاخبار فارسی زبان میں شائع ہونے والا چوتھا اخبار ہے جو ۱۸۳۳ء میں کلکتہ سے شائع ہوا شمس الاخبار ہفت روزہ اخبار تھا ہر جمعہ کو شائع ہوتا تھا اسکی ضخامت بارہ صفحات پر مشتمل تھی۔ اس اخبار کی خصوصیت یہ تھی کہ ہر خبر کو لکھنے سے پہلے ایک خاص قسم کے جملے اور کلمات سے شروعات ہوتی تھی۔

شمس الاخبار کے علاوہ اخبار سی ''رام پور'' آگرہ اخبار ۱۸۳۲ء میں آگرہ سے شائع ہوا شمالی ہندوستان میں

فارسی کا بلکہ کسی بھی زبان کا یہ پہلا اخبار تھا اور ہندوستان میں فارسی کا یہ گیارہواں اخبار تھا۔

فارسی صحافت ۱۸۵۷ء کے بعد ترقی کرتی گئی اور کئی اخبارات کی تشکیل ہوئی مثلاً فارسی اخبار ۱۸۲۶ء میں پیشاور سے شائع ہوا۔ ''اسلامی مجلس مذاکرۂ علمی'' ۱۸۶۴ میں کلکتہ سے جاری ہوا''جریدۂ عالمیہ سرکار عالی ہفت روزہ ۱۸۶۹ء میں نظامِ حیدرآباد کا سرکاری اخبار تھا۔دور بین ۱۸۷۴ء میں کلکتہ سے شائع ہوا۔انجمن پیشاور ۱۸۸۰، شفیق ۱۸۸۰ میں حیدرآباد سے شائع ہوا جس کے مدیر سید حسن رضوی تھے۔معلم شفیق ۱۸۵۱ سے ۱۹۳۰ تک حیدرآباد سے شائع ہوا،مفید عالم،گلدستہ سخن، مدرس فارسی، فارسی اخبار آزاد دہلی،نغمہ ہند بیشمار نام ہیں۔مجلّہ تحقیقات فارسی شعبۂ فارسی دہلی لائبریری۔ سلطان الاخبار ہفت روزہ رضا ۱۸۳۵ء میں کلکتہ سے شائع ہوا۔اخبار الکبیر ۱۸۳۶ میں بہار سے شائع ہوا سراج الاخبار ۱۸۴۱ میں دہلی سے شائع ہوا صادق الاخبار احسن الاخبار بمبئی سے شائع ہوا۔بے شمار جریدے جس میں علیگر، قند پارسی، دعوت اسلام بمبئی نامہ وطن حیدرآباد، تمدن ممبئی ۱۹۰۸، دنیا ۱۹۴۵ دہلی سے شائع ہوا۔آہنگ ۱۹۵۸ امیر حسن عابدی کی سرپرستی میں دہلی سے شائع ہوا۔ ریسرچ جرنل مولانا ابوالکلام آزاد عربک اینڈ پرشین ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، ٹونک راجستھان سے ۱۹۸۱۔۸۲ میں شائع ہوا اس میں نامور و دانشور علماء و اکرام نے مختلف موضوعات اور زبانوں میں مضامین شائع ہوئے تھے۔ بازسفید۔ یہ رسالہ ۲۰۰۳ میں لدھیانہ سے شائع ہوا۔ہندوستان میں فارسی صحافت کی ورق گردانی سے اس بات کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے فارسی صحافت کی سنگ بنیاد راجہ رام موہن رائے کے ہاتھوں رکھی گئی جو بہ یک وقت عربی، فارسی،سنسکرت اور ہندی زبان پر بھی عبور رکھتے تھے انکا مطالعہ بہت گہرا و عمیق تھا انکی شخصیت مختلف مذاہب اور افکار کی سنگم تھی۔اسلئے یہ بات انتہائی وثوق سے کی جاسکتی ہے کہ فارسی زبان کا تعلق ہندوستان سے بہت پرانا ہے جو صدیوں تک ہندوستان کی سرکاری زبان کی حیثیت سے لوگوں کے دل و دماغ میں حکمرانی کرتی رہی ہے۔

ہندوستان میں فارسی زبان قوموں کے عروج و زوال اور معاشرہ کے مختلف پہلوؤں پر احاطہ کئے ہوئے ہے جس طرح ادب، افکار، خیالات اور جذبوں کی عکاسی کرتا ہے صحافت وہ فن ہے جس میں اپنے ارد گرد رونما ہونے والے تمام حالات، واقعات اور معاشرہ سے متعلق تمام سرگرمیوں کا ذکر کیا جاتا ہے۔

مآخذات:۔

۱۔ آئینۂ اکبری، علامہ ابوالفضل، مرتبہ سرسید احمد خان، سرسید اکیڈمی علی گڑھ، ۲۰۰۵ء

۲۔ اخبار نویسی کے ابتدائی اصول، بلجیت سنگھ، کایہ پبلکیشنس، بہادر گڑھ، ۱۹۸۳ء

۳۔ تاریخ صحافت اردو حصہ اول، مولانا امداد صابری، حسن زمان کلکتہ، ۱۹۶۷ء

۴۔ مرآۃ الاخبار شمارہ اول۔راجہ رام موہن رائے (بحوالہ ہندوستان میں فارسی صحافت کی تاریخ)

۵۔ ہندوستان میں فارسی صحافت کی تاریخ، اخلاق احمد آہن، ایجوکیشنل پبلیشنگ ہاؤس، دہلی، ۲۰۰۸ء

۶۔ ہندوستانی اخبار نویسی (کمپنی کے عہد میں)، محمد عتیق صدیقی، انجمن ترقی اردو۔علی گڑھ، ۱۹۵۷ء

صاحبزادہ پروفیسر صولت علی خان
ایکٹنگ پرنسپل
گورنمنٹ پی جی کالج، ٹونک

آزادی کی کہانی مخطوطات کی زبانی

دردناک آہ وفغاں، فلک شگاف نعرے، دار ورسن اور ظلم وستم داد بیدادگری، تسلط وتصرف بے آبروو طن کی پردہ داری وارفتگی وبالیدہ نظری، نالہ سحر اثری، عدیم المثال قربانی، ہندو مسلم یک جہتی فرنگی نظام کے خلاف شہ زوری، شکستہ پیماں دل کے ٹوٹے تاروں، آنکھوں کے آنسو، ٹوٹے خنجروں اور شکستہ دل فگار نالوں، سرد آہوں کو جب یک جا کیا جائے تو آزادی کی کہانی متشکل نظر آتی ہے، چاہے وہ مخطوطات کی زبانی ہو کہ مطبوعات کی زبانی، ہندوستان کے گوشہ گوشہ میں ایسی داستانیں آسمان میں تاروں کی طرح بکھری پڑی ہیں۔ ان داستانوں میں سے ایک ایسی ہی داستان میرے مقالے کا موضوع ہے۔

ان مخطوطات میں چند اہم ہیں جن میں اشرف نامہ از اشرف خاں، دوسرا فتح نامہ، انگریز از فرانسو یا فراسو جو اصل میں جرمنی کا رہنے والا ہے اور بیگم شمرو کے لشکر میں بھی رہ چکا ہے۔ 'گلشن بے خار' میں ان کا ذکر ہے اور فرانس اک ڈین ہے جس نے بھرت پور کی تاریخ فارسی میں لکھی ہے، 'ظفر الظفر' یا 'فتح نامہ' یہ ایک منظوم پہلی جنگ آزادی کی کہانی ہے، جس کو غدر کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے یہ مصنف کی آنکھوں دیکھی جنگی داستان ہے اور جنگ آزادی کا پہلا عصری دستاویز ہے اس کا ایک نسخہ کرزن کلکشن کلکتہ اور دوسرا نسخہ خدا بخش پٹنہ میں موجود ہے۔ دوسرا نسخہ 'ظفر نامہ وقائع غدر' کے نام سے موسوم ہے جو کسی نے مختصراً غدر کے حالات جمع کئے ہیں لیکن حکومت وقت کے جابرانہ اور انتقامانہ کارروائی کے خوف سے اپنا نام نہیں لکھا اس کا ایک ہی نسخہ ہے جو انڈیا آفس میں محفوظ ہے ایک اور عصری ماخذ ٹونک کا 'امیر نامہ' ہے پٹنہ کے امیر علی خاں بہادر کا امیر نامہ ہے جو ان کی سوانح پر مشتمل ہے۔ لیکن انگریزوں کے تسلط اودھ کے تحلیل ہونے کے پر آشوب دور کے حالات ومشاہدات پر یہ ایک مربوط اور مبسوط دستاویز کی حیثیت رکھتا ہے۔ اسی طرح ٹیک چند اخبار نویس کا روزنامچہ' شاہ عالم' قابل قدر و وحید العصر نسخہ ہے جو اصل میں شاہ عالم کے دور کے ناگفتہ بہ حالات وواقعات پر مشتمل ہے۔ جو حالات اس دور میں رونما ہوئے تھے وہ ان کے مشاہدات وواقعات میں درج ہیں اس میں جنگ آزادی کی تحریک منصوبے فرنگی نظام کی حکمت عملی اور روزمرہ کے کشیدہ حالات وواقعات کی نشان دہی ہوتی ہے اس کا ایک نسخہ انڈیا آفس میں اور ایک خدا

بخش لائبریری پٹنہ میں محفوظ ہے،اس کے علاوہ حدیقۂ راجستھان از استاد سید اصغر علی آبرو نے نواب امیر الدولہ امیر خان کا نسب نامہ،احوال وکوائف کو بیان کیا ہے۔ ا؎

’مخزن الفتوح‘ یہ ایک اہم نسخہ ہے جو انگریزوں اور مرہٹوں کی جنگ اور لارڈ لیک کی فوجی مہمات سے متعلق ہے جو بھگوان داس شیو پوری نے قلم بند کیا ہے اس کی ایک کاپی برٹش میوزیم میں موجود ہے جس سے آزادی کی کہانی بین السطور میں پڑھی جاسکتی ہے۔’مخزن الفتوح‘ اس کا تاریخی مادہ ہے جس سے ۱۸۰۷ء/ ۱۲۲۲ھ برآمد ہوتا ہے۔اس کے علاوہ مولوی فضل عظیم عظیم کی دو مثنویاں افسانہ بھرت پور اور’وقائع کوہستان‘ ’بیرنگ نامہ‘ کشن لال کا’قیصر نامہ‘ ’رنجیت سنگھ نامہ‘ ’شیر سنگھ نامہ‘ ’چراغ پنجاب‘ ’غالب کی دستنبو‘ ’عود ہندی‘ اور دوسرے مکاتیب اسی دور کے حالات و واقعات کی رونمائی کرتے ہوئے نظر آتے ہیں،

ادارۂ تحقیقات عربی و فارسی ٹونک،راجستھان میں ویسے تو سینکڑوں مخطوطات ومطبوعات آزادی کی تاریخ مرتب کرنے کے لئے کافی ووافی ہیں۔زیرنظر مقالے میں فارسی کے ایسے ہی چند مخطوطات پر اپنے معروضات پیش کروں گا جن میں’ظفر نامۂ امیر‘ ’تاریخ احمدی‘ اور’نبرد نامہ‘ اور’امیر نامہ‘ نمایاں ہیں۔

ظفر نامۂ امیر:۔سائز۳۷x۲۷سی۔ایم سطر۱۵خط نستعلیق اندراج نمبرٹونک ۱۵۱۰حالت عمدہ ۲؎ ظفر نامۂ امیر یہ منظوم امیر نامہ کے نام سے مشہور ومعروف ہے حافظ پایندہ محمد خاں نکہت رام پوری کا نوشتہ ہے، جو امیر خاں کے ساتھیوں میں سے تھے یہ ابھی تک غیر مطبوعہ ہے۔پایندہ خاں نکہت نے’امیر نامہ‘ سے متاثر ہوکر نواب امیر خاں کے حالات اور کارناموں کو منظوم کیا ہے۔کہیں کہیں شاعرانہ مبالغہ آرائی اور غلو سے کام لیا ہے لیکن تاریخی حالات کو بڑے دل چسپ انداز میں منظوم کیا ہے اور بہت سے واقعات جو’امیر نامہ‘ میں موجود نہیں ہیں وہ بھی بیان کئے ہیں۔استادی عالی جناب سید ابن حسن بزمی نے اس کا ترجمہ کیا ہے دیکھئے کب زیورطبع سے آراستہ ہوکر سامنے آتا ہے۔

تاریخ احمدی:۔سائز۲۲X۱۸ سی۔ایم سطر۱۷ خط نستعلیق، حالت عمدہ،اندراج نمبرٹونک ۱۴۷٦ ۳؎ یہ بھی اس دور کا قابل قدر اور نایاب مأ خذ ہے۔دوم نواب وزیر الدولہ والیٔ ریاست ٹونک مشہور غازی اور مجاہد حضرت سید احمد شہید سے بیعت تھے اس لئے سید احمد صاحب کے شہید ہونے کے بعد نواب صاحب نے آپ کے سوانح اور حالات مرتب کرائے تھے اور کچھ حالات سید احمد شہید کے دوسرے مریدین نے بھی مرتب کئے تھے۔یہ حالات’تاریخ احمدی‘ اور’مخزن احمدی‘ اور’مکتوبات احمدی‘ کے نام سے موسوم ہیں جو ادارۂ عربی وفارسی ٹونک میں موجود ہیں۔ان میں’تاریخ احمدی‘ مصنفہ مولوی سید جعفر علی جو سید صاحب کے سفر جہاد میں شریک تھے اور آپ کے میر منشی بھی تھے اس نسخہ کی صرف اول جلد ہی دستیاب ہے۔دوسرا نسخہ مولانا سید حیدر علی نقوی ثم ٹونکی نے لکھا ہے پہلا حصہ فارسی میں اور دوسرا حصہ اردو زبان میں ہے۔

اس تاریخ احمدی کا حصہ دوم جو فتح علی کا مرتبہ ہے اور ۱۳۹۶ھ میں نواب محمد علی خاں والیٔ ریاست ٹونک کے حکم سے لکھا گیا ہے یہ اردو زبان میں ہے اور تاریخ احمدی کا تتمہ معلوم ہوتا ہے۔ان تمام نسخ میں سید احمد شہید کے سوانح کے ساتھ ساتھ نواب امیر خان والیٔ ریاست ٹونک کے واقعات بھی نظر آتے ہیں۔ان کے عزائم اور ان کے جنگی منصوبے انگریزوں کے خلاف جنگ آزادی کا اعلان وغیرہ ڈاکٹر قانون گو نے لکھا ہے کہ'امیر خان کے ساتھ تاریخ نے انصاف نہیں کیا۔وہ ہندوستان کا سب سے آخری بڑا فوجی مدبر اور آزادی ہند کا سب سے بڑا شہباز تھا۔امیر نامہ اس مرد مجاہد کی سچی کہانی اور جنگی روداد ہے' ۴ ہے

نبردنامہ۔ مصنف بہاری لال شاہ جہاں آبادسائز ۲۹x۱۶ سی۔ایم سطر ۱۷ خط نستعلیق ،حالت عمدہ،اندراج نمبر الور ۳۴۱/۷۷ مغل بادشاہ بہادر شاہ ظفر کی قیادت میں ہندوستانی ہندو مسلم نے مل کر انگریزوں سے ۱۸۵۷ء میں جو جنگ کی ،اس کے مکمل حالات درج ہیں ۵

امیر نامہ:۔ مصنف بساون لال شاداںؔ سائز ۳۰x۲۱ سی۔ایم ،سطر ۱۹ خط نستعلیق حالت عمدہ،اندراج نمبر ۱۴۵۲/۲ ۶ یہ داستان ہے ایک غیور روہیلہ نبرد آزما پٹھان امیر خان کی ،جس نے اپنے گھوڑے کی ٹاپوں سے نہ صرف راجستھان بلکہ روہیل کھنڈ،اتر پردیش،مدھیہ پردیش،دکنی ہندوستان اور پنجاب کو روند ڈالا،جب یہ اپنی تلوار کا لوہا منوا چکا تو پھر یہیں سے تحریک آزادی شروع ہوئی۔مرہٹوں سندھیہ کو ایک ساتھ جمع کیا اور آزادی کے لئے جنگ کا آغاز کیا۔انہوں نے خود کہا کہ اگر رئیسوں نے میرا ساتھ نہ دیا تو میں کابل جا کر شاہ شجاع کو ساتھ لاؤں گا۔وہ نہ آئے تو اپنے ہم قوم یوسف زئی اور سالار زئی پٹھانوں کو لا کر انگریزوں سے لڑوں گا اور انگریزوں کو اس ملک سے نکالے بغیر چین سے نہیں بیٹھوں گا ۷ اس جوش و خروش اور اس عزم نے انگریزوں کی نیند حرام کر دی اب انگریزوں کو ہندوستان میں کسی سے خطرہ تھا تو وہ صرف امیر خان سے،امیر خان کا خوف ان کے دلوں میں بیٹھ چکا تھا۔یہ پہلا ہندوستانی مرد مجاہد تھا جس کا خوف انگلستان تک حاوی تھا۔

ان کے اس عزم وارادہ،جوش وخروش اور آزادی کی تڑپ کو ہم تاریخ کے ان نایاب نسخوں میں دیکھ سکتے ہیں یا یوں کہا جائے کہ تاریخ کے آئینہ خانوں میں جنگ آزادی کی تصویر کو صاف اور نمایاں طور پر دیکھ سکتے ہیں۔

امیر نامہ ہندوستان کی تاریخ آزادی کا نایاب غیر مطبوعہ فارسی نسخہ ہے جو والیٔ ریاست ٹونک نواب امیر خاں کی زبانی بیان کئے ہوئے واقعات پر مبنی ہے اس کو منشی بساون لال شاداںؔ نے ۱۲۴۱ھ میں ترتیب دیا۔امیر نامہ چار ابواب پر مشتمل ہے اور اس کا ہر باب کئی داستانوں میں منقسم ہے اس کے پہلے باب میں نواب امیر خاں کی ابتدائی زندگی کے حالات تحریر کئے گئے ہیں دوسرے باب میں دکن کے واقعات کا تذکرہ ہے۔تیسرے باب میں انگریزوں کے خلاف امیر خان اور ہلکر کی مشترکہ جدوجہد کا ذکر ہے۔چوتھے باب میں انگریزوں سے معاہدہ کا تفصیلی جائزہ ہے۔ادارۂ عربی وفارسی

ٹونک کا یہ نسخہ نواب امیر خاں کی زندگی کا مکتوبہ ہے اس لئے اہم اور نایاب و نادر ہونے کے علاوہ مفید و کارآمد بھی ہے اسی پر ریاست کے دیوان شمس الدین صاحب کے حواشی بھی ہیں (نوشتہ ۱۲۴۷ھ م ۱۸۳۱ء)

امیر خاں کی فوجی طاقت و قوت کے متعلق غلام رسول مہر نے لکھا ہے کہ 'کسی زمانے میں سوار فوج کی تعداد ایک لاکھ تک پہونچ گئی تھی ایک موقع پر ایک سو پندرہ توپیں اس کے پاس تھیں'[۸] اسی طرح مہر نے موہن سنہا مہتا کا یہ قول بھی نقل کیا ہے 'امیر خاں ایک قابل قائد اور بہادر سپاہی تھا ان کی فوج نہایت مسلح تھی اور ہندوستان کی تمام فوجوں میں سے بہترین ساز و سامان والی فوج سمجھی جاتی تھی'[۹] 'امیر خاں کی ایک اور خوبی جو ان کو ان کے عہد کے مسلم فرمانرواؤں سے ممتاز کرتی ہے وہ ان کا ذاتی کردار و شعار ہے وہ صوم وصلوٰۃ کے پابند ایک زندہ دل انسان تھے۔ زہد و تقویٰ ان کی زندگی کا خاصہ تھا اسی طرح خشیت الٰہی بھی ان میں موجود تھی'[۱۰]

امیر خاں کے کردار کی عکاسی کرتے ہوئے مالکم رقم طراز ہیں 'یہ وثوق سے کہا جا سکتا ہے کہ عظیم حربی حادثات سے سبکدوش ہونے کے بعد چند ہی لوگ ہوں گے جنھیں امیر خاں جیسی عزت ملی ہو'[۱۱]

ڈاکٹر بی ڈی شرما راجستھان انسٹی ٹیوٹ آف ہسٹوریکل ریسرچ کے اپنے رسالے میں امیر خاں کے لئے رقم طراز ہیں 'اگر مرہٹے ہندوستانی قوم کے آخری معمار ہیں تو امیر خاں بے دریغ بنرد آزما سورماؤں کی اس سرزمین کے آخری فوجی مدبر بھی ہیں'

'امیر نامہ امیر خاں کی سوانح حیات کے علاوہ اٹھارھویں صدی کی آخری دو دہائیوں اور انیسویں صدی کی اولین دو دہائیوں کے حالات کا لابدی و ناگزیر عصری ذریعہ ہے'[۱۲]

پرنسپ کا کہنا ہے کہ 'امیر نامہ امیر خاں کے حالات کی سچی تصویر ہے اس لئے کہ امیر خاں نے کبھی شکست کو فتح نہیں بتایا جہاں فتح ہوئی وہاں فتح لکھی اور جہاں شکست ہوئی بڑی صفائی سے وہاں شکست ہی بتائی ہے۔ ایک انگریز مورخ کے قول کے مطابق امیر نامہ ایک مستند تاریخی کتاب ہے جو اب تک غیر مطبوعہ ہے۔ اس کا انگریزی ترجمہ لاڈ بیٹنگ کے مطابق ۱۹۳۴ء میں شائع ہو چکا ہے مگر اب نایاب ہے'[۱۳]

جیسا کہ عرض کیا گیا ہے کہ ریاست ٹونک کی ابتدائی تاریخ کا یہ اہم غیر مطبوعہ اصل فارسی نسخہ ایڈٹ ہو کر شائع نہیں ہوا ہے، البتہ اس کے تراجم ہوئے ہیں۔

احمد علی سیماب نے امیر نامہ کا اردو ترجمہ نائب الریاست ٹونک صاحبزادہ محمد عبید اللہ خاں صاحب نے کپتان جے بلیر انگریز کی تحریک پر کرایا۔ امیر نامہ کا یہ سب سے پہلا ترجمہ تھا۔ امیر نامہ کا ایک اور ترجمہ ۱۲۹۴ھ میں احمد علی سیماب کے فرزند حکیم سید سعید احمد ٹونکی نے نواب محمد ابراہیم علی خاں کے فرمان پر کیا تھا جو غالباً آپ کے والد کے ترجمہ کی از سرنو

ترتیب ہے۔ یہ ترجمہ ۱۲۹۹ھ میں مطبع محمدی ٹونک سے طبع ہوا تھا لیکن اب مفقود ہے۔

'افتخار التواریخ' بھی امیر نامہ کا اردو ترجمہ ہے جو منشی دیبی پرشاد جودھ پوری نے کیا ہے ۱۹۰۹ء میں رضوی پریس دہلی سے شائع ہوا تھا یہ ترجمہ بھی افتخار الامراء فخر الملک صاحبزادہ محمد عبید اللہ خاں صاحب بہادر فیروز جنگ نائب الریاست کی ایماء پر کیا گیا تھا۔اس ترجمہ میں کثرت سے تشریحات درج ہیں جو مفید اور کارآمد ہیں [۱۴]

پرنسپ نے امیر نامہ کا ترجمہ 'قسمت آزما پٹھان فوجی کی سرگذشت' کے نام سے کیا ہے۔امیر نامہ کا ایک ہندی ترجمہ ڈاکٹر محمد ریاض الدین خاں اور ہنومان پرساد سنگھل نے کیا ہے جو اے پی آر آئی ٹونک سے ۲۰۰۳ء میں شائع کیا گیا ہے۔

یہ بڑی مسرت وخوشی کی بات ہے کہ ادارۂ تحقیقات عربی وفارسی ٹونک سے ۲۰۲۰ء میں اس نادر ونایاب فارسی نسخہ کا اردو ترجمہ زیور طبع سے آراستہ وپیراستہ ہو کر سامنے آ گیا ہے۔استاذی مولانا جمیل احمد مترجم فارسی اے پی آر آئی نے سلیس، سادہ اور عام فہم اردو زبان میں بامحاورہ ترجمہ کیا ہے جو اصل متن امیر نامہ کی روح کا عکاس ہے۔ یہ ترجمہ مترجم کی محنت شاقہ، لگن اور شوق کا ثمرہ ہے۔تاریخ آزادی کی یادگار اور تاریخ عظمت رفتہ کا ایک عمدہ اور زندۂ جاوید دستاویز ہے۔ اس ترجمہ کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اس ترجمہ پر اصل مخطوطے کا گمان ہوتا ہے

اسٹوری، ایلیٹ ، جادوناتھ سرکار، ڈاکٹر رجنی کانت قانون گو جیسے مؤرخوں کے ساتھ ساتھ مخطوطات کے فہرست نگاروں اور کیٹلاگروں نے بھی امیر نامہ پر تبصرہ کیا ہے۔ یہ'امیر نامہ'امیر خاں کی زندگی کی جدوجہد کے ساتھ جنگ آزادی اور اس دور وعہد کے تاریخی، سماجی، معاشی ومعاشرتی حالات کا عکاس اور آئینہ دار بھی ہے۔

مأخذ:۔

۱۔ حدیقۂ راجستھان از استاد آبرو مقدمہ ڈاکٹر صولت علی خان ص ۱۳

۲۔ اے ڈسکرپٹیو کیٹیلاگ آف پرشین مینواسکرپٹ حصہ اول از صاحبزادہ شوکت علی خاں ص ۲۳۳

۳۔ اے ڈسکرپٹیو کیٹیلاگ آف پرشین مینواسکرپٹ حصہ اول از صاحبزادہ شوکت علی خاں ص ۱۸۹

۴۔ ہسٹوریکل ایسیز از ڈاکٹر قانون گو ص ۱۷۲

۵۔ اے ڈسکرپٹیو کیٹیلاگ آف پرشین مینواسکرپٹ حصہ اول از صاحبزادہ شوکت علی خاں ص ۱۸۱

۶۔ اے ڈسکرپٹیو کیٹیلاگ آف پرشین مینواسکرپٹ حصہ اول از صاحبزادہ شوکت علی خاں ص ۱۸۸

۷۔ ماخوذ امیر نامہ از منشی بساون لال شاداںؔ

۸۔ سید احمد شہید حصہ اول از غلام رسول مہرؔ ص ۸۔۹

۹۔ ماخوذ از غلام رسول مہر
۱۰۔ تحریک آزادی میں علماء کا کردار از فیصل احمد بھٹکلی ندوی ص ۳۱۴
۱۱۔ بحوالہ کرنل جیمس ٹاڈ جلد اول ص ۵۳۸
۱۲۔ ڈاکٹر کے آر قانون گو، ہسٹوریکل ایسیز ص ۱۲۵
۱۳۔ قصر علم، ٹونک کے کتب خانے اور ان کے نوادر، مرتبہ صاحبزادہ شوکت علی خاں ص ۷۶
۱۴۔ آثار مالوہ از احمد علی مرتضیٰ ص ۱۱

☆☆☆

ڈاکٹر ای۔اے۔حیدری
پروفیسر،شعبہ اردو
گورنمنٹ لوہیا کالج،چورو

مولانا ابوالکلام آزاد ایک باکمال انشاء پرداز

اس حقیقت سے ادب وتاریخ کا کوئی بھی اسکالر انکار نہیں کرسکتا ہے کہ مولانا ابوالکلام آزاد ایک نابغۂ روزگار شخصیت تھے۔وہ ایسے عہد میں پلے بڑھے جب ہندوستان کو قربانی دینے والوں کی ضرورت تھی اس لئے مولانا آزاد نے اپنی زندگی کا ایک ایک لمحہ ملک وقوم کی خدمت کے لئے وقف کردیا۔مولانا ابوالکلام آزاد کو جن نامساعد حالات کا سامنا کرنا پڑا اس کی ترجمانی کے لئے پروفیسر فضل امام رضوی کا یہ بیان ملاحظہ کیجئے:

''وہ تاریخ کے اس دوراہے پر کھڑے تھے جہاں سے کسی ایک راستہ کو اپنا لینا انتھائی دشوار گذار تھا مگر وہ بے خوف وخطر اس راستے پر گامزن ہوگئے جوان کی آزادیٔ ضمیر کے جوہر کو انمول بنانے والا تھا۔مولانا کے لئے یہ دور انتھائی نازک تھا۔جس راستے پر وہ گامزن ہوئے وہ تلوار سے زیادہ تیز اور بال سے زیادہ باریک تھا۔(۱)''

مولانا آزاد کی شخصیت بقول پروفیسر فضل امام'ایک طرح کا مثلث ہے جو سیاست ادب اور مذہب کے زاویوں میں جلوہ گر ہوتی ہے'(۲) آزاد کی سیاسی اور مذہبی زندگی ہر چند میرا موضوع نہیں ہے لیکن مقالے کے بعض مباحث کے لئے ضمناً کچھ باتیں عرض کرنا ضروری ہیں۔

مولانا آزاد کی سیاسی زندگی بڑی پرخار تھی انہیں متعدد بار گرفتار کیا گیا۔پہلی بار رانچی جیل میں ۳ سال ۹ ماہ گزارے۔دوسری بار ایک سال تک قید وبند کی صعوبتیں برداشت کیں۔تیسری گرفتاری کی مدت ٦ ماہ اور چوتھی گرفتاری کی مدت ۲ ماہ تھی۔پانچویں بار جب وہ گرفتار ہوئے تو عمر عزیز کے ۱۱ ماہ جیل کی سختیوں میں بسر کئے۔چھٹی اور آخری بار ۳ سال ۲۴ دن قید میں بسر کئے۔مولانا آزاد اپنے وطن عزیز ہندوستان کو آزاد دیکھنا چاہتے تھے اس کے لئے ۱۹۱٦ء سے ۱۹۴۵ء تک کے عرصہ میں چھ بار قید وبند کی مشقتوں کو برداشت کیا۔قید وبند کے دوران ہی ان کی اہلیہ کا انتقال ہوا،مولانا نے اپنی بیوی کے انتقال پر پیرول حاصل کرکے آخری رسوم میں شامل ہونا بھی گوارا نہ کیا یہ بظاہر بہت اہم شئے نہیں مگر اس کرب کو وہی سمجھے گا جو اس درد سے گزرا ہو۔انہوں نے کسی بھی سطح پر انگریزوں سے مفاہمت گوارا نہ کی۔ان کے پائے ثبات میں اس وقت بھی لغزش پیدا نہ ہوسکی جب ان کو ناقابل بیان پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑا۔ان کے اسی عزم وہمت کو دیکھ کر ان

کے دوست ہی نہیں دشمن بھی ان کی فکری بصیرت و ذہنی جودت کے معترف ہیں۔

رانچی جیل کے دوران ترجمان القران کی دو جلدیں اور میرٹھ جیل میں اس کی تیسری جلد تحریر کی۔ قلعہ احمد نگر کی اسیری کے زمانے میں ۱۹۴۲ء تا ۱۹۴۵ء مولانا حبیب الرحمان شیروانی کے نام لکھے شوقیہ خطوط کا مجموعہ غبار خاطر ہے۔

بارہ برس کی عمر میں مولانا آزاد کی ادبی زندگی کی شروعات ہوئی ابتداء میں شاعری کی پھر نثر کی طرف مائل ہوئے اور ۱۸۹۹ء میں نیرنگ عالم جاری کیا۔ ۱۹۰۰ء میں المصباح اور ۱۹۰۳ء میں لسان الصدق جاری کیا۔

صحافت و سیاست کا چولی دامن کا ساتھ ہے نتیجہ یہ کہ آزاد عملی طور پر سیاست میں داخل ہو گئے۔ ۱۸۸۵ء میں انڈین نیشنل کانگریس قائم ہوئی تھی، سرسید احمد خاں جس کے مخالف تھے مگر مولانا آزاد نے اس کی حمایت کی۔ ۱۳ جنوری ۱۹۱۲ء سے مولانا نے رسالہ الہلال جاری کیا یہ سیاسی و مذہبی نوعیت کا رسالہ تھا اس کے اثرات بڑے دور رس ثابت ہوئے۔ ۱۹۱۵ء میں رسالہ البلاغ جاری کیا، یہ دونوں رسالے علمی ادبی اور سیاسی آگہی کے لئے بے حد مفید ثابت ہوئے۔ مولانا آزاد کی صحافتی خدمات پر پروفیسر فضل امام رضوی نے لکھا ہے کہ:

''وہ صحافت جس کو انہوں نے اپنی جولانی قلم سے ادبیت عطا کر دی اور جب دنیائے فصاحت کے مطلع عالم تاب پر ان کی بلاغت کے شب و روز الہلال بن کر نمودار ہونے لگے تو اس کا 'تذکرہ' بڑی آزادی سے ہونے لگا اور ان کے قلم کی 'الہلالی' تنویریں 'لسان الصدق' بن کر قرآن حکیم کی ترجمانی کرنے لگیں۔ انہیں جب قید خانے کی اندھیری کوٹھری میں نور سحر ملا تو 'غبار خاطر' کے روپ میں قندیل ادب نگاہوں نگاہوں کو نگارخانۂ انانیت کے جلوۂ صد رنگ دکھانے لگی۔۔۔ انہوں نے اپنے رشحات قلم سے حریم قوم و وطن کے افسانوں پر شعر و ادب کے صنم سجا دیئے اور شعر و شریعت کے تضادات کو ایسا ہم آہنگ کر دیا کہ ان کے ادبی سبو میں جہاں حافظ شیراز کے مطہر قطرات ہیں وہیں غزالی کے تلقینی افکار بھی (۳)''

مولانا آزاد کی تحریر ہو یا تقریر، تبصرے ہوں یا خطبے، تفسیر ہو یا تحقیق سب میں ادبیت موجود ہے۔ ان کا اسلوب محض خطیبانہ یا شاعرانہ نہیں اس میں تزئین کے تمام تر نقش و نگار موجود ہیں۔ تشبیہ، استعارہ، کنایہ، طنز و ظرافت، محاورات و ضرب الامثال وغیرہ کا وہ کثرت سے استعمال کرتے ہیں لیکن ان کے استعمال سے ان کا مقصد نثر میں شعریت پیدا کرنا نہیں، وہ نثر کو زیادہ سے زیادہ حسین، سلیس اور پر اثر بنانا چاہتے ہیں جس سے مقصد کی تبلیغ میں مدد ملتی ہے اور اظہار کی تاثیر میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

مولانا ابوالکلام آزاد نے جس دور میں شعوری بالیدگی حاصل کی وہ دور مغربی زبان و ادب کے غلبہ کا دور تھا اور کوئی بھی حساس ادیب و شاعر اپنے عہد کے رجحان سے بالکل بے اعتنا نہیں ہو سکتا چنانچہ مولانا آزاد نے عربی و فارسی کے علاوہ انگریزی و فرانسیسی زبان و ادب کا بھی مطالعہ کیا لیکن عربی و فارسی کے ذریعہ ان کا ذہن پختہ ہو چکا تھا اور اسلامی علوم و

فنون ان کے رگ و پے میں سرایت کر چکے تھے لہٰذا مغربی ادبیات سے بہرہ ور ہونے کے باوجود ان کا مزاج مشرقی رہا اور وہ کورانہ پیروئ مغرب کی طرف مائل نہیں ہوئے۔ مولانا آزاد کو اپنے مقصد کے حصول کے لئے نئ نسل سے اس کی زبان اور اس کی فکر کے مطابق بات کرنی تھی اس لئے انتہائی فنکارانہ انداز میں اپنے مشرقی اسلوب نگارش میں مغربی طرز بیان کی خوبیاں بھی پیدا کرلیں۔ وہ جس بھی موضوع پر قلم اٹھاتے ہیں اس کے تمام امکانی پہلوؤں کا تجزیہ اس طرح کرتے ہیں کہ اس کی ایک تصویری سی قاری کی نگاہوں کے سامنے کھنچ جاتی ہے اور اس تصویر کشی میں اکثر حسی پیکروں کو استعمال کرتے ہیں اور حسی پیکروں کے بہ کثرت استعمال کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ اکثر مجرد تصورات بھی مجسم ہو کر سامنے آجاتے ہیں اور براہ راست قاری کے دل و دماغ کو متاثر کرتے ہیں

مولانا انتہائی باذوق اور حساس فن کار تھے جن کی صلاحیتوں پر سیاسی و معاشرتی مصروفیات نے گہرے پردے ڈال دیئے انہوں نے جو کچھ لکھا وہ انتہائی ہنگامہ آرائیوں کے دور میں لکھا۔ ان کے دل و دماغ میں علوم وفنون کا ایک دریا موجیں مار رہا تھا جس کا فیض وہ دوسروں تک پہنچانا چاہتے تھے وقت مہلت دیتا تو وہ صرف خدمت قلم کرتے مگر قومی وملکی معاملات نے انہیں اتنا وقت نہیں دیا جتنا ان کی خواہش تھی اس کا احساس انہیں تا عمر ستاتا رہا۔ اس درد پر سے پردہ انہوں نے اپنے دوست غلام مہر کو لکھے ایک خط میں اس طرح اٹھایا ہے:

''بعض اوقات سوچتا ہوں تو طبیعت پر حسرت والم کا ایک عجیب عالم طاری ہو جاتا ہے۔ مذہب، علوم وفنون، ادب، انشاء شاعری کوئی ایسی وادی نہیں جس کی بے شمار راہیں مبداء فیاض نے مجھ نامراد کے دل و دماغ پر نہ کھول دی ہوں اور ہر آن، ہر لحظہ، بخششوں سے دامن مالا مال نہ ہوا ہو۔ بحد یکہ ہر روز اپنے آپ کو عالم معنی کے ایک نئے مقام پر پاتا ہوں اور ہر منزل کی کرشمہ سنجیاں پچھلی منزلوں کی جلوہ طرازیوں کو ماند کر دیتی ہیں (۴)''

مولانا کی نثر کو عبارت آرائی، خطابت یا صحافت تک محدود نہیں کیا جا سکتا۔ اس میں مولانا کا سارا وجود ساری علمیت اور ساری فنکارانہ مہارت کی جلوہ گری موجود ہے۔ مولانا نے اکثر و بیشتر مضامین جس روا روی میں لکھے ہیں اس سے واقف ہونے کے بعد ان پر آورد کا الزام نہیں لگایا جا سکتا۔ جنہوں نے مولانا کے خطبے سنے ہیں وہ اس بات سے واقف ہیں تمام شاعرانہ فضا اور فنی لطافتیں ان کے قلم اور ان کی زبان پر بے روک ٹوک آجاتی ہیں۔

مولانا آزاد کی نثر نگاری کا دوسرا اسلوب وہ ہے جو ہمیں ترجمان القران یا تذکرہ میں دکھائی دیتا ہے اس میں ذہانت، متانت اور علمیت کا پہلو بہت نمایاں ہے اور خطیبانہ انداز بہت کم ہے مگر ان دونوں اسالیب نثر سے قدرے مختلف ان کا وہ اسلوب ہے جو غبار خاطر اور ان کے دیگر مکاتیب میں ہم کو دکھائی دیتا ہے۔ مولانا کے مکتوب الیہ مولانا کے مزاج شناس ہیں اس لئے مولانا اپنی انانیت کا بھرم قائم رکھتے ہوئے اپنی زندگی کے رازہائے سربستہ سے پردے اٹھاتے دکھائی

دیتے ہیں۔ان مکاتیب میں مولانا کا انداز راز دارانہ اور معشوقانہ ہے اس لئے وہ ان میں اپنے نہاں خانہ دل کے ان دریچوں کو بھی وا کر دیتے ہیں جن کو ان کی گوشہ نشینی کی چادر نے ڈھانپ رکھا تھا۔ان میں ایک طرح کی کیف ومستی کا عالم دکھائی دیتا ہے۔یہاں بے تکلفی کی ایک آراستہ محفل ہے جس میں آہستہ آہستہ مولانا کی شخصیت بے نقاب ہوتی چلی جاتی ہے۔اسی لئے ان مکاتیب پر بلا تکلف انشائیہ کا اطلاق کیا جاسکتا ہے۔

انشائیہ کا بنیادی وصف یہ ہے کہ اس میں ہمیں مضمون نگار کا شخصی انداز ملتا ہے۔یہاں مصنف اپنی شخصیت کی مہر لگاتا ہے۔انشائیہ نگار ادیب ہوتا ہے اور ادیب ہونے کے رشتے سے وہ زندگی کا نقاد اور اس کا مبصر ہوتا ہے، اس لئے وہ انشائیہ لکھتے وقت بھی زندگی سے بے نیاز نہیں رہتا، وہ اس سے الجھتا اور اس کو سلجھاتا رہتا ہے وہ دنیا کو دیکھتا ہے لیکن اس کا اظہار اپنے انداز سے کرتا ہے۔غبار خاطر سے مولانا ابوالکلام کے ایک خط کا یہ اقتباس ملاحظہ کیجئے:

۔۔۔ایک فلسفی، ایک زاہد، ایک سادھو کا خشک چہرہ بنا کر ہم اس مرقعے میں کھپ نہیں سکتے، جو نقاش فطرت کے موقلم نے یہاں کھینچ دیا ہے۔جس مرقعے میں سورج کی چمکتی ہوئی پیشانی، چاند کا ہنستا ہوا چہرہ، ستاروں کی چمک، درختوں کا رقص، پرندوں کا نغمہ، آب رواں کا ترنم اور پھولوں کی رنگین ادائیں اپنی اپنی جلوہ طرازیاں رکھتی ہوں اس میں ہم ایک بجھے ہوئے دل اور سوکھے ہوئے چہرے کے ساتھ جگہ پانے کے یقیناً مستحق نہیں ہوسکتے۔فطرت کی اس بزم نشاط میں تو وہی زندگی سج سکتی ہے جو ایک دہکتا ہوا دل پہلو میں اور چمکتی ہوئی پیشانی چہرے پر رکھتی ہو اور جو چاندنی میں چاند کی طرح نکھر کر، ستاروں کی چھاؤں میں ستاروں کی طرح چمک کر، پھولوں کی صف میں پھولوں کی طرح کھل کر اپنی جگہ نکال سکتی ہو (۵)۔

انشائیہ نگار اپنے موضوع کو غیر جانب داری سے پیش کرتا ہے اور حقیقتوں کا غیر جذباتی ہو کر تجزیہ کرتا ہے۔انشائیہ میں انشائیہ نگار اپنے تجربے اپنے انداز سے بیان کرتا ہے اور یہ تجربے اس کے داخلی احساسات کا ایک جزو بن جاتے ہیں، جہاں واقعات سے زیادہ واقعات کے ردعمل سے سروکار ہوتا ہے مولانا صلاح الدین احمد نے انشائیہ کے بارے میں بڑی خوبصورت بات کہی ہے کہ 'انھیں پڑھ کر ناظر کی کیفیت اس بچے کی سی ہو جاتی ہے جو اسکول میں دیر سے پہنچا ہو اور جس نے گھر کا کام بھی نہ کیا ہو لیکن اس کے ہاتھوں پر بید پڑنے کے بجائے الٹے برفی اور قلاقند کے دو بڑے لفافے تھما دیئے جائیں' (۶) ملاحظہ کیجئے ذیل کا اقتباس جس میں مولانا آزاد نے چائے کے باب میں اپنے تجربات کس خوبصورت انداز میں بیان کئے ہیں:

''شاید آپ کو معلوم نہیں کہ چائے کے باب میں میرے بعض اختیارات ہیں۔میں نے چائے کی لطافت و شیرینی کو تمباکو کی تندی و تلخی سے ترکیب دے کر ایک کیف مرکب پیدا کرنے کی کوشش کی ہے۔میں چائے کے پہلے گھونٹ

کے ساتھ ہی متصلاً ایک سگریٹ بھی سلگا لیا کرتا ہوں پھر اس ترکیب خاص کا نقش عمل یوں جماتا ہوں کہ تھوڑے تھوڑے وقفے کے بعد چائے کا ایک گھونٹ لوں گا اور متصلاً سگریٹ کا بھی ایک کش لیتا رہوں گا علمی اصطلاح میں اس صورت حال کو علی السبیل التوالی والتعاقب کہتے ہیں۔اس طرح اس سلسلہ عمل کی ہر کڑی چائے کے ایک گھونٹ اور سگریٹ کے ایک کش کے باہمی امتزاج سے بتدریج ڈھلتی جاتی ہے اور سلسلہ کار دراز ہوتا رہتا ہے۔(۷)''

انشائیہ کے اپنے آداب ہوتے ہیں۔انشائیہ کی محفل ایک بزم بے تکلف ہے جہاں انسان اپنے دل کی بات مزے لے کر بیان کرتا ہے اس کے لئے کوئی پابندی نہیں ہوتی کہ یہ کہے اور وہ نہ کہے،اسی لئے انشائیہ میں موضوع کی کوئی قید نہیں،اس کی تکنیک کے بندھے ٹکے اصول بھی نہیں ہوتے۔انشائیہ اتنا نازک ہوتا ہے کہ وہ کسی قسم کا بوجھ برداشت نہیں کر سکتا،چنانچہ انشائیہ لکھنے والا اپنی بات کہنے کے لئے کوئی ڈھانچہ نہیں بناتا۔ڈاکٹر وزیر آغا نے اپنے مضمون انشائیہ کیا ہے میں انشائیہ لکھنے والے کی شخصیت کا تجزیہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ'انشائیہ کا خالق اس شخص کی طرح ہے جو دفتر کی چھٹی کے بعد اپنے گھر پہنچتا ہے اور چست وتنگ لباس اتار کر ڈھیلے ڈھالے کپڑے پہن لیتا ہے اور ایک آرام دہ مونڈھے پر نیم دراز ہو کر حقے کی نے ہاتھ میں لئے انتہائی بشاشت اور مسرت سے اپنے احباب سے مصروف گفتگو ہو جاتا ہے'(۸) یہاں ادب کے میکانیکی عمل سے ہٹ کر زندگی کا مطالعہ نظر آتا ہے اور اس کام میں لکھنے والے کی اپنی داخلی کیفیت رہنما بن جاتی ہے۔یہ کیفیت ابوالکلام کے اکثر خطوں میں ہمیں دکھائی دیتی ہے۔غبار خاطر اور بعض دیگر خطوط کے بارے میں میرے استاد پروفیسر ملک زادہ منظور احمد اکثر کہا کرتے تھے کہ یہ انشائیے ہیں بس ابتداء میں صدیق محترم اور آخر میں ابوالکلام کو حذف کر کے دیکھئے۔پروفیسر ملک زادہ منظور کے نظریئے کی تائید کے لئے غبار خاطر کا یہ حصہ ملاحظہ کیجئے:

''احاطہ کے شمالی کنارے میں ایک پرانی ٹوٹی ہوئی قبر ہے۔نیم کے ایک درخت کی شاخیں اس پر سایہ کرنے کی کوشش کر رہی ہیں مگر کامیاب نہیں ہوتیں۔قبر کے سرہانے ایک چھوٹا سا طاق ہے۔طاق اب چراغ سے خالی ہے مگر محراب کی رنگت بول رہی ہے کہ یہاں کبھی ایک دیا جلا کرتا تھا

اسی گھر میں جلایا ہے چراغ آرزو برسوں

معلوم نہیں یہ کس کی قبر ہے۔چاند بی بی کی ہو نہیں سکتی کیوں کہ اس کا مقبرہ قلعہ سے باہر ایک پہاڑی پر واقع ہے بہر حال کسی کی ہو مگر کوئی مجہول الحال شخصیت نہ ہوگی،ورنہ جہاں قلعہ کی تمام عمارتیں گرائی تھیں وہیں اسے بھی گرادیا ہوتا۔سبحان اللہ اس روزگار خراب کی ویرانیاں بھی اپنی آبادیوں کے کرشمے رکھتی ہیں۔اس پرانی قبر کو ویران بھی ہونا تھا تو اس لئے کہ کبھی ہم زندانیان خراباتی کے شور و ہنگامہ سے آباد ہو(۹)''

انشائیہ نگار زندگی کا نقاد بھی ہوتا ہے اور مبصر بھی اسی لئے وہ انشائیہ کے ذریعے اپنے تجربات کا نچوڑ پیش کرتا ہے

یہ اور بات کہ اس کا مقصد اصلاح یا کسی مشن کی تبلیغ نہیں ہوتا، اس نے زندگی کو جس طرح برتا اور جس رنگ میں دیکھا ہے اسے وہ اپنی تمام تر داخلی کیفیات کے ساتھ پیش کر دیتا ہے البتہ چوں کہ اس کا مقصد زندگی کی تفصیلات نہیں اس لئے اختصار اور اختصار میں جامعیت اس کا اصول بن جاتا ہے وہ بات کو پھیلاتا نہیں، لفظوں کو چباتا نہیں، خیالات کا تجزیہ کرنے کے لئے دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی علاحدہ نہیں کرتا گویا انشائیہ کا فن غزل گوئی کا فن ہے جہاں ایک شعر کے اندر ایک خیال سما جاتا ہے۔ ابوالکلام کے یہاں غبار خاطر میں یہ پہلو بہت نمایاں ہے۔ مثالیں تو غبار خاطر کے ہر صفحہ پر مل جائیں گی یہاں صرف ایک مثال بطور نمونہ پیش خدمت ہے:

''۔۔۔زندگی میں جتنے جرم کئے اور ان کی سزائیں پائیں سوچتا ہوں تو ان سے کہیں زیادہ تعداد ان جرموں کی تھی جو نہ کر سکے اور جن کے کرنے کی حسرت دل میں رہ گئی۔ یہاں کردہ جرموں کی سزائیں تو مل جاتی ہیں لیکن ناکردہ جرموں کی حسرتوں کا صلہ کس سے مانگیں

ناکردہ گناہوں کی بھی حسرت کی ملے داد
یارب اگر ان کردہ گناہوں کی سزا ہے (۱۰)''

ڈاکٹر محمد حسنین نے مقالے انشائیہ اور انشائیے میں انشائیہ اور مقالہ کا مقابلہ کرتے وقت صحیح لکھا ہے کہ 'انشائیہ سے بھی ہم کچھ پاتے ہیں، ایسی عزیز اور گم شدہ کیفیت جو ہمارے روز وشب میں آنکھوں سے اوجھل رہتی ہے ایسی لطف خیز فکر وفہم جو ٹھوس اور ناقابل انکار حقائق میں دبی اور نگاہوں سے روپوش رہتی ہیں' (۱۱) انشائیہ میں ایسے تجربات کا ہونا ضروری ہے جن سے روزمرہ کی صداقت ابھر کر سامنے آتی ہو۔ عام آدمی راہ میں پیش آنے والی جن باتوں کو نظر انداز کر دیتا ہے انشائیہ نگار انہی پر اپنی توجہ مرکوز کرتا ہے اور اسے پڑھ کر عام آدمی کو یہ احساس ہوتا ہے کہ یہ تو میری نظر سے بھی گزرا تھا۔ غبار خاطر میں قدم قدم پر قاری کو یہ احساس ہوتا ہے بطور مثال ان کے چھٹے خط کا یہ حصہ دیکھئے:

''ایک مذہب تو موروثی مذہب ہے کہ باپ دادا جو کچھ مانتے آئے ہیں مانتے رہئے۔ ایک جغرافیائی مذہب ہے کہ زمین کے کسی خاص ٹکڑے میں ایک شاہراہِ عام بن گئی ہے۔ سب اسی پر چلتے ہیں، آپ بھی چلتے رہئے۔ ایک مردم شماری کا مذہب ہے کہ مردم شماری کے کاغذات میں ایک خانہ مذہب کا بھی ہوتا ہے اس میں اسلام درج کرا دیجئے۔ ایک رسمی مذہب ہے کہ رسموں اور تقریبوں کا ایک سانچہ ڈھل گیا ہے، اسے نہ چھیڑیئے اور اسی میں ڈھلتے رہئے، لیکن ان تمام مذہبوں کے علاوہ بھی مذہب کی ایک حقیقت باقی رہ جاتی ہے تعریف و امتیاز کے لئے اسے حقیقی مذہب کے نام سے پکارنا پڑتا ہے اور اسی کی راہ گم ہو جاتی ہے (۱۲)''

انشائیہ نگار اپنے مضمون کے لئے پلاٹ نہیں بناتا بلکہ ایک خیال اس کے ذہن میں آتا ہے اور اس کے داخلی

احساسات اس خیال سے رشتہ قائم کر لیتے ہیں شاید اسی لئے ڈاکٹر جانسن نے انشائیہ کو انسانی دماغ کی ڈھیلی ڈھالی اور بے پرواہ قسم کی اڑان کہا ہے It is a lose sally of mind

انشائیہ کے وجود میں آنے کا مقصد ہی یہ تھا کہ کسی بھی موضوع پر بغیر کسی اصول اور ضابطے کے اپنے خیالات کا آزادانہ طریقے سے اظہار کیا جائے اسی لئے انشائیہ نگار پر کوئی پابندی عائد نہیں ہوتی ابن کنول کے مطابق اس پر 'کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا بھان متی نے کنبہ جوڑا' والی مثل پوری طرح صادق آتی ہے'ابوالکلام کے اکثر خطوط میں یہ کیفیت آپ کو دکھائی دے گی کہ وہ لکھنے کے لئے پہلے سے کوئی خاکہ نہیں بناتے ،کوئی خیال ان کے ذہن میں پیدا ہوتا ہے اور داخلی احساسات اس خیال سے رشتہ قائم کر لیتے ہیں اور ان کا اشہب جہندہ مائل پرواز ہو جاتا ہے:

''جوں ہی حالات کی رفتار قید و بند کا پیام لاتی ہے میں کوشش کرنے لگتا ہوں کہ اپنے آپ کو یک قلم بدل دوں میں اپنا پچھلا دماغ سر سے نکال دیتا ہوں اور ایک نئے دماغ سے اس کی خالی جگہ بھرنی چاہتا ہوں ۔حریم دل کے طاقوں کو دیکھتا ہوں کہ خالی ہو گئے تو کوشش کرتا ہوں کہ نئے نئے نقش و نگار بناؤں اور انھیں پھر سے آراستہ کروں

اگر آپ مجھے اس عالم میں دیکھیں تو خیال کریں ،میری پچھلی زندگی مجھے قید خانہ کے دروازے تک پہنچا کر واپس چلی گئی اور اب ایک دوسری ہی زندگی سے سابقہ پڑا ہے ،جو زندگی کل تک اپنی حالتوں میں گم اور خوش کامیوں اور دل شگفتگیوں سے بہت کم آشنا تھی آج اچانک ایسی زندگی کے قالب میں ڈھل گئی جو شگفتہ مزاجیوں اور خندہ رویئوں کے سوا اور کسی بات سے آشنا ہی نہیں ۔ ہر وقت خوش رہو اور ہر ناگوار حالت کو خوش گوار بناؤ

قید خانہ کی چار دیواری کے اندر بھی سورج ہر روز چمکتا ہے اور چاندنی راتوں نے کبھی قیدی اور غیر قیدی میں امتیاز نہیں کیا۔اندھیری راتوں میں جب آسمان کی قندیلیں روشن ہو جاتی ہیں ،تو وہ صرف قید خانے کے باہر ہی نہیں چمکتیں ،اسیران قید و محن کو بھی اپنی جلوہ فروشیوں کا پیام بھیجتی رہتی ہیں ۔صبح جب طباشیر بکھیرتی ہوئی آئے گی اور شام جب شفق کی گلگوں چادریں پھیلانے لگے گی ،تو صرف عشرت سراؤں کے دریچوں ہی سے ان کا نظارہ نہیں کیا جائے گا ،قید خانے کے روزنوں سے لگی ہوئی نگاہیں بھی انھیں دیکھ لیا کریں گی ۔فطرت نے انسان کی طرح کبھی یہ نہیں کیا کہ کسی کو شادکام رکھے ،کسی کو محروم کر دے ۔وہ جب کبھی اپنے چہرے سے نقاب الٹتی ہے تو سب کو یکساں طور پر نظارہ حسن کی دعوت دیتی ہے یہ ہماری غفلت اندیشی ہے کہ نظر اٹھا کر دیکھتے نہیں اور صرف اپنے گرد و پیش میں کھوئے رہتے ہیں

محرم نہیں ہے تو ہی نواہائے راز کا
یاں ورنہ جو حجاب ہے پردہ ہے ساز کا

جس قید خانے میں صبح ہر روز مسکراتی ہو، جہاں شام ہر روز پردۂ شب میں چھپ جاتی ہو،جس کی راتیں کبھی ستاروں

کی قندیلوں سے جگمگانے لگتی ہوں، کبھی چاندنی کی حسن افروزیوں سے جہاں تاب رہتی ہوں، جہاں دو پہر ہر روز چمکے شفق ہر روز نکھرے، پندے ہر صبح وشام چہکیں، اسے قید خانہ ہونے پر بھی عیش وعشرت کے سامانوں سے خالی کیوں سمجھ لیا جائے؟ یہاں تو سروسامان کار کی تو اتنی فراوانی ہوئی کہ کسی گوشہ میں بھی گم نہیں ہو سکتا۔ مصیبت ساری یہ ہے کہ خود ہمارا دل دماغ ہی گم ہو جاتا ہے۔ ہم اپنے سے باہر ساری چیزیں ڈھونڈتے رہیں گے مگر اپنے کھوئے ہوئے، دل کو کبھی نہیں ڈھونڈھیں گے، حالانکہ اگر اسے ڈھونڈھ نکالیں، تو عیش ومسرت کا سارا سامان اسی کوٹھری کے اندر سمٹا ہوا مل جائے (۱۳)

اقتباس طویل ہے لیکن نفس موضوع کی وضاحت کے سبب ایسا کرنا ناگزیر تھا۔

انشائیہ کی ایک خوبی یہ بھی بیان کی گئی ہے کہ انشائیہ نگار کو چاہئے کہ وہ اپنے انشائیے کو خیالات سے زیادہ بوجھل نہ بنائے ورنہ اس کی حیثیت مضمون کی ہو جائے گی۔ اس کو یہ دیکھنا چاہئے کہ کس بات پر زور دیا جائے اور کسے یونہی رواروی میں بیان کر دیا جائے۔ بقول نظیر صدیقی یہ وہ صنف ہے جس میں حکمت سے لے کر حماقت تک اور حماقت سے لے کر حکمت تک کی ساری منزلیں طے کی جاتی ہیں۔ یہ وہ صنف ادب ہے جس میں بے معنی باتوں میں معنی تلاش کئے جاتے ہیں اور اور بامعنی باتوں کی مہملیت اور مجہولیت اجاگر کی جاتی ہے۔ یہ وہ صنف ادب ہے جس میں عنوان کا موضوع سے مربوط ہونا اتنا ضروری نہیں جتنا مضمون کا مضمون نگار سے متعلق ہونا ضروری ہے۔ اگر آپ انشائیہ کی ان صفات کی روشنی میں غبار خاطر کا مطالعہ کریں تو یہ محسوس ہوگا کہ اس میں بیان کردہ ہر موضوع ابوالکلام کی ذات سے متعلق ہے ان کے خط کا یہ حصہ دیکھئے جس میں انہوں نے چائے کے تعلق سے اس طرح اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے

''چائے چین کی پیداوار ہے اور چینیوں کی تصریح کے مطابق پندرہ سو برس سے استعمال کی جارہی ہے لیکن وہاں کبھی کسی کے خواب وخیال میں بھی یہ بات نہیں گزری کہ اس جوہر لطیف کو دودھ کی کثافت سے آلودہ کیا جاسکتا ہے جن جن ملکوں میں چین سے براہ راست گئی مثلاً روس، ترکستان، ایران۔ وہاں بھی کسی کو یہ خیال نہیں گزرا مگر سترھویں صدی میں جب انگریز اس سے آشنا ہوئے تو نہیں معلوم ان لوگوں کو کیا سوجھی، انہوں نے دودھ ملانے کی بدعت ایجاد کی اور چوں کہ ہندوستان میں چائے کا رواج انھیں کے ذریعہ ہوا اس لئے یہ بدعت سیئہ یہاں بھی پھیل گئی۔ رفتہ رفتہ معاملہ یہاں تک پہنچ گیا کہ لوگ چائے میں دودھ ڈالنے کے بجائے دودھ میں چائے ڈالنے لگے۔ بنیاد ظلم در جہاں اندک بود ہر کہ آمد برآں مزید کرد۔ اب انگریز تو یہ کہہ کر الگ ہو گئے زیادہ دودھ نہیں ڈالنا چاہئے لیکن ان کے تخم فساد نے جو برگ وبار پھیلا دیئے ہیں انھیں کون چھانٹ سکتا ہے۔ لوگ چائے کی جگہ ایک طرح کا سیّال حلوہ بناتے ہیں اور کھانے کی جگہ پیتے ہیں اور خوش ہوتے ہیں کہ ہم نے چائے پی لی۔ ان نادانوں سے کون کہے کہ

ہائے کم بخت تو نے پی ہی نہیں (۱۴)''

انشائیہ اپنے مصنف کی شخصیت کا صحیح عکس ہوتا ہے اور اس کا اپنے مصنف سے بڑا گہرا رشتہ ہوتا ہے اور یہ رشتہ ہر لفظ کی تہہ میں نظر آتا ہے اسی لئے انشائیہ کوئی ایسا میدان نہیں جس کی پیائش کے حدود مقرر کئے جا چکے ہوں۔ یہاں کھیل شروع ہونے کے بعد ریفری کی سیٹی بجنے کا کوئی اندیشہ نہیں ہوتا۔ یہاں لغزشیں بھی حسن بن جاتی ہیں کیوں کہ یہاں بندھے ٹکے اصول نہیں ہیں ہر انشائیہ اپنا اصول خود وضع کرتا ہے کیوں کہ یہاں بات سے زیادہ بات کہنے کے انداز کی اہمیت ہوتی ہے۔ ہر انشائیہ اپنے عہد کی پیداوار ہوتا ہے اور یہ عہد اس انشائیے میں سے جھلکتا رہتا ہے، اسی لئے ہر انشائیہ مختلف ہوتا ہے اور انفرادیت اس کی اولین شرط ہے اور یہ انفرادیت ابوالکلام کے یہاں بہت واضح دکھائی دیتی ہے ملاحظہ ہو ان کے خط کا یہ اقتباس:

''۔۔۔عجیب معاملہ ہے میں نے بارہا غور کیا کہ میرے تصور میں آتش دان کی موجودگی کو اتنی اہمیت کیوں مل گئی ہے، لیکن کچھ بتلا نہیں سکتا۔ واقعہ یہ ہے کہ سردی اور آتش دان کا رشتہ چولی دامن کا رشتہ ہے ایک کو دوسرے سے الگ نہیں کر سکتے ہیں۔ سردی کے موسم کا نقشہ اپنے ذہن میں کھینچ ہی نہیں سکتا اگر آتش دان نہ سلگ رہا ہو۔ پھر آتش دان بھی وہی پرانی روش کا ہونا چاہئے جس میں لکڑیوں کے بڑے بڑے کندے جلائے جا سکیں، بجلی کے ہیٹر سے میری تسکین نہیں ہوتی بلکہ اسے دیکھ کر طبیعت چڑ سی جاتی ہے۔ ہاں گیس کے آتش دان کی ترکیب اتنی بے معنی محسوس نہیں ہوتی کیوں کہ پتھر کے ٹکڑے رکھ کر انگاروں کے ڈھیر کی سی شکل بنا دیتے ہیں اور اس کے نیچے سے شعلے نکلتے رہتے ہیں کم از کم شعلوں کی نوعیت باقی رہتی ہے پھر بھی میں اسے ترجیح دینے کے لئے تیار نہیں۔ دراصل میں صرف گرمی ہی کے لئے آتش دان کا شیدائی نہیں ہوں مجھے شعلوں کا منظر چاہئے جب تک شعلے بھڑکتے نظر نہ آئیں دل کی پیاس نہیں بجھتی۔ بے دردوں کو جو دل کی جگہ برف کی سل سینے میں چھپائے پھرتے ہیں انھیں ان معاملات کی کیا خبر (۱۵)''

انشائیہ کے بارے میں بعض لوگوں کا خیال ہے کہ یہ بہت آسان ہے ایک اچھے انشائیے کو پڑھ کر یہ خیال ضرور پیدا ہوتا ہے کہ یہ بات تو ہم بھی لکھ سکتے تھے لیکن واقعی اگر لکھنے بیٹھیں تو اسے معلوم ہو کہ لکھنا گویا تلوار کی دھار پر چلنا ہے کیوں کہ ذرا سا بہکنے پر انشائیہ اپنی ہیئت کو کھو سکتا ہے نیاز فتح پوری نے اس طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ انشائیہ نگاری دیگر اصناف ادب کے مقابلے میں آسان بھی ہے اور مشکل بھی، آسان اس لئے کہ وہ صرف ذہنی اپج ہے اور مشکل اس لئے کہ ہر ذہنی اپج انشائیہ نہیں ہوسکتی، اس کے لئے محض فکر کافی نہیں ذکر بھی درکار ہے جو ابوالکلام کی تحریروں کا نمایاں ترین جوہر ہے۔ چڑیا چڑے کی کہانی کا یہ حصہ دیکھئے:

''اپنی وہمی فتح مندیوں کا یہ حسرت انگیز انجام دیکھ کر بے اختیار ہمت نے جواب دے دیا۔ صاف نظر آ گیا کہ چند لمحوں کے لئے حریف کو عاجز کر دینا تو آسان ہے مگر ان کے لئے جوش استقامت کا مقابلہ کرنا آسان نہیں اور اب اس

میدان میں ہار مان لینے کے سوا کوئی چارۂ کار نہیں رہا۔۔۔اب یہ فکر ہوئی کہ ایسی رسم وراہ اختیار کرنی چاہئے کہ ان ناخواندہ مہمانوں کے ساتھ ایک گھر میں گزارہ ہو سکے۔سب سے پہلے چارپائی کا معاملہ سامنے آیا۔یہ بالکل نئی تعمیرات کی زد میں تھی پرانی عمارت کے گرنے اور نئی تعمیروں کے سروسامان سے جس قدر گرد وغبار اور کوڑا کرکٹ نکلتا سب کا سب اسی پر گرتا اس لئے اسے دیوار سے اتنا ہٹا دیا گیا کہ براہ راست زد میں نہ رہے۔اس تبدیلی سے کمرے کی شکل ضرور بگڑ گئی لیکن اب اس کا علاج ہی کیا تھا جب خود اپنا گھر ہی اپنے قبضہ میں نہ رہا تو پھر شکل وترتیب کی آرائشوں کی کیسے فکر ہو سکتی تھی۔البتہ منھ دھونے کی ٹیبل کا معاملہ اتنا آسان نہ تھا وہ جس گوشہ میں رکھا گیا تھا صرف وہی جگہ اس کے لئے نکل سکتی تھی ذرا بھی ادھر ادھر کرنے کی گنجائش نہ تھی مجبوراً یہ انتظام کرنا پڑا کہ بازار سے بہت سے جھاڑن منگوا کر رکھ لئے اور ٹیبل کی ہر چیز پر ایک ایک جھاڑن ڈال دیا تھوڑی دیر کے بعد انھیں اٹھا کر جھاڑ دیتا(۱۶)''

میں نے تقریباً ایک درجن اقتباسات ابوالکلام کے خطوط سے یہاں پیش کئے ہیں ان اقتباسات کو سننے کے بعد آپ نے یہ ضرور محسوس کیا ہوگا کہ ان میں یکسانیت نہیں ہے اور اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ یہ انشائیے ہیں اور انشائیہ کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ ان میں یکسانیت نہیں ہوتی۔میرے خیال میں ابوالکلام کی انشائیہ نگاری کے معاملے میں اتنے سخت احتساب کی ضرورت نہیں، کیوں کہ فنی تخلیقات کے لئے ہم جو خانے بناتے ہیں اس میں محض اپنی سہولت مدنظر ہوتی ہے۔

یہ درست ہے کہ صوری اعتبار سے یہ خطوط ہیں مگر ان کو ذرا سی تبدیلی یعنی مکتوب الیہ کا سابقہ اور مکتوب نگار کا لاحقہ ہٹا کے دیکھیں تو یہ انشائیہ ہی معلوم ہوں گے اور ان میں انشائیہ کے ماہرین نے انشائیہ کی جتنی خوبیاں بیان کی ہیں وہ سب بدرجہ اتم موجود ہیں۔طوالت کے سبب میں نے اپنی گفتگو کو غبار خاطر تک محدود رکھا ہے۔حقیقت تو یہ ہے ان کا یہ انداز ان کی دیگر تصانیف میں بھی موجود ہے اسی بنا پر مولانا ابوالکلام کو ایک باکمال انشاء پرداز تسلیم کرنے میں کسی ریب وشک کا کوئی پہلو وہم وگمان کے کسی خانے میں نظر نہیں آتا۔مالک رام نے غبار خاطر کے مقدمہ میں لکھا ہے کہ

''۔۔۔ان کے اسلوب نگارش کا نقطۂ عروج غبار خاطر ہے۔اس کی نثر ایسی نپی تلی ہے اور یہاں الفاظ کا استعمال اس حد تک افراط وتفریط سے بری ہے کہ اس سے زیادہ خیال میں نہیں آسکتا(۱۷)''

اور ایسا صرف اس بنا پر ہے کہ وہ ایک بہترین ہی نہیں ایک باکمال انشاء پرداز تھے۔وہ انشاء پردازی کے اصول اختصار اور جامعیت سے مکمل طور پر واقف تھے وہ جانتے تھے کہ انشائیہ کا فن غزل جیسا ہے جہاں ایک شعر میں ایک خیال سما جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆

حوالے:

(۱)مولانا ابوالکلام آزاد ایک ہمہ جہت شخصیت تنقیدی معیار، پروفیسر فضل امام رضوی،۴۳

(۲)ایضاً،۴۳

(۳)ایضاً،۴۹

(۴)مولانا آزاد کی نثر ،بحوالہ خصوصی کمال ابوالکلام،علی جواد زیدی ،۱۲۲

(۵)غبار خاطر سے اقتباس،بحوالہ خصوصی کمال ابوالکلام،علی جواد زیدی،۱۳

(۶)مولانا صلاح الدین

(۷)غبار خاطر،مولانا ابوالکلام آزاد،مرتبہ مالک رام،۱۴

(۸)انشائیہ کے خدوخال، پروفیسر وزیر آغا،۱۰

(۹)غبار خاطر،مولانا ابوالکلام آزاد ،مرتبہ مالک رام،۳۰۔۲۹

(۱۰)ایضاً،۳۴

(۱۱)انشائیہ اور انشائیے ،سید محمد حسنین،۲۰

(۱۲)غبار خاطر،مولانا ابوالکلام آزاد،مرتبہ مالک رام،۴۰

(۱۳)ایضاً،۶۶۔۶۹

(۱۴)ایضاً،۱۵۳

(۱۵)ایضاً،۱۷۳

(۱۶)ایضاً،۲۱۴۔۲۱۳

(۱۷)مقدامہ غبار خاطر،مولانا ابوالکلام آزاد،مرتبہ مالک رام،۱۳

☆☆☆

ڈاکٹر فہیم احمد
ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ ترجمہ
مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد

گلستانِ سعدی کے اردو تراجم اور گلستان امجد

اردو زبان وادب کی تاریخ سے واقف ہر شخص یہ بات جانتا ہے کہ اردو زبان وادب کے ارتقا میں تراجم کا کردار بہت اہم ہے۔ظ۔انصاری نے تو یہاں تک کہہ دیا کہ اردو تو ایک باقاعدہ زبان بنی ہی ترجموں کی بدولت ورنہ جب تک وہ کھڑی بولی کے روپ میں تھی اِسے کسی بڑے قلمکار نے ادبی تصنیف کے قابل نہ سمجھا۔اردو کے بولی سے زبان تک کا طویل فاصلہ ایک صدی کے اندر طے کر لینے میں ترجموں کا بڑا ہاتھ ہے۔کہیں یہ ترجمے کتابی صورت میں ہوئے اور کہیں محض خیال استعارے اور اصطلاحوں کی صورت میں۔اردو میں یہ تراجم کبھی براہ راست اصل زبان کے ذریعے ہوئے اور کبھی بالواسطہ ترجموں کی مدد سے ہوئے۔اردو زبان کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرنے والیان ترجموں میں اکثریت ان تراجم کی ہے جو فارسی سے اردو میں منتقل کیے گئے تھے۔ ان میں مذہب وتصوف سے متعلق تصانیف بھی تھیں اور داستانیں بھی، مختلف مثنویاں بھی تھیں اور حکایات بھی۔چناں چہ یہی تراجم اردو زبان کا اولین ادبی سرمایہ بھی ہیں۔ان تراجم کے ذریعے مختلف تلمیحات، استعارات وتشبیہات کے ساتھ ساتھ کئی واقعات وحکایات بھی عربی وفارسی سے ترجمہ ہوکر اردو زبان وادب کا حصہ بنتی گئیں۔

اردو کے اس حکائی ادب میں شیخ سعدی کی حکایات کے تراجم بھی نہایت اہم ہیں۔فارسی زبان سے یہ حکایات ترجمہ ہوکر اس طرح اردو زبان کا لازمی حصہ بن گئیں کہ اردو کی تہذیب ہی کا حصہ محسوس ہوتی ہیں۔زیرِ نظر مقالے میں شیخ سعدی کی گلستان کے اردو تراجم اور بالخصوص امجد حیدرآبادی کے ترجمے 'گلستان امجد' کا ایک اجمالی جائزہ پیش کرنے کی سعی کی گئی ہے۔

گلستانِ سعدی فارسی زبان کے معروف شاعر، ادیب شیخ سعدی شیرازی کی شہرہ آفاق تصنیف ہے۔شیخ سعدی ایران کے مشہور شہر شیراز میں پیدا ہوئے۔آپ کا بچپن شیراز ہی میں گزرا۔بغداد کے مدرسہ نظامیہ میں تعلیم حاصل کی اور اس کے بعد عراق، شام، حجاز اور دیگر مقامات کا سفر کیا۔زندگی کے آخری ایام شیراز میں گزارے اور وہیں آپ کی وفات ہوئی۔اپنی عمر کے آخری تیس چالیس سالوں میں شیخ سعدی نے تصنیف وتالیف کا کام انجام دیا۔وہ ایک عالم، فاضل،

صوفی، مصلح ہونے کے ساتھ ساتھ فارسی کے قادرالکلام شاعر اور بہترین نثر نگار بھی تھے۔ چنانچہ نظم ونثر میں ان کی کئی تصانیف ہمیں ملتی ہیں۔

لیکن شیخ سعدی کی تمام تصانیف میں 'گلستان' اور 'بوستان' کو بہت زیادہ شہرت حاصل ہوئی۔ اور یہ دونوں ہی کتابیں ان کی شناخت اور علمی کمالات سے واقفیت کا ذریعہ بنیں اور انہی سے شیخ سعدی کو اصل شہرت ومقبولیت ملی۔ گلستان اور بوستان میں سے کسی ایک کو افضل قرار دینا مشکل ہے کیوں کہ حالؔی کے مطابق یہ دونوں ہی کتابیں قبولیت، فصاحت، بلاغت، تہذیب اخلاق، پندونصیحت اور اکثر خوبیوں کے لحاظ سے اس قدر مشابہ ہیں کہ کسی ایک کو دوسری پر ترجیح دینا مشکل ہے(۱)۔ لیکن دونوں میں ایک فرق یہ ہے کہ بوستان میں صرف شاعری ہے جب کہ گلستان میں شاعری اور نثر دونوں کا حسین امتزج ملتا ہے اور شاید اسی وجہ سے گلستان کو بوستان پر ترجیح دی جاسکتی ہے۔

گلستان سعدی 656ھ یعنی 1255ء کے آس پاس تحریر کی گئی۔ شیخ سعدی نے اس کتاب میں اپنے برسوں کے تجربات ومشاہدات اور مختلف بادشاہوں کے حالات وواقعات کو نصائح اور حکایات کی صورت میں بیان کیا ہے۔ اور ان حکایات کو مختلف اشعار اور قرآن و حدیث کے مضامین سے مزین کر کے ایک لاجواب تصنیف کی شکل عطا کردی ہے۔ گلستان نامی یہ کتاب کل آٹھ ابواب پر مشتمل ہے۔ اور اس میں شیخ سعدی نے مختلف موضوعات پر 172 حکایتیں بیان کی ہیں۔ گلستان کی شہرت اور مقبولیت کا سبب اس کا اسلوب اور انداز تحریر ہے۔ شیخ سعدی نے نصیحت وموعظت کے خشک موضوعات کو بھی اپنے دل چسپ انداز تحریر اور سحر انگیز اسلوب کے ذریعے موثر بنادیا ہے۔ اسی لیے اپنے زمانہ تصنیف ہی سے یہ کتاب نہ صرف مشہور ومقبول ہے بلکہ مختلف مدارس وجامعات کے نصاب میں بھی داخل ہے۔

گلستان کی اسی شہرت کے باعث دنیا کی مختلف زبانوں میں اس کے ایک سے زائد ترجمے کیے گئے ہیں۔ اور ان تراجم کا سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ حالی کی تحقیق کے مطابق گلستان کا سب سے پہلا ترجمہ لاطینی زبان میں کیا گیا یہ ترجمہ جینٹس نے کیا اور 1651ء میں ایمسٹرڈم سے اس کا پہلا ایڈیشن شائع ہوا۔ اس ترجمے میں اصل گلستان کا متن، لاطینی ترجمہ اور مختصر حواشی شامل تھے۔ اس کے بعد 1734، 1789 اور 1834 میں اس کے فرانسیسی ترجمے ہوئے۔ گلستان کا پہلا انگریزی ترجمہ گلیڈون نے کیا جو 1808 میں لندن سے شائع ہوا۔ ان کے علاوہ جرمن، روسی، پولش، ترکی اور عربی زبان کے علاوہ ہندوستان کی مختلف زبانوں میں بھی اس کے کئی تراجم ہوئے۔

اردو زبان میں اس کا پہلا ترجمہ میر شیر علی افسوس نے 1852 میں کیا۔ یہ ترجمہ نظم کا نظم میں اور نثر کا نثر میں ہے۔ شیخ محمد یعقوب نے بھی گلستان کا اردو میں ترجمہ کیا جو منشی نول کشور کانپور سے 1906 میں طبع ہوا۔ قاضی سجاد حسین، مولانا ظہیر احمد، مولانا ظفر بن مبین بن نور محمد، غلام عباس ماہو وغیرہ نے بھی گلستان سعدی کا اردو میں ترجمہ کیا ہے۔ ان کے

علاوہ پنڈت مہر چند داس نے داستانِ ناگری کے نام سے ہندی میں اس کا ترجمہ کیا تھا۔حالی کے مطابق بنگالی اور گجراتی میں بھی گلستان کے ترجمے ہوئے ہیں لیکن ان کا مفصل حال معلوم نہیں ہے۔

اس مشہورِ زمانہ کتاب گلستان سعدی کا ایک اردو ترجمہ امجد حیدرآبادی نے بھی ''گلستان امجد'' کے نام سے کیا ہے۔ یہ ترجمہ پہلی بار 1935 میں شائع ہوا تھا اس کے بعد 1945، 1953 اور 1962 میں اس کے تین اور اڈیشن بھی شائع ہوئے۔لیکن اب یہ کتاب نایاب نہیں تو کمیاب ضرور ہے۔

امجد حیدرآبادی حیدرآباد دکن کے ایک مایہ ناز گل سر سبد تھے۔اپنی علمی و ادبی خدمات کے سبب انہیں حکیم الشعراء، شہنشاہ رباعیات، سعدی دکن اور سرمد ثانی جیسے القابات سے نوازا گیا۔امجد حیدرآبادی نے اپنی تعلیم دکن کے معروف تعلیمی ادارے جامعہ نظامیہ سے حاصل کی تھی جہاں درس نظامی کے نصاب کے مطابق فارسی کی کتابیں بھی بطور خاص پڑھائی جاتی تھیں۔انہیں فارسی زبان سے بہت زیادہ انس تھا۔کہا جاتا ہے کہ انہوں نے اپنی تعلیم کے دوران ہی انہوں نے فارسی کی ایک مشہور کتاب 'اخلاق جمالی' کا اردو ترجمہ بھی کیا تھا جو اب نایاب ہو چکا ہے۔امجد حیدرآبادی کو گلستان سعدی، مثنوی مولانائے روم اور کلیات بیدل بہت پسند تھیں اور یہ کتابیں اکثر ان کے زیر مطالعہ بھی رہتی تھیں، گلستان امجد کے آغاز میں وہ لکھتے ہیں:

ایک مدت سے تین کتابیں ہمارے زیر نظر تھیں، گلستان سعدی، مثنوی مولوی رومی، کلیات بیدل۔ہم چاہتے تھے کہ گلستان کا اردو ترجمہ اور مثنوی اور کلیاتِ بیدل کا انتخاب مع ترجمہ کریں۔(۲)

چناں چہ امجد حیدرآبادی نے گلستان سعدی کا ترجمہ کیا۔امجد حیدرآبادی کا یہ ترجمہ اپنی بعض خصوصیات کے لحاظ سے گلستان سعدی کے دیگر تراجم کے بالمقابل منفرد ہے۔امجد سے پہلے گلستان سعدی کے جو ترجمے ہوئے ہیں ان میں بالعموم غیر مانوس اور ناقابل تفہیم محاورات، نیز مسجع فقرے اور رنگین بیانی پائی جاتی ہے لیکن اس کے برخلاف امجد حیدرآبادی کا ترجمہ نہایت ہی سادہ اردو نثر میں ہے جس کے سبب ہر خاص و عام کے لیے اس سے استفادہ آسان ہو گیا ہے۔امجد حیدرآبادی اردو کے علاوہ فارسی اور عربی زبانوں پر اچھی قدرت رکھتے تھے اور ترجمہ کی فطری صلاحیت آپ کے اندر موجود تھی۔چنانچہ اپنی اسی فطری صلاحیت کو استعمال کرتے ہوئے امجد نے گلستان سعدی کو اس طرح اردو کے قالب میں ڈھالا ہے کہ پتہ نہیں چلتا کہ یہ ترجمہ ہے یا امجد کی اصل تصنیف۔چنانچہ علامہ سلیمان ندوی نے گلستان امجد پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے:

''کہنے کو تو یہ سعدی کی گلستان کا ترجمہ ہے مگر حقیقت میں امجد کی تصنیف ہے جس میں امجد نے سعدی کے خزانہ خیال پر اس طرح قبضہ کیا ہے کہ وہ قابض کی ملک ہو گیا ہے۔سعدی کی نظم و نثر دونوں کا ترجمہ مترجم نے نثر میں کر دیا ہے اور

سعدی کی نظم کی جگہ خود اپنی ہم معنی نظم، فرد، قطعہ یا رباعی کی صورت میں درج کی ہے اور اس طرح گلستان سعدی گلستان امجد بن گئی ہے۔''(۳)

امجد حیدرآبادی نے گلستان کے دیگر مترجمین کی طرح اپنی کتاب میں اصل متن یا فرہنگ کو شامل نہیں کیا ہے۔اصل متن کی شمولیت فارسی زبان سیکھنے والوں کے لیے مددگار ضرور ہوسکتی ہے لیکن اس کی وجہ سے رواں اور مسلسل مطالعہ کا لطف باقی نہیں رہتا۔ چنانچہ انہوں نے اسے ایک ادبی فن پارے کی طرح پوری آزادی کے ساتھ اردو کا قالب عطا کیا ہے۔امجد حیدرآبادی کو اردو زبان و بیان اور اس کے روزمرہ ومحاوروں پر بڑی قدرت حاصل تھی اس لیے انہوں نے گلستان کا ترجمہ کرتے ہوئے بھی نہایت مہارت سے سعدی کے مفہوم کو اردو کا جامہ پہنانے کی کامیاب کوشش کی ہے۔گلستان امجد سے ایسی بے شمار مثالیں پیش کی جاسکتی ہیں لیکن اختصار کی وجہ سے یہاں صرف چند مثالوں پر اکتفا کیا جارہا ہے۔

گلستان سعدی کی ایک حکایت کی فارسی عبارت کچھ اس طرح ہے:

درویشی مستجاب الدعوات در بغداد پدید آید- حجاج یوسف راخبر کردند- بخواندش و گفت دعائی خیری برمن کُن- گفت- خدایا جانش بستان- گفت، از بهرِ خدا ایں چه دعااست؟ گفت- ایں دعائی خیر است تراوجمله مسلمانان را- (۴)

ائی زبردست زیردست آزار
گرم تاکی بماندایں بازار
بچه کارآیدت جهاں داری
مردنت به که مردم آزادی

اس حکایت کا ترجمہ امجد حیدرآبادی نے اس طرح کیا ہے:

ایک دفعہ ایک فقیر جس کی دعائیں قبول ہوا کرتی تھیں بغداد میں آیا۔حجاج بن یوسف (نام بادشاہ ظالم) کو بھی خبر ہوئی، حجاج نے فقیر کو طلب کر کے کہا کہ برائے خدا میرے لیے بھی دعائے خیر کرو۔خیر طلب فقیر دست بدعا ہوکر کہہ اٹھا۔اے خدا اس کو موت دے!

حجاج نے گھبرا کر کہا، ایں! تم یہ کیا دعا کر رہے ہو؟ فقیر نے کہا یہ دعا تم اور تمہاری رعایا دونوں کے لیے اچھی ہے۔

تم مر کر گناہوں کے بچ جاوگے اور مخلوق خدا تمہاری مردم آزاری سے نجات پائے گی۔(۵)

اس مثال سے یہ واضح ہوتا ہے کہ امجد حیدرآبادی نے فارسی متن میں بیان کردہ پورے مفہوم کا نہایت عمدہ، رواں اور بامحاورہ ترجمہ کیا ہے اور نہایت ہی مہارت سے اس حکایت کو اس طرح اردو کا جامہ پہنا دیا ہے جیسے یہی اصل ہو۔ ترجمے کا یہ حصہ ملاحظہ فرمائیں ''حجاج نے گھبرا کر کہا۔ ایں! تم یہ کیا دعا کر رہے ہو؟'' اس جملے میں استعجاب کے لیے ''امجد نے ایں! لفظ کا جو استعمال کیا ہے وہ کس قدر برمحل ہے اور صورت حال کی کس طرح مکمل عکاسی کر رہا ہے۔ اسی طرح ایک اور مثال ملاحظہ ہو:

حکایت: یکی را از بزرگاں بادی مخالف در شکم پیچیدن گرفت۔ و طاقت ضبطِ آن نداشت پس بی اختیارازوی صادر شد گفت ای درویشان مرادرپنجه کردم اختیاری نبوده و بزه وی برمن ننوشتد وراحتی بدرون من رسید شمانیز بکرم معذوردرداريد۔

مثنوی

شکم زندان بادست ای خردمند
ندارد ہیچ عاقل باد دربند
چو باد اندر شکم پیچد فروہل
که باد اندر شکم باریست بر دل
حریف ترشروی ناسازگار
چو خواهد شدن دست پیشش مدار (۲)

امجد حیدرآبادی نیاس کا ترجمہ کچھ اس طرح کیا ہے:

حکایت به عنوان بیمحل هنسی

ایک دفعہ کسی مجلس میں کسی صاحب کے پیٹ میں قراقر ہو کر ریح صادر ہو گئی اہل محفل کو بہت ناگوار گزرا انہوں نے کہا یہ ناگواری کا کونسا محل ہے۔ بیاختیارانہ فعل پر اعتراض کرنا عقل مندوں کا شیوہ نہیں۔ مجھے تو راحت حاصل ہوئی تم کو کیوں تکلیف ہو رہی ہے۔ ناموافق دوست کی صحبت سے دوری ہی بہتر ہے۔

حاصل:

اسی لغویت میں میں خود پھنس رہا ہوں
مگر غیر کے فعل پر ہنس رہا ہوں

بھرا ہوں معائب میں خود سر سے پا تک
پڑ' آوازے ہر ایک پر کس رہا ہوں (۷)

اس حکایت کے میں بھی امجد نے سعدی کی نثری عبارت کو پوری چابک دستی سے اردو کا جامہ پہنا دیا ہے اور حاصل حکایت کے طور جملے کے آخر میں اردو کا ایک اپنا ایک جملہ'' ناموافق دوست کی صحبت سے دوری ہی بہتر ہے'' شامل کردیا ہے۔مزید یہ کہ سعدی کے فارسی اشعار کا ترجمہ بھی نہیں کیا بلکہ اس کی جگہ اپنا ایک قطع شامل کردیا ہے۔

گلستان سعدی کے اس ترجمے میں امجد حیدر آبادی نے ترجمہ نگاری کے لیے جو طرز اختیار کیا ہے اسے علم ترجمہ میں آزاد ترجمہ کا طرز کہا جاتا ہے۔آزاد ترجمے میں مترجم اصل کتاب کے متن کی پابندی نہیں کرتا بلکہ اس متن میں جو مفہوم و مدعا پایا جاتا ہے اسی کو اپنے الفاظ میں منتقل کردیتا ہے۔اردو کے اکثر ابتدائی تراجم اسی طرح کے ترجموں سے بھرے پڑے ہیں۔کچھ مترجموں نے تو اس قدر زیادہ آزادی کا استعمال کیا ہے کہ بعض مغربی ناولوں اور افسانوں کا ترجمہ کرتے ہوئے کرداروں اور مقامات کے نام تک تبدیل کردیے۔جہاں جیمس تھا اس کو جمن کردیا اور پوری ناول کو لندن کی سڑکوں سے لکھنو کی گلیوں میں منتقل کردیا۔ترجمے میں اس قدر آزادی کسی بھی طرح قابل قبول نہیں ہوسکتی۔

گلستان امجد میں امجد حیدر آبادی نے بھی صرف اس بات کا التزام کیا ہے کہ ترجمے میں شیخ سعدی کا مقصود اور منشا پوری طرح اردو زبان میں منتقل ہوجائے۔انہوں نے اس بات کی بھی کوشش کی کہ شیخ سعدی کا دردِ دل،سوزِ دروں، دلوں پر اثر انداز ہونے کی کیفیت اردو ترجمے میں بھی اسی طرح نظر آئے جس طرح وہ فارسی گلستان میں پائی جاتی ہے۔جس طرح شیخ سعدی کی گلستان نظم و نثر کا امتزاج لیے ہوئے ہے اسی طرح امجد نے بھی گلستان امجد کو نظم و نثر کا امتزاج بنادیا ہے۔واقعہ یہ ہے کہ امجد حیدر آبادی کا ترجمہ ان تمام حیثیتوں سے نہایت متاثر کن، دل چسپ اور سادہ و پرکار ہے۔ لیکن اپنی تصنیف کو متاثر کن اور ہدفی قارئین کے لیے دل چسپ بنانے کے لیے انہوں نے بہت زیادہ آزادی کا استعمال کیا ہے۔مثال کے طور پر گلستان سعدی میں ہر حکایت نثر و نظم دونوں پر مشتمل ہوتی ہے۔امجد نے نثر و نظم پر مشتمل حکایت کا ترجمہ تو بہترین اردو نثر میں کردیا لیکن ہر حکایت کے ساتھ متعلقہ حکایت و واقعہ کی مناسبت سے اپنے اشعار، اپنی رباعیات اور اپنے کلام کو بھی اس میں شامل کردیا ہے۔جیسا کہ پہلی مثال میں دیکھا جاسکتا ہے۔بعض مقامات پر امجد نے سعدی کی مثنوی کے اشعار کا ترجمہ ہی نہیں کیا جیسا کہ دوسری مثال میں ہم نے دیکھا ہے۔

ترجمہ نگاری کے فن میں امجد حیدر آبادی کے اس عمل کا کوئی جواز پیش نہیں کیا جاسکتا۔لیکن واقعہ یہی ہے کہ امجد نے گلستان میں اس طرح کی مداخلت بہت زیادہ کی ہے۔اس کے علاوہ اس ترجمے میں بعض مقامات ایسے بھی ہیں جن کا امجد نے ترجمہ ہی نہیں کیا اور اُن مقامات کے ترجمہ نہ کرنے کی کوئی خاص وجہ بھی بیان نہیں کی۔اسی لیے جہاں گلستان

سعدی میں کل 172 حکایتیں ہیں تو اس اردو ترجمے میں صرف 168 ہی حکایتیں موجود ہیں۔ بعض مقامات پر حکایتوں کے درمیان میں کسی فقرے یا کسی شعر کا ترجمہ نہیں کیا۔ حالانکہ ایک مترجم کو کسی کتاب میں اس طرح کے حذف و اضافہ کا اختیار نہیں ہوتا لیکن بہر حال امجد نے اس اختیار کو استعمال کیا ہے۔

ان سب کے باوجود گلستان سعدی کا یہ اردو ترجمہ اپنی تاثیر کے اعتبار سے دیگر اردو تراجم کے مقابلے میں کافی بہتر ہے اور یہ اردو کے حکائی ادب میں ایک گراں قدر اور نہایت ہی اہم اضافہ ہے۔

حواشی:

(۱) خواجہ الطاف حسین حالؔی، حیات سعدی، مکتبہ جامعہ لمیٹیڈ، نئی دہلی 1992، ص 78

(۲) امجد حیدرآبادی، گلستان امجد ابتدائی صفحات، عماد پریس، چھتہ بازار، حیدرآباد 1354ھ

(۳) سید سلیمان ندوی، ابتدائی مضمون مشمولہ گلستان امجد، عماد پریس چھتہ بازار حیدرآباد، 1354ھ

(۴) گلستان سعدی ص: 39-40

(۵) امجد حیدرآبادی، گلستان امجد، عماد پریس چھتہ بازار حیدرآباد ، 1354ھ، ص 32

(۶) گلستان سعدی ص 103

(۷) امجد حیدرآبادی، گلستان امجد، عماد پریس چھتہ بازار حیدرآباد ، 1354ھ، ص 92

☆☆☆

ڈاکٹر محمد احتشام الدین
اسسٹنٹ پروفیسر، مرکز تحقیقات فارسی
علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

صوفیائے کرام کی تعلیمات میں انسان دوستی، اخوت ومحبت اور باہمی رواداری کے نقوش۔ فارسی شعر وادب کے حوالے سے

درخت دوستی بنشان که کام دل به بار آرد
نهال دشمنی بر کن که رنج بی شمار آرد

(حافظ)

یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ ہندوستان میں اسلام صوفیائے کرام کے ذریعہ پھیلا ہے، اور اگر ہم ان صوفیا و عرفا کی زندگی اور ان کی تعلیمات پر نظر ڈالیں تو بخوبی واضح ہوتا ہے کہ انہوں نے ہمیشہ انسان دوستی، محبت واخوت اور بھائی چارہ کا پیغام دیا ہے۔ فارسی زبان کے کئی ایسے صوفی شعرا گذرے ہیں جنہوں نے اپنے اشعار کے ذریعہ universal brothrhood کا پیغام ساری دنیا کو دیا ہے۔ مثال کے طور پر سعدی، حافظ، مولانا روم وغیرہ۔ شیخ سعدی کا یہ پیغام آج بھی ساری دنیا کے لئے ایک لمحۂ فکریہ ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

بنی آدم اعضای یك دیگرند
که در آفرینش ز یك گوهرند
چو عضوی به درد آورد روزگار
دگر عضوها را نماند قرار
تو کز محنت دیگران بیغمی
نشاید که نامت نهند آدمی

یعنی تمام بنی نوع انسان ایک دوسرے کے اعضا کی مانند ہیں اور آفرینش یعنی خلقت میں سبھی ایک ہی گوہر سے نکلے ہیں۔ جب کبھی جسم کا ایک عضو تکلیف میں ہوتا ہے تو دوسرے عضو کو بھی سکون وقرار نہیں رہتا۔ اگر تجھے دوسروں کی تکلیف کا احساس نہیں ہے تو پھر تو انسان کہلائے جانے کے لائق نہیں۔

فارسی زبان کا ایک دوسرا شاعر وحدت و یگانگت اور باہمی رواداری کا درس دیتے ہوئے لکھتا ہے:

از یك چراغ کعبه و بتخانه روشن است

در حیرتم که تفرقۂ کفر و دین کجاست

یعنی جب ایک ہی چراغ سے کعبہ و بتخانہ دونوں روشن ہیں تو پھر مجھے اس بات کی حیرت ہے کہ کفر اور دین کا فرق کہاں سے پیدا ہوا۔

معروف صوفی خواجہ بختیار کاکی کا یہ شعر مختلف ادیان، افکار اور مختلف عقاید کے درمیان ایک رابطۂ قوی کی ترویج میں اہم کردار ادا کرتا نظر آتا ہے:

کردم از عشق سوالی که بگو حق به کجاست

گفت هر جا طلبی هست چه مسجد چه کنشت

یعنی میں نے عشق سے سوال کیا کہ حق کہاں ہے؟ اسے کہاں تلاش کروں۔ تو اس نے جواب دیا کہ جس جگہ بھی تم اسے تلاش کروگے وہیں حق مل جائے گا چاہے مسجد ہو یا پھر کنشت۔

اور اسی مضمون کا حافظ شیرازی کا ایک شعر ہے:

همه کس طالب یار اند چه هشیار و چه مست

همه جا خانۂ عشق است چه مسجد چه کنشت

یعنی ہر کوئی محبوب کا طالب ہے چاہے وہ مست ہو یا ہوشیار اور ہر جگہ خانۂ عشق ہے چاہے وہ مسجد ہو یا کنشت۔

اس مختصر مقالہ میں ہم صوفیائے کرام کی تعلیمات میں باہمی رواداری، انسان دوستی اور اخوت و محبت کے پیغام کو فارسی صوفی شعرا کے کلام و صوفیاء کرام کی تحریروں کے حوالے سے دیکھنے کی کوشش کریں گے۔

ہندوستان میں فارسی زبان و ادب جس کی بنیاد عرفان، اخلاق اور انسان دوستی پر رکھی گئی تھی، ایک مثبت و سالم فکر کی ایجاد کے لئے اہم وسیلہ رہا ہے۔ ہندوستان کے شعرا، ادبا اور صوفیا مثلاً فریدالدین گنج شکر، خواجہ معین الدین چشتی، نظام الدین اولیا، خواجہ قطب الدین بختیار کاکی، خواجہ نصیرالدین چراغ دہلی، حضرت امیر خسرو، سرمد، سید اشرف جہانگیر سمنانی وغیرہ نے تمام بنی نوع انسان اور انسانی معاشرے کو ایک وحدت کی صورت میں ہر طرح کے تفرقہ اور جدائی سے بالاتر تصور کر کے اپنی توجہ کا مرکز بنایا۔ ان کے ملفوظات اور آثار جو سبھی کی سبھی فارسی زبان میں ہیں تمام بنی نوع انسان، ہندو ہو یا مسلمان، بودھ مذہب کا پیروکار ہو یا عیسائیت کا علمبردار، محبت، برابری، اخوت اور ہمدلی کا درس دیتے ہیں۔

صوفیہ کا سب سے اہم عقیدہ جس نے ہندوستانی سماج پر گہرا اثر ڈالا وہ وحدت نسل انسانی کا تھا۔ وہ عملاً الخلق

عیال اللّٰہ کے قائل تھے اور انسانی رشتوں کو اسی روشنی میں دیکھتے تھے۔ ان کی خانقاہیں، جماعت خانے ہر اعتقاد اور ہر مذہب کے لوگوں کے لئے کھلے رہتے تھے۔ داراشکوہ نے ایک بار شاہ محبّ اللہ الٰہ آبادی سے پوچھا کہ کیا ہندو اور مسلمان میں فرق کیا جا سکتا ہے؟ آپ نے فرمایا: یہ جائز نہیں کیوں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو رحمۃ للعالمین یعنی سارے عالم کے لئے رحمت بنا کر بھیجا گیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

"فقیر کجا و نصیحت کجا؟ حق آنست که اندیشهٔ رفاهیت خلق خدا دامنگیر خاطر حکام باشد چه مومن چه کافر؟ که خلق خدا پیدایش خدا است و سید این مقام که صاحب آن مقام به هر کس از صالح و فاجر و مومن و کافر رحم کند رسول خدا است صلی اللّٰه علیه وسلم چنانکه بیان یافت در فتوحات و وارد است در قرآن و ما ارسلناك الا رحمة للعالمین".

(مکاتیب داراشکوہ وشیخ محبّ اللہ الٰہ آبادی، نسخہ خطی علیگڑھ)

حقیقتاً صوفیہ کی تلقین یہ تھی:

یگانه بودن و یکتا شدن ز چشم آموز
که هر دو چشم جدا و جدا نمی نگرند

(منوہر توسنی)

یعنی وحدت کی تعلیم اگر کسی چیز سے لینی ہے تو چشم یعنی آنکھ سے لے کیوں کہ دونوں آنکھیں بھلے ہی جدا جدا ہیں لیکن وہ دیکھتی ایک ہی شے کو ہے۔

یہ بھی ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ صوفیائے کرام کی ذوات مقدسہ اور ان کی تعلیمات سے جو فائدہ اسلام کو پہنچا اتنا فائدہ مسلم حکمرانوں اور بادشاہوں سے نہیں پہونچا۔ یہ حکمراں صرف اپنی حکومت کی توسیع اور استحکام کے پیچھے لگے رہے لیکن صوفیائے کرام نے اپنی ذات سے اسلام کی ایسی زبردست تبلیغ فرمائی کہ امراء اور سلاطین محو حیرت رہ گئے۔ ان کے اندر ایسی جاذبیت اور مقناطیسیت تھی کہ اگر ایک طرف مسلمان ان پر فریفتہ اور گرویدہ ہوئے تو دوسری طرف انہوں نے غیر مسلموں کے دلوں کو اپنی روحانی قوت، عزت، شرافت اور اخلاق کریمانہ سے اپنا مطیع اور فرمانبردار بنا لیا۔ صوفیا کے یہاں ذات، برادری، مذہب، مسلک، اشراف اور ارزال جیسی تفریق نہیں تھی۔ وہ تو سب کے ساتھ ایک سا اور اچھا برتاؤ کرتے تھے۔ شیخ محبّ اللہ الٰہ آبادی جو عہد شاہجہانی کے معروف صوفی اور ابن عربی کے فلسفۂ وحدت الوجود سے بہت

زیادہ متاثر تھے، انہوں نے اپنی مشہور تالیف مناظر اخص الخواص میں ایک جگہ لکھا ہے:

”پدر هر کس از ما آدم صفی است پس هر کس واجب الرحمة و الشفقة باشد“.

(مناظر اخص الخواص، شیخ محبّ اللہ الہ آبادی، ص ۵۹۸)

حضرت بابا فرید الدین گنج شکر کو ایک شخص نے تحفے میں قینچی پیش کی۔ آپ نے فرمایا کہ ”مجھے سوئی دو میں جوڑتا ہوں کاٹتا نہیں“۔ یہ جملہ اجتماعی زندگی میں اتحاد اور باہمی رواداری کا بھرپور آئینہ دار ہے۔ اسے ہر شخص کو اپنی زندگی کا نصب العین بنالینا چاہئے کیوں کہ چاہے گریبان کا چاک ہو یا دل کی شکستگی اسے سینے اور جوڑنے کا کام ہی کرنا چاہئے۔ بظاہر یہ باتیں معمولی نظر آتی ہیں مگر اس پر غور کرنے سے یہ نتیجہ نکالا جاسکتا ہے کہ انہی معمولی باتوں سے عہد وسطیٰ کے سماج میں اخوت، بھائی چارہ، محبت اور موٗدت کے جذبات کو فروغ ملا جس سے معاشرے میں استحکام پیدا ہوا اور آج ہم عہد وسطیٰ کے معاشرے میں سماجی استحکام کے لیے صوفیا کے اسی تانے بانے کے ممنون ہیں۔

کتابوں میں یہ بھی ملتا ہے کہ حضرت بابا فرید کی خانقاہ میں جوگی بھی آتے تھے اور اُن سے افکار کا تبادلہ ہوتا تھا۔ ایک بار ایک جوگی اُن کی خدمت میں آیا، حضرت نظام الدین اولیا بھی وہیں موجود تھے۔ انہوں نے اس سے پوچھا کہ تمہارا طریقہ کیا ہے اور تمہارے نزدیک بنیادی بات کیا ہے؟ اس نے کہا کہ ہمارے شاستروں میں یہ لکھا ہے کہ انسان کی شخصیت میں دو عالم ہیں، ایک عالمِ بالا، دوسرا عالم زیریں۔ سر سے ناف تک عالم بالا ہے اور ناف سے پیروں تک عالم زیریں۔ ہونا یہ چاہیئے کہ عالمِ بالا میں سچّائی، صفائی اور اچھے اخلاق رہیں اور دوسروں سے اچھا برتاؤ کرے۔ نیچے کی دنیا میں نگہداشت، پاکی اور پارسائی رہے۔ حضرت نظام الدین اولیاء نے فرمایا کہ مجھے اس جوگی کی یہ باتیں بہت اچھی معلوم ہوئیں۔

حضرت نظام الدین اولیاء کی خانقاہ میں بھی جوگیوں اور برہمنوں کے آنے جانے کا سلسلہ برابر جاری رہتا تھا۔ اُس زمانے کی ایک اہم تصنیف قوام العقائد سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک بار چھ جوگی آپ کی خانقاہ میں آئے اور دہلیز پر مراقبہ کرنے بیٹھ گئے۔ یہ سب برسوں سے کسی پہاڑ کی کھوہ میں سمادی لگائے ہوئے تھے اور غیبی اشارہ پا کر حضرت کی خانقاہ میں آئے تھے۔ قوام العقائد کی عبارت ملاحظہ ہو:

”ایک بار چھ جوگی آئے اور خدمت شیخ کی دہلیز میں بیٹھ کر مراقبے میں مشغول ہوگئے۔ وہ کسی سے بات نہیں کر رہے تھے۔ اقبال گئے اور خدمت شیخ کو اطلاع دی۔ خدمت شیخ نے فرمایا انہیں اندر بلالو۔ جب وہ شیخ کے سامنے آئے تو انہوں نے ادب سے سر جھکایا۔ فرمان ہوا بیٹھ جائیے۔ بیٹھ گئے ....ان

میں سے ایک نے شیخ کی خدمت میں عرض کیا اور اپنے ساتھی جوگیوں میں سے ایک کی جانب اشارہ کر کے کہا کہ یہ شخص کانورد کے فلاں پہاڑ میں چالیس سال سے ایک غار میں رہتا ہے ......اسی طرح پانچوں کے بارے میں بتایا کہ ان میں سے ہر ایک تیس سال چالیس سال کسی غار میں رہا ہے .....حتیٰ کہ اس وقت ان کے باطن میں یہ القا کیا گیا کہ دہلی میں ایک ایسے بزرگ موجود ہیں۔ہم سب نے باہم اتفاق کیا کہ کچھ دیر کے لئے شیخ کو اپنی نظر میں رکھیں تو یہ ایک کام ہوگا۔ اس نیت سے خواجہ کی قدمبوسی کا قصد کیا ہے''۔

(قوام العقائد، محمد جمال قوام، مترجم نثار احمد فاروقی، ص ۶۳)

قوام العقائد کی حکایت نمبر ۴۴ میں ایک برہمن کے تعلق سے یہ ملتا ہے کہ وہ حضرت نظام الدین اولیاء کی خدمت میں آیا اور مراقبہ کر کے خاموش بیٹھ گیا۔ جب وہ چلا گیا تو حضرت نظام الدین اولیاء نے فرمایا کہ اس قوم میں ایسے لوگ بھی ہیں۔مولف کے مطابق:

''ایک دن خدمت شیخ شہر میں جا رہے تھے۔راستے میں ایک برہمن کھڑا تھا جو اس کام میں کامل حال تھا اور مشغولی رکھتا تھا۔ جب اس نے شیخ کو دیکھا تو اللہ جانے اسے کیا دکھایا گیا کہ وہ بے خود ہو گیا۔کسی شخص سے پوچھا کہ یہ بزرگ کون ہیں؟ اس نے شیخ کا نام لیا.....(مولانا یوسف) اسے شیخ کی خدمت میں لے آئے ۔ پہلے اسے دہلیز پر چھوڑا اور خود شیخ کی خدمت میں گئے۔ .....پھر اس برہمن کی درخواست پیش کی۔خدمت شیخ نے فرمایا انہیں اندر بلا لو۔ جب برہمن سامنے آیا، ادب سے سر جھکا کر بیٹھ گیا اور مراقبے میں چلا گیا.....خدمت شیخ نے مولانا کی طرف رخ کیا اور مسکرا کر فرمایا'' مولانا اس قوم میں ایسے لوگ بھی ہیں''۔ (قوام العقائد، ص ۶۳-۶۴)

حضرت نظام الدین اولیا کا یہ قول ایک صحت مند معاشرے کی تشکیل اور انسانیت کے فروغ کے لئے کس قدر معاون ہے۔وہ فرماتے ہیں کہ جب کوئی شخص کسی کی راہ میں کانٹا بچھائے تو اس کے جواب میں کانٹا نہیں بچھایا جا سکتا، کیوں کہ اس طرح کے عمل اور ردعمل سے پوری دنیا میں کانٹے ہی کانٹے نظر آئیں گے۔

سرورالصدور ملفوظات حضرت سلطان التارکین کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ سلطان التارکین شیخ حمید الدین ناگوری نے معاشرے میں باہمی رواداری اور یکجہتی قائم کرنے کی غرض سے اور چونکہ ناگور میں اکثریت غیر مسلموں کی تھی اس وجہ سے خود بھی گوشت کھانے سے پرہیز کیا اور دوسرے لوگوں کو بھی اس سے پرہیز کرنے کی وصیت کی۔ یہاں تک کہ انہوں نے فاتحہ و عرس کے موقعہ پر بھی اس کے استعمال سے منع کیا۔وہ لکھتے ہیں:

"اگر به روح من چیزی بخواهید که بدهید باید که گوشت ندهید"

(سرورالصدورونورالبدور،نسخۂ خطی،ورق،۹)

یہی وہ تمام باتیں تھیں جنہوں نے صوفیہ کوعوام کے ہر طبقے میں مقبول بنایا۔حضرت داتا گنج بخش لاہوری ہوں یا بابا فرید گنج شکر،حضرت باہو ہوں یا میاں شاہ میر،حضرت خواجہ نظام الدین اولیا ہوں یا خواجہ نصیرالدین چراغ دہلی، حضرت گیسودراز ہوں یا حضرت شیخ احمد عبدالحق،حضرت مخدوم علی احمد صابر ہوں یا حضرت شاہ عبدالہادی ان سب صوفیوں اور درویشوں کا سکّہ ہر مذہب کے بازار میں چلتا تھا۔اِن حضرات کی مقبولیت کسی جغرافیہ میں قید نہیں ہے اور نہ کسی تفریق سے متاثر ہے۔

خسرو ہندوستان میں فارسی کے پہلے بڑے صوفی شاعر ہیں اور جن کی ذات بابرکات آج بھی اس ملک میں عرفان، بھائی چارہ اور انسان دوستی کا لازوال سرچشمہ مانی جاتی ہے۔علامہ شبلی نعمانی نے ان کوخراج تحسین پیش کرتے ہوئے لکھا ہے:

''ہندوستان میں ۶۰۰ برس سے آج تک اس درجہ کا جامع کمالات انسان پیدانہیں ہوااور سچ پوچھو تو اس قدر محنت اور گونا گوں اوصاف کے جامع ایران اور روم کی خاک میں بھی ہزاروں برس کی مدت میں دو چار ہی پیدا ہوئے ہوں گے''۔

(شعرالعجم،جلد دوم،شبلی نعمانی،ص ۱۱۸)

حب الوطنی،قومی یکجہتی،اخوت پرستی کا سرچشمہ صوفی سنتوں کو مانا جاتا ہے۔ان کے اس اہم ترین حصہ داری سے ہم سبھی کسی طرح روگردانی نہیں کر سکتے چنانچہ پیرومرشد کی بعضے تعلیمات مذہبی سرحدوں سے پرے سبھی مذہب وملت کے لئے ہوا کرتی تھیں اور کچھ چیزوں کو مصلحتاً اپنے عملیات میں شامل کر لیتے تھے کہ جن سے ملک میں امن وسکون قائم رہے۔اسی کی ایک کڑی بسنت کا تیوہار ہے جسے امیر خسرو نے شروع کیا تھا۔حضرت نظام الدین اولیا کے سامنے بیٹھ کر خسرو کلام سناتے،مریدین سرسوں کا پھول لے کر رقص کرتے۔یہ روایت آج بھی قائم ہے۔زائرین ومریدین بسنت کے مہینے میں پیلی ٹوپی پہن کر سرسوں کا پھول لے کر درگاہِ نظام الدین میں آتے اور خصوصی طور پر خسرو کا کلام گاتے اور جھومتے ہیں۔

ہندوستانی تہذیب کا یہ نمونہ اور کہیں دیکھنے کو نہیں ملے گا۔اس طرح کی درجنوں مثالیں مل جائیں گی۔سبھی مذاہب کے لوگ اسی لئے اس آستانے پر آتے ہیں کہ یہاں تصوف کسی محدود دائرے میں مقید نہیں ہے۔امیر خسرو نے اسی رنگِ تصوف،شدتِ عشق اور شوقِ فنا کو لفظی ومعنوی صنعتوں کے سہارے کتنے خوبصورت انداز میں بیان کیا ہے:

رَینی چڑھی رسول کی سو رنگ مولا کے ہاتھ

جس کی چونر رنگ دیو سودھن دھن وا کے بھاگ

آج رنگ ہے اے ماں رنگ ہے ری

خسرو نے موقع موقع پر سلاطین وامرا کو مشورہ دیا ہے کہ حکومت کی بنیاد بلا تفریق مذہب وملت، محبت و ہمدردی، انصاف وایمانداری پر ہو اور اگر تم طاقت ور بننا چاہتے ہو تو تمھیں اپنی رعایا کے ساتھ اچھا سلوک کرنا چاہیے۔ وہ نفس کو سب سے بڑا دشمن مانتے ہوئے نفس امارہ کو ختم کرنے کی تلقین کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم چاہے جتنا سر اٹھا کر چلیں، فخر و غرور سے اترائیں، مگر ایک دن خاک میں مل جانا اور پیروں کی دھول بن جانا ہے تو پھر کیوں نہ ہم زندگی ہی میں خاکسار بن کر رہیں۔

خاکساری کے اِس درس کے لیے انہوں نے سلاطین اور صوفیاء کرام کے ارشادات کو مذہب کی کسوٹی پر پرکھا، اور اس کی اصل روح کو اُبھارتے ہوئے جزوی اختلافات کو ختم کرنے کے جتن کیے۔ اس طرح انہوں نے اتحاد اور انسانیت کے اعلیٰ تصور کو پیش کیا۔

مولانا روم نے بھی اپنے کلام کے ذریعے وحدت و یگانگی کا درس دیا ہے۔ وہ چاہتے تھے کہ اپنے اشعار کے ذریعے تمام بنی آدم کو انسانیت کے ایک ہی دھاگے میں منسلک کر دیں۔ ایک غزل میں وہ لکھتے ہیں کہ:

چه تدبیر ای مسلمانان که من خود را نمی دانم

نه ترسا نی یهودم من نه گبرم نی مسلمانم

نه شرقیم نه غربیم نه برییم نه بحرییم

نه از کان طبیعم من نه از افلاك گردانم

نه از هندم نه از چینم نه از بلغار سقسینم

نه از ملك عراقینم نه از خاك خراسانم

مكانم لامكان باشد نشانم بی نشان باشد

نه تن باشد نه جان باشد كه من از جان جانانم

دویی از خود بدر كردم یكی دیدم دوعالم را

یكی جویم یكی دانم یكی بینم یكی خوانم

حقیقتاً مولانا نے ان اشعار کے ذریعے تمام عالم کو ایک ہی دھاگے میں پرونے کی کوشش کی ہے۔ اسی طرح موسیٰ علیہ السلام اور چرواہے کی داستان کے ذریعے تفرقہ کو دور کرنے اور ایک دوسرے کو جوڑنے کا درس دینے کی کوشش کی

ہے، وہ لکھتے ہیں:

تو برای وصل کردن آمدی
نی برای فصل کردن آمدی

واقعہ یہ ہے کہ ایک چرواہا جنگل میں بکریاں چرا رہا تھا اور خدا کو یاد کر رہا تھا، زبان سے یہ کہہ رہا تھا کہ اے خدا تو کہاں ہے؟ تا کہ میں تیرے سر کو چوموں۔ تیرے بال میں کنگھی کروں وغیرہ وغیرہ۔ موسیٰ علیہ السلام نے جب چرواہے کی یہ بات سنی تو بہت غصہ ہوئے۔ انہوں نے چرواہے سے کہا کہ تم کیا کہہ رہے ہو؟ تمہیں کچھ خبر بھی ہے؟ اللہ ان سب چیزوں سے پاک ہے؟ چرواہا بہت رنجیدہ ہوا اور اپنے کہے ہوئے پر بہت پچھتایا۔ ایک زور کی آہ کھینچی اور جنگل میں غائب ہو گیا۔ موسیٰ علیہ السلام کو اس کے بعد خدا کی جانب سے وحی آئی کہ اے موسیٰ! یہ تم نے کیا کر دیا۔ میرا ایک بندہ جو مجھ کو یاد کر رہا تھا اس کو تو نے اپنے قول سے جدا کر دیا۔ تم کو تو ایک دوسرے کو ملانے کے لئے بھیجا ہے۔ ایک بندہ جو مجھ کو یاد کر رہا تھا، مجھ سے قریب ہو رہا تھا اس کو تو نے دور کر دیا۔ ارے موسیٰ! وہ کیا کہہ رہا تھا اس کو نہیں دیکھنا چاہئے بلکہ وہ کیا کرنا چاہ رہا تھا اس کو دیکھنا چاہئے۔ وہ لکھتے ہیں:

ما زبان را ننگریم و قال را
ما روان را بنگریم و حال را

مولانا نے اس حقیقت کو نمایاں کیا ہے کہ انسان تمام تر تفاوت اور گوناگوں اختلافات کے باوجود محبوب اور دوستی کے لائق ہے۔ وہ اپنی مثنوی میں ایک ایسے سماج اور معاشرے کے متلاشی ہیں جو ہر قسم کے اختلافات سے مبرا ہو۔ مولانا تمام موجودات کو طالب حقیقت جانتے ہیں۔ ان کی نظر میں بغیر انسانیت کے جوہر کے وحدت حقیقی میسر نہیں ہو سکتی۔ ان کا عقیدہ تھا کہ یہ جوہر تمام بنی نوع انسان میں پایا جاتا ہے۔ وہ کہتے ہیں:

مومن و ترسا جهود و نیك و بد
جملگان را هست رو سوی احد
بلکه سنگ و خاك و کوه و آب را
هست وا گشت نهانی با خدا

مولانا تمام بنی نوع انسان کی روح کو ایک جانتے ہیں اور ان کی اصل ایک ہی سمجھتے ہیں:

یك گهر بودیم همچون آفتاب
بی گره بودیم و صافی همچو آب

چون بہ صورت آمد آن نور سرہ
شد عدد چون سایہ ہای کنگرہ
کنگرہ ویران کنید از منجنیق
تا رود فرق از میان این خریق

انسان دوستی اور ہمزیستی مسالمت آمیز یعنی peaceful co-eistence ایک ایسی تمنا و آرزو ہے کہ انسان ہمیشہ اس کا خواہاں رہا ہے۔ صوفیا نے ہمیشہ صلح وآشتی کی تبلیغ کی تا کہ انسان اپنی آرزو کی تکمیل کر سکے۔ مولانا روم اس راہ میں پیش پیش ہیں اور ان کا عقیدہ تھا کہ انسانوں کے درمیان نزاع اور اختلافات کی وجہ ان کی بے دانشی اور جہالت ہے۔ اس موضوع کو مولانا نے اپنی مثنوی میں داستان بہ عنوان 'اختلاف کردن در چگونگی و شکل پیل' میں بیان کیا ہے۔ اس کا خلاصہ یہ ہے کہ اگر ان کے سامنے چراغ روشن ہوتا تو ہاتھی کی اصل شکل انہیں معلوم ہو جاتی اور لوگوں کے درمیان کا اختلاف ختم ہو جاتا۔

حضرت شیخ شرف الدین یحییٰ منیریؒ نے بھی اپنی تصنیفات میں صوفیانہ افکار و نظریات کو بڑے دلکش انداز میں پیش کیا ہے۔ اس صوفیانہ افکار اور انسان دوستی کے خیالات کو پیش کرنے میں مخدوم جہاںؒ نے حضرت مولانا روم کے افکار و نظریات سے بھی استفادہ کیا ہے۔

مختصر یہ کہ صوفیائے کرام کی تعلیمات نے ہندوستانی فکر کو ایک نیا رخ عطا کیا اور یہاں کی تہذیب و ثقافت کو جتنا متاثر کیا اتنا کسی اور دوسرے گروہ نے نہیں کیا۔ صوفیائے کرام کی تعلیمات کے ذریعہ ہندوستان میں ہندوؤں اور مسلمانوں اور یہاں کی دیگر اقوام کے درمیان میل جول پیدا ہوا۔ تصوف کے زیر اثر خلوص، محبت، بھائی چارہ مفاہمت اور رواداری کی لہریں جو ہندوستانی تہذیب و تمدن کی ایک نمایاں خصوصیت ہے، یہاں کی اخلاقیات کا بے مثال نمونہ پیش کرتی ہے۔ یہ ساری تہذیبی اور اخلاقی اقدار فارسی زبان و ادب کا ایک اہم ورثہ ہے جس کی حفاظت کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔

منابع و مآخذ:

۱- ادبیات ملفوظ و صوفیای هند۔ مجموعۂ مقالات سمینار، بکوشش پروفیسر ماریہ بلقیس، شعبہ فارسی، علیگڑھ مسلم یونیورسٹی علیگڑھ، ۲۰۰۸

۲- سرور الصدور و نور البدور، نسخۂ خطی، حبیب گنج، مولانا آزاد لائبریری، علیگڑھ

۳- شعر العجم، جلد دوم، شبلی نعمانی، مطبع معارف اعظم گڑھ، ۱۹۸۸ء

۴- قوام العقائد،محمد جمال قوام،مترجم نثاراحمد فاروقی ، دہلی،۱۹۹۴ء

۵- مثنوی معنوی،نسخۂ نیکلسون،تصحیح ناہیدفرشادمہر،نشرمحمد،تہران ۱۳۷۸ش

۶- مکاتیب داراشکوہ وشیخ محبّ اللہ الہ آبادی،نسخۂ خطی، یونیورسٹی کلکشن ،مولانا آزادلائبریری،علیگڑھ

۷- مناظراخص الخواص،شیخ محبّ اللہ الہ آبادی، بتصحیح حافظ محمد طاہرعلی،شانتی نیکیتن ،۱۹۹۳ء

۸-نقش زبان وادبیات فارسی درفرھنگ مشترک ھند،مجموعۂ مقالات سیمینار،بکوشش آزرمیدخت صفوی،گروہ زبان وادبیات فارسی،علیگڑھ مسلم یونیورسٹی،علیگڑھ،۲۰۰۴

۹- Impact of Sufism, Hafiz Md. Tahir Ali, Santiniketan, 2003

☆☆☆

ڈاکٹر یاسر عباس
اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ فارسی
جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

غزلیات طالب آملی کی فنی زیبائش

ہندوستان کی علم دوستی وادب پروری عہد قدیم سے مشہور ہے۔ یہ سرزمین ایک ایسا گلشن ہے جہاں بہ یک وقت مختلف زبانیں بولی، لکھی اور پڑھی جاتی ہیں اور سبھی زبانوں کی اپنی تاریخ وثقافت ہے۔لیکن جس قدر فارسی زبان نے ہندوستان کی دوسری زبانوں کو متاثر کیا اتنا کسی اور زبان نے نہیں کیا۔ فارسی زبان ہندوستانی زبانوں میں اس طرح گھل مل گئی کہ برسوں یہاں کی سرکاری زبان رہی۔خواص کی بات کیا عوام بھی مہارت رکھتے تھے اور شاید اس کی خاص وجہ یہی ہے کہ مغلیہ دور میں درباروں اور بادشاہوں تک رسائی کیلئے یہی زبان وسیلہ بنی ہوئی تھی۔ مغل بادشاہوں کی داد و دہش بھی اس کی ترویج میں بہت حد تک کارفرما رہی ہے۔جس وقت مغل بادشاہ شعراوادبا کو انعام واکرام سے نواز رہے تھے ٹھیک اسی زمانے میں ایران میں صفوی حکومت ان ماہرین فن کو باقاعدہ طور پر نہیں نواز رہی تھی۔جس کی وجہ سے بہت سے شعراوادبا ایران سے ہجرت کر کے ہندوستان آئے۔ان آنے والوں کی فہرست میں عرفی، نظیری وغیرہ کے ساتھ ساتھ طالب آملی کا نام بھی شامل ہے۔

محمد طالب آملی کی سال ولادت کے سلسلے میں طاہری شہاب نے لکھا ہے:

"تاریخ تولد و زادگاہ اولیہ وی را هیچیك از تذکرہ نویسان متعرض نشدہ اند و ما اینك از آثار خودش بہ بحث در اینبارہ میپردازیم همانطوریکہ قبلاً نوشتہ ایم طالب نخستین چکامہ موجود در دیوانش را کہ بسن بیست سالگی سرودہ در مدح میر ابو القاسم فرزند میر عزیز خان برادر زادہ خیر النساء بیگم مادر شاہ عباس کبیر است کہ در سال ۱۰۰۷ هجری از طرف میرزا شفیع خراسانی ملقب بہ میرزای عالمیان حاکم مطلق مازندران بعنوان حکومت آمل منصوب شدہ بود میباشد حال اگر طالب را بموجب همین

قصیدہ کہ خودرا بیست سالہ معرفی نمودہ با زمان حکومت می ابو
القاسم ممدوحش مقایسہ ضمنی تاریخی نمائیم میتوانیم بحدس
قریب بتقریب تاریخ تولد وی را در سال ۹۸۷ ھجری بدانیم"۔ ا ؎

طالب کسان کے گھر میں پیدا ہوا۔ آمل سے کاشان واصفہان گیا شاہ عباس کبیر کی مدح میں چکامہ وقصیدہ تحریر کیا لیکن شاہ عباس کی توجہ اپنی جانب مبذول نہ کرسکا۔ مشہد مقدس پہنچ کر امام رضا کی مدح میں ترکیب بند نظم کیا۔ چونکہ ہندوستانی بادشاہوں کی داد ودہش کا شہرہ سن رکھا تھا لہذا کچھ کوششوں کے بعد ہندوستان پہنچا۔ طالب کی آگرہ میں موجودگی مولف تذکرہ "میخانہ" عبدالنبی فخر الزمانی کے قول سے واضح ہوجاتی ہے:

"در ھمان سال عشرین و الف بود بدار الخلافت آگرہ آمد، این
ضعیف را مرتبہ اول در ھند در آن ایام با او ملاقات واقع شد، جوانی
دید بانواع ھنر آراستہ، عزیزی ملاحظہ نمود باصناف سخنوری
پیراستہ، در فن شعر از امثال و اقران ممتاز و در سخن فھمی و انصاف
بمرتبہ ای مقید کہ دقیقہ ای فروگذاشت در ادراک نمودن ابیات
صغیر و کبیر نمی نمود"۔(۲)

طالب آملی جہانگیر کی وفات سے ایک سال قبل ۱۰۳۶ھ کو فوت ہوا۔ مصحح دیوان نے اس سلسلے میں لکھتے ہیں:

"طالب در حدود یکسال قبل از در گذشت جھانگیر بسال ۱۰۳۶
در گذشتہ است زیرا جھانگیر در اینبارہ می نویسد، در ماہ
اردیبھشت سال ۱۰۳۶ خبر در گذشت طالب آملی بسمع ما
رسید"۔(۳)

طالب آملی نے کم عمری میں شعر کہنا شروع کردیا تھا طبیعی وفطری شاعر تھا۔ فی البدیہہ گوئی میں ماہر تھا اور اپنی زودگوئی پر نازاں بھی تھا۔ ایک چکامہ میں کہتا ہے کہ میرے جیسا اہل سخن میں کوئی نہیں میرے جیسا قابل کوئی نہیں اور اس بات کا گواہ یہ قصیدہ ہے جورات سے صبح تک مکمل ہوگیا:

منم کہ نیست چو من شاعری ز اھل سخن
منم کہ نیست چو من قابلی ز اھل کلام
گواہ این دو سہ معنی ھمین قصیدہ بس است

کہ یافت از سر شب تا سپیدہ دم اتمام (۴)

طالب آملی کے یہاں بھی بہترین مضامین پائے جاتے ہیں جنہیں پڑھکر قاری داد دینے پر مجبور ہوجاتا ہے کوئی شعر ایسا بھی ہوتا ہے جس پر یہ گمان ہوتا ہے کہ شاعر نے سماج کی اصلاح و درستگی کے لیے کہا ہے۔ بیدل دہلوی کو شاعر آئینہ ہا اس لئے کہا جاتا ہے کہ ان کے کلام میں آئینہ کا بہت استعمال ہے۔ آئینہ کی سب سے بڑی خوبی یہی ہے کہ اس پر گرد و غبار نہیں ٹھہرتا ہلکی سی ایک پھونک سے اڑ جاتی ہے اس لئے کردار کو آئینہ نما بنانے کی نصیحت کی جاتی ہے۔ آئینہ کی خوبی یہ ہے کہ سب دیکھتا ہے لیکن کسی سے نہیں کہتا بیدل دہلوی کہتے ہیں:

آگھی می زند چو آیینہ　　　　مھر بر لب زبان گویا را ۵؎

طالب آملی کہتا ہیں کہ اپنے ضمیر کو صاف وشفاف رکھو اس پر گرد ندامت نہ آنے دو:

بر ضمیر صافیش گردِ ندامت رہ نیافت

ھر کہ در آیینہ آغاز دید انجام را ۶؎

طالب اپنے دوست کے محبوب کو بھی ملزم نہیں مانتے بلکہ خود کو بھی اس جرم میں شریک مانتے ہیں جو مجھے ملا وہ تیری وجہ سے اور جو تجھے ملا وہ میری وجہ سے تو اے دوست تو اور ہم کیوں غم نہ کریں:

چگونہ ما وغم دوست یاد ھم نکنیم

کہ ما رسیدہ اوئیم و او رسیدہ ما ۷؎

طالب آملی ہندوستان میں آنے کے بعد سبک ہندی میں رچ بس گئے تھے اس لیے کلام میں صنائع لفظی و اغراق معانی بہت پایا جاتا ہے۔ طالب آملی نے مضامین کو اپنے پیرایے میں بیان کیا ہے اور اس میں صنایع لفظی سے بھرپور استفادہ کیا ہے۔ اکثر شعرا حضرات اپنے کلام میں قرآنی آیات کا استعمال کرتے ہیں۔ قرآنی آیات کا استعمال کبھی حقیقی معنی میں ہوتا ہے تو کبھی استعاراتی طور پر:

نبندد راہ بال افشانی ما تیغ بسم اللہ

کہ می اندازد از پرواز مرغ بسمل مارا ۸؎

جس طرح سعدی شیرازی نے اپنی کتاب گلستان میں بادشاہوں، درویشوں کی حکایات بیان کرکے اپنے تجربہ کو نظم کیا ہے اسی طرح طالب نے اپنے تجربات کو بہت سے نظمی پیکر میں ڈھالا ہے۔ بزرگوں کا کہنا ہے کہ اپنوں کی قیمت جدائی کے بعد معلوم ہوتی ہے۔ سیاہ بال والوں کو کیا معلوم خضاب کی اہمیت کیا ہے۔ جن کے بالوں میں چاندی غالب آجائے وہ خضاب کے سہارے اپنی سفیدی کو چھپانے کی کوشش کرتے ہیں:

ھجران ندیدہ ای تو چہ دانی وصال چیست
موی سیہ چہ قدر شناسد خضاب را ۹؎

شاعروادیب کی زبان ماحول کی ترجمان ہوتی ہے جواس کے گرد وپیش ہوتا ہے وہی اس کے کلام میں منعکس ہوتا ہے۔ وہ جو دیکھتا ہے سنتا ہے وہی لکھتا ہے۔خصوصاعشق ومعاشقہ میں عاشق کی مرضی نہیں چلتی بلکہ جومعشوق چاہے وہی ہوتا جومعشوق کہتا ہے وہی عاشق کرتا ہے معشوق کا کہا عاشق ہرحال میں پورا کرنے کی کوشش کرتا ہے۔زبان سے حال کہنا یا گلہ وشکوہ کرنا عشق میں درست نہیں۔جیسا کہ سعدی شیرازی نے کہا ہے:

آن نہ عشق است کہ از دل بہ دھان می آید
وان نہ عاشق کہ ز معشوق بہ جان می آید
شرط عشق است کہ از دوست شکایت نکند
لیکن از شوق حکایت بہ زبان می آید ۱۰؎

معشوق کوادب میں صنم اور بت سے استعارہ کیا جاتا ہے اور عاشق اپنے معشوق کی خاطر دنیا سے بیگانہ بنا گھومتا ہے جو کام اس کونہیں کرنا چاہیے وہ بھی کرگزرتا ہے۔طالب آملی نے یہی مفہوم ادا کیا ہے کہتے ہیں کہ میں ترک ہوں سورج کی پوجا نہیں کرتا لیکن اس گلرخ نے مجھے آتش پرست بنادیا ہے:

من ترک آفتاب پرستی نمی کنم
آتش پرست آن گل رو می کند مرا ۱۱؎

کچھ ادبی صنعتیں ایسی ہیں کہ جن کے نام سے لگتا ہے ان سے کلام میں کیا خوبصورتی ہوگی اس سے تو پریشانی ہی بڑھے گی لیکن جب شاعر اپنی مہارت وقابلیت سے اس صنعت کو برتتا ہے تو شعر کی اہمیت دوگنی ہوجاتی ہے۔مثلاً صنعت تضاد نام سے معلوم ہوتا ہے کہ اس سے مضمون بگڑے گا لیکن جس شعر میں اس کا اچھے سے استعمال ہوجائے اس کا اثر ہی الگ ہوتا ہے:

حریف مشرب ما عارفان حق رندیست
کہ پشت پا زدہ ھم کفر را و ھم دین را
گرفتہ جنس بلا رونقی کہ دشمن و دوست
ز ما بنرخ دعا می خرند نفرین را ۱۲؎

اسلام کا پیغام امن وآشتی ہے دین اسلام کا مقصد ہے کہ کسی کی دل آزاری نہو کوئی رنجیدہ نہو۔خصوصاً صاحبان

اسلام سے توقع کی جاتی ہے کہ کیونکہ وہ مسلم ہیں لہذا اسلامتی قائم رکھیں کسی کی دل آزاری نہ کریں:

کفر آزردن دلہاست ایا دینداران
یاد گیرید مسلمانی ازین ہندوہا ۱۳؎

طالب آملی چوکہ سبک ہندی کا شاعر ہے لہذا ایک شعر میں دو یا اس سے زیادہ صنعتیں بھی استعمال کی ہیں، صنعت تضاد کے ساتھ صنعت اشتقاق سے معنی گہرائی و گیرائی پیدا کی ہے:

عشق معشوقیست کز یك جلوه در رقص آورد
سبحه جبریل را با رشته زنار ما ۱۴؎

صنعت تلمیح کے ذریعے شعراء اکثر اپنے مضمون کو تاریخ سے ہم آغوش کرکے اس کی وقعت بڑھانے کی بھرپور کوشش کرتے ہیں۔ شعرا ہجر کے کرب کو بیان کرنے کے لیے جناب یوسفؑ کا نام تلمیحاتی طور استعمال کرتے ہیں۔ حضرت یوسفؑ اپنے والد جناب یعقوبؑ سے بچپنے میں جدا ہو گئے تھے خداوند عالم نے اس واقعہ کو قرآن میں ذکر کیا ہے بلکہ ایک سورے کا نام ہی یوسف ہے جس میں حضرت یوسفؑ اور ان کے بھائیوں کا واقعہ تفصیل سے ذکر کیا گیا ہے۔ جب حضرت یوسفؑ کو ان کے بھائی کنویں میں چھوڑ آئے اور وہاں سے گزرنے والا قافلہ اپنے انہیں اپنے ساتھ لے گیا اور بازار مصر میں لے جا کر فروخت کر دیا۔ شاعر نے اسی کو تلمیحاتی طور بیان کیا ہے:

آزاد زیستن روش سرو و سوسن است
خود را بیوسفی نفروشد کسی چرا ۱۵؎

قرآن کریم میں یہ واقعہ تفصیل سے ذکر ہے یہاں تلخیص بیان کرکے مقصد پر آتے ہیں حضرت یعقوبؑ کی آنکھیں فراق یوسفؑ میں روتے روتے سفید ہو گئی تھیں ان کی بینائی چلی گئی تھی۔ جب سے یوسفؑ جدا ہوئے ہمیشہ جناب یعقوب اپنے بیٹے کی جدائی کے غم میں اشک بار رہے بیٹوں نے بہت سمجھایا ادھر خدا نے حضرت یوسفؑ کو بازار مصر سے اٹھا کر تخت مصر تک پہنچا دیا یعنی عزیز مصر بنا دیا۔ جب قحط پڑا تو عوام کے لئے عزیز مصر نے غلہ کا انتظام کیا دور دور سے لوگ غلہ لینے کے لیے دربار پہنچے ان میں یوسف کے بھائی بھی تھے جن کے ذریعے والد کے حالات زار اور نابینائی کا علم ہوا تو آپ نے اپنی قمیص ان کے حوالے کرکے فرمایا:

اذھبوا بقمیصی ھذا فالقوہ علی وجه ابی یات بصیرا و اتونی باھلك اجمعین ۔ یہ میرا پیراہن لے جاؤ اور اس کو والد کے چہرے پر ڈالنا وہ بینا ہو جائیں گے اور سب کو میرے پاس لے آؤ (۹۳) ولما فصلت العیر قال ابوھم انی لاجد ریح

یوسف لولا ان تفندون۔ اور جب اروان مصر سے کنعان کی جانب روانہ ہوا تو ان کے والد نے کہا میں یوسف کی بو سونگھ رہا ہوں لیکن تم کم خردمت سمجھنا (۹۴) فلما ان جاء البشیر القاہ علی وجھہ فارتد بصیراً قال الم اقل لکم انی اعلم من اللہ ما لا تعلمون ۔پس جب وہ (بھائی کہ جس کے پاس یوسف کا پیرہن تھا) بشیر پہنچا تو یعقوب کے چہرے پر اس پیراہن کو ڈال دیا پس یعقوب بینا ہو گئے اور کہا میں تم سے نہیں کہا تھا جو کچھ میں خدا کی مرضی جانتا وہ تم نہیں جانتے (۹۶)۱۶؎

بوئے وحدت حضرت یوسفؑ میں پھول کی طرح خوشبو پیدا کردی اور وہی خوشبو اس پیرہن میں بس گئی جو حضرت یعقوب کے چہرے پر ڈالا گیا یعنی یہ سب کمال خدائی عطیہ ہے:

ز تاثیر بوی تو یوسف شود گل
بگل گر دھی نکھت پیرھن را ۱۷؎

حضرت عیسیٰؑ کو خداوند عالم نے معجزہ میں مسیحائی عطا کی تھی آپ لاعلاجوں کو صحت یاب کرتے تھے مردوں کو زندہ کرتے تھے اسلئے آپ کو مسیح کہا جاتا ہے۔شاعر کہتا ہے عیسیٰ کے مرہم کی طرف دیکھ یہ دیکھ کہ میری آنکھ کس جلاد کا شکار ہے:

بسوی مرہم عیسی توجھی منگر
ببین کہ گوشہ چشمم بی تیغ جلاد است ۱۸؎

مجنون لیلی کی یاد میں دشت و بیابان کی خاک چھانتا پھرتا تھا۔ساری دنیا سے بے خبر اسے بس لیلیٰ کی فکر تھی شعرا نے اپنے اشعار میں اس کو نظم کیا ہے بیدل کہتے ہیں:

فسون و افسانہ تو و من فشاند بر چشم و گوش دامن
غبار مجنون بہ دشت روشن چراغ موسی بہ طور پیدا ۱۹؎

حافظ شیرازی کہتے ہیں:

در رہ منزل لیلی کہ خطرھا در آن
شرط اول قدم آن است کہ مجنون باشی ۲۰؎

تشبیہ کے ذریعے محبوب کا حسن و جمال بیان کرنے میں آسانی ہوتی ہے کبھی شاعر اپنی برائی کرتا ہے تو تشبیہ سے اس کو آسانی ہوتی ہے مثلاً شاعر کہتا ہے کہ میرا ذہن کسی بھی حرام شے سے دلیر نہیں ہوا علاوہ خون کے کیونکہ وہ دودھ کی طرح

میرے لئے حلال ہے:

دهـن بهیـچ حـرامـی نشـد دلیـر مـرا
بغیـر کـون کـه حلالسـت همچو شیر مرا ۲۱؎

جو محبت میں ڈوبا رہتا، محبت میں فنا ہوتا ہے اس کے مرنے کے بعد بھی عشق کی بو اس کے جسم سے اس کی مٹی سے نہیں جاتی، بلکہ وہ عبیر (مشک اور کافور کا مجموعہ) کی مانند معطر ہوتی ہے اگر کپڑوں پر چھڑکا جائے تو اس کو بھی خوشبودار کردے۔اسی مفہوم کو طالب آملی نے اپنے طریقے سے نظم کیا ہے:

اگـر چـه خـاک شـدم بـوی او نـرفـت از مـن
تـوان بـه پیـرهـن افشـانـد چـون عبیـر مـرا ۲۲؎

طالب آملی نے تعلیٰ سے بھی کام لیا ہے ایرانی شاعروں کو خود پر اپنی شاعری پر اپنی زبان پر فخر ہوتا ہے اساتذہ اپنے کلام میں تعلیٰ فرماتے ہیں طالب آملی نے بھی تعلیٰ سے کام لیا ہے:

چـو طـالـب از ره مـعـنـی بـلـنـد مـرتبـه ام
سـازد در نـظـر ای آسـمـان حـقیـر مـرا ۲۳؎
ازیـن شـگـفتـه غـزل زودنـگـذری طـالـب
کـه بیـت بیـت سزای هـزار تحسین اسـت ۲۴؎

طالب آملی کی غزلیات ان تمام صنائع و بدائع سے پر ہیں جو سبک ہندی کی پہچان ہیں۔ الفاظ کی ترکیب، نشست و برخاست طالب کی زبان پر مہارت اور فن شاعری پر دسترس کی بین دلیل ہے۔

منابع و مأخذ:

۱۔مقدمہ، دیوان طالب آملی، باہتمام تصحیح وتحشیہ طاہری شہاب، از انتشارات کتابخانہ سنائی، ص ۶
۲۔مقدمہ، دیوان طالب آملی، باہتمام تصحیح وتحشیہ طاہری شہاب، از انتشارات کتابخانہ سنائی، ص ۲۹
۳۔مقدمہ، دیوان طالب آملی، باہتمام تصحیح وتحشیہ طاہری شہاب، از انتشارات کتابخانہ سنائی، ص ۴۲
۴۔دیوان طالب آملی، باہتمام تصحیح وتحشیہ طاہری شہاب، از انتشارات کتابخانہ سنائی، ص ۴۷
۵۔دیوان غزلیات بیدل دہلوی، غزل نمبر ۳۸
۶۔دیوان طالب آملی، باہتمام تصحیح وتحشیہ طاہری شہاب، از انتشارات کتابخانہ سنائی، ص ۲۴۵
۷۔ایضاً، ص ۲۴۳

۸۔ایضاً،ص ۲۳۷

۹۔ ایضاً،ص۲۵۳

۱۰۔دیوان سعدی شیرازی،غزل نمبر۲۷۹

۱۱۔دیوان طالب آملی، باہتمام تصحیح وتحشیہ طاہری شہاب،ازانتشارات کتابخانہ سنائی،ص ۲۵۴

۱۲۔ایضاً،ص ۲۳۳

۱۳۔ ایضاً،ص۳۳۰

۱۴۔ایضاً،ص۲۳۲

۱۵۔ایضاً،ص۲۳۳

۱۶۔سورہ یوسف،آیات نمبر۹۳،۹۴،۹۶

۱۷۔ دیوان طالب آملی، باہتمام تصحیح وتحشیہ طاہری شہاب،ازانتشارات کتابخانہ سنائی،ص ۲۴۵

۱۸۔ ایضاً،ص۲۶۵

۱۹۔دیوان بیدل،غزل نمبر۲۹

۲۰۔دیوان حافظ،غزل نمبر۴۵۸

۲۱۔ دیوان طالب آملی، باہتمام تصحیح وتحشیہ طاہری شہاب،ازانتشارات کتابخانہ سنائی،ص ۲۴۹

۲۲۔ایضاً،ص۲۴۹

۲۳۔ایضاً،ص۲۴۹

۲۴۔ایضاً،ص۲۶۱

☆☆☆

ڈاکٹر نصرت انصاری
علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

صاحبِ دستورالافاضل بحیثیت شاعر

مشہور اور قدیم اور ہندوستان میں مرتب شدہ دوسری فرہنگ ''دستورالافاضل'' کے مصنف حاجب خیرات دہلوی معروف بہ رفیع اپنی معروف زمانہ تصنیف کے سبب ھند کی عظیم شخصیات میں شمار کئے جاتے ہیں۔

بحیثیت فرہنگ نویس وہ کسی شناخت کے محتاج نہیں، مگر ایک شاعر کی حیثیت سے حاجب بھی غیر معروف شعراء کی صف میں نظر آتے ہیں۔ شاید اس کا سبب یہ ہے کہ ان کے شعری نمونے دستور کے سوا کہیں اور دستیاب نہیں ہوتے۔

حاجب نے اپنی معروف زمانہ فرہنگ ''دسورالافاضل فی لغات الفضایل'' ۷۴۳ھ سلطان محمد بن تغلق کے عہدِ حکومت میں مرتب کی جس کی تصدیق حاجب کے درج ذیل شعر سے ہوتی ہے۔

ز هجرت بود هفتصد باسه و چل
مرتب گشته دستورِ الافاضل [۱]

اس فرہنگ کو محترم استاد پروفیسر نذیر احمد صاحب تحقیق و تحشیہ کے ساتھ ایران سے شائع کر چکے ہیں۔

حاجب کے متعلق جو اطلاعات حاصل ہو سکیں ان کا واحد ذریعہ خود اس کی اپنی تصنیف ہے۔ اس کے علاوہ تمام بیاض اور تذکرے تواریخ لب بستہ نظر آتے ہیں۔ مقامِ حیرت ہے کہ سرزمینِ ھند کے ایک اہم ترین لغت نویس کو ہمارے مورخین اور تذکرہ نگاروں نے بحیثیت مصنف اور شاعر فارسی ادب سے متعارف کرانے کی زحمت گوارہ نہیں کی۔

فرہنگ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ حاجب دہلی کا رہنے والا تھا۔ گردش زمانہ کے سبب محمد بن تغلق کے دورِ حکومت میں اپنے عزیز اور پُر رونق وطن شہر ''دہلی'' کو خیر باد کہہ کر ''بیر'' نامی ایک مقام کی جانب ہجرت کی۔ شاعر نیا پنے حالات کو ''دستور'' کے مقدمے میں حسبِ ذیل عبارت میں بیان کیا ہے۔

''اما بعدمی گویدمؤلف این تالیف و مصنف این
تصنیف بندۂ ضعیف رفیع ممکن اندوه و بلّیات
معروف به حاجب خیرات...... که چون چرخ سرگردان
بنده را در سرگردانی باخودیار گردانید۔ واز وطنِ

اصلی ومسکن کلی یعنی حضرت دهلی از نزدیکی
به دوری مبتلا کردولشکر حوادث چنان برمن مزیت
که از دست چپ و راست خود نشناخت- چون
قوّت مقاومت نداشتم به ضرورت خود را سرگردانی
انداختم و عصای سفردر مُشت و قلم سیاه روی
غربت درانگشت گرفتم (۲)-"

''بیر'' میں حاجب کی ملاقات شمس الدین نامی ایک رحم دل، علم دوست اور ادب پرور ہستی سے ہوئی۔ جس کی زیرک نگاہ سے حاجب کی علمی صلاحیتیں پوشیدہ نہیں رہ سکیں۔ اور جب اس نے ایک اہل علم اور دانشمند شخص کو دربدر کی ٹھوکریں کھاتے اور پریشانی میں مبتلا دیکھا تو اُسے اپنے ساتھ اپنے صدر مقام اُستاد آباد (موجودہ گوگی) لے گئے اور بلند مرتبہ عطا کیا۔ جہاں حاجب ان کے دستِ نوازش سے فیضیاب ہوکر ترقی کے منازل طے کرتے ہوئے علمِ معرفت کی درسگاہ کے منتظم اعلیٰ مقرر ہوئے۔

دستور میں درج شاعر کے کلام سے واضح ہوتا ہے کہ اس کو نہ صرف فنِ لغت میں دستگاہ حاصل تھی بلکہ وہ فنِ شعر کی پُر پیچ وادیوں سے بخوبی آشنا تھا اور شعر گوئی میں مہارت رکھتا تھا اور اس کا پہلا ممدوح وہی فن شناس اور علم نواز ہستی صدر شمس الدین ججیری ہے جس نے مشکل اوقات میں حاجب کی مدد کی جس کا تعلق ہریانہ کے ضلع ''فیروز پور'' کے ایک علاقے ججیر (اب اس کا نام جنیر ہے) کے باعزت خاندان سے تھا۔ جیسا کہ ہم کہہ چکے ہیں کہ شمس الدین اُستاد آباد کا صدر تھا جو دکن کے نزدیک گلبرگہ میں واقع ہے۔ یہ علاقے محمد بن تغلق کی سلطنت میں شامل تھے۔ یہاں عادلِ شاہی چار بادشاہوں کے مدفن ہونے کے ساتھ کثیر تعداد میں عرفاء کے مزار بھی ہیں۔ جس کے باعث یہ مقام اہل دکن کے لئے لائقِ احترام ہے۔

دستور میں درج حاجب کے شعر سے معلوم ہوتا ہے کہ شمس الدین کے والد کا نام احمد بن علی تھا جن کا شمار اپنے زمانے کے باعزت امراء میں ہوتا تھا۔ احمد بن علی کے توسط سے ۷۳۸ھ میں تحریر شدہ ایک کتبہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ احمد بن علی محمد بن تغلق کے عہد حکومت میں وزارت کے عہدے پر فائز تھا۔ اور ملک الشرق قوام الدین قتلغ خاں نے ایک مسجد احمد بن علی کے ایّام وزارت میں تعمیر کرائی تھی۔ یہ کتبہ آج بھی میسور کے ایک ضلع بیدر کلیانی میں موجود ہے اور ملک الشرق قوام الدین قتلغ خاں وہ اہم شخصیت ہے جسے جونا خاں یعنی محمد بن تغلق کے اتالیق ہونے کا شرف حاصل ہے۔

حاجب کا دوسرا ممدوح ایران کا مشہور ترین شاعر رشید الدین وطواط ہے۔ شاعر نے اپنے اس ممدوح کی شان

وعظمت میں ایک قطعہ نظم کیا ہے۔ جس میں اس نے وطواط کو دنیا کے مشہور ترین فلاسفر ارسطو اور بقراط سے بھی زیادہ بلند ترین مقام عطا کیا ہے۔

حاجب بڑے سادہ اور آسان لفظوں میں اپنے ممدوحین کی تعریف کرتا ہے جو آسانی کے ساتھ قاری کو اپنی جانب متوجہ کر لیتے ہیں۔

عہدِ تغلق کے بیشتر شعری نمونے ضائع ہونے کے سبب حاجب کا کلام بھی انتہائی مختصر دستیاب ہو سکا مگر یہ مختصر ترین اشعار بھی اپنی قدامت کے باعثِ اہمیت سے خالی نہیں۔

شاعر کا موجودہ دستیاب کلام اگرچہ چار قطعات پر مشتمل ہے لیکن یہ قطعات اپنے گوینده کی مہارت واستاد کی کا مکمل ترین نمونہ ہیں۔ ذیل میں شاعر کے قطعات نقل کئے جاتے ہیں۔

گوهر پاک احمد بن علی[5]
صدر آفاق و شمس دولت و دین

نثر طبعت همه دُر منثور
نظم الفاظ تست دُر ثمین
همه اشعار تو پُر آب زلال
همه ابیات تست ماه معین
گل ز روی تو عطر خواهنده
نافه درپیش خُلق تو مسکین
زینت عالم از در و گوهر است
یافت در و گوهر تو تزئین
ماه نو از کمیت تازی تو
یافته لعل هر مهی تو تزئین
رشك در هـای لفظ تو هر سال
در پس پرده می شود پروین
سعد شد مشتری هم از نظرت
گه گه از لطف سوی ماهم بین

مدح ذات تو که تواند کرد
گر شود جمع آسمان و زمین
تیر گردون مسخر قلمت
باد دایم ز فضل حق آمین [۶]

قطعہ۔۲

سوادش را بود بر دیدها جا
بیاضش چون بیاض صبح پیدا
بکرد تا جمله خراسان
افاضل را و فضایل گردد آسان [۷]

قطعہ۔۳

استادِ سخنوران عالم
فرزانه رشید دین وطواط
شیدا ز فضایلت ارسطو
دیوانهٔ لفظ تست بقراط
در پیش تو شاعرانِ عالم
چون پیش خلیفه خلق اوساط
شد کاتب چرخ در خط از تو
شاگرد صفت به پیش خطاط
روی فضلا ز رشك تو زرد
چون عورت حامله ز اسقاط
در جمله گوشها رسیده
نظم سخنت چو دُر در افراط
هر چند مدایحت نویسد
از طبع رفیع نبود افراط

قطعات۔۴

چو دستور افاضل شد مرتب
مرا واجب دُعا باشد دل شب
خداوندا به حق نیك مردان
به چشم مردمان مقبول گردان
چنانش سربلندی ده به عالم
که گردد با بنات النعش همدم
سرافرازی کند با ماه و پروین
برندش نسخه سیو مصر و غزنین
کسی کین عین نسخه باز جوید
دُعا [1] ے حاجب [2] ے خیرات گویا

ز هجرت بود هفتصد باسه و چل
مرتب گشته دستور افاضل
بیامرز از کرم گوینده اش را
بکن مغفورم جوینده اش را [8]

حواشی:

۱ دستور:ص۔۱
۲ دستور،ص:۱۰ ۳ فاضل اُستاد نذیر احمد صاحب نے اس کا اصل نام گوگی لکھا ہے۔ا
۴ دستوار:ص۱۴
۵ ''و''قیاسی
۶ دستوردعاسی،تصحیح قیاسی
۷ اصل حاجات
۸ دستور،ص:۹

جاوید احمد بٹ
پی ایچ ڈی

عقیدہ وحدت الوجود: محی الدین ابن عربی کے تناظر میں

خلاصہ (Abstract): یہ مضمون میں نے عقیدہ وحدت الوجود ابن عربی کے تناظر میں، کے موضوع پر لکھ کر ابن عربی کا عقیدہ اور ابن عربی کا نظریہ وحدت الوجود کیا تھا، کے متعلق بہترین تصویر پیش کی ہے۔قارین کیلے میں نے بنفس نفیس کئی کتابوں کا مطالعہ کیا اور انٹرنیٹ سے بھی مواد کو اکٹھا کر کے موضوع ھذا کو اختتام پہنچایا۔

خدا کے بارے میں معروضی اعتقادات وعبادات توحید اور موضوعی، باطنی یا وجدانی حسّیات وحدت الوجود کے زمرے میں آتی ہیں یوں توحید کا مفہوم خالص مذہبی اور وحدت الوجود کا مفہوم خالص مابعدالطبیعاتی ہے۔دنیا کے تمام مذاہب کی مابعدالطبیعاتی فکر میں وحدت الوجود کا عقیدہ کسی نہ کسی شکل میں موجود رہا ہے۔بعض یونانی فلاسفر اس کے قائل تھے۔اسکندریہ کا نوفلاطونی فرقہ اس کا معتقد تھا۔ یہود ونصاریٰ کے مذہبی ادب میں بھی یہ خیال موجود رہا۔ ہندو ویدانت کی پوری عمارت اسی تخیل پر قائل وقائم ہے۔اسلامی تصوّف میں ابن عربی وہ پہلے صوفی ہیں جنہوں نے اس عقیدے کو بھرپور طریقے سے پیش کیا۔وحدت الوجود کو مغرب کی فلسفیانہ اصطلاح میں ''پین تھی اِزم (Pantheism)'' کہا جاتا ہے جو دو یونانی الفاظ ''Pan'' بمعنی تمام اور ''Theos'' بمعنی خدا سے مل کر بنا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ خدا کائنات میں مل گیا ہے اور اس کا کوئی مستقل وجود باقی نہیں رہا۔ یہ عقیدہ سراسر غیر اسلامی ہے جبکہ وحدت الوجود جس کا انگریزی میں اگر کوئی مترادف لفظ ہوسکتا ہے تو وہ ''Unit of Existence'' یا ''Monism'' ہے جس کا مطلب ہے کہ کائنات کا وجود غیر حقیقی، وہمی یا ظلی ہے اور حقیقی واصلی وجود صرف اللہ تعالیٰ کا ہے اور کائنات اسی ذاتِ حقیقی کا جلوہ ہے۔

ابن عربی کی کتب وآثار کی اساس اور دارومدار اور خیالات وحدت الوجود کے گرد گھومتے ہیں ۔ وحدت الوجود گویا ان کی دین اور روح وفکر کا محور تھا۔ ان کے عرفان اور نظامِ فکر کے تمام مباحث کا حاصل یہی وحدت الوجود ہے۔انہوں نے اس نظریہ کو ایسی شرح وبسط سے بیان کیا ہے کہ انہیں قائد وپیشوائے وحدت الوجود مانا گیا ہے۔محی الدین ابن عربی نے حق وخلق، ظاہر ومظاہر اور کثرت ووحدت کا فرق یوں بیان کیا ہے:

''بندہ اور رب ہر ایک اپنی ذات کے لئے کمالِ وجود میں ساتھ ہیں پس باوجود اس زیادتی اور کمی کے عبد ہمیشہ عبد اور رب ہمیشہ رب ہے۔(۱)

وحدت الوجود کے بارے میں ان کے چند اہم خیالات اس طرح پیش کرتے ہیں:

☆ وجودِ حقیقت واحد ہے اور اس کے برعکس جو بھی ہمیں اس کے ذریعے محسوس ہوتا ہے مثلاً موجوداتِ خارجی اور جو عقل سے معلوم ہوتا ہے مثلاً خدا اور عالم، حق اور خلق کی دوئی اور حقیقت، وجود کا تکثر و تعدّد یا دوئی نہیں بلکہ حق اور خلق ایک ہی حقیقت فریدہ اور عین واحد کے دو پہلو ہیں۔ اگر اس پر جہتِ وحدت سے نظر کیجیے تو اسے حق پایئے گا اور حق کہیے گا اور اگر جہتِ کثرت سے دیکھیے تو خلق دیکھیے گا اور خلق کہیے گا۔(۲)

☆ ظہور پانے والی ہر شئے حق تعالیٰ کے وجود کی تجلی سے ظاہر ہوئی ہے۔لہٰذا تمام اشیاء اسی سے ہیں اور اسی میں ہیں یعنی اس کے علم میں ہیں جو اس کی ذات کا عین ہے۔اللہ تعالیٰ اپنی ذات میں جمیع، لا متناہی مخلوقات کا جامع اور ان سب پر محیط ہے۔مخلوقات اس کی ذات سمندر کی سطح پر اٹھنے والی لہروں کی طرح ہیں۔(۳)

☆ وجودِ حقیقت واحد ہے، اس کی کوئی مثل ہے نہ ضد پس عارف اس کونِ امکانی کو جو مفارقت اور کثرت کا مبدا ہے، معدوم دیکھتا ہے اور کوئی شئے نہیں پاتا مگر ذاتِ حق کہ عین وحدت ہے۔ بنا بریں یہاں غیریت تو موجود ہی نہیں، نہ کوئی واصل ہے نہ موصول، کوئی مبائن ہے نہ مفارق کیونکہ ہر شئے حق تعالیٰ کی وحدت حقیقی کے عین میں فنا ہوگئی ہے سو دل کی آنکھوں سے دیکھنے والا عارف عینِ حق کے سوا کچھ نہیں دیکھتا۔(۴)

☆ ممکنات اپنے عدم اصلی سے جڑے ہوئے ہیں اور وجودِ حقیقی سے بے بہرہ ہیں کیونکہ حق تعالیٰ کے وجود کے سوا اور کوئی وجود نہیں ہے اور وہی ہے جو اعیان کے اقتضا اور ممکنات کی ذات کے مطابق ظہور کرتا ہے اور تعیّن پذیر ہوتا ہے چنانچہ تمام ممکنات اور مخلوقات اس کی ذات کے تعینات، مظاہر اور شئون ہیں اسی کا وجود حقیقی اور واحد ہے۔(۵)

☆ معرفت حق کے متلاشی اور عرفان کے سچے طالب صاف صاف دیکھتے ہیں کہ عالم میں واقع کثرت اس واحد حقیقی میں موجود ہے جو وجود مطلق ہے اور بصورتِ کثرت ظاہر ہوا ہے۔ جیسے کہ قطروں کا وجود دریا میں، پھل کا وجود درخت میں اور درخت کا وجود بیج میں۔اسی طرح وہ یہ بھی جان لیتے ہیں کہ اسماء وصفات الٰہیہ مثلاً قادر، عالم، خالق، رزاق وغیرہ کا مدلول واحد ہے باوجود یہ کہ ان کے حقائق مختلف اور متعدد ہیں اور یہ سب اسی واحد حقیقی کی ذات کی طرف راجع ہیں، پس کثرت اسماء

اوران کے معانی کا اختلاف ذاتِ واحد حقیقی میں درست اور قابل فہم ہے جب اس ذات کی تجلی صور اسماء پر پڑتی ہے تو وہ کثرت اسی ذاتِ واحد اور عینِ واحد میں مشہود ہو جاتی ہے۔(۶)

☆ حق تعالیٰ مخلوقات میں سے ہر ایک کے اندر کسی نہ کسی رنگ میں ظہور کرتا ہے اور ہر مفہوم اور مدرک میں اس کا ظہور ہے اور اس کی تجلی ،لیکن چونکہ اس کی تمام تجلّیات اور ظہورات اس کے مظاہر میں قابل فہم نہیں ہوتے ۔لہٰذا وہ لوگوں کی عقل سے مخفی اور پنہاں ہے سوائے اس شخص کی فہم کے جو یہ جانتا ہو کہ عالم ھوّیت حق کا مظہر اور اس کی صورت ہے۔ یہ لوگ تمام مظاہر میں مشاہدہ حق کرتے ہیں۔(۷)

☆ وجود اور احدیت میں تو سوائے حق تعالیٰ کے کوئی موجود رہا ہی نہیں پس یہاں نہ کوئی ملا ہوا ہے نہ کوئی جدا ہی ہے۔ یہاں تو ایک ہی ذات ہے جو عین وجود ہے۔ یہاں یکی ہے دوئی کی یہاں گنجائش نہیں ہے۔(۸)

☆ پس عالم وجود میں خدا کے سوا اور کچھ نہیں اور خدا کو خدا کے سوا کوئی شناخت نہیں کرسکتا اور اس حقیقت کو وہی دیکھ سکتا ہے جس نے بایزید کی طرح ''انا اللہ'' اور ''سبحانی'' کہا ہو۔

☆ محققین کے نزدیک یہ بات ثابت ہے کہ صفحۂ ہستی پر خداوند تعالیٰ کے سوا کوئی ہستی موجود نہیں اور اگر چہ ہم بھی موجود ہیں مگر ہمارا وجود اس کی وجہ سے ہے اور جو وجود غیر کی وجہ سے ہو وہ عدم کے حکم میں ہوتا ہے۔

☆ اور اس کا وجود عین اس کی ذات ہے اور اس کی ذات کے اثبات کے لئے کسی دلیل کی ضرورت نہیں جبکہ اس کے علاوہ کسی ذات کے لئے دلیل کی ضرورت ہوتی ہے پس وہ چیز موجود ہے اور اس کا وجود ذات کے علاوہ کچھ نہیں ۔ممکن واجب بالذات کا محتاج ہے اور واجب کے لئے ممکن کے علاوہ استغنائے ذاتی ہے۔اس کا نام اللہ ہے اور اس کا تعلق اس کی ذات سے ہے اور تمام محقق حقائق سے ہے خواہ ان کا وجود ہو یا عدم۔

☆ پس صرف اور صرف حق تعالیٰ کا وجود خالص باقی ہے جو عدم میں نہیں آیا اور جو وجود عدم سے آیا بنفسہٖ عین الوجود ہے اور یہ وجودِ عالم ہے۔حق یہ ہے کہ وجودِ حق تعالیٰ اور وجودِ عالم، دونوں وجودوں کے درمیان نہ تو علیحدگی ہے اور نہ ہی امتداد مگر یہ توہم مقدر ہے جو علم کے لئے محال ہے اور اس سے کوئی چیز باقی نہیں مگر یہ کہ وجودِ مطلق ومقید اور وجودِ فاعل و وجودِ منفعل حقائق یہی کچھ عطا کرتے ہیں۔(۹)

حسب ذیل عبارت واشعار نقل کرتے ہیں جو تصریحاً وحدت الوجود کے بارے میں ہے اور جس پر سب سے

زیادہ جرح ونقد اور بحث ومباحثہ ہوتا رہا ہے۔

﴿سبحان الّذی خلق الاشیاء وهو عینها﴾

''بزرگ و برتر ہے وہ ذات جس نے سب اشیاء کو پیدا کیا اور جو خود ان کا جوہر اصلی (اَعْیَانُهَا) ہے''۔

''یا خالق الاشیاء فی نفسه انت لما تخلقه جامع

تخلق مالا ینتهی کونه فیك مأنت الفیق الواسع''۔

''اے کہ تو نے تمام اشیاء کو اپنی ذات میں خلق کیا۔ تو جمع کرتا ہے ہر اس چیز کو جسے تو پیدا کرتا ہے تو وہ چیز پیدا کرتا ہے جس کا وجود تیری ذات میں مل کر کبھی فنا نہیں ہوتا اور اس طرح تو ہی تنگ ہے اور تو ہی وسیع بھی ہے''۔

لوگوں کو محی الدین ابن عربی کی اس عبارت پر وہم ہوا ہے کہ اس سے خالق ومخلوق کا اتحاد لازم آتا ہے مگر حاشا کلّا ابن عربی کی مراد یہ ہرگز نہیں کیونکہ لفظ عین کے دو معنی ہوتے ہیں ایک یہ کہ کہا جائے کہ فلاں چیز اپنا عین ہے۔ مثلاً الانسان، انسان۔ دوسرے یہ کہ کسی چیز کا قیام اور تحقیق کسی اور چیز سے ہو کہ اگر وہ نہ ہوتی تو اس کا وجود نہ ہوتا یعنی ''ما بہ الموجودیت'' اور یہاں ابن عربی نے یہی معنی لئے ہیں کہ اگر واجب الوجود کا تعلق مخلوقات سے قطع تصوّر کیا جائے تو مخلوق کا فی نفسہ کوئی وجود نہ ہوگا۔(۱۰) محی الدین ابن عربی کے تصوّر وحدت الوجود کے سلسلے میں پائے جانے والے مختلف شکوک وشبہات کی وضاحت کرتے ہوئے ڈاکٹر سید حسین نصر لکھتے ہیں:

''تصوّف کا بنیادی عقیدہ خصوصاً جس طرح محی الدین ابن عربی اور ان کے مکتب نے اس کی شرح وتعبیر کی ہے وحدت الوجود کا عقیدہ ہے۔ اس عقیدے کے باعث بعض جدید اہل قلم نے ان پر ہمہ الٰہیت (PANTHEISM) کا قائل ہونے کا الزام لگایا ہے۔ بلکہ ہمہ الٰہیت کا قائل ہونے کے ساتھ ساتھ انہیں موحد وجودی بھی بتایا جاتا ہے اور بھی زیادہ مدت نہیں گذری کہ انہیں تصوف طبیعی کا پیرو قرار دے دیا گیا ہے۔ یہ جملہ الزامات باطل ہیں، اس لئے کہ لوگوں نے ابن عربی کے مابعد الطبیعاتی عقائد کو فلسفہ سمجھ لیا ہے اور اس حقیقت کو نظر انداز کر دیا ہے کہ طریقِ عرفان، فیض و برکت الٰہی سے جدا نہیں۔ صوفیاء پر قائل ہمہ الٰہیت ہونے کے الزامات دوگنے باطل ہیں اس لئے کہ اول تو ہمہ الٰہیت ایک نظام فلسفہ ہے حالانکہ ابن عربی اور اس جیسے دوسرے لوگوں نے کبھی یہ دعویٰ نہیں کیا کہ وہ کسی بھی نظام کے مقلد یا خالق ہیں اور دوسرے یہ کہ ہمہ الٰہیت کے عقیدے میں یہ معنی بھی ضمناً موجود ہے کہ خدائے تعالیٰ اور کائنات کے مابین ایک جوہری ربط موجود ہے۔ ابن عربی نے کہ جن پر ہمہ الٰہیت (ہمہ اوست) کا قائل ہونے کا بارہا

الزام لگایا جاتا ہے۔ خدا کی ماورائیت واحدّیت کے اثبات کی خاطر جس قدر کہ انسانی زبان اسے اجازت دے سکتی تھی، زورصرف کردیا جیسا کہ وہ اپنے رسالہ''رسالة الاحديه''میں بیان کرتے ہیں:

''وہ ہےاس کے ساتھ نہ قبل ہے نہ بعد، نہ فوق ہے نہ تحت، نہ قریب ہے نہ بعید، نہ وحدت ہے نہ تقسیم، نہ کیسے ہے نہ کہاں اور نہ کب، نہ زمان ہے، نہ لحظہ ہے نہ عمر، نہ ہستی ہے نہ مکان، وہ اب بھی ہے جو وہ تھا، وہ احدِ بے وحدت ہے، وہ فردِ بےفردیت ہے وہ اسم اور مسمّٰی کا مرکب نہیں اس لئے کہ اس کا اسم بھی وہ (ھُـــو) ہےاوراس کا مسمّٰی بھی وہ (ھُـو) ہے۔ پس جان لے کہ وہ کسی شئے میں نہیں اور نہ کوئی شئے اس میں ہے خواہ وہ داخل ہونا ہو خواہ وہ آگے بڑھنا ہو۔ یہ واجب ہے کہ تو اس سے اسی انداز میں جانے نہ علم کے توسط سے، نہ عقل کے ذریعے نہ فہم کی معرفت نہ تخیل کے طفیل، نہ حواس کے باعث اور نہ ادراک کی مدد سے اسے کوئی خوداس کے سوا دیکھ نہیں سکتا، کوئی اس کا خوداس کے سوا ادراک نہیں کر سکتا، وہ اپنے آپ کو اپنے ذریعے دیکھتا ہےاور وہ آپ اپنے ہی ذریعے جانتا ہے۔ اس کا پردہ محض نتیجہ اوراثر ہےاس کی وحدت کا، کوئی خوداس کے سوااس کا پردہ نہیں۔ کوئی اس سے اس کے سوا دیکھ نہیں سکتا نہ کوئی رسول مرسل نہ کوئی ولی کامل اور نہ کوئی فرشتہ مقرب۔ وہ اپنا رسول آپ ہےاوراس کا ارسال کرنا بھی وہ خود ہے۔ اس کا کلمہ بھی وہ خود ہے۔ اس نے اپنے آپ کو اپنے ساتھ اوراپنی طرف ارسال کیا''۔ جو شخص خدا کی ورائیت کے اثبات میں ان انتہاؤں تک چلا جاتا ہےاس کو ہمہ الٰہیت (ہمہ اوست) کے قائل ہونے کا الزام دینا مشکل ہی معلوم ہوتا ہے۔(۱۱) خود محی الدین ابن عربی کی متعدد کتب میں وحدت الوجود کے متعلق مختلف اشتبہات کا جواب ملتا ہے۔'' فصوص الحكم '' میں اس طرح رقمطراز ہیں:

''اگر تم تنزیہہ محض کے قائل ہوگے تو تم حق تعالیٰ کو مقید کردوگے۔ اگر تم تشبیہہ محض کے قائل ہوگے تو حق تعالیٰ کو محدود کردوگے۔ اگر تم تنزیہہ اور تشبیہہ دونوں کے قائل ہوگے تو راست رو ہوگے اور معارف میں امام اور سردار ہوگے۔ اگر تم دوئی کے قائل ہو اور حق وخلق کو بالکل جدا سمجھوگے تو تم شرک فی الوجود کروگے۔ اگر عبد ورب کو وجود حقیقی اور منشا کے لحاظ سے عین یک دگر سمجھوگے اور یکی و یکتائی کے قائل ہوگے تو تم موحد ہوگے''۔(۱۲) آخر میں ''فتوحات مکیّہ'' میں سے حسب ذیل اشعار دیکھیے کہ محی الدین ابن عربی بندہ اور حق کے درمیان کس طرح امتیاز کر رہے ہیں:

الرب حق والعبد حق   یالیت شعری من المكلف

ان قلت عبد فذاك ميت   او قلت رب أنى يكلف۔(۱۳)

(رب حق ہےاور بندہ حق ہے کاش مجھے معلوم ہوتا کہ مکلّف کون ہے۔ اگر تو کہے عبد تو وہ مرنے والا ہے اگر کہے رب تو وہ کیسے مکلّف ہوسکتا ہے)۔

حوالہ جات:

(۱)۔ مترجم صائم چشتی، فتوحات مکیہّ ،ج:۳،ص:۱۱۴

(۲)۔ شرح ادریسی،فصوص الحکم،ص:۷۹تا۸۸

(۳)۔ شرح اسحاقی،فصوص الحکم،ص: ۸۸

(۴)۔ شرح اسماعیلی،فصوص الحکم،ص: ۹۳

(۵)۔ شرح کاشانی،فصوص الحکم،ص: ۱۰۶

(۶)۔ شرح شعبی،فصوص الحکم،ص:۱۱۶۴؛محمد شفیع بلوچ،شیخ اکبرمحی الدین ابن عربی،ص:۱۳۳

(۷)۔ محمد شفیع بلوچ،شیخ اکبرمحی الدین ابن عربی،ص:۱۳۳ ؛ شرح نوحی،فصوص الحکم،ص:۶۸

(۸)۔ مترجم عبدالقادر صدیقی،فصوص الحکم،ص:۱۳۰؛محمد شفیع بلوچ،شیخ اکبرمحی الدین ابن عربی،ص:۱۳۳

(۹)۔ محی الدین ابن عربی،فتوحات مکیّہ،مترجم صائم چشتی،علی برادران فیصل آباد،۱۹۹۱ء،ج:۲،ص:۲۴

(۱۰)۔مولانا فیض احمد فیض،مہر منیر،لاہور،،ص:۴۶۸؛ محمد شفیع بلوچ،شیخ اکبرمحی الدین ابن عربی،ص:۱۳۴،۱۳۵

(۱۱)۔ ڈاکٹر سیّد حُسین نصر،تین مسلمان فیلسوف،ص:۱۴۵،۱۴۷

(۱۲)۔ محی الدین ابن عربی،فصوص الحکم،مترجم عبدالقدیر صدیقی،ص:۵۶؛ محمد شفیع بلوچ،شیخ اکبرمحی الدین ابن عربی، ص:۱۳۶

(۱۳)۔ محی الدین ابن عربی،فتوحات مکیّہ،مترجم: صائم چشتی،ج:۱،ص:۴۳

کتابیات:

- فتوحات مکیہ ،مترجم صائم چشتی،علی برادران،فیصل آباد، ۱۹۹۱ء
- فصوص الحکم، مترجم:مولانا عبدالقدیر صاحب صدیقی،اعتقاد پبلشنگ ہاوس،نئی دہلی، ۱۹۷۹ء
- شیخ اکبرمحی الدین ابن عربی، محمد شفیع بلوچ،ناشر:مکتبہ جمال لاہور، مطبع:تایا سنز لاہور، ۲۰۰۶ء
- مضمون ابن عربی،ابوالعلاء العفیفی،طبع اول،دانش گاہ پنجاب لاہور،۱۹۶۴ء
- افادات شیخ محی الدین ابن عربی،مترجمین: شاہ غلام مصطفٰے مہروںڈی،شاہ محمد باقر اللہ الہٰ آبادی، نزیر سنز لاہور، ۱۹۸۷ء
- صوفیانہ فلسفہ،سید محمد حسینی گیسودراز،نئی دہلی،۲۰۱۳ء
- شیخ اکبرمحی الدین ابن عربی ایک صوفی ایک مفکر(مقالہ)،غلام یحییٰ انجم،نئی دہلی،۲۰۱۱ء

۔ شیخ اکبر محی الدین ابن عربی اور انکی تفسیر، د۔ توقیر عالم فلاحی، علی گڈھ، ۲۰۱۱ء

۔ شیخ اکبر محی الدین ابن عربی کا نظریہ تعلیم، مولانا سید مناظر احسن گیلانی، اعظم گڈھ، یو۔پی، فروری ۱۹۴۵ء

۔ مہر منیر، مولانا فیض احمد فیض، لاہور پاکستان، ۱۳۷۶ھ

۔ ڈاکٹر سیّد حُسین نصر، تین مسلمان فیلسوف، روسنتھال فرنز، شکاگو یونیورسٹی پریس، ۱۹۶۴ء

☆☆☆

پروفیسر عزیز بانو
ڈین اسکول آف لینگویجیز
مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد

دکن میں مرثیہ نگاری کا تاریخی پس منظر۔ایک جائزہ

مرثیہ، عربی کے لفظ 'رثاء' سے مشتق ہے جس کے لغوی معنی میت پر رونے کے ہیں۔عربی ادبیات میں پھر یہ لفظ ایک اصطلاحی حیثیت اختیار کر گیا جو شاعری کی اس صنف کے لیے استعمال ہونے لگا جس میں کسی عزیم یا رشتہ دار کی موت پر رنج وغم کے جذبات کا اظہار کیا جاتا ہے۔ چنانچہ عربی ادب میں صنف مرثیہ، رثاء کی مسلم صنف کا مقام رکھتی تھی، جس طرح قصیدہ کسی زندہ شخصیت کی تعریف وتوصیف میں کہا جاتا تو مرثیہ اسی نوع میں مردہ اشخاص کے اوصاف کے بیان اور ان کی وفات پر اظہارِ غم کے لیے کہا جاتا۔متمم ابن نویرہ اور خنساء کے مرثیے عربی ادب کی کلاسیکیت کے بنیادی نمونوں کی حیثیت رکھتے ہیں۔ چوں کہ یہ مرثیے کسی ایسی ہستی کے لیے کہے جاتے تھے جن سے مرثیہ گو کو گہرا دلی تعلق ہوتا تھا۔اسی لیے ان میں جذبات کی فراوانی اور صداقت بدرجہ اتم موجود ہوتی۔

اسی طرح فارسی ادبیات میں مرثیے کی اصطلاح عربی صنف سخن کی حیثیت کے مطابق لے لی گئی جس میں کسی پیارے کی میت پر رونے کے عمومی جذبات کا اظہار کیا جاتا ہو۔اس بناء پر مورخین نے فارسی میں مرثیہ کی نوع کا اولین نمونہ ''شاہنامہ'' کے ان اشعار کو تسلیم کیا ہے، جن میں فردوسی نے سہراب کی موت پر اس کی ماں کے بین اور رنج وغم کے جذبات کو ظاہر کیا ہے لیکن یہ اشعار علیحدہ یا مستقل نظم نہیں ہیں بلکہ ایک طویل رزمیہ کا حصہ ہیں۔اولین مستقل نظم، فرخی کے وہ اشعار مانے جاتے ہیں جو اس نے محمود غزنوی کی وفات پر لکھے تھے۔ان میں جذبات کے اظہار میں دردانگیزی اور اثر آفرین پائی جاتی ہے اور نوحہ اور بین کا انداز موجود ہے۔

فارسی شاعری میں شخصی مرثیوں کا سلسلہ تو اگلے ادوار میں بھی جاری رہا۔لیکن بہت جلد، صنف مرثیہ نے فارسی اصناف سخن میں ایک مخصوص اصطلاحی مفہوم اختیار کر لیا اور اور اب مرثیہ اصطلاحاً وہ صنف شعری قرار پایا جس کے لیے امام حسینؑ کی شہادت، ان کے اہل خاندان اور اصحاب کی شہادت، واقعات کربلا اور ان کی تفصیلات مخصوص موضوع متعین کر دیا گیا۔

سانحہء کربلا سے متعلق لکھا ہوا، سب سے پہلا باقاعدہ مرثیہ فارسی شاعر شیخ آذری اسفرائینی کا کہا ہوا ہے۔جس

کو ایران میں غیر معمولی شہرت حاصل ہوئی اور ہندوستان میں بھی اکساں مقبول ومعروف ہوا۔معروف ادبی مورخ پروفیسر مسعود حسین رضوی صاحب، نے اپنی تصنیف،''تاریخ مرثیہ،ابتدائی دور،ایران میں عزاداری اور فارسی مرثیہ''میں ملاحسین واعظ کاشفی کے''روضۃ الشہداء'' کے حوالے سے سانحہء کربلا پر لکھے فارسی مرثیہ کی تاریخ کو سلجوقی عہد سے شروع کرتے ہیں اور تیموری عہد کے مایہ ناز شاعر آذری اسفرائین کو محتشم کاشفی کے پیشرو کی حیثیت سے پیش کرتے ہیں اور اس کے کلام تفصیلی جائزہ لیا ہے۔

آذری نے امام حسین کے مرثیے میں ایک ترکیب بند کہا ہے جس میں نو بند ہیں جو ان اشعار سے شروع ہوتا ہے۔

ای دل حیاتِ ما بہ محرم حرام شد
آری حساب عمر در این مہ تمام شد
باز از فراقِ آلِ نبی، آبِ چشم ما
چون خاکِ کربلا بہ بلا تیر خام شد

ایران میں مرثیہ گوئی اور عزاداری کا عام رواج صفویوں کے عہد میں ہوا۔صفوی خاندان کے بانی شاہ اسمٰعیل صفوی کے عہد میں ابتداء میں ملاحسین واعظ کاشفی نے مجالس عزاء میں پڑھنے کے لیے روضۃ الشہدا لکھی، جو بے حد مقبول ہوئی۔اس کے پڑھنے کے لیے مخصوص پراثر طرز ایجاد کئے گئے۔بعض لوگوں نے اس کا پڑھنا اپنا پیشہ اختیار کرلیا۔یہ لوگ روضہ خوان کہلاتے تھے۔

شاہ اسمٰعیل صفوی کے بعد شاہ طہماسپ صفوی کے عہد کا مشہور مرثیہ گو شاعر محتشم کاشفی ہے، جس نے ایک ترکیب بند سانحہء کربلا کے مرثیہ میں کہا جس میں آٹھ آٹھ شعروں کے بارہ غزلیہ بند ہیں۔اسی سبب سے عام طور پر یہ مرثیہ ''دوازدہ بند'' کے نام سے مشہور ہے اور اسی مرثیہ کی تخلیق نے محتشم کاشانی کو لازوال شہرت عطاء کی اور آج بھی محتشم کاشانی کی مرثیہ نگاری ایک شعری روایت کی حیثیت رکھتی ہے۔محتشم کاشانی کے بعد مقبل نے اس اصطلاحی مفہوم میں مرثیے لکھے اور ایران میں مرثیہ گو شاعر کی حیثیت سے مشہور ہوا۔

ہندوستان میں دکن کی ریاستوں میں اعزاداری کی روایت کو شاہی سرپرستی حاصل رہی اور مرثیہ ابتداء ہی سے اپنے خاص اصطلاحی مفہوم یعنی سانحہء کربلا کے بیان میں رائج رہا اور ہیئت کے اعتبار سے محتشم کاشانی کے بند بنیادی نمونے کی حیثیت رکھتے تھے اور پھر عموماً غزلیہ بندوں،قصیدوں میں واقعات شہادتِ امام حسین، واقعاتِ کربلا اور اہل بیت کے رنج والم بیان کیے جاتے رہے۔

دکن میں مرثیہ نگاری کا بنیادی محرک بہمنی سلاطین کی آخری زمانے میں حکمرانوں کا شیعیت کی طرف رجحان تھا، اس دور میں ایران سے کئی علماء دکن آئے، فارسی، سرکاری زبان ہونے کی وجہ سے اہل زبان علماء وفضلاء کی یہاں بڑی قدرو منزلت کی جاتی تھی۔

عزاداری کے اکثر مراسم جو دکن کی عادل شاہی، قطب شاہی اور نظام شاہی سلطنتوں میں رواج پائے، ان کا تعلق ایران علماء ان درباروں میں موجودگی اور اثر ورسوخ سے ہے۔ معاصر ایرانی سلطنت میں صفوی بادشاہوں کے تحت، محرم کے مراسم، وعزاداری کو فروغ حاصل رہا اور ماتم، بکا، نوحہ خوانی اور سینہ کوبی کا رواج ایران میں عام ہو چکا تھا۔ صفوی عہد کے جو علماء دکن آئے تھے ان کے ساتھ ایران کے یہ مراسم بھی یہاں پہنچے اور دکنی تہذیب کا حصہ بن گئے۔ قطب شاہی خاندان کے حکمران ابتداء ہی سے شیعہ عقائد کے پیرو رہے۔ یہ خاندان گولکنڈہ کی سلطنت پر تقریباً دوسو سال تک خودمختارانہ حکومت کرتا رہا اور سلطنت میں شیعہ عقائد اور مراسم عزاداری کی روایت نے نشو ونما پائی۔ ماہ محرم کے آغاز سے ہی شاہی نقارخانوں اور جاگیرداروں کے محلوں میں نوبت نوازی بند کر دی جاتی تھی۔ شہر میں نشہ کی چیزوں کا استعمال اور خرید و فروخت موقوف ہو جاتی، شاہی باورچی خانہ میں گوشت کے پکوان بند ہو جاتے، عوام میں بھی سوگ منایا جاتا، حقہ، پان اور گوشت کا استعمال ترک کر دیا جاتا۔ عام طور پر لوگ سیاہ پوش ہو جاتے تھے۔ شاہی ملازمین مقربین، جاگیرداروں اور امراء کو بادشاہ کی طرف سے ماتمی خلعت عطا کی جاتی تھی۔ شاہی عاشورخانوں کو اہتمام سے سجایا جاتا تھا۔ سونے اور چاندی کے علم ایستادہ کئے جاتے تھے۔ ان عاشورخانوں میں مجالس عزاء منعقد ہوتیں، جن میں بادشاہِ وقت محمد قلی اور عبداللہ قطب شاہ خود شریک ہوتے تھے۔ تمام مسلمان اور ہندو ماتم میں شریک ہوتے تھے۔ دسویں تاریخ کو خود سلطان عبداللہ، سیاہ لباس میں برہنہ پا، علموں کے ساتھ ہوتا تھا۔ مرثیہ خوان آگے آگے مرثیہ پڑھتے جاتے تھے، واقعاتِ شہادت اور احوالِ گرفتاری حرم محترم بھی سنائے جاتے۔

اسی طرح بیجاپور میں عادلشاہی سلطنت نے مجالس عزاء داری کے رواج کو بہت فروغ دیا۔ دکن میں ابتداء میں فارسی شعراء کے کلام خصوصاً محتشم کاشی کے بند، ان مجالس میں پڑھے جاتے تھے۔ پھر شعراء اس کی اتباع میں مرثیہ کے بند کہنے لگے لیکن دکنی اردو کے فروغ کیک ساتھ اردو میں کثرت سے مرثیے کہے جانے لگے۔ علی عادل شاہ نے بیجاپور میں شاہی عاشورخانہ تعمیر کروایا جس کا نام حسینی محل تھا۔ جہاں محرم میں مجالس عزاء منعقد ہوتی تھیں۔ خود بادشاہ مجالس عزاء کے لیے مرثیے کہا کرتا تھا۔ علی عادل شاہ کے کلیاتِ شاہی میں مرثیے درج ہیں۔ ان کے ساتھ راگ راگنیوں کے نام بھی تحریر کئے گئے ہیں۔ فن موسیقی میں مہارت کے سبب اس نے ان مرثیوں کو مخصوص راگ، راگنیوں میں خاص لحن سے پڑھنے کے لیے اشارے دیئے ہیں۔ اسی بادشاہ کے عہد میں ملاحسین واعظ کاشفی کے ''روضۃ الشہداء'' کو فارسی سے دکنی اردو میں ترجمہ

کروایا گیا تھا۔

قطب شاہی سلاطین میں سلطان محمد قلی قطب شاہ اور محمد قطب شاہ نے محتشم کاشانی کی تقلید میں فارسی مرثیہ کے بند کہے ہیں۔ سلطان محمد قلی کی کلیات میں چھ بند اور ایک نوحہ، مرثیہ کے مضمون میں درج ہیں۔ 'مرثیہ ءشہدائے کربلا' کے عنوان سے مرثیہ شروع کرتا ہے جس کا پہلا بند

روح الامین زخاکِ نشینان کربلاست
شورِ آبِ دیدہ موج بہ گردون رساندہء است
کشتیء نوح غرقہء طوفانِ کربلاست

سے شروع ہوتا ہے۔

محمد قطب شاہ جو ظل اللہ تخلص کرتا تھا، اس نے مرثیہ ءشہدائے کربلا کے عنوان سے ایک مرثیہ کہا ہے جس کے آٹھ بند ہیں جو محتشم کاشانی کی اتباع میں ہیں۔ پہلا بند ان اشعار سے شروع ہوتا ہے:

آمد محرم و غم دل برملاست باز
درد دھر شور و زلزلہء کربلاست باز

دکن کی مستحکم ریاستوں میں پرامن سیاسی اور سماجی ماحول کے سبب ادبی، ثقافتی اور تہذیبی سرگرمیوں کو ہمیشہ فروغ حاصل رہا۔

دکنی زبان جو اردو کی ابتدائی شکل رہی ہے، بہت کم عرصے میں سرزمین دکن میں بڑی مقبول ہوگئی اور ادبی زبان کی حیثیت حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ درباروں میں اس کی رسائی کو فروغ دیا جانے لگا۔ دربار میں جب اس کی پہنچ ہوئی تو فارسی زبان میں ہونے والی شاعری کے تمام اصناف کو دکنی میں نظم کیا جانے لگا۔ اسی طرح فارسی شعری قالب، مرثیہ کو بھی دکنی زبان سے منسوب کرنے کی کوشش پہلی مرتبہ، دکنی کے اولین صاحب دیوان شاعر، محمد قلی قطب شاہ نے کی اور محمد قلی قطب شاہ، معیارفن کے اعتبار سے اپنے ہم عصروں میں بہت بلند مرثیہ رکھتا تھا جس کا ثبوت اس کی کلیات ہے۔ اس نے نہ صرف دکنی شاعری کو موضوعات اور اصناف کے لحاظ سے وسعت بخشی بلکہ دکنی یا ہندوستانی شعر وادب کے معیارات اور کلام کے محاسن اور وسعت کلام سے ایسی اٹھان پیدا کی کہ دکن کے دوسرے شعراء نے بھی، مرثیہ کو اپنے فن کا موضوع بنایا اور فنی معیارات کو ملحوظ رکھتے ہوئے بلند پایہ مرثیے کہے ہیں۔ جن میں ملا وجہی، غواصی قابل ذکر ہیں۔ اس طرح ان بلند درجہ شعراء جیسے فنکاروں کے ہاتھوں ابتداء ہی سے مرثیہ میں فن کی چاشنی اور شعری معیار ملحوظ رکھے گئے اور ساتھ ہی مرثیہ کے اصلی مقصد بھی آنکھ سے اوجھل نہیں ہو پایا۔

سترھویں صدی عیسوی کے مرثیہ کہنے والوں کی تعداد دکن میں بڑھتی گئی اور اس عہد کے بلند پایہ شعراء، میں محمد قطب شاہ ظل اللہ، عبداللہ قطب شاہی، علی عادل شاہ شاہیؔ، نصرتی، مرزا بیجاپوری، خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ ابتدائی دور کے دکنی اردو کے مرثیوں میں شعراء کار جحان بیشتر مذہبی عقیدت اور واردات کی جانب نظر آتا ہے لیکن اگلے ادوار میں اردو مرثیے نے اپنی الگ روایات قائم کیں اور شعراء مستقلاً مرثیہ گوئی اپنا شعار بنانے لگے۔ مرزا بیجاپوری اور نوریؔ نے سوائے مرثیہ کے کسی اور موضوع میں شعر نہیں کہے اور اس دور میں مرثیے کا روپ، ہیئت اور فن کے اعتبار سے نکھرنے لگا تھا۔ مرثیے اب صرف قصیدہ یا غزلیہ ترکیب بندوں میں نہیں کہے جاتے بلکہ مثلث، مربع، مخمس اور مسدس کی شکل میں بھی کہے جانے لگے اور مسدس کی شکل میں کہے ہوئے مرثیے زیادہ روان اور مقبول ثابت ہوئے اور اگلے ادوار میں مسدس، اردو مرثیہ کی مستقل ہیئت قرار پائی اور اس طرح تین تین چار چار شعر، بندوں کے طویل مرثیے، جس میں سانحہء کربلا کے مختلف واقعات تسلسل اور زمانی ترتیب کے ساتھ نظم کئے جانے لگے۔ موضوع کے اعتبار سے یہ تسلسل صنف مرثیہ کے تکنیکی اجزاء ترکیبی قرار پائے۔

فن مرثیہ گوئی کا اصل تقاضہ یہ ہے کہ مرثیے میں جذبات نگاری اور واقعات کی تصویر کشی پر خاص زور دیا جائے۔ واقعات میں سب سے زیادہ اہم ازم آرائی کو حاصل ہے اور مرثیہ نگاروں نے اسی پر خصوصی توجہ صرف کی ہے۔ لیکن سانحہء کربلا کے سلسلہ میں پیش آنے والے واقعات کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ اور یہ واقعات اجیک خاص ترتیب سے پیش آتے ہیں۔ اسی لیے مرثیہ میں واقعات کی ترتیب کا خیال رکھا گیا۔ جو مرثیہ کے اجزائے ترکیبی ہیں۔ یعنی چہرہ، سراپا، رخصت، آمد، رجز، ازم، شہادت، بین۔

چہرہ: اسے مرثیہ بھی تمہید کہنا چاہئے۔ اکثر مرثیوں کا آغاز حمد، نعت، منقبت، مناجات وغیرہ سے ہوتا ہے۔ بعض مرثیوں کی شروعات کسی منظر کے بیان سے بھی ہوئی ہے۔ جو مرثیہ کا مطلع ہوتا ہے۔ مثلاً

جب قطع کی مسافت شب آفتاب نے
جلوہ کیا سحر کے رخ بے حجاب نے

سراپا: مرثیہ میں جس بہادر یا جن بہادروں کے کارنامے بیان کیے جانے والے ہیں ان کے قد وقامت، اطوار، خصائل وکردار کی تصویر کشی کی جاتی ہے۔

رخصت: مجاہد امام حسینؑ سے اجازت لے کر اور عزیز واقارب سے آخری ملاقات کر کے جنگ کے لیے رخصت ہوتا ہے۔

آمد: کسی مجاہد کا میدانِ جنگ میں ورود، اس موقع پر شاعر یہ دکھاتا ہے کہ کسی دلیر کے میدانِ جنگ میں پہنچنے سے

کس طرح دشمن کی فوج میں خوف وہراس پھیل جاتا ہے۔

رجز: مجاہد، میدان جنگ میں پہنچ کر دشمن کو للکارتا ہے، فخر یہ طور پر اپنے بزرگوں کے مجاہدانہ کارناموں کا ذکر کرتا ہے۔

ازم: جس میں جنگ کی تصویر کشی کی جاتی ہے۔ مرثیہ نگاروں نے بڑی مہارت کے ساتھ جنگ کے جیتے جاگتے مرقعے پیش کیے ہیں۔ جنگ کے ضمن میں تلوار، گھوڑے کی تعریف، شکست کا بیان، فتح کا بیان، جنگ کے تمام پہلوؤں کے بیان میں زورِ قلم کو آزمانے کو مرثیہ نگار کے لیے وسعتِ کینویس فراہم کرتا ہے۔

شہادت: مجاہد کا بہادری کے ساتھ جنگ کرتے کرتے دشمنوں کے نرغے میں گھر جانا، مجروح ہونا، آخرکار جام شہادت نوش کرنا۔ یہ وہ مناظر ہیں، جن کے بیان میں مرثیہ نگار اپنی ہنرمندی کے ذریعہ مرقع کشی اور جذبات نگاری کی بہترین مثالیں پیش کرتا ہے۔

بین: بالعموم یہ مرثیہ کا آخری حصہ ہوتا ہے۔ شہادت کے بعد شہید کے اہل وعیال، عزیز واقارب بین و بکا کرتے ہیں۔ مرثیہ کا یہ حصہ بہت پر اثر ہوتا ہے اور سننے والوں کے لیے بھی گریہ وزاری کا سماں بندھ جاتا ہے۔

ابتدائی دور کے مرثیوں میں مرثیہ نگار حصول ثواب کی خاطر مرثیہ لکھتے تھے اور سامعین بھی ارادت مندی و عقیدت کے ساتھ عاقبت سدھارنے کا شغل جانتے تھے۔ پھر رفتہ رفتہ، شعری فنکاری علم بیان وبدیع کے برمحل استعمال نے مرثیہ کو ایک اعلی معیار صنف سخن کی حیثیت عطا کر دی اور تشبیہ، استعارہ، ضائع، بدائع کے استعمال نے مرثیہ کی واقعہ نگاری میں تصویر کشی، جزئیات نگاری اور منظر کشی کے اعلی نمونے پیش کئے ہیں اور لڑائیوں کے ہوبہو نقشے، مبارزوں کی پر جوش رجز خوانیاں، جنگی مقابلوں کی جیتی جاگتی تصویریں، مرثیہ کو صنف ایپک کا درجہ عطا کرتی ہیں۔ بقول۔۔۔۔۔ حسین رضوی صنف مرثیہ کے فروغ کے اس پس منظر میں یہ نتیجہ اخذ کیا جاسکتا ہے کہ مرثیہ بہرحال بہت اہمیت کا حامل ہے۔ اخلاق کے موضوع کے اعتبار سے مرثیہ اپنے آپ میں ایک عالی مرتبت ومقدس صنف سخن ہے۔ کیوں کہ یہ موضوع کے اعتبار سے ایک اخلاقی منظومہ ہے۔ شجاعت، عالی ہمتی، عفت، انصاف وغیرہ کی توصیف جو سانحہء کربلا کے بیان میں پیش کیے جاتے ہیں۔ انسان میں شریف النفسی اور اعلی جذبات پیدا کرنے کے لیے بہت مفید ہیں۔

مرثیے میں منظر کشی، واقعہ نگاری، تلوار، گھوڑا، رخصت، لڑائی اور بین کے علاوہ صبر، تحمل، ضبط، جرأت، ہمت، دلیری، سرفروشی، حق وصداقت کی راہ میں سب کچھ نثار کر دینے کا ولولہ، مقصد کی صداقت کا اٹل یقین، باطل کے سامنے سر نہ جھکانا، مصیبتوں دقتوں اور پریشانیوں میں گھر کر بھی مقصد سے نہ پلٹنا، بلند ہمتی کے اعلی معیارات کا اظہار، غرض اس صنف سخن میں اخلاق وتربیت نفس کے لیے وہ سب کچھ ہے جو انسان کو انسان بننے میں مدد دے سکتا ہے۔

اسریٰ عتیق الرحمان
ریسرچ اسکالر، شعبہ فارسی
علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

تحفۂ اکبر شاہی کے خطی نسخوں کا مختصر تعارف

مغلیہ سلطنت ہندوستان کی وہ مسلم حکومت ہے جنھوں نے ہندوستان پر کافی عرصہ تک حکومت کی اس دوران انھوں نے ملک وقوم کو بہت ترقی دی ان حکمرانوں میں سب سے اہم اور مشہور اکبر بادشاہ تھا جو آج بھی اکبر اعظم کے نام سے جانا جاتا ہے اکبر نے بہت کم عمری میں حکومت کی باگ ڈور سنبھالی اور ملک کو ترقی دینے میں کوئی کسر نہ چھوڑی حالانکہ وہ بہت زیادہ پڑھا لکھا نہیں تھا لیکن وہ بہت علم دوست اور ادب پرور تھا یہی وجہ ہے کہ ملکی امور کے علاوہ اس کے دور میں فارسی زبان وادب کی بہت خدمت کی گئی اس نے اس کام کے لئے باقاعدہ محکمہ تیار کیا جس میں شعر وشاعری، تاریخ وترجمہ کا کام ہوتا تھا اکبر نے اس کام کے لئے دنیا بھر کے باصلاحیت لوگوں کو اپنے دربار میں مدعو کیا انھیں باصلاحیت لوگوں میں ایک عباس خان شروانی بھی تھا جس نے اکبر کے حکم سے مغل حکمرانوں کے مخالف شیر شاہ سوری کی تاریخ مرتب کی۔

تحفۂ اکبر شاہی اکبر کے عہد کی اہم ترین تصنیف ہے اس کے مصنف عباس خان شروانی ہیں عباس خان شروانی اکبر کے دور کے ایک مورخ گزرے ہیں جو کہ اس کے دربار میں تاریخی کام پر معمور تھے انھوں نے کبر کے کہنے پر شیر شاہ سوری کی تاریخ مرتب کرنے کا کام شروع کیا اور انھوں نے شیر شاہ کی مفصل وجامع تاریخ تحفۂ اکبر شاہی کے نام سے فارسی میں ترتیب دی اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ عباس خان شروانی شیر شاہ کا عزیز تھا اور شیر شاہ کے بارے میں مفصل طور پر واقفیت رکھتا تھا جس کی وجہ سے اکبر نے اس کو یہ اہم کام سپرد کیا۔

تحفۂ اکبر شاہی کا دوسرا نام تاریخ شیر شاہی ہے یہ شیر شاہ کی پہلی تاریخی کتاب ہے جو کہ شیر شاہ کی وفات کے پینتیس یا چالیس سال بعد لکھی گئی یعنی ۱۵۸۲ عیسوی میں لکھی گئی عباس خان شروانی خود بھی شیر شاہ سوری سے منسلک تھا اور اس کے دربار میں کسی عہدہ پر فائز تھا چنانچہ اکثر واقعات کا وہ خود چشم دید ہے جس کا ذکر خود اس نے اس تاریخ میں جا بجا کیا ہے اس وقت تک بعض وہ لوگ جو بقید حیات تھے جنھوں نے شیر شاہ کی فتوحات یا نظام سلطنت میں حصہ لیا تھا اور جو اس عہد کے واقعات کے عینی شاہد تھے ایسے لوگ کافی تعداد میں موجود تھے عباس خان نے ان کے بیانات اور شہادت کو بھی اپنی تاریخ میں شامل کیا اس نسخہ کے مطالعہ سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ عباس خان نے خود ان واقعات میں حصہ لیا ہے جو وہ

بیان کرتے ہیں اس وجہ سے کہ ان کے بیانات قابل اعتماد ہیں اور انھوں نے نسخے میں مبالغہ آمیز بیانات سے گریز کیا ہے۔

تاریخ شیر شاہی کے بعد پٹھانوں کی کئی اور تاریخ لکھی گئی ان میں رزق اللہ کی واقعات مشتاقی، احمد یادگار کی تاریخ سلاطین افغان، نعمت اللہ کی مخزن افغانی، عبداللہ کی تاریخ داودی قابل ذکر ہے ان مصنفوں نے تاریخ شیر شاہی سے فائدہ اٹھایا اور بعد کے مورخوں نے بھی بڑی حد تک عباس سروانی کی کتاب کو شیر شاہ کی تاریخ کے لئے بہترین معلومات کا ذریعہ قرار دیا۔ اس کتاب کو مصنف نے تین ابواب میں تقسیم کیا ہے

۱۔ شیر خان سور کی سلطنت کے سلسلہ میں ہے

۲۔ اسلام خان بن شیر خان سور کی حکومت کے سلسلے میں

۳۔ ان ملکوں کے احوال کے سلسلے میں جو خود شیر خان اوران کے علاقان کے بارے میں ہے

عباس خان سروانی کے سلسلے میں مزید معلومات فراہم نہیں ہوسکی ہیں البتہ اس کتاب میں مختصراً ان کا ذکر ملتا ہے یہ ہندوستان میں مغل دور کے تاریخ داں تھے یہ افغان خاندان سے تعلق رکھتے تھے اکبر کے عہد میں عباس خان کی حیثیت بہت زیادہ بلند نہیں تھی ان کو پانچ سو سوار کا منصب مل گیا تھا بعد میں وہ اس سے محروم کردئے گئے جس کے بعد انھوں نے ارادہ کیا کہ اپنے آباء واجداد کے ملک واپس چلے جائیں مگر خانخانان نے اس کی مدد کی اور ۲۰۰ روپیہ ماہانہ کا انتظام ہو گیا چنانچہ عباس خان یہیں ٹھہر گیا۔

تحفۂ اکبر شاہی کے قلمی نسخوں کی تفصیل اس طرح ہے

(۱) نسخہ اول مولانا آزاد لائبریری (حبیب گنج کلکشن)

تحفۂ اکبر شاہی کا یہ مکمل نسخہ (حبیب گنج کلکشن) کیٹلاگ نمبر ۱۵۳۔۳۲ میں دستیاب ہے اس کے اول صفحہ پر کتب خانہ حبیب گنج کی مہر لگی ہوئی ہے یہ نسخہ ۶۶ فولیوز پر مشتمل ہے اس کا سائز ۱۳×۱۹، ۲۶×۳۲ سینٹی میٹر ہے اس نسخے میں صفحات ۱۳۰ ہیں اس نسخہ کی شروعات بسم اللہ الرحمان الرحیم سے ہوتی ہے اور نسخہ کی شروعات مندرجہ ذیل عبارت سے ہوتی ہے۔

"جنس حمد وثناء خالق بر یہ را سزد کہ بر سری ریاض مملکت در سیج سپنج امراء سلاطین عدالت شعار منوط گردانید۔ وزنگ غبار فتنہ و فساداز صحن سرای دنیا ودین بصمصام سیاست بادشاهان ذوی اقتدار متین بزدود۔ و درود نا محدود برهادیان راه هدایت کہ سر کشتگان تیہ ضلالت را بشاهراه هدایت

بیارند،،

اس نسخہ کے دوسرے صفحہ پر حبیب شروانی کے خود اپنے ہاتھوں سے دستخط ہوئے ہیں اور انھوں نے اس کتاب میں تحریر کیا ہے

”ختم مطالعه این کتاب بتاریخ ۱۳ محرم الحرام۱۳۵۶ ہجری م-اپریل ۱۹۳۷ عیسوی در کتابخانه حبیب گنج کثرت اغلاط کتابة چه زحمتها که نداد- به چندین جا مطلب به فهم آست نشد-مجبورا گزاشتم و گزشتم با اینهمه از بیان مولف فائده گرفتم وعبرتها ا ندوختم ، غفر له جلادت و هیبت شیرشاه عالمی را میتوان سبق داد-طاب ثراه-

ذکرخیر شروانیان و تفصیل حسن تدبیر و قوت ملك دادی ایشان موجب فخر و مباهات من شروانی با باید شدغفر اللہ هم مولف کتاب بیانے صاف و راست دارد باوجود عهد مغول در ذکر واقعات اهمال نورزید ،مورخانه نوشته هر چند نه توانست شیر خان را شیر شاه نوشت -بار اینست که گنبد فلك از شور شیر شاهی پر صدر است -ع

ثبت سب بر جریں عالم دواد

محمد حبیب خان شروانے حیدرآباد جنگ

من ذکر این کتاب اولا حیدرآباد حنیف انتهام جامعه عثمانیه شنیده بودم زبانی سید هاشمی صاحب فریدآباد یکی از اعضای دارالترجمه جامعه موصوفه بعد مدتی از کتابخانه ریاست رامپور بتوجه واجد علی خان صاحب تحویلدار کتابخانه این نقل حاصل شد ،جزالله غنی خیبر گزار‘

اس مخطوطے میں ترقیمہ شامل ہے اس کے اوراق زرد رنگ کے ہیں بہت ہی عمدہ اور صاف عبارت میں تحریر ہے خط نستعلیق میں ہے جو کہ قابل استفادہ ہے

حبیب گنج کے نسخہ کے مطالعہ سے اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ اس کے مرتب کردہ حبیب الرحمان شروانی نے پورے نسخہ کا مطالعہ کیا ہے اور انھوں نے جہاں جہاں کاتب کی غلطیاں دیکھی ہیں اس کی نشان دہی کی ہے مثلا چوراسی صفحہ پر ،نہاہست ،لکھا ہوا ہے تو اس کو انھوں نے حاشیے پر نہایت ست ،لکھا ہے اور ،نما ند ،کو حاشیہ پر

،بماند،لکھا ہےاس کے علاوہ کا تب نے اس نسخے میں جہاں جہاں غلطی کی ہےتو مصنف نے پہلے صفحے پراس کی تصحیح کر کے فہرست بنا دیا ہے جس کو آج کل اغلاط نامہ کہتے ہیں۔

اس نسخہ کے کاتب محمد فیاض الدین رامپوری ہیں اس کے اول صفحہ پر حبیب گنج کی مہر لگی ہوئی ہے یہ کتاب تحفہ اکبر شاہی شیر خان کی سلطنت کے سلسلے میں اور اس کے بیٹے اسلام خان کے سلسلے میں ہے اور خود مصنف نے اپنے بارے میں بھی جگہ جگہ تحریر کیا ہے اور افغانان قوم سے متعلق جو لوگ تھے ان کے احوال کے بارے میں ذکر کیا ہے یہ کتاب جلال الدین محمد اکبر کے حکم سے تالیف ہوئی ہے اور حبیب الرحمان کے حکم پر جناب واجد علی خان صاحب لائبریرین کی موجودگی میں محمد فیاض الدین نے رام پور میں موجودہ مخطوطے سے نقل کیا ہے۔

اس نسخے کا اختتام مندرجہ ذیل عبارت سے ہوتا ہے

''ودر زمان سلطان سلطنت خود شیر خان از قوم افغانان در روہ دھند نزاع وخصومت و جنگ و جدال کہ در طباع افغانان مرکوز است بالکل رفع ودفع نمود شیر خان در سیاست و کاردانی وحید الزمان بود و دران مدت ضبط ملک و امن راہ و معموری مملکت و آسودگی رعیت و سپاہ نمودہ نوشتہ شد تحفہ اکبر شاہی احوال افغانان نام شد''

اس نسخہ کے اختتام پر ذیل میں عباس خان شروانی نے اپنی تحریر میں ''نوشتن باب سہ قصددر دیباچہ مولف نوشتہ پس تا اینجا باب اول کتاب ختم شدہ باشد'' شروانی لکھا ہے

کتاب کے آخری صفحے پر،بتاریخ بست و یکم ماہ جمادی نخستین ۱۱۲۲ ھجری علی ید العبد الضعیف و الحقیر المذنب النحیف عباس خان غفر اللہ ذنوبہ(ثانیا)

تمام شد بتاریخ دوم شعبان المعظم ۱۳۵۴ ھجری مطابق ۳۱ اکتوبر ۱۹۳۵ عیسوی بروز پنجشنبہ،

۲۔نسخہ دوم مولانا آزاد لائبریری (یونیورسٹی کلکشن)

تحفہ اکبر شاہی کا یہ نسخہ فارسیہ اخبار قلمی (یونیورسٹی نمبر۱۳۳) کے تحت موجود ہے اس میں ۱۴۲ فولیوز ہیں اس نسخہ کے کاتب الحرف سید احسن ساکن بجروہہ ہیں انھوں نے ۱۹۱۹ میں نقل کیا ہے اس کے اول اور آخر صفحے پر انگریزی میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی مہر لگی ہوئی ہے اس نسخے میں حبیب گنج کو سامنے رکھ کر کاتب نے تصحیح کی ہے جو لفظ یونیورسٹی نسخہ میں نہیں ہے اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ حبیب گنج کا نسخہ زیادہ معتبر ہے اس نسخے کی ابتدا اول صفحے پر بسم اللہ الرحمان الرحیم

سے ہوتی ہے اس کے بعد ذیل میں طبقہ سوم - از - مصنفہ - تحفۂ اکبر شاہی - عباس خان شروانی رقم کیا ہے اس نسخے کی شروعات درج ذیل عبارت سے ہوتی ہے۔

"جنس حمد واثنه خالق بریه را سزد که سر سبزی ریاض ممالك در میغ تیغ آبدار سلاطین عدالت شعار منوط گردانیده-و زنگ غبار فتنه و فساد از صحن سرائے دنیا و دین بصمصام سیاست بادشاہان با اقتدار، متین بزدود، و درود نا محدود برهادیان راه هدایت کهسر کشتگان تیه ضلالت را بشا هراه هدایت رسانید"

اس نسخے میں کسی کسی صفحے پر سطور کی تعداد ۱۵ ہے اور کسی پر ۱۴ ہے اس میں ۱۴۲ فولیوز ہیں اس کے اوراق مٹیالے رنگ کے ہیں اور صفحات ۲۸۰ ہیں اس نسخے کا سائز ۳-۵×۵-۱۰،،۸×۱۳ ایہ خط نستعلیق میں لکھا گیا ہے اس نسخے کے اختتام پر عباس خان شروانی نے از دست خود رقم کیا ہے

"تمردی بغی بر نه افراشت و هیچ خار دل آزار در گلشن ملك او نرست و هیچ کس او امرا و سپاهی و دزد و رهزن را زهره آن نبود که در کالاء دیگری بچشم خیانت تواند دیدو اشارت نمود و هر گز در مملکت او دزدی و رهزنی بوجود نیامده مسافر و رهگزری در عهد دولت شیر خان از محنت و پاسبانی -----------------صفحه ختم بالخیر ۱۰۳۰ هجری علی ید العبد الضعیف و الحقیر المذنب النحیف ملاصالح بدخشی غفر الله و ذنوبه-

۳-نسخہ سوم ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (ٹونک)۔

تحفۂ اکبر شاہی کا یہ مکمل نسخہ ۱۹۸ اصفحات پر مشتمل ہے اس میں ۹۹ فولیوز ہیں نسخے کی شروعات بسم اللہ الرحمان الرحیم سے ہوتی ہے

نسخے کے تمام اوراق کرم خوردہ ہیں شروع کے دو صفحات اور آخر کے دو صفحات تمام صفحات کے بالمقابل زیادہ کرم خوردہ ہیں اس کے اوراق پیلے رنگ کے ہیں صاف اور عمدہ عبارت میں لکھا ہوا ہے تمام صفحات پندرہ لائن پر مشتمل ہیں پہلے اور دوسرے صفحے پر ٹونک کی مہر لگی ہوئی ہے اس کی شروعات مندرجہ ذیل عبارت سے ہوتی ہے

"جنس حمد و اثنیه خالق بر یه را سزد که سر سبزی ریاض ممالك در منیع تیغ آبدارسلاطین عدالت شعار منوط گردانیده و زنگ غبار

فتنہ و فساداز صحن سرای دنیا و دین بصمصام سیاست بادشاھان با اقتدار متین بزدود۔۔۔۔"

اس نسخے میں ترقیمہ شامل ہے اور خط نستعلیق میں ہے یہ مکمل نسخہ کیٹلاگ نمبر۲۵۸۰ میں دستیاب ہے اس نسخے کا سائز۱۹×۲۹سینٹی میٹر ہے اس نسخے کا اختتام مندرجہ ذیل عبارت سے ہوتا ہے

"شیر شاہ اعظم ھمایوںداعیہ بادشاھی اظہار نمودازان روزکہ شیر شاہ بر مسند حکومت و ایالت قرار گرفت ھیچ آفریدہ مجال دم زدن نداشت واحدی لوای تمردی نمی افراخت تمت تمام شد بتاریخ ۱۳ محرم ۱۳۰۴ ھجری مقدسہ،،

۴۔نسخہ چہارم رضالائبریری(رامپور)

تحفہ اکبرشاہی کا یہ مکمل نسخہ۹۴صفحات پر مشتمل ہے اس میں ۴۷فولیوز ہیں اس نسخہ کے کاتب محمد عبداللہ ہیں اس نسخہ میں ترقیمہ شامل ہے سنہ کتابت۱۱۲۲ ہجری ہے اس کے آخری صفحہ پر کچھ الفاظ کرم خوردہ ہیں اور اس کے تمام اوراق پر رامپور رضالائبریری کی مہر لگی ہوئی ہے سنہ تصنیف بعد۹۸۷ ہجری اور ۱۵۸۰عیسوی کے قریب ہے اس نسخہ کے اول ورق پر،تحفہ اکبر شاہی خط شکست بطریق قطعات حاشیہ نشستہ جدول طلائی در احوال شیر خان سلطنت و پسرش اسلام خان و ذکر خویشان و متعلقانش قوم بحکم جلال افغان اکبر تالیف شدہ،

اس نسخہ میں دوطرح کے اوراق ہیں بعض اوراق پیلے رنگ کے ہیں اور بعض سرمئی رنگ کے ہیں اور یہ نسخہ خط شکستہ میں ہے اس نسخے کی شروعات بسم اللہ الرحمان الرحیم سے ہوتی ہے اور اس کی ابتداء مندرجہ ذیل ان عبارت سے ہوتی ہے، جنس حمد و اثنہ خالق بریہ را سزد کہ بر سری ریاض مملکت درسیج سپنج امرای سلاطین عدالت شعار منوط گردانید۔

اور عبارت کا اختتام مندرجہ ذیل عبارت سے ہوتا ہے،وسپاہ نمودہ نوشتہ شد تحفہ اکبر شاھی احوال افغانان شد بتاریخ بست و یکم ماہ جمادی نخستین ۱۱۲۲ ھجری علی ید العبد الضعیف و الحقیر المذنب النحیف غفر اللہ ذنوبہ۔

مندرجہ بالا جن نسخوں کا راقمہ نے تعارف کرایا ہے ممکن ہے کہ ان کے علاوہ بھی ہندوستان کے دیگر کتب خانوں اور دنیا کے کسی بھی میوزیم میں تحفہ اکبر شاہی کے نسخے موجود ہوں چونکہ یہ میری دسترس سے باہر ہیں لہذا میں امید کرتی

ہوں کہ دیگر اسکالرس کی کاوشوں سے یہ منظر عام پر آجائیں گے۔

فہرست و مراجع:

۱۔تاریخ ہند، تالیف مفتی محمد صاحب پالنپوری، ناشر الامین کتابستان دیوبند، مطبوعہ ایچ، ایس، آفسیٹ پرنٹرز، دریا گنج نئی دہلی

۲۔شیر شاہ سوری، ودیا بھاسکر، مترجم ممتاز مرزا، ناشر ڈائریکٹر نیشنل بک ٹرسٹ انڈیا، گرین پارک نئی دہلی

۳۔شیر شاہ اوراس کا عہد، کالکارنجن قانون گو، مترجم رام آشرے شرما، ترقی اردو بیورو نئی دہلی سنہ اشاعت ۱۹۸۱

۴۔مخطوطہ تحفہ اکبر شاہی، حبیب گنج کلکشن، کیٹلاگ نمبر ۱۵۳، ص ۱۳۲، مولانا آزاد لائبریری، علی گڑھ

۵۔مخطوطہ تحفہ اکبر شاہی، یونیورسٹی کلکشن، کیٹلاگ نمبر ۱۳۳، ص ۲۸۴، مولانا آزاد لائبریری علی گڑھ

۶۔مخطوطہ تحفہ اکبر شاہی، عربی فارسی ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، کیٹلاگ نمبر ۲۵۸۰ راجستھان ٹونک

۷۔مخطوطہ تحفہ اکبر شاہی، تاریخ فارسی کلکشن، کیٹلاگ نمبر ۱۱، ص ۹۴، رضا لائبریری، رامپور

☆☆☆

پروفیسر وجیہ الدین (ریٹائرڈ)
ایم۔ایس یونیورسٹی آف بڑودہ، گجرات

پروفیسر محبوب حسین احمد حسین عباسی: ایک تعارف

خدا را کُنم به سر نامه یاد
که بر ما دَرہای معنی کُشاد

دینِ محمدیؐ میں تعلیم و تعلّم (سیکھنے سکھانے) کے عمل کو بڑی اہمیت دی گئی ہے۔قرآنِ کریم میں سورۃ الخلق (نمبر ۹۶) کی ابتدا لفظ ''اقراء'' سے ہوتی ہے جس کے معنی ہیں ''پڑھو''۔صحیح روایت کے مطابق حضور اکرمؐ کے پاس حضرت جبرئیل اسی سورت کو لے کر سب سے پہلے تشریف لائے اور اللہ تعالیٰ کا سب سے پہلا حکم ''اقراء'' آپؐ کو سکھایا تھا۔اس واقعے سے یہ مطلب نکالا گیا ہے کہ تعلیم و تعلّم (سیکھنا سکھانا) بنی نوعِ انسان کے لیے سب سے پہلی اور اہم ضرورت ہے۔ حدیث پاک میں یہ بھی آیا ہے کہ ''علم حاصل کرنے کے لیے چین جیسے دور دراز علاقہ میں بھی جاؤ''۔ہم تاریخ میں پڑھتے ہیں کہ علم کے حصول کے لیے مسلمانوں نے دور دراز ملکوں کے سفر بھی کیے ہیں۔اس حقیقت سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ علم حاصل کرنا، تعلیم لینا، یہ ہم انسانوں کے لیے سب سے عظیم اور ضروری عمل ہے۔ہم دیکھ رہے ہیں کہ آج کل مذہبی و عصری تعلیم کو معاشرے میں بڑی اہمیت دی جاتی ہے اور اسے فرض کا درجہ دیا گیا ہے۔تعلیم حاصل کرنے کے کام میں اس حقیقت کو یاد رکھنا اور سمجھنا ضروری ہے کہ یہ محنت، روپیہ پیسہ کمانے، بلند عہدے اور بلند مقام و شہرت حاصل کرنے کے لیے نہیں بلکہ تعلیم کے ذریعے انسان ہونے کی صورت میں ہماری صحیح حقیقت کیا ہے؟ اور دنیا میں آنے کا ہمارا مقصد کیا ہے؟ اس کو اچھی طرح سمجھنا ہے۔دینِ اسلام کی رو سے تو تعلیم کے ذریعے مرنے کے بعد آنے والی آخرت کی زندگی کو بنانا، مقصود ہے۔دیگر مفکّرین نے بھی یہ سمجھایا ہے کہ تعلیم کے ذریعے ہی انسان کی دنیاوی زندگی خوشگوار اور باعزّت بنتی ہے۔

ہمارے ملک بھارت میں اسلام کی اشاعت سے پیشتر علم کو چند مخصوص گروہ، جماعتوں کے لیے ہی محدود کیا گیا تھا۔ بھارت میں مسلمانوں نے قدم رکھنے کے بعد جو بستیاں آباد کی تھیں ان میں مسجد اور مدرسہ کو سب سے زیادہ ضروری قرار دے کر حصولِ علم کو سب کے لیے لازمی بنایا تھا۔اس کے نتیجے میں بھارت کے مسلمانوں نے سب سے زیادہ ترقی، تعلیم اور تجارت کے شعبوں میں کی تھی۔ یہ کام مسلمانوں کی ہمہ جہتی کامیابیوں کا ذریعہ بنا تھا۔ایسا ہی منظر ہم اسلام کے مرکز سے دور دراز علاقوں میں دیکھتے ہیں۔مثلاً چین، مشرقِ وسطیٰ، افریقہ، یورپ وغیرہ۔ایک امریکی تاریخ داں نے

تحقیق کے ذریعے، جنوبی امریکہ میں پہنچنے والے تعلیم یافتہ اور مہذّب گروہوں میں مسلمانوں کو پہلا مقام دیا ہے اور جنوبی امریکہ میں قدیم کتاب خانوں اور میوزیم میں قرآن کریم اور دیگر عربی تصانیف کے بہت ہی قدیم نسخے اپنی نظروں سے دیکھے تھے اس کا ذکر کیا تھا۔ حوالہ کے لئے دیکھئے:

Muslims in American History-By:Jerald.F.Dirks-First Edition:2006, Amana Publication, U.S.A-Pulblisher Addrees:10710, Tucker Street, Bestreilla, MaryLand, 20705-2223,U.S.A

سترھویں صدی عیسوی کے آخر تک حکومتوں کی جانب سے ہر جگہ تعلیمی ادارے، مدارس اور درس گاہیں، عوام کی تعلیم و تعلّم سے متعلق بلند خدمات انجام دیتی رہی تھیں۔ البتہ اٹھارویں اور انیسویں صدی میں حکومت کی سرپرستی ختم ہو جانے کے بعد کسی حد تک ان خدمات پر زوال آ گیا تھا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے انیسویں صدی کے آخری سالوں میں دوبارہ ہمارے ملک کے چند علاقوں میں تعلیمی ادارے، مدارس اور ان کی خدمات کو نئی زندگی ملی تھی پھر بھی شمالی گجرات اور کاٹھیاواڑ (سوراشٹر) کے عوام تعلیم سے محروم رہتے تھے۔ گو، سمجھ دار لوگوں میں تعلیم کی اہمیت اور ضرورت بیدار رہنے کے نتیجے میں بڑے شہروں مثلاً: بڑودہ، احمد آباد، ضلع مہسانا اور جونا گڑھ میں چھوٹے پیمانے پر چند مدرسے کام کرتے تھے جن میں بیدار مغز تاجروں کی مالی امداد کے ذریعے بچوں کو قرآن پڑھنا سکھایا جاتا تھا اور جہاں یہ بھی نہ ہو سکے تو فکر مند لوگ اپنے گھروں پر قریبی محلے کے بچوں کو ناظرہ قرآن پڑھا دیا کرتے تھے۔ احمد آباد میں جہاں ہماری رہائش تھی وہاں بھی یہی حال تھا چناں چہ بندۂ ناچیز نے بچپن میں اپنے خاندان جسے ''آخوند'' کہا جاتا تھا اس میں گھر کی بڑی بوڑھی خواتین کے پاس بیٹھ کر تعلیم حاصل کرنی شروع کی تھی۔

بھارت میں انگریزی حکومت کے قیام کے بعد احمد آباد کے مسلمانوں اور خاص طور پر تمام قوموں کے پس ماندہ لوگوں کے لیے سرکاری اسکولوں میں دنیوی تعلیم کا آغاز ہوا جہاں ابتدائی تعلیم، ساتویں جماعت تک مُفت دی جاتی تھی۔ احمد آباد میں بیسویں صدی کی ابتدائی دہائیوں میں اردو اسکول بھی قائم ہوئے تھے۔ چنان چہ بندے کو رہائش کے قریبی محلے میں پرائمری اردو اسکول میں اردو زبان لکھنے پڑھنے، اردو زبان کے ذریعے علم حساب، تاریخ و جغرافیہ کی ابتدائی معلومات حاصل کرنے کا موقع ملا۔ سرکاری یا میونسپل اسکول میں 1942 سے 1946ء تک ایک سے جماعتِ چہارم تک (پرائمری) ابتدائی تعلیم حاصل کرنے کے بعد 1946ء ۔ 1947ء میں ثانوی تعلیم کے لیے احمد آباد کے واحد اردو اسکول ''انجمن اسلام انگلش اسکول کالوپور (شاخ)'' میں داخلہ لیا۔ اگست 1947ء میں مُلک آزاد ہوا۔ وہاں تک اس اسکول میں ذریعۂ تعلیم، انگریزی ہوا کرتا تھا۔ لیکن 1947ء سے بمبئی اسٹیٹ گورنمنٹ نے پرائیویٹ اسکولوں میں مخلوط

ذریعۂ تعلیم کی اجازت دی تھی۔ چنان چہ اب علمِ حساب انگریزی میں اور دیگر مضامین اردو اور گجراتی میں پڑھائے جاتے تھے۔ ہم لوگ خوش نصیب تھے کہ ہمیں پانچویں جماعت سے لے کر گیارھویں جماعت (میٹرک) تک اسکول کے سب سے تعلیم یافتہ گریجویٹ پرنسپل صاحب، انگریزی کلاس میں، انگریزی ذریعۂ تعلیم کی مدد سے انگریزی زبان اور ادب کی بہترین تعلیم دیا کرتے تھے۔ شروع سے ہی نصاب کی کتاب کے علاوہ بازار سے خرید کر انگریزی کتابیں پڑھتے رہنے کی تاکید بھی کی جاتی تھی۔ پانچویں جماعت میں ہمیں انگریزی زبان کی بنیادی تعلیم دینے والے ہمارے ہیڈ ماسٹر عرب تھے اور انگریزی کلاس میں شروع ہی سے فقط انگریزی زبان میں سوال جواب ہوا کرتے تھے۔ اس طرح انگریزی کا خوف دور ہو گیا تھا۔ اتنا ہی نہیں ساتویں آٹھویں جماعت تک مجھے انگریزی اخبار پڑھنے کی عادت ہو گئی تھی۔ میں نے پرنسپل صاحب کے ایماء پر ایک دل چسپ انگریزی کتاب پہلی بار خریدی تھی اس کا نام تھا King Solomons's Mines اس کتاب کے مصنف کا نام اب یاد نہیں۔ ہمارے رہائشی مکان کے قریب ہی ایک پبلک لائبریری تھی جس کے لائبریرین ناچیز کے برادر گرامی تھے۔ آپ اپنی تعلیم کے دوران، اردو زبان کے مشہور نقّاد اور مصنف محترم پروفیسر وارث حسین علوی کے ہم جماعت رہ چکے تھے۔ آپ اردو اور انگریزی زبان وادب میں بہت اچھا شوق رکھتے تھے۔ بندۂ ناچیز نے اسکول کی تعلیم کی تکمیل تک اسی کتب خانہ کو اپنا تکیہ بنالیا تھا جہاں اردو کی ادبی کتابیں اور رسالے تو باقاعدہ آتے ہی تھے۔ اس کے ساتھ اردو اور انگریزی روزنامچے (اخبار) بھی روزانہ پابندی سے آتے تھے۔ انجمن اسکول اور اردو لائبریری جانے کی وجہ سے مجھ میں اردو اور انگریزی زبان کی کتابیں پڑھنے کا زبردست ذوق پیدا ہو گیا تھا۔ ایسا یقین بن گیا تھا اور اب بھی وہ یقین زندہ ہے کہ ادبی کتابیں اور ان کا مطالعہ، آدمی کو آدمی بناتا ہے۔ بعد میں دسویں اور گیارھویں جماعتوں کی تعلیم کے لیے ''انجمن اسلام ہائی اسکول'' آسٹوڈ سیا روڈ جانا ہوتا تھا۔ وہ اسکول ہمارے رہائشی مکان سے دور تھا اور وہاں جانے کے لیے نہ تو میونسپل کارپوریشن کی بس ملتی تھی اور نہ رکشہ وجود میں آئی تھی۔ نتیجتاً پیدل آنا جانا ایک طرح کی قربانی تھی جس نے میرے دل میں تعلیم کی قدر و قیمت بڑھادی تھی۔ ''انجمن اسلام ہائی اسکول'' میں ہیڈ ماسٹر جناب شاہ صاحب جو ہمیں انگریزی پڑھاتے تھے اور جناب خالدی صاحب جو اردو اور فارسی پڑھاتے تھے ان کے درجے کے معلّم تو ہم نے قدیم تاریخوں میں دیکھے تھے۔ اب اُن کے جیسے مخلص، ماہر اور طالب علموں کے خیر خواہ ڈھونڈنے سے بھی شاید نہ ملیں۔ انگریزی کے معلّم جناب شاہ صاحب کبھی ناغہ نہ کرتے تھے۔ نصاب کے اسباق وقت اور محنت لگا کر مکمل کرتے۔ پڑھانے کے ساتھ طلبا کے لباس اور نقل وحرکت اور شائستگی پر بھی نظر رکھتے تھے۔ ایک بار کلاس شروع ہونے سے پہلے حمد پڑھی گئی اور آپ اسکول کے گیٹ کے قریب آنے والے طلبا کو غور سے دیکھ رہے تھے تب حمد ختم ہونے کے بعد ایک طالب علم آنکھیں ملتا ہوا گیٹ میں داخل ہوا تو پرنسپل صاحب نے اُس سے سوال کیا: ''کیوں دیر سے آئے''؟ لڑکے نے لاپروائی سے جواب

دیا: ''میں سو گیا تھا''۔ اب آپ نے سوال کیا: ''فجر کی نماز پڑھی تھی؟ قرآن شریف کی تلاوت کی تھی؟''۔ یہ واقعہ 1953ء کا ہے اور میں اُس وقت گیارھوے درجے (یعنی میٹرک کلاس) میں تھا۔ نیز پرنسپل صاحب کے قریب ہی قطار میں تھا۔

ایک غیر مسلم نے مسلمان ماں باپ کے بچے کی اتنی فکر کے ساتھ پرسش کی۔ یہ دیکھ کر سب حیران رہ گئے تھے۔ لڑکے نے جواب دیا: ''نہیں''۔ کیا جواب دیتا! خاموش رہا۔ اُس پر ایک ذمہ دار پرنسپل نے ڈانٹ کر کہا: ''یہاں سے چلے جاؤ۔ جو طالب علم نماز نہ پڑھے، قرآن کی تلاوت نہ کرے، وہ میرے اسکول میں نہیں آ سکتا''۔ ایک وقت تھا جب اسکول کے اساتذہ غیر جانب داری کے ساتھ پیش آتے تھے۔ اُسی اسکول میں جب میں نویں جماعت میں تھا تب الجبرا کے ایک اُستاد بھی غیر مسلم تھے۔ ان کا نام رجنی کانت گینگے تھا۔ میں اُن سے صرف ایک سال پڑھا تھا۔ اسکول میں میرا معمول یہ تھا کہ ہمیشہ ٹوپی سر پر پہن کر جاتا تھا۔ جناب گینگے صاحب شاید اُس ٹوپی کی وجہ سے مجھے پہچانتے تھے۔ میں جب میٹرک یعنی گیارھویں جماعت کا بورڈ کا امتحان پاس کرنے کے بعد ''گجرات کالج'' میں داخل ہوا تو اپنے رہائشی مکان کے قریب سے میونسپل کارپوریشن کی بس میں کالج آمد و رفت کرتا تھا کیوں کہ کالج بہت دور تھا اور مجھے سائیکل چلانا نہیں آتی تھی۔ ایک دن میں بس کے انتظار میں کھلے سر کھڑا ہوا تھا کہ گینگے سر، اپنی بائیسکل پر سوار ہو کر وہاں سے گزر رہے تھے ان کی نظر مجھ پر پڑی تو، آپ نے قریب آ کر مجھے ان ہمیشہ یاد رہنے والے الفاظ سے ڈانٹ کر کہا: ''عباسی! تو بہت خراب ہو گیا ہے! تیری ٹوپی کہاں گئی؟'' اب ہم جیسے اساتذہ میں ایسی فکریں اور خیر خواہی کے جذبے کہاں رہے ہیں!

اسکول سے فارغ ہونے کے بعد 1954ء میں، میں نے احمد آباد کے تاریخی اہمیت رکھنے والے واحد کالج یعنی ''گجرات کالج'' کے فرسٹ ایئر آرٹس میں داخلہ لیا تو، یہاں بھی اردو، فارسی اور اسلامیات کے ساتھ ساتھ گُجراتی، ہندی اور انگریزی زبانوں کے صفِ اول کے پروفیسر حضرات کی زیرنگرانی، علوم عالیہ کی تعلیم حاصل کرنے کا قیمتی موقع حاصل ہوا۔ اُس وقت علاقہ گجرات بمبئی اسٹیٹ کا ایک حصہ تھا چناں چہ دیگر مضامین کی طرح، اردو اور فارسی کے بھی اعلیٰ صلاحیت رکھنے والے نیز گجرات، مہاراشٹر، ناگپور، پونہ وغیرہ سے آئے ہوئے صفِ اول کے اساتذہ سے حصولِ علم کا سنہرا موقع ملا۔ کالج میں ان دنوں چار سال کا کورس ہوا کرتا تھا اور بی۔ اے 1958ء کے بعد ایم۔ اے دو سال کا (1960ء)، ان چھ (٦) سالوں میں ڈاکٹر محمد عبدالحمید فاروقی (مالیگاؤں، بمبئی)، حضرت شیخ صاحب (شولاپور، مہاراشٹر)، پروفیسر منشارامانی (کراچی)، پروفیسر بال کرشن شرما (دھارواڑ، کرناٹک)، اردو کے مشہور و معروف نقاد پروفیسر وارث حسین علوی (احمد آباد)، ڈاکٹر چھوٹو بھائی نائک (متعدد کتابوں کے مصنف و مولف مثلاً گجراتی زبان پر فارسی کے اثرات، زبان گجراتی، تین جلدیں، احمد آباد سے شائع ہوئی) وغیرہ حضرات کی زیرنگرانی کالج کی تعلیم مکمل کی اتنا ہی نہیں بلکہ فارسی اور اردو ادب کے ساتھ زندگی بھر کا تعلق قائم ہو گیا۔ مذکورہ بالا تمام اساتذہ کلاس میں دل کھول کر پڑھاتے تھے۔

ہاں نوٹس نہیں لکھواتے تھے بلکہ ہر طالب علم کو مختلف موضوع دے کر مضمون لکھواتے تھے۔ یہی تعلیم اور پسندیدہ مضامین کا مطالعہ کرنے کا شوق وذوق پیدا کرنے کا بہترین طریقہ تھا۔

''گجرات کالج'' میں کتب خانہ، احمد آباد شہر کا صفِ اول کا کتب خانہ تھا جس میں اردو، فارسی اور عربی زبان و ادب سے متعلق کتابوں کا بڑا ذخیرہ موجود تھا۔ اس کے علاوہ اردو کے صفِ اول کے ادبی رسالے بھی مستقل طور پر مہیّا کیے جاتے تھے۔ اس لائبریری میں ایک وسیع ریڈنگ روم ہے جہاں بڑی تعداد میں طلبا، کتابیں یا رسالے پڑھنے کے لیے جمع ہوتے رہتے تھے۔ میری طالب علمی کے دور میں بمبئی کے ایک لائبریرین کام کرتے تھے وہ طالب علموں کو ہر ایک کے پسند کیے ہوئے مضمون (Subject) سے متعلق انگریزی کتابیں تلاش کر کے دیا کرتے تھے۔ میرا پسندیدہ مضمون فارسی زبان و ادب تھا چناں چہ آپ فارسی ادب سے متعلق فارسی، انگریزی اور اردو زبان میں موجود کتابیں اور رسالے تلاش کر کے ہمیں دیا کرتے تھے۔ سچ پوچھو تو آپ اساتذہ کی طرح ہماری رہ نمائی کرتے تھے۔ یہ لائبریرین گول ویل کر صاحب، سادہ لباس، جبّہ، دھوتی پہنتے تھے اور طلبا و نیز اساتذہ بھی آپ کا احترام کرتے تھے۔ اس کالج میں انگریزی، گجراتی، ہندی، مراٹھی، فرانسیسی، سنسکرت، اردو، فارسی، تاریخ، جغرافیہ، فلسفہ، معاشیات، علم الحساب، شماریات (statistic) جیسے موضوعات اسپیشل سبجکٹ (مضامین) کی تعلیم کا انتظام تھا۔ چناں چہ مذکورہ تمام مضامین کے لیے بلند درجہ اساتذہ بھی تھے جن سے تبادلۂ خیال کا نیز فرصت کے وقت میں ان کی کلاس میں بیٹھنے کا موقع بھی ملتا تھا۔ اس کا نتیجہ یہ برآمد ہوا تھا کہ گجراتی زبان سے نابلد تھا، لیکن کالج میں گجراتی زبان کی کلاس میں اکثر حاضری دیتا اور آخری بینچ پر بیٹھتا تھا جس کے نتیجے میں گجراتی زبان بولنا سیکھ لی تھی۔ ساتھ ہی ساتھ گجراتی کے صفِ اول کے پروفیسر ٹھاکر صاحب سے شناسائی ایسی ہوئی کہ کالج کی ملازمت سے 1995ء میں سبک دوش ہونے کے بعد آپ نے مجھے احمد آباد میں نو قائم شدہ ''گجرات وِشوکوش'' نامی ایسے ادبی ادارے میں کام کرنے کی دعوت دی جہاں گجراتی زبان میں انسائیکلو پیڈیا تیار کرنے کا عظیم منصوبہ بنایا گیا تھا۔ آنجہانی ٹھاکر صاحب بڑی محبت سے اردو، فارسی اور عربی زبانوں کے ادبی اور تاریخی موضوعات پر گجراتی زبان میں مضامین لکھنے کا کام سپرد کرتے تھے۔ اس عظیم کام کی تاسیس سے لے کر تکمیل تک کے 25 سالہ دور میں اس بندے نے تقریباً 50 موضوعات پر گجراتی زبان میں جو مضامین تحریر کیے تھے وہ تمام کے تمام شائع ہوئے اور اب اُس انسائیکلو پیڈیا کی اشاعتِ ثانی میں بھی اضافے یا تصحیح کے کام میں اس ناچیز کو حصہ لینے کا موقع دیا ہے۔

گجرات کے اردو اور فارسی زبان کے ادب اور خاص طور پر تاریخی عمارتوں نیز عربی۔ فارسی کتبات پر تحقیقی کام کرنے والے اور اس شعبہ میں عالمی شہرت رکھنے والے ڈاکٹر ضیاء الدین دیسائی صاحب مرحوم نے بندے کی بے حد حوصلہ افزائی اور

رہنمائی کی ہے جسے میں کبھی فراموش نہیں کرسکتا۔مرحوم نے بھارت کے مشہور ادارے''آرکیولوجیکل سروے آف انڈیا'' کے ڈائریکٹر کے عہدے سے سبک دوش ہونے کے بعد احمدآباد میں رہائش کے زمانے میں تحقیق وتصنیف کے جتنے کام کیے اُن میں سے اکثر کاموں میں شامل رکھ کر مجھ ہیچ مداں پر ناقابل فراموش احسان کیے ہیں۔آپ ہی نے مجھے حضرت پیر محمد شاہ لائبریری ،احمد آباد کے قلمی کتابوں کے قیمتی خزانے سے روشناس کروایا تھااور وہاں کے علمی خزانے کے کیٹلاگ کی تیاری میں اور خاص طور پر قلمی کتابوں کی تحقیق وتصنیف نیز اُن کی شناخت کی محنت کے کام میں مجھے لگایا تھا۔ اس سے پیشتر آپ ایک دن احمد آباد شہر میں واقع ہمارے آبائی غریب خانے پر تشریف لائے تو ہمارے آباء واجداد کے وقت کی دینی قلمی کتابوں کے ذخیرے کو دیکھ کر بے حد خوش ہوئے تھے اور آپ کے ایما پر ہی وہ قلمی کتابوں کا ذخیرہ ہم نے حضرت پیر محمد شاہ لائبریری کے سپرد کر دیا تھا۔ اِن مخطوطات سے متعلق تشریحی عبارتیں ڈاکٹر ضیاء الدین صاحب دیسائی مرحوم اور ڈاکٹر سید عبدالرحیم صاحب مرحوم (ناگپور) کی لکھی ہوئی''حضرت پیر محمد شاہ لائبریری کی وضاحتی فہرست۔جلد ۴''،سن اشاعت: 1994ء میں نمبر Z40 سے Z118 میں شامل ہیں۔

اسکول اور کالج کے مخلص اساتذہ کی توجہ اور فیض رسانی کی اعلیٰ صفات ہی نے اس بندے کو اسکول کے دور ہی سے لکھنے پڑھنے کا ذوق وشوق عطا فرمایا تھا۔پہلی ملازمت ویس نگر گورنمنٹ کالج میں بطور مدرس فرائض انجام دیے بعد ازاں گجرات کالج احمد آباد میں تدریسی خدمات انجام دیں اور اسی کالج سے سبکدوش ہوا۔آج جب کہ ناچیز کے بیسوں مضامین،مقالے اور دیگر زبانوں کے ترجمے شائع ہو چکے ہیں وہ ہمارے صفِ اول کے اساتذہ ہی کی محنت کا ثمرہ ہے۔اللہ تعالیٰ ہمارے مرحوم اساتذہ کی مغفرت فرمائے اور نئی نسل کے ہمارے ہم عصر طلباء اور اساتذہ کو بھی اردو، فارسی اور عربی زبان کے ادب وتصانیف کا دل سے مطالعہ کرنے کا جذبہ اور شوق وذوق عطا فرمائے۔عصر حاضر میں لکھنے پڑھنے کے مواقع ماضی کے مقابلے میں بہت زیادہ ہیں اور ساتھ ہی انٹرنیٹ نے بہت زیادہ آسانیاں فراہم کردی ہیں۔مزید برآں حکومت کی جانب سے وسائل بھی میسر ہیں۔الحمدللہ۔

پروفیسر محمود عباسی صاحب نے اپنی زندگی کا بیشتر حصہ اپنی تحریروں کے ذریعہ گجرات کے علماء حدیث وتفسیر ،محدثین،مفسرین،شعرا اور مورخین کو متعارف کرانے میں صرف کیا ہے اور ان کے ادبی کاموں کو اجاگر کرنے کی حتی الامکان کوشش کی ہے مثلاً" گجرات کے علماء حدیث وتفسیر "کے ذریعہ گجرات کے عہدزرین کی جامع دینی ثقافتی تاریخ مرتب کی ہے۔اس کتاب میں آپ نے بڑی خوش اسلوبی اور انتھک کوشش وعرق ریزی سے موادفراہمی کا کارنامہ انجام دیا ہے۔اس کتاب کے مطالعہ سے اندازہ ہوتا ہے کہ قرون وسطیٰ میں علم تفسیر وعلم حدیث صوبہ گجرات میں اپنے عروج پر تھا۔اس کتاب میں جن علمائے کرام کا ذکر ہے انھوں نے قرآن وحدیث کے ہر ہر شعبۂ میں اپنے نقوش وآثار ثبت کیے

ہیں۔اسی طرح اصول تفسیر،تفسیر بالری،اسباب نزول،تناسق الآیات والسور،محکم ومتشابہ،علم القرات،مصطلح الحدیث،فقہ حدیث،تدوین حدیث،رجال حدیث،علل حدیث،تخریج حدیث وغیرہ شعبوں میں بھی گجرات کے علماء نے لازوال یادگاریں چھوڑی ہیں۔

موصوف بیک وقت کئی خوبیوں کے مالک ہیں اوراس وقت 85 سال سے زائد کی عمر کو پار کر چکے ہیں۔ماشاء اللہ صحت مند وتوانا وتندرست ہیں مزید یہ کہ تصیف وتالیف کے کاموں میں سرگرم عمل ہیں۔اللہ تعالیٰ ان کی عمر دراز کرے اور صحت کے ساتھ رکھے۔آمین

تالیفات اور تراجم

مضامین

ا۔''ایک صحافی کی حیثیت سے مولانا سید ابوظفر ندوی (متوفی:1958)''،زبان:اردو،گجرات اردو ساہتیہ اکادمی کی طرف سے منعقدہ تعزیتی جلسہ میں یہ مقالہ پیش کیا گیا تھا بعدہ یہ اشاعت پذیر ہوا۔

2۔''گجرات کالج،احمد آباد کی قدیم تاریخی عمارتیں اور ان کی فنِ تعمیر کی رو سے خصوصیات''،زبان: گجراتی،گجرات کالج کا سالانہ رسالہ''وِدھیاوِکاس''،سن اشاعت:1981ء دوسری اشاعت:2015ء(رسالہ کا صد سالہ شمارہ)صفحات: 21 سے 26

3۔''فتح گجرات اور فارسی شاعری بعہدِ اکبر شاہ''،زبان:اردو،ماہنامہ گلبن،احمد آباد،گجرات،مئی 1987ء

4-فتح گجرات اور فارسی شاعری،تحقیقی مقالہ ماہنامہ گلبن،مارچ 1987ء احمد آباد،گجرات۔

5۔''شہاب''،گجرات کا قدیم رسالہ،مانگرول،کاٹھیاواڑ''،زبان:اردو،مجلّہ''معارف''،دارالمصنفین شبلی اکیڈمی،اعظم گڑھ،جلد 158،اکتوبر 1994ء۔

6-"محمود دریائی کی سوانح"،ہماری زبان،انجمن ترقی اردو دہلی،(مقالہ دو قسطوں میں شائع ہوا تھا)1995ء۔

7۔''مثنوی معجزہ بی بی فاطمہ کا واحد قلمی نسخہ''،زبان:اردو،مجلّہ''سابر نامہ''،گجرات اردو ساہتیہ اکادمی،گاندھی نگر،سن اشاعت: 1999ء

8-احمد آباد میں مدفون فارسی شعرا:جنرل نمبر 2،حضرت پیر محمد شاہ لائبریری اینڈ ریسرچ سنٹر،احمد آباد،گجرات،سن اشاعت:2001۔

9۔''گجرات کے چند غیر معروف علمائے دین''،زبان:اردو،جرنل،حضرت پیر محمد شاہ لائبریری اینڈ ریسرچ سنٹر،احمد آباد،گجرات،شمارہ۳،سن اشاعت: 2003

10۔ ''گجرات میں لکھی گئی فارسی تصنیف ؛صُلحایِ سورت یا حقیتِ سورت کا تعارف''، زبان: اردو، مجلّہ ''سابر نامہ''، گجرات اردو ساہتیہ اکادمی، گاندھی نگر، سن اشاعت: 2005

11۔ ''گجرات کے بارھویں صدی ہجری کے کاتب اوران کی کتابت کردہ فارسی کتابیں''، زبان: اردو، جرنل، حضرت پیر محمد شاہ لائبریری اینڈ ریسرچ سنٹر، احمد آباد، گجرات، شمارہ 4، سنِ اشاعت: 2007

11۔ ''مولانا جلال الدین رومی اور مثنوی معنوی کے دو نادر نسخوں کا تعارف''، جو پیر محمد شاہ لائبریری میں محفوظ ہیں۔ زبان: اردو، مجلّہ ُسابر نامہ، گجرات اردو ساہتیہ اکادمی، گاندھی نگر، سن اشاعت: 2007۔2006 یہی مقالہ دوبارہ ''مولانا جلال الدین بلخی رومی اور مثنوی معنوی حضرت پیر محمد شاہ لائبریری، اینڈ ریسرچ سنٹر احمد آباد، گجرات، سے شائع ہوا شمارہ ۶، سن اشاعت: 2016

12۔ ''شیخ نور الدین احمد بن عبداللہ طاوسی الشیر ازی (دورۂ حیات: 15 ویں صدی عیسوی) کا رسالہ ''اخلاقِ سلطانی''، زبان: اردو، جرنل، حضرت پیر محمد شاہ لائبریری اینڈ ریسرچ سنٹر احمد آباد، گجرات، شمارہ ۴، سن اشاعت: 2007۔

13۔ ''احمد آباد کے دسویں صدی ہجری کے فارسی شاعر شیخ یحییٰ مفتی اور اُن کا فارسی کلام''، زبان: اردو، جرنل، حضرت پیر محمد شاہ لائبریری اینڈ ریسرچ سنٹر، احمد آباد، گجرات، شمارہ ۵، سن اشاعت: 2010۔

14 ۔ ''گجرات کے مطبوعہ منظوم فارسی کتبوں کا تعارف''، زبان: اردو، مجلّہ ''سابر نامہ''، خصوصی شمارہ (گجرات میں فارسی ادب)، گجرات اردو ساہتیہ اکادمی، گاندھی نگر، سن اشاعت: 2016-2017۔

15 ۔ شیخ یحییٰ مفتی (16 ویں صدی عیسوی) کے فارسی کتبے ایک تعارف''، زبان: اردو، مجلّہ ''سابر نامہ''، خصوصی شمارہ گجرات میں فارسی ادب ، گجرات اردو ساہتیہ اکادمی، گاندھی نگر، سن اشاعت: 2016-2017

16 ۔ علماء اور صوفیائے اکرام کی فارسی تصانیف کی فہرست''، زبان: اردو، مجلّہ ''سابر نامہ''، (خصوصی شمارہ گجرات میں فارسی ادب)، گجرات اردو ساہتیہ اکادمی، گاندھی نگر، سن اشاعت: 2017

17۔ گجرات کے غیر مسلموں میں فارسی کی مقبولیت اور نتائج،" سابر نامہ" خصوصی شمارہ گجرات میں فارسی ادب گجرات اردو ساہتیہ اکادمی، گاندھی نگر ،سنِ اشاعت 2016-

18۔ ''فارسی زبان وادب''، زبان: گجراتی، گجراتی لینگویج انسائیکلوپیڈیا، احمد آباد، گجرات، صفحات: 619 تا 629

19-حکیم امیر میاں فرخی ،احمد آباد (عالم حافظِ قرآن، حکیم اور تاریخ گو شاعر) کا تعارف اور نمونہ کلام (مطبوعہ)

کتابیں:

1۔''گجرات کے علماء حدیث وتفسیر''،زبان:اردو، ناشر:حضرت پیر محمد شاہ لائبریری، اینڈ ریسرچ سنٹر احمد آباد، گجرات، پہلی اشاعت:اردو اور گجراتی رسم الخط میں،سن اشاعت:1990

2-''آخونجی نور محمد"(متوفی 18 ذوالقعدہ1278ہجری، ملا قاسم مسجد، پانچ کنواں،احمد آباد کے خطیب) زبان:اردو، اشاعت:خطیب کتاب گھر اینڈ پرنٹرس،خاص بازار،احمد آباد، گجرات،دسمبر1993ء

3-دوسری اشاعت: بعنوانِ:''گجرات کے اولیاء کرام وعلماء کی خدماتِ حدیث وتفسیر''، ناشر: این۔بی۔ایس بک ڈپو، مرزاپورروڈ،احمد آباد، گجرات،سنِ اشاعت:2018،تعدادِ صفحات:159۔

تراجم:

1۔''چندر بھان برہمن'' کی60 منتخب فارسی غزلوں کا گجراتی زبان میں ترجمہ کیا) ناشر، گجرات یونیورسٹی 1967)

2-"خودکشی''(فارسی افسانہ،محمد حجازی)اردو ترجمہ،سابرنامہ،شمارہ نمبر2، گجرات اردو ساہتیہ اکیڈمی، گاندھی نگر1988

3۔حضرت قطب عالم کے خاندان کے حضرت سید محمود بخاری (وفات: 1611) کی فارسی تاریخ:''تاریخِ سلاطینِ گجرات کا گجراتی زبان میں ترجمہ کیا''، ناشر: این۔بی۔ایس بک ڈپو،مرزاپور، احمد آباد، گجرات (قصبہ دساڑا (ضلع سریندرنگر میں)660ہجری1367 میں وفات یافتہ مُلتان کی برگزیدہ شخصیت،حضرت زکریا کے خاندان کے کچھ لوگ 1426 کے قریب حج بیت اللہ کے لیے سفر کرتے ہوئے مُلتان سے گجرات میں سریندرنگر ضلع کے قصبہ دساڑا میں تشریف لائے تھے۔اُن کے چند افراد دساڑا میں مقیم ہو گئے تھے اور انھوں نے مہدوی مسلک اختیار کیا تھا موجودہ فارسی رسالہ انھیں کی تاریخ پر مبنی ہے۔موجودہ فارسی رسالہ کا ایک قلمی نسخہ حضرت شیخ احمد کھٹوؒ کے مقبرے سے منسلک کتاب خانہ میں محفوظ ہے۔اسی فارسی رسالے کا یہ ترجمہ جسے 2007 میں گجراتی زبان میں منتقل کیا گیا تھا)۔

4۔''حقیقت السورت (یا گلدستہ صلحایِ سورت'')،اصل متن کی زبان: فارسی،مولف: شیخ رضی الدین احمد بخش عُرف بخشو میاں(وفات: 1849 ،سورت، گجرات)۔مرتب: شیخ بہادر عُرف شیخو میاں (وفات:1911)،مترجم اردو: محبوب حسین عباسی، ناشر: گجرات اردو ساہتیہ اکادمی، گاندھی نگر، احمد آباد، گجرات،سن اشاعت:2005

5۔''عربی زبان وادب کی ترقی میں گجرات کے دانشوروں کا حصہ مع کوائفِ مرحوم ڈاکٹر باقر علی ترمذی''،مرحوم پروفیسر ڈاکٹر باقر علی ترمذی، بمبئی یونی ورسٹی کے انگریزی مقالے کا اردو ترجمہ،مترجم: محبوب حسین عباسی (ناشر حضرت پیر محمد شاہ لائبریری،احمد آباد،سال اشاعت 2013،بشمول اسماعیلی دانشور اوران کی عربی تصانیف)

6۔''حاجی دبیر کی نقل کردہ مفید باتیں''، (گجرات کے سولہویں صدی عیسوی کے عربی زبان کے مورّخ: حاجی دبیر کی عربی تاریخ''ظفر الوالہ بہ مظفر آلہ'' میں سے منتخب شدہ اقتباسات کا اردو زبان میں ترجمہ کیا، (گجرات ساہتیہ اردو اکادمی،

گاندھی نگر سے عنقریب اشاعت پذیر ہوگا۔

بزبان انگریزی:

Foreword in the Descriptive catalogue of Arabic, Persian & Urdu

manuscripts, Hazrat Peer Mohamad shah library & Research Centre, Ahmadabad. Vol: X (10), Year: 2009-2010, Pages: 249 to 239.

اس پیش لفظ میں حضرت پیر محمد شاہ کے مختصر سوانح اور آپ کی شاعری کے نمونوں کے علاوہ آپ کی معاصر اور آپ سے عقیدت رکھنے والی چند شاعرات کے اردو نیز فارسی کلام کو خاص طور پر جگہ دی گئی ہے۔آج سے 250 سال پیشتر احمد آباد میں فارسی اور اردو زبان کی شاعرات گزری ہیں اس حقیقت پر روشنی ڈالی گئی ہے۔(مولانا ابوظفر ندوی کی تصنیف " گجرات کی تمدنی تاریخ" کا گجراتی زبان میں ترجمہ،بقلم عباسی محبوب حسین ،ناشر:شاہد احمد کلیمی،کلیم بک ڈپو،احمد آباد ،تاریخ اشاعت:1دسمبر2009

انگریزی مقالے: Published Articles

1- "Persian Documents in Nagri script: New Dimension of Indology (special Edition), chief editor: Dr.R.N .Mehta,Published byBhartiya Vidya prakashan ,Varanasi ,India .,year 1997

2-The warrior Saints of Ahmadabad and Burhanpur " Published inPURA PRAKASH, Vol. II, in commemoration of Z. A .Desai , 2003, Bharatiya Kala Prakashan, New Delhi 1100 35, ISBN 81-80 90-007-x

3.Eminent Abbasi scholars and Nobles of Gujarat ,Journal No. 5 , Hazrat Peer Muhammed Shah Library & research centre ,Ahmadabad ,Gujrat ,2010.

Trareekh-i-Salatine -i-Gujarat (9th century A.H. / 16th century A.D.) has been translated by Abbasi Mehboob Hussain with new Introduction and Life Sketch of Hazrat Mahmood Bukhari (R) of

Vadwa, Ahmadabad, Published in Hazrat Peer Muhammed Shah Library &Research Centre Journal No.-5 pp. 99 to 140. Ahmadabad, Gujarat ,2010

"MURAQQA = an Anthological (31). Journey of Mughal Empire" Album of Mughal Emperors of India from Amir Timur to Bahadur Shah Zafar (1842). It contains the description of every Mughal Emperor in Persian with English Translation as well as their Portraits by their contemporary royal Artists, written by Abbasi Mehboob Hussain, Publisher: Shri Anil Relia Archer House, Gurukul Road, Ahmadabad-380052.

انعامات:

اگست 2004 میں پرزیڈنٹ ایوارڈ، گورنمنٹ آف انڈیا کی جانب سے نوازا گیا۔ اس کے بعد Gaurav Puraskar (Excellence Award), Gujarat Sahitya Academy, Gandhinagar, Year: 2016. سے بھی نوازا گیا۔

میں نے 1992 سے 2019 تک بحیثیت اعزازی معاون اور محقق، حضرت پیر محمد شاہ لائبریری، احمد آباد، گجرات، میں خدمات انجام دیں۔ جرنل، حضرت پیر محمد شاہ لائبریری، شمارہ ایک سے شمارہ سات تک بحیثیت رکن مجلس مشاورت میں شامل رہا۔ ناچیز حضرت پیر محمد شاہ لائبریری کے مخطوطات کی 8۔9۔10۔11 اور 12 جلدوں کا فہرست نگار رہا اور ان تمام فہرستوں میں دیباچہ بھی تحریر کیا۔ وقتاً فوقتاً ''آل انڈیا پرشین ٹیچرز ایسوسی ایشن'' کی سالانہ کانفرنس وسیمیناروں میں بھی شرکت کی جیسے (سری نگر، علیگڑھ، نیو دہلی، احمد آباد، بڑودہ، پونہ اور حیدرآباد دکن وغیرہ)۔

☆☆☆

پروفیسر رضوان اللہ آروی
پٹنہ، بہار

بہار کے فارسی اساتذہ سیریز-۶

پروفیسر سید شاہ طلحہ رضوی برقؔ

(جو تجھ کو دیکھ چکا ہو وہ اور کیا دیکھے)

تقریباً نصف صدی پہلے آرہ میں علم ودانش کے دو منطقے روشن ومنور تھے۔ایک علمی ادارہ تھا 'دانشکدہ جین' (جین کالج) اور دوسرا علمی گھرانہ تھا 'دانشکدہ'۔ اور دلچسپ بات یہ ہے کہ یہ دونوں دانشکدے پروفیسر طلحہ رضوی برق صاحب کے دم قدم سے آباد اور بہار بداماں تھے۔ملکی محلّہ آرہ میں واقع پروفیسر طلحہ صاحب کے مکان کا نام ہی تھا۔دانشکدہ۔ جو ایک طرف ادیبوں، شاعروں، دانشوروں اور مختلف زبانوں کے اساتذہ ادبیات کا مرجع تھا تو دوسری طرف مجھ جیسے فارسی زبان وادب کے طلبہ کے لئے تعلیم وتربیت اور تفہیم شعر وادب کا ایک مرکز بھی تھا۔اُدھر دوسرے دانشکدہ یعنی دانشکدہ جین (جین کالج) کا شعبہ اردو و فارسی بھی پروفیسر طلحہ صاحب کی وابستگی کی بدولت سارے شہر کے اور قرب وجوار کے فارسی ادب کے طلبہ کے لئے باعث کشش بنا ہوا تھا۔یہ دانشکدہ تو اب بھی آباد ہے لیکن پروفیسر طلحہ صاحب کا مکان 'دانشکدہ' اُسی وقت ویران ہو گیا تھا جب اس دانشکدہ کو اپنے وجود سے رونق بخشنے والے ادیب وشاعر اور استاد ودانشور ایک ایک کر کے اس دنیا سے رخصت ہوئے اور خود پروفیسر طلحہ صاحب اپنی تدریسی ملازمت سے سبکدوشی کے بعد آرہ کو خیر باد کہہ کر اپنے آبائی وطن دانا پور منتقل ہو گئے تھے۔اس کے بعد آرہ میں علم ودانش کا وہ چراغ بھی گل ہوا جو 'دانشکدہ' میں ان کے وجود با مسعود سے مستنیر وروشن رہا کرتا تھا ؎

خیال وخواب ہوا برگ وبار کا موسم بچھڑ گیا تری صورت بہار کا موسم

میرے اولین اساتذہ میں پروفیسر طلحہ رضوی برق صاحب واحد ایسے استاد ہیں جن کی تدریس کا دائرہ گھر سے پھیل کر کالج تک اور کالج سے پھیل کر سارے شہر تک وسیع ہو گیا تھا اور میری خوش نصیبی کہ فیض رسانی کی اس وسیع کائنات میں میری حقیر سی ذات بھی سمٹ آئی تھی۔اور مزید خوش نصیبی یہ کہ میرا غریب خانہ ان کے دانشکدہ سے قریب ہونے کے سبب دوسروں کی نسبت ان سے استفادہ کے زیادہ مواقع مجھے حاصل رہے۔دانشکدہ جین (جین کالج) میں میرا داخلہ تو بہت بعد میں اُس وقت ہوا جب میں وہاں داخلہ لینے کے شرائط کو پورا کرنے میں کامیاب ہوا۔لیکن پروفیسر طلحہ صاحب کے گھر 'دانشکدہ' میں داخلہ کے لئے کوئی شرط نہیں تھی۔علم وادب کا ذوق اور کتابوں سے دلچسپی رکھنے والوں کے لئے یہاں

داخلہ مفت تھا اور اس کے لئے کوئی وقت بھی مقرر نہیں تھا۔ صلائے عام تھا یاران نکتہ داں کے لئے۔ استادِ محترم پروفیسر طلحہ صاحب کے دانشکدہ میں میرے لئے کشش کے کئی اسباب تھے۔ ایک تو خود پروفیسر طلحہ صاحب کی پُر لطف، بامعنی اور ادب وشعر سے مملو ان کی دلچسپ گفتگو، پھر ان کے یہاں منعقد ہونے والی ادبی نشستیں اور شعری محفلیں جس میں شہر اور بیرون شہر کے ایسے ادباء اور شعرا بھی شریک ہو کر اپنا کلام پیش کرتے اور اپنی تخلیقات سے نوازتے تھے جن سے روشن تھی کارگاہ سخن اور نفَس گل تھی مشکبو جن سے۔ ان میں پروفیسر حفیظ بنارسی، پروفیسر انیس امام، پروفیسر علیم اللہ حالی، پروفیسر ابو مظفر، پروفیسر تاج پیامی، ش۔م۔ عارف ماہر آروی اور ڈاکٹر محمد منصور عالم وغیرہ جیسے علم وادب کے آفتاب و ماہتاب کو دیکھنے اور سننے کا شرف پہلی بار مجھے وہیں حاصل ہوا۔ پروفیسر طلحہ صاحب نے اپنے انہی احباب کے اشتراک اور تعاون سے 'حلقہ احباب' کے نام سے ایک ادبی تنظیم بھی قائم کی تھی جس کے زیر اہتمام ان ادبی مجالس کا نہ صرف انعقاد ہوتا تھا بلکہ کتابچہ رگلدستہ کی شکل میں ان کی روداد بھی شائع ہوتی تھی۔ اس کے علاوہ استادِ محترم کے یہاں آنے والے اردو، فارسی کے اُن بے شمار رسائل میں بھی میرے لئے بے پناہ کشش تھی، شہر میں جن کا دیدار صرف انہی کے یہاں ہوتا تھا۔ اردو، فارسی کے جدید ادبی منظر نامے سے سب سے پہلے میرا تعارف انہی رسائل کے توسط سے ہوا جو استادِ محترم کے مطالعہ کے بعد ہم لوگوں کے حصہ میں پڑھنے کے لئے آتے تھے۔ اور ان سب پر مستزاد تھی استادِ محترم کے والد گرامی حضرت علامہ قائم رضوی قتیل دانا پوری کی مغتنم اور بابرکت شخصیت۔ خاص قسم کے صوفیانہ لباس میں ملبوس اور اس کے ہمرنگ ٹوپی یا دستار پہنے ہوئے وہ اپنی مخصوص نشست پر تشریف فرما ہوتے اور اکثر تصوف کے کسی موضوع پر اپنے مخصوص لحن وانداز میں گفتگو کرتے تو ایک سماں بندھ جاتا تھا اور ساری فضائے حرف وصوت عطر مزاج ہو جاتی تھی۔ متصوفانہ گفتگو میں ادب وشعر کی ایسی چاشنی اور اتنی خوبصورت آمیزش ان کے بعد پھر میں نے کہیں دیکھی اور نہ سنی۔

ذرا سنو تو سہی کان دھر کے نالۂ دل　　یہ داستاں نہ ملے گی تمہیں کتابوں میں

یہ ان کا اخلاص تھا یا انداز گفتگو کا کمال کہ سننے والوں کے دلوں میں غیر محسوس طور پر تصوف سے دلچسپی اور صوفیہ کرام کے تئیں عقیدتمندانہ جذبات ابھر کر سامنے آجاتے تھے۔

وہ خوش کلام تھا ایسا کہ اس کے پاس ہمیں　　طویل رہنا بھی لگتا تھا مختصر رہنا

خوش قسمتی سے ڈاکٹر التفات امجدی نے علامہ قتیل دانا پوریؒ کی حیات وخدمات، ان کے علمی وادبی کارناموں نیز ان کی متصوفانہ نگارشات پر ایک جامع کتاب 'تذکار قتیل' کے نام سے ترتیب دے کر شائع کی ہے جس میں ان کی کثیر الجہت شخصیت کے تمام گوشوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔ نئی نسل کے وہ لوگ جو اس مغتنم شخصیت کی صحبت سے محروم رہے ہیں، انہیں اس کتاب کا مطالعہ کرنا چاہئے جو انہیں حضرت علامہؒ کی معنوی اور روحانی صحبت سے ہمکنار کرسکتی ہے۔

اس دانشکدہ کی دہلیز سے گزرنے کے بعد جب دانشکدہ جین میں بی ۔اے (فارسی آنرز) میں میرا داخلہ ہوا تو وہ شعبہ میرے لئے نیا ضرور تھا۔لیکن استاد محترم میرے لئے نئے نہیں تھے ۔اُس زمانے میں استاد محترم ہی شعبہ فارسی کی صدارت پر فائز تھے اور فارسی زبان وادب کی تدریس انہی کے ذمہ تھی ۔تو پہلا فرق تو یہ ہوا کہ اب ان کی تدریس کا دائرہ گھر سے پھیل کر کالج تک وسیع ہو گیا۔اور دوسرا فرق یہ ہوا کہ گھر پر تدریس کا کوئی وقت مقرر تھا اور نہ کوئی سبق۔لیکن یہاں کلاس کا وقت بھی مقرر تھا اور اسباق بھی متعین تھے۔اور تیسرا بڑا فرق یہ سامنے آیا کہ پہلی بار استاد محترم کے پیشہ ورانہ طریقہ تدریس کو دیکھنے اور سننے کو موقع یہیں ملا جس کا مشاہدہ ،ظاہر ہے گھر پر نہیں ہوسکتا تھا۔استاد محترم ادب وشعر کی روایتی تشریح وتفہیم سے زیادہ طلبہ میں ادب کا ذوق پیدا کرنا چاہتے تھے کہ ذوق پیدا ہونے کے بعد ادبی تخلیقات کی تفہیم کا راستہ آسان اور سہل ہو جاتا ہے۔چنانچہ وہ دوران تدریس طلبہ کو ادبی شہ پاروں میں مکمل طور پر involve کر لیتے تھے جس کے نتیجہ میں قرأت متن کے دوران طلبہ کو فرحت وانبساط کا احساس ہوتا تھا اور اسی لطف ولذت اور involvement کی بدولت تفہیم شعر وادب کے دروازے خود بخود کھلتے چلے جاتے تھے اور اس پر مستزاد استاد محترم کا رنگ تکلم جو حرف سادہ کو بھی اعجاز کا رنگ عطا کرتا تھا۔

پلکیں نہ جھپکتی تھیں کہ گفتار عجب تھی　　آنکھوں کے لئے ساعت دیدار عجب تھی

تو صاحبو! ادب کا ذوق اور تصوف سے دلچسپی انہی دونوں دانشکدوں کا فیض ہے جس کا منبع وسرچشمہ استاد محترم پروفیسر طلحہ رضوی برق صاحب کی ذات گرامی تھی۔

ترے سوا بھی کئی رنگ خوش نظر تھے مگر　　جو تجھ کو دیکھ چکا ہو وہ اور کیا دیکھے

یہ صحیح ہے کہ آرہ میں استاد محترم پروفیسر طلحہ صاحب کے 'دانشکدہ' کا دروازہ بند ہو گیا لیکن ان کی فیض رسانی کا سرچشمہ ابھی بند نہیں ہوا ہے۔وہ آج بھی جاری وساری ہے،ان کی کتابوں کی صورت میں،ان کے مقالات کی صورت میں اور ان کی بے شمار ادبی،شعری،تنقیدی تخلیقات اور متصوفانہ نگارشات کی صورت میں۔ان سب کا تعارف وتجزیہ استاد محترم کے مختصر سوانحی خاکہ کے بعد پیش خدمت ہے کہ ان کی کتابوں،مقالوں اور دیگر تخلیقات کی یہ جھلکیاں آئندہ نسل کو فیض کے اس منبع ومأخذ تک پہنچانے میں معاون ثابت ہونگی۔

استاد محترم پروفیسر طلحہ صاحب کا نسبی سلسلہ حضرت امام حسینؓ تک پہنچتا ہے۔اس امتیاز کے علاوہ ان کا دوسرا امتیاز یہ ہے کہ انہیں والد اور والدہ دونوں کی طرف سے تصوف کی پاکیزہ نسبت ورثہ میں ملی ہے۔ان کے والد گرامی حضرت علامہ قائم رضوی قتیل دانا پوریؒ خود ایک صاحب نسبت بزرگ،عظیم المرتبت صوفی اور کئی صوفیانہ کتابوں کے مصنف تھے ۔ان کے زیر سایہ آپ کی پرورش ہوئی۔دوسری طرف آپ کی والدہ حضرت بی بی محمودہ خاتونؒ بنت حضرت سید شاہ محمد محی

الدین قادری مجیبیؒ کا تعلق تصوف کے ایک عظیم خانوادے خانقاہ مجیبیہ پھلواری شریف سے تھا۔استاد محترم کی ذات گرامی ان دونوں نسبتوں کی جامعیت کا حسین امتزاج ہے۔آپ کی ولادت پھلواری شریف میں ۲۵ر جنوری ۱۹۴۱ء میں ہوئی۔عربی ،فارسی کی ابتدائی تعلیم آپ نے اپنے والدین ہی سے حاصل کی اوران دونوں کے مکتب کی یہ کرامت ہی تھی کہ بدوشعور سے ہی آپ کے اندرادبی وشعری ذوق پیدا ہو گیا۔۱۹۵۴ء میں آپ کی والدہ کا انتقال ہوا اوراس کے ایک سال بعد ۱۹۵۵ء میں آپ نے بلدیوا ہائی اسکول داناپور سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔اس کے بعد ۱۹۵۷ء میں بی۔ایس کالج داناپور سے آئی اے کرنے کے بعد ۱۹۶۰ء میں پٹنہ کالج سے بی۔اے (اردو آنرز) کیا۔بعدازاں پٹنہ یونیورسٹی سے آپ نے بالترتیب ۱۹۶۲ء اور ۱۹۶۳ء میں ایم۔اے (اردو) اور ایم۔اے (فارسی) کے امتحانات میں نمایاں کامیابی حاصل کی۔۱۹۷۰ء میں حضرت شاہ اکبر داناپوریؒ کی حیات وشاعری پر تحقیقی مقالہ لکھ کر پٹنہ یونیورسٹی ہی سے پی،ایچ،ڈی کی سند حاصل کی۔اس کے علاوہ مشائخ شعراء بہار پر فارسی زبان میں تحقیقی مقالہ لکھ کر پٹنہ یونیورسٹی سے ۱۹۷۹ء میں ڈی لٹ کی سند سے سرفراز ہوئے۔حالانکہ اس سے پہلے ۱۹۷۷ء میں وہ جواہرلال یونیورسٹی سے فارسی میں سی او پی کر چکے تھے۔بعد میں ۱۹۹۶ء میں انہوں نے تہران (ایران) سے سی ٹی پی سی بھی کیا۔تحصیل علم کے دوران ہندوستان اور ایران میں آپ نے جن اساتذہ سے کسب فیض کیا،ان میں پروفیسر صدرالدین فضا شمسی،علامہ جمیل مظہری (یہ آپ کے پی،ایچ،ڈی کے نگراں بھی تھے) پروفیسر اختر اورینوی، پروفیسر محمد صدیق، پروفیسر ممتاز احمد، پروفیسر ڈاکٹر غلام حسین زادہ، پروفیسر ڈاکٹر عبدالقاسم رادفر، ڈاکٹر عبدالجبار کاکائی، ڈاکٹر توفیق سبحانی، پروفیسر کاظم کہدوئی اور پروفیسر ڈاکٹر منوچہر مرتضوی خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

ستمبر ۱۹۶۳ء میں آرہ کے ایچ ڈی جین کالج میں اردو،فارسی کے لکچرر کی حیثیت سے آپ کی تقرری ہوئی۔حالانکہ اس سے پہلے نوادہ کے کنہائی لال کالج میں اردو کے لکچرر کی حیثیت سے آپ کی تدریسی ملازمت کا آغاز ہو چکا تھا۔بعدازاں جین کالج میں آپ صدر شعبہ بھی ہوئے۔پھر آرہ میں ویر کنور سنگھ یونیورسٹی کی تشکیل کے بعد آپ کو وہاں اردو،فارسی پوسٹ گریجویٹ شعبہ میں بحیثیت پروفیسر اور صدر شعبہ مقرر کیا گیا جہاں آپ نے ۱۹۸۵ء سے ۲۰۰۱ء تک اپنے فرائض کو بحسن وخوبی انجام دیا۔فروری ۲۰۰۱ء میں آپ ملازمت سے سبکدوش ہوئے۔سبکدوشی کے بعد بھی دہلی یونیورسٹی میں کئی سال تک وزیٹنگ پروفیسر کی حیثیت سے آپ نے خدمات انجام دیں۔ملازمت کے دوران آپ کو فیکلٹی آف ہیومینٹیز کا ڈین بنایا گیا اور یونیورسٹی کے سینیٹ،سنڈیکیٹ اور ریسرچ کاؤنسل کی رکنیت بھی تفویض ہوئی۔اپنی یونیورسٹی یعنی ویر کنور سنگھ یونیورسٹی کے علاوہ بہار کی کئی دیگر دانشگاہوں کے بھی سنڈیکیٹ،بورڈ آف اسٹڈیز اور بورڈ آف اکزامینیشن کے معزز اراکین میں آپ کو بھی شامل کیا گیا۔ان انتظامی عہدوں کے علاوہ مختلف صوبوں مثلاً بہار،یوپی اور

مغربی بنگال کی اردو اکادمیوں نے بھی آپ کو سند اعزاز کے ساتھ آپ کی کئی کتابوں پر انعام بھی عطا کیا۔ ۲۰۱۰ء میں صدر جمہوریہ ہند نے بھی آپ کی علمی و ادبی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے آپ کو ایمینٹ پرشین اسکالر کے قومی ایوارڈ سے سرفراز فرمایا۔ اس کے علاوہ مختلف مذہبی، لسانی اور ادبی اداروں کے اعزازی عہدوں پر بھی آپ فائز رہے۔ اسی دوران آپ نے ایران، پاکستان اور انگلینڈ کا علمی سفر کیا اور چار مرتبہ حج و زیارت حرمین شریفین سے بھی مشرف ہوئے۔

حضرت سید شاہ محمد قائم رضوی چشتی نظامی قتیل داناپوریؒ آپ کے والد گرامی بھی تھے اور آپ کے مرشد بھی تھے۔ سلسلہ عالیہ چشتیہ نظامیہ میں آپ نے اپنے والد گرامیؒ ہی کے دست حق پرست پر بیعت کی اور اجازت و خلافت سے سرفراز ہوئے۔ بعد ازاں والد گرامیؒ کی وفات کے بعد آپ ان کے جانشین اور آستانہ عالیہ چشتیہ نظامیہ کے صاحب سجادہ ہوئے۔ اللہ نے آپ کو کئی صالح اولاد سے نوازا جو اپنے والد کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اپنے خانوادے کا نام روشن کر رہے ہیں۔ ۲۰۰۳ء میں آپ کی اہلیہ کا انتقال ہوا۔

دوران تدریس تیس سے زائد ریسرچ اسکالرز آپ کی نگرانی میں مختلف موضوعات پر تحقیقی مقالے لکھ کر اردو، فارسی زبان و ادب میں ڈاکٹر آف فلاسفی کی سند سے سرفراز ہوئے۔ اس کے علاوہ دیگر دانشگاہوں میں تقریباً چالیس سے زائد ریسرچ اسکالرز کے تحقیقی مقالات کے لئے آپ کو بطور اکسپرٹ منتخب کیا گیا اور ان کا زبانی امتحان (viva voce) لینے کے لئے آپ کو مدعو کیا گیا اور آپ ہی کی سفارش پر انہیں پی ایچ ڈی کی سند عطا ہوئی۔ ملازمت کی ابتدا سے ہی اردو، فارسی زبان و ادب سے متعلق منعقد ہونے والے مختلف سیمیناروں اور کانفرنسوں میں آپ کی شرکت اور مقالہ خوانی کا سلسلہ شروع ہو گیا تھا۔ گزشتہ چالیس سال کے عرصہ میں ملک کے مختلف شہروں میں منعقد ہونے والے ڈیڑھ سو سے زائد سیمیناروں/کانفرنسوں میں آپ نے شرکت کی ہے اور مقالہ پیش کیا ہے۔ ان میں سے کئی سیمیناروں میں آپ کو بحیثیت صدر بھی مدعو کیا گیا جس میں آپ نے اپنا صدارتی خطبہ پیش کیا۔

تعلیم و تدریس کے بعد پروفیسر طلحہ صاحب کا محبوب مشغلہ تصنیف و تالیف رہا ہے جس کا آغاز طالب علمی کے زمانے سے ہی ہو گیا تھا۔ علم و ادب کے مختلف موضوعات پر اردو، فارسی اور انگریزی تینوں زبانوں میں ان کی کتابیں نہ صرف اہل نقد و نظر سے خراج تحسین حاصل کر چکی ہیں بلکہ ہم جیسے طلبہ بھی آج تک ان سے استفادہ کر رہے ہیں۔ آپ کی تقریباً دو درجن مستقل تصانیف کے علاوہ اتنے ہی مضامین و مقالات ہند و پاک اور ایران کے مختلف رسائل کی زینت بن چکے ہیں۔ تصوف اور مذہبیات پر آپ کے مقالات اس کے علاوہ ہیں۔ اور ان سب پر مستزاد ہیں وہ تحقیقی مقالات جو پروفیسر طلحہ صاحب ملک اور بیرون ملک میں منعقد ہونے والے سیمیناروں/کانفرنسوں میں پیش کر چکے ہیں۔ مختلف کتابوں پر آپ تقریظ بھی لکھتے رہے ہیں جس کا مجموعہ 'تقاریظ' ہی کے نام سے شائع ہو چکا ہے۔ اس کے علاوہ بے شمار کتابوں پر آپ

کے تبصرے ملک کے مختلف رسائل مثلاً کتاب، نیا دور، شاعر، آجکل، ہماری زبان، مریخ، زبان وادب اور نعت رنگ وغیرہ میں شائع ہو چکے ہیں۔ آپ کی ان سب نگارشات کا احاطہ کرنا ایک مضمون میں تو کیا مکمل کتاب میں بھی مشکل ہے۔ لہذا ان کے صرف مختصر سے تعارف پر اکتفا کیا جا رہا ہے تا کہ ان کی ایک چھوٹی سی جھلک قارئین کے سامنے آ سکے۔ تفصیل کے جویا حضرات ڈاکٹر التفات امجدی کی مرتبہ کتاب 'برق نامہ' (حصہ اول) سے رجوع کر سکتے ہیں جس میں پروفیسر طلحہ صاحب کی ان کتابوں اور مضامین ومقالات کے حوالے سے نیز ان کی علمی وادبی شخصیت کی مختلف جہتوں، مثلاً ان کی نعت گوئی، تاریخ گوئی، غزل گوئی، نظم نگاری، رباعی نگاری اور سہرا نگاری کے حوالے سے بھی ان کے معاصر دانشوروں اور اہل قلم نے اپنے مفصل مقالات میں بہترین تجزیاتی مطالعہ پیش کیا ہے۔

غور وفکر۔ 'غور وفکر' پروفیسر طلحہ صاحب کے سولہ مضامین اور چار تبصروں کا مجموعہ ہے۔ موضوعات کے اعتبار سے ان مضامین کو تین زمروں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ پہلے نمبر پر چار مضامین غزل کے فن اور فارسی ادب سے تعلق رکھتے ہیں جبکہ دوسرے نمبر پر پانچ مضامین کا تعلق اردو کی نئی شاعری اور نئے ادب سے ہے اور تیسرے اور آخری نمبر پر سات مضامین رومانیت، مرثیہ نگاری اور اقبالیات کے حوالے سے لکھے گئے ہیں۔ ان میں سے بیشتر مضامین خود مصنف کے بقول، ملک کے معیاری رسائل میں شائع ہو چکے ہیں اور کچھ سیمیناروں میں پیش کئے گئے۔ کتاب کا پہلا مضمون بعنوان 'تقدیر غزل' غزل کے دفاع میں لکھا گیا بہترین مضمون ہے جس میں طلحہ صاحب نے صنف غزل پر ہر قسم کے اعتراضات کا مدلل اور مسکت جواب دیا ہے اور غزل کی پوری روایت کو سامنے رکھ کر یہ ثابت کیا ہے کہ غزل نیم وحشی نہیں بلکہ نہایت مہذب صنف سخن ہے۔ انہوں نے غزل کے متنوع موضوعات اور اس کے مترنم اسلوب و آہنگ کا تجزیہ کرتے ہوئے عہد بہ عہد غزل کے بدلتے ہوئے رجحانات پر بھی نظر ڈالی ہے اور اس سلسلے میں جدیدیت کے اثر کے تحت آزاد شاعری کو ہدف تنقید بھی بنایا ہے جس نے ان کے بقول، غزل کی روح کو مجروح کیا ہے۔ تاہم انہوں نے ایسے جدید شعراء کی تحسین بھی کی ہے جن کے یہاں جذبہ کی صداقت بھی ہے اور فن کا رچاؤ بھی ہے۔ ان میں بشیر بدر، مظہر امام، وزیر آغا، خلیل الرحمٰن اعظمی وغیرہ شامل ہیں۔ غزل کی روایت اور اس کے فنی محاکمہ پر بلاشبہ یہ ایک قابل مطالعہ مضمون ہے۔ دوسرے مضمون میں طلحہ صاحب نے امیر خسرو کی غزل گوئی کا جائزہ لیا ہے جس کا عنوان ہی ہے 'خسرو کی غزل گوئی' امیر خسرو کے یہاں موضوعات کے تنوع کی طرف اشارہ کرتے ہوئے طلحہ صاحب نے خاص طور پر انسانی اخوت ومحبت، حیات وممات، محرومی وشکستگی اور حقیقت و معرفت جیسے موضوعات کی نشاندہی کی ہے جو ان کے یہاں پورے عارفانہ تیور کے ساتھ بیان ہوئے ہیں۔ تیسرا مضمون غالب کی فارسی شاعری سے متعلق ہے جس کا عنوان ہے 'غالب کا فارسی کلام'۔ یہ مضمون اس لحاظ سے بیحد جامع ہے کہ اس میں انہوں نے نہ صرف غالب کی فارسی غزل بلکہ قصیدہ، مثنوی، قطعہ اور رباعی کے حوالے سے بھی ان کی فارسی شاعری کا

تجزیہ کیا ہے اور ان تمام اصناف کی روشنی میں غالب کے علوئے تخیل، رفعت مضمون اور موزوں اسالیب جیسی خصوصیات کی نشاندہی کی ہے۔ چوتھے مضمون کا عنوان ہے ’فارسی شاعری میں محبوب کا تصور‘۔اصل عنوان پر آنے سے قبل طلحہ صاحب نے ادب وشعر میں حسن و جمال اور محبوب کی پیکر نگاری کی صراحت کرتے ہوئے خاص طور پر فارسی شعراء کے حوالے سے محبوب کی سراپا نگاری کی دلکش مثالیں پیش کی ہیں اور فارسی شاعری میں محبوب کے اُس خاص تصور کو پیش کیا ہے جو حسن و جمال کے تمام اوصاف سے عبارت ہے۔اس کے بعد ’آزاد شاعری‘ کے زیر عنوان مضمون سے اردو ادب سے متعلق مضامین کا آغاز ہوتا ہے جس میں مصنف نے ن۔م۔راشد، ڈاکٹر تصدق حسین خالد، میرا جی اور سردار جعفری وغیرہ کے حوالے سے آزاد شاعری کی خوبیوں اور خامیوں پر روشنی ڈالی ہے اور کچھ تحفظات کے ساتھ اس میں امکانات کا اعتراف بھی کیا ہے اور آنے والے دنوں میں اس صنف کے مقبول ہونے کی امید بھی ظاہر کی ہے۔اگلا مضمون بعنوان ’نئی شاعری ایک تاثر‘ دراصل اسی مضمون کی توسیع ہے جس میں انہوں نے رمز و علامت کو نئی شاعری کا نشان امتیاز قرار دیتے ہوئے الفاظ کی شکست و ریخت اور عروض و قوافی اور موزوں تراکیب سے روگردانی کی تنقید بھی کی ہے۔اس سلسلے میں انہوں نے جدید شعراء کے اشعار سے کئی مثالیں بھی پیش کی ہیں۔نئی شاعری اور آزاد غزل پر مضامین کا یہ سلسلہ دراز ہو کر اگلے مضمون تک بھی پہنچا ہے جس میں انہوں نے کئی نئی نظموں کا تجزیاتی مطالعہ بھی پیش کیا ہے۔ بعد ازاں اگلے مضمون بعنوان ’نئے ادب کی عظمت‘ میں پروفیسر طلحہ صاحب نے چند اہم جدید شعراء مثلاً وزیر آغا، باقر مہدی، قاضی سلیم، شہاب جعفری، بلراج کومل اور شہریار وغیرہ کی شاعری میں جذبہ کی صداقت کا اعتراف کیا ہے۔اگرچہ لطافت اور موسیقیت کے فقدان کی طرف بھی اشارہ کیا ہے۔اس سلسلے کا آخری مضمون ہے ’ادب واحتجاج‘۔جس میں انہوں نے اگرچہ ادب وشاعری میں جذبہ احتجاج کی ضرورت کا اعتراف کیا ہے تاہم وہ اسے تخلیق فن کے آداب واصول کا پابند بھی دیکھنا چاہتے ہیں۔

تیسرے اور آخری زمرے کے مضامین میں (۱) رومانیت: ایک جائزہ (۲) اردو کی رومانی شاعری اور (۳) اختر اور ینوی کا احساس جمال شامل ہیں۔ظاہر ہے ان مضامین کا بنیادی سروکار رومانیت یا ادب میں رومانی تحریک سے ہے اور یہ صرف اردو ادب تک محدود نہیں ہے بلکہ اس کی جڑیں انگریزی ادب میں پیوست ہیں۔لہذا پروفیسر طلحہ صاحب نے اول الذکر مضمون میں انگریزی ادیبوں اور شاعروں کے حوالے سے ادب میں رومانی تحریک کا مفصل جائزہ لیا ہے اور رومانیت کو شاعری کا ایک اہم جزو قرار دیا ہے۔دوسرے مضمون میں انہوں نے اردو میں رومانی شاعری کے حوالے سے خاص طور پر جوش اور فراق کی رومانی شاعری کو موضوع بحث بنایا ہے۔تیسرے مضمون میں انہوں نے اختر اور ینوی کی تخلیقات کی روشنی میں ان کی جمالیاتی حس، نفیس ذوق اور ان کے انبساط آفریں تخئیل کی طرف اشارہ کرتے ہوئے یہ اعتراف کیا ہے کہ اردو ادب میں ایسی مثالیں بہت کم ہیں۔رومانیت سے الگ مرثیہ نگاری کے باب میں انیس کے مراثی

میں قدر مراتب کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے مراثیِ انیس کو ایک روشن تہذیب کا آئینہ قرار دیا ہے جو اخلاق و ادب، اخوت و مساوات اور ہمدردی و نیک دلی جیسی صفات سے مزین ہیں۔ اقبالیات کے باب میں اپنے دو مضامین میں طلحہ صاحب نے بالترتیب اقبال کے نظریہ تعلیم اور اقبال کی انسان دوستی کو موضوع بحث بنایا ہے۔ کتاب کے آخری مضمون میں پروفیسر طلحہ صاحب نے فاضل بریلوی حضرت امام احمد رضا خاںؒ کی نعتیہ شاعری کا جائزہ لیا ہے اور اس ذیل میں ان کے امتیازات کو واضح کیا ہے۔ آخر میں چار مختلف کتابوں پر مصنف کے تبصرے شامل ہیں جس میں نشان منزل (احسن رضوی) احاطے (احمد عظیم آبادی) بادہ عرفاں (حفیظ بنارسی) اور لاوے کا سمندر (ڈاکٹر شکیل الرحمٰن) شامل ہیں۔ کہنے کو تو انہیں تبصرہ کے ذیل میں رکھا گیا ہے لیکن یہ اپنی جامعیت اور مفصل تجزیہ کے پیش نظر تنقیدی مضمون کے زمرے میں رکھے جانے کے قابل ہیں کہ ان تبصروں میں ہر کتاب کی خصوصیت کے ساتھ ان کے مصنفین کی فکری جہات بھی نمایاں ہو کر سامنے آ گئی ہیں۔

'غور و فکر' کی طرح '**نقد و بخشش**' بھی پروفیسر طلحہ رضوی برق صاحب کے ادبی مضامین کا مجموعہ ہے۔ ان میں سے اکثر مضامین مختلف سیمیناروں میں پیش کئے گئے اور بعض مضامین مؤقر رسائل و جرائد میں شائع ہوئے۔ یہ بات خود پروفیسر طلحہ صاحب نے اپنے پیشگفتار میں لکھی ہے۔ مجموعی طور پر ۱۴ مضامین پر مشتمل اس کتاب کے ابتدائی تین مضامین اقبالیات سے متعلق ہیں۔ اور بقیہ مضامین اردو، فارسی کے شعراء اور نثر نگاروں کے فکر و فن کے حوالے سے سپرد قلم کئے گئے ہیں۔ اقبالیات کے موضوع پر ابتدائی تین مضامین میں طلحہ صاحب نے بالترتیب اقبال کی شاعری میں زن کامل کا تصور، اقبال اور علامت نگاری اور اقبال اور رباعی کے حوالے سے اقبال کے فکر و فن کا تجزیہ کیا ہے۔ اول الذکر مضمون میں پروفیسر طلحہ صاحب نے خالص اسلامی نظریہ کو فکر اقبال کی اساس قرار دیتے ہوئے لکھا ہے کہ اقبال کی شاعری میں مرد کامل کی طرح زن کامل کا وہی تصور کارفرما ہے جو قرآن و حدیث سے مستنبط ہے اور جس کا بہترین اور مکمل نمونہ حضرت فاطمہ زہراؓ کی ذات گرامی ہے۔ اس سلسلے میں اقبال کے مختلف اشعار سے انہوں نے استشہاد بھی پیش کیا ہے اور ان میں بیشتر فارسی کے وہ اشعار ہیں جن میں اقبال کا یہ تصور واضح تر صورت میں سامنے آیا ہے۔ نمونہ کے یہ اشعار اقبال کی فارسی شاعری کے سرمایہ پر طلحہ صاحب کی گہری نگاہ کا پتہ دیتے ہیں۔ اقبالیات کے باب میں دوسرا مضمون اقبال کی علامت نگاری کے حوالے سے ہے جس کے آغاز میں ادب میں علامت نگاری کے تصور سے بحث کرتے ہوئے پروفیسر طلحہ صاحب نے اس اہم نکتہ کی نشاندہی کی ہے کہ ہر علامت شعری علامت نہیں ہوتی۔ شعری علامت اپنی شدت، معنویت اور گوناگوں کیفیات ذہنی سے معمور ہوتی ہے۔ اس معیار پر اقبال کی علامتوں عشق، قلندر، جذب و بےخودی، شاہین، عقاب اور مرد مومن وغیرہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے انہوں نے ان تمام علامتوں میں معنیاتی سطح پر شدت اور کثیر الجہتی جیسی خصوصیات بیان کی ہے اور اس سلسلے میں بطور نمونہ اقبال کے اشعار بھی پیش کئے ہیں۔ 'اقبال اور رباعی' کے زیر عنوان لکھا

گیا طلحہ صاحب کا مضمون نہ صرف اقبالیات کے موضوع پر اپنی نوعیت کا الگ مضمون ہے بلکہ یہ پروفیسر طلحہ صاحب کی اولیات میں بھی محسوب ہونے کے قابل ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ پروفیسر طلحہ صاحب نہ صرف ماہر عروض ہیں بلکہ رباعی کے فن اور اس کے اوزان و بحور پر بھی ماہرانہ قدرت رکھتے ہیں۔ چنانچہ زیر نظر مضمون میں انہوں نے ان تمام اوزان اور فن رباعی کے اصول وضوابط کی روشنی میں دلائل و براہین سے یہ ثابت کیا ہے اقبال کی دوبیتیوں کو رباعی قرار دینا درست نہیں کہ یہ رباعی کے اوزان پر نہیں ہیں۔ 'ہرج و مرج عروضی' کے زیر عنوان لکھا گیا پروفیسر طلحہ صاحب کا مضمون بادی النظر میں اقبالیات کے سلسلہ مضامین کی توسیع معلوم ہوتا ہے جس میں انہوں نے شعر میں عروضی نظام کی اہمیت وافادیت کو واضح کیا ہے اور بجا طور پر یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ وہ شعر جو عروضی قواعد کا پابند نہ ہو، اسے شعر نہیں کہیں گے۔ اس سلسلے میں آہنگ اور کلام موزوں کی بحث بیحد بصیرت افروز اور چشم کشا ہے جو اس فن پر اور کلام میں شعری محاسن پر ان کی قدرت و مہارت کو ظاہر کرتا ہے۔ اس ذیل میں انہوں نے خاص طور پر نیما یوشیج کے نظریات اور اس کی شعری تخلیقات کو بھی موضوع بحث بنایا ہے۔

تنقیدی اور عروضی مضامین سے الگ، اس مجموعہ میں شامل پروفیسر طلحہ صاحب کے تحقیقی مضامین بھی بیحد اہمیت کے حامل ہیں۔ خاص طور پر شیخ سعدی کی کریما پر ان کا مضمون قابل توجہ ہے جس میں سعدی کی تصانیف کے ذیل میں اس کتاب کا ذکر نہ ہونے کے باوجود انہوں نے آرہ (بہار) کے ایک شاعر بابو پرمانند صبر آروی کی کتاب 'رحیما' میں کریمائے سعدی کے اشعار کو ڈھونڈ نکالا جس پر صبر آروی نے تضمین کی ہے۔ یہانتک کہ دونوں کتابوں کے پند آمیز اور ناصحانہ عنوانات اور تعداد اشعار بھی یکساں ہیں۔ میرزا عبدالقادر بیدل پر ایک اہم مضمون 'نقیب حرکت و زندگی: میرزا عبدالقادر بیدل' کے زیر عنوان اس کتاب میں شامل ہے اور جیسا کہ عنوان سے ظاہر ہے اس مقالے میں پروفیسر طلحہ صاحب نے بیدل کی شاعری کے اُس نمایاں پہلو کو اجاگر کیا ہے جو تحرک، فعالیت اور جہد مسلسل سے عبارت ہے اور دیکھا جائے تو یہی پہلو بیدل کی شاعری کا نشان امتیاز بھی ہے۔ تاہم مضمون کے آغاز میں بیدل کی سوانح حیات بیان کرتے ہوئے ان کے تخلص بیدل کا جو پس منظر طلحہ صاحب نے بیان کیا ہے وہ کم معروف ہے اور مجھ جیسے بہت سے لوگوں کے لئے انکشاف کا درجہ رکھتا ہے اور یہی انکشاف اس تنقیدی مضمون کو تحقیقی جہت بھی عطا کرتا ہے۔ بیدل شناسی کے بعد غالب شناسی کے ذیل میں بھی طلحہ صاحب کا ایک تحقیقی مضمون اس کتاب میں شامل ہے جس کا عنوان ہے 'شاہ باقر آروی: تلمیذ غالب اور ہنگامۂ دل آشوب'۔ یہ ہنگامہ دل آشوب دراصل غالب کے برہان قاطع والے معروف معرکہ کا زائیدہ ہے جس میں غالب کی حمایت میں باقر کے قطعات شامل ہیں۔ اسی لئے باقر آروی پر اس تحقیقی مقالے میں اس معرکہ کا مکمل پس منظر سمٹ آیا ہے۔ بیدل شناسی اور غالب شناسی کی مانند جمیل شناسی کے باب میں بھی پروفیسر طلحہ صاحب کا مضمون بعنوان 'جمیل مظہری بحیثیت غزلگو' بھی بایں اعتبار انفرادی جہت کا حامل ہے کہ اس میں انہوں نے جمیل مظہری کے فارسی تعلیمی پس منظر کا ذکر

کرتے ہوئے ان کے اشعار میں فارسی تراکیب اور تشبیہات واستعارات کی نشاندہی کی ہے جس کی طرف جمیل مظہری پر لکھنے والوں نے بہت کم اشارہ کیا ہے۔اس کے علاوہ جمیل مظہری کی غزلیہ شاعری کے امتیازات پر ان کے نادر نکات مستزاد ہیں جس میں ان کی فلسفیانہ شاعری کی جہت نمایاں ہے۔اسی طرح رضا نقوی واہی کی شاعری میں مزاحیہ رنگ کی نشاندہی پروفیسر طلحہ صاحب نے اپنے ایک دوسرے مضمون میں کی ہے جو انہوں نے 'طنزومزاح اور واہی' کے عنوان سے لکھا ہے اور بطور مثال واہی کی نظمیہ اشعار سے نمونے بھی پیش کئے ہیں۔تحقیقی مضامین کے ذیل میں مولانا وحید الہ بادی اور ان کے بہاری تلامذہ کے زیر عنوان لکھا گیا طلحہ صاحب کا مضمون اس اعتبار سے نہایت اہم اور معتبر ہے کہ وحید کے بہاری تلامذہ میں شاہ اکبر داناپوری بھی شامل ہیں جن کی حیات وخدمات پر خود پروفیسر طلحہ صاحب نے پی ایچ ڈی کی ہے۔شاہ اکبر داناپوری سمیت وحید کے تقریباً ۲۰؍تلامذہ کا ذکر ان کے انتخاب اشعار کے ساتھ کیا گیا ہے۔مضمون کے آغاز میں خود وحید الہ بادی کے شاعرانہ امتیازات پر طلحہ صاحب کے خیالات ونظریات بجائے خود ایک مقالہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔اسی طرح 'حبیب آروی کا فن' کے عنوان سے لکھے گئے اپنے مضمون میں طلحہ صاحب نے حبیب آروی کے شعری مجموعہ 'زمزمے' کی روشنی میں ان کے فکری امتیازات اور شعری محاسن کو اجالا ہے۔پروفیسر طلحہ صاحب کا یہ مجموعہ اردو کے ادیبوں اور نثر نگاروں سے بھی اچھوتا نہیں رہا۔اس سلسلے میں سہیل عظیم آبادی اور ش۔مظفر پوری پر بالترتیب ان کے مضامین 'سہیل عظیم آبادی اور سیکولرزم' اور 'کھوٹا سکہ۔ناول جس میں زندگی دھڑکتی ہے' دیکھے جاسکتے ہیں۔ان دونوں کے افسانوں اور خاص طور پر ان کے ناولوں 'بے جڑ کے پودے' اور 'کھوٹا سکہ' کے حوالے سے پروفیسر طلحہ صاحب نے ان کے فکری میلان ورجحان کی نشاندہی کی ہے۔کتاب میں شامل شخصی مضامین میں سے بیشتر کا تعلق صوبہ بہار سے ہے جس میں ایک اہم نام مولانا سید سلیمان اشرف بہاری کا بھی ہے جن کی حیات اور علمی امتیازات پر ایک مفصل مضمون اس کتاب کی زینت ہے۔

'ارزش ادب' پروفیسر طلحہ صاحب کے ادبی مضامین کا تیسرا مجموعہ ہے۔اپنے 'حرف پیشین' میں یہ اطلاع دیتے ہوئے خود طلحہ صاحب نے لکھا ہے کہ ان میں سے بیشتر مضامین مختلف رسائل وجرائد مثلاً زبان وادب (پٹنہ) آجکل اور جامعہ (دہلی) وغیرہ میں شائع ہو چکے ہیں۔کتاب میں شامل مضامین کا تعارف پیش کرنے کی بجائے انہوں نے اردو کی زبوں حالی، نئی نسل کی اردو سے بے اعتنائی اور موجودہ نظام تعلیم پر اظہار افسوس کرتے ہوئے بجا طور پر لکھا ہے کہ ان سب کی وجہ سے مادری زبان سے بچوں کا رشتہ کمزور ہوا ہے اور وہ اپنی روایتی تہذیبی شناخت کھوتے جارہے ہیں۔اس کے علاوہ فارسی زبان سے دوری کے سبب بھی لوگ صحیح اردو لکھنا پڑھنا بھی بھولتے جارہے ہیں۔متنوع موضوعات پر مشتمل ۲۰؍ مضامین کا یہ مجموعہ طلحہ صاحب کی تنقیدی وتحقیقی نگاہ کا بہترین علامیہ ہے جس میں انفرادی طور پر مختلف شخصیات کے فکر وفن کے ساتھ تخلیق وتنقید کا باہمی رشتہ، ساختیاتی تنقید اور پابند شاعری جیسے خالص فنی موضوعات پر بھی روشنی ڈالی ہے۔پہلا

مضمون ولی دکنی پر ہے جس کا عنوان ہے 'ماضی کے ادب پارے: دیوان ولی از ولی دکنی' ولی دکنی کے حوالے سے یہ مضمون تنقید و تحقیق کا حسین امتزاج ہے کہ اس میں طلحہ صاحب نے ولی دکنی کی شاعری کے فکری امتیازات اور فنی اسلوب و انداز پر ناقدانہ گفتگو کرنے کے علاوہ اب تک کے ولی کے مطبوعہ دواوین/انتخاب کلام پر بھی تحقیقی نظر ڈالی ہے اور اس میں پروفیسر نورالحسن ہاشمی کے مرتبہ دیوان ولی کو سب سے زیادہ معتبر قرار دیا ہے جو ان کے بقول، دکنی تحقیق و تنقید کے جدید ترین معیار اور ترتیب و تدوین کے مستند اصولوں کے پیش نظر ترتیب دیا گیا ہے۔ دوسرا مضمون غنی بنارسی کی قصیدہ نگاری کے حوالے سے ہے جس کے آغاز میں اردو میں قصیدہ نگاری کی روایت پر روشنی ڈالتے ہوئے انہوں نے غنی بنارسی کے اُن چار حمدیہ و نعتیہ قصائد کا فکری و فنی تجزیہ کیا ہے جو اُن کے غیر مطبوعہ دیوان میں شامل ہے۔ بعد ازاں 'آیات بشریٰ' کی روشنی میں مولانا محبّ اللہ نثار بھٹی کی نعتیہ شاعری کا جائزہ لیتے ہوئے پروفیسر طلحہ صاحب نے اس مجموعہ کو شعری، فنی اور لسانی صفتوں کا گنج گرانمایہ قرار دیا ہے۔ اس مضمون کا عنوان ہے 'مولانا نثار بھٹی اور آیات بشریٰ'۔ اس کے بعد کا مضمون اقبال کی فارسی غزل گوئی کے حوالے سے ہے جس کا عنوان ہے 'اقبال کی فارسی غزل گوئی'۔ اس مضمون میں زبور عجم، پیام مشرق، جاوید نامہ اور گلشن راز جدید میں شامل اقبال کی غزلوں کو موضوع گفتگو بنایا گیا ہے اور ان کے فکری و فنی اختصاص کو اجالا گیا ہے۔ اگلے مضمون میں ڈاکٹر راہی قریشی کے غزلیہ مجموعہ 'عکس کی ہجرت' پر انہوں نے طویل تنقیدی تبصرہ کیا ہے جس کا عنوان ہے 'عکس کی ہجرت: ایک مطالعہ'۔ اسی طرح نازش سہسرامی کے مجموعہ کلام 'حرف تمنا' پر بھی طلحہ صاحب نے مضمون نما طویل تبصرہ کیا ہے جو 'نازش سخن نازش' کے زیر عنوان اس کتاب میں شامل ہے۔ اس قسم کے شخصی/انفرادی مضامین میں صدیق مجیبی اور قوس حمزہ پوری کے شاعرانہ امتیازات پر طلحہ صاحب کے مضامین بعنوان 'صدیق مجیبی۔ شکست انا کا شاعر' اور 'علامہ قوس حمزہ پوری کا طرز بیان' بیحد اہم اور ان دونوں کی شاعرانہ جہتوں اور پرتوں کو کھولنے والے مضامین ہیں۔ اسی قسم کے مضامین میں 'رباعیات وحید' اور 'رباعیات ناوک حمزہ پوری' بھی اہم مضامین ہیں جس میں طلحہ صاحب نے وحید اشرف اور ناوک حمزہ پوری کی رباعیات پر ناقدانہ نظر ڈالی ہے۔ چونکہ خود پروفیسر طلحہ صاحب ماہر عروض اور فن رباعی کے استاد ہیں، لہٰذا انہوں نے اپنے ایک دوسرے مضمون بعنوان 'رباعی اور دوبیتی' میں رباعی کے فن پر گفتگو کا حق ادا کر دیا ہے۔ شخصی مضامین کے ذیل میں 'ادیب الملک عبدالمالک آروی' کے زیر عنوان لکھے گئے اپنے مضمون میں طلحہ صاحب نے عبدالمالک آروی کی حیات و خدمات کے ساتھ ان کے متنوع علمی کارناموں کا مفصل جائزہ لیا ہے۔

شخصی مضامین سے قطع نظر پروفیسر طلحہ صاحب نے 'تخلیق و تنقید کا باہمی رشتہ' کے عنوان سے بھی ایک مضمون سپرد قلم کیا ہے جس میں انہوں نے دونوں کو ایک دوسرے کے لئے لازم و ملزوم قرار دیا ہے۔ اسی طرح 'ساختیاتی تنقید کیا مغرب کی نقالی ہے' کے زیر عنوان لکھے گئے ایک مضمون میں انہوں نے مختلف دلائل سے ثابت کیا ہے کہ ساختیاتی تنقید کوئی

نئی چیز نہیں ہے۔دراصل ہیئتی تنقید کا ہی دوسرا نام ساختیاتی تنقید ہے۔چونکہ پروفیسر طلحہ صاحب ماہر عروض ہیں اور پابند شاعری کی روایتوں کے امین بھی۔لہذا انہوں نے ’پابند شاعری اور صحت مند قدریں‘ کے زیر عنوان اپنے ایک مضمون میں شاعری میں وزن وآہنگ کو اساسی حیثیت قرار دیتے ہوئے قافیہ وردیف کی پابندی کو ضروری قرار دیا ہے۔پابند شاعری کے لئے ماضی میں استادی وشاگردی کی روایت قائم تھی جب شاگرد اپنے استاد سے اصلاح لیا کرتے تھے۔لہذا ’اصلاح سخن کی ضرورت‘ کے عنوان سے بھی طلحہ صاحب نے الگ سے ایک مضمون لکھا ہے جس میں اصلاح سخن کی اہمیت وافادیت پر روشنی ڈالی گئی ہے۔اردو شاعری کی ایک اہم صنف مثنوی کی ایک غیر مطبوعہ کتاب مثنوی کتھا ترنگ کا تعارف پروفیسر طلحہ صاحب نے ’مثنوی کتھا ترنگ اور قاضی احمد‘ کے زیر عنوان لکھا ہے۔یہ مثنوی قاضی احمد کی تصنیف ہے اور اس کا قلمی نسخہ خانقاہ داناپور کے کتب خانے میں محفوظ ہے۔اسی طرح خانقاہ داناپور میں ہی ایک اور مثنوی ’مثنوی قصہ سوداماں‘ کا قلمی نسخہ بھی محفوظ ہے جس کا تعارف اسی عنوان سے طلحہ صاحب نے پیش کیا ہے۔مثنوی کے حوالے سے ایک اور بیحد اہم مضمون ’آزادی کے بعد اردو مثنوی میں دانشوری‘ کے عنوان سے کتاب میں شامل ہے جس میں طلحہ صاحب نے مختلف مثنوی گو شعرا مثلاً جمیل مظہری، ڈاکٹر عبدالمجید شمس اور مولانا عزیزالحق کوثر کی مثنویوں کے حوالے سے ان کے دانشورانہ اور فلسفیانہ افکار و خیالات کا جائزہ لیا ہے۔

’میزان قلم‘ پروفیسر طلحہ رضوی برق صاحب کے تبصروں اور تقاریظ کا مجموعہ ہے۔حالانکہ اس سے قبل ان کے تقاریظ کا مجموعہ ’تقاریظ‘ ہی کے نام سے چھپ کر منظر عام پر آچکا ہے۔فرق یہ ہے کہ وہاں تفصیل واطناب کی جلوہ آرائی ہے اور یہاں ایجاز واختصار کی حسن آفرینی ہے۔کتاب کے مختلف مضامین میں جن کتابوں پر اظہار خیال کیا گیا ہے، ان میں زیادہ تر شعری مجموعے ہیں جو مختلف اصناف سخن پر محیط ہیں۔غزلیہ مجموعوں میں خاص طور پر سرخ چلمن (عابد امام زیدی) طلسم مجاز (غلام حسین رضوی مجاز) روح غزل (تاج پیامی) کلام میکش (میکش وارثی) روح کا سایہ (ظفر انصاری) روبرو (عثمان جوہری) دردانۂ خیال (التفات امجدی) بے ربط (فردالحسن فرد) شاخ تعلقات (شہزاد اشرفی) دائرہ (اشراق حمزہ پوری) اور نغمۂ آہنگ (احسن راشد) وغیرہ اہم اور قابل ذکر ہیں۔اس کے علاوہ نعت ومنقبت اور رباعیات کے چند مجموعوں کو بھی پروفیسر طلحہ صاحب نے اپنی گفتگو کا موضوع بنایا ہے۔مثلاً قصیدۂ رحمت (حفیظ بنارسی) فرش پر عرش (محدث اعظم ہند) نجات نامہ (ظفر انصاری) حرف نور (سید شمس الحسن شمس بیتھوی) گلشن عقیدت (متین عمادی) عقیدت کے پھول (شنکر کیموری) طلسموں کے چراغ (طہور منصوری نگاہ) روشن رباعیات (سوامی شیاما نند سرسوتی روشن) اور انحراف (سلیم ساغر) وغیرہ۔ان تمام مجامیع کے حوالے سے پروفیسر طلحہ صاحب کا تجزیاتی مطالعہ مختصر ہونے کے باوجود ان کے امتیازی نکات کو اجالنے میں کامیاب ہے۔اور خاص بات یہ ہے کہ اس امتیازی خصوصیات کے

دائرے میں متعلقہ شعرا کے فکر وفن دونوں کا احاطہ کامیابی کے ساتھ کیا گیا ہے۔اختصار اور جامعیت کا ایسا حسین امتزاج بہت کم تبصراتی مجموعوں میں دیکھنے کو ملتا ہے۔اس سلسلے میں یہ نکتہ بھی قابل غور ہے کہ چونکہ پروفیسر طلحہ صاحب خود ایک بہترین شاعر،عروض داں اور فن رباعی کے رمز شناس ہونے کے علاوہ نعت گوئی میں بھی منفرد شناخت اور اختصاص کا درجہ رکھتے ہیں۔لہٰذا ان اصناف شاعری کی تنقید میں بھی ان کے یہاں فنی تخلیقیت کا جوہر نمایاں دکھائی دیتا ہے اور یہی اس کتاب کا انفرادواختصاص ہے۔

لمعات سرمدی۔ پروفیسر طلحہ صاحب کے مختصر تاثرات اور تبصروں پر مبنی یہ کتاب ۱۶ ر مضامین پر مشتمل ہے جس کا غالب حصہ مختلف صوفیہ کرام کی سیرت وسوانح اور تصوف کے موضوع پر لکھی گئی مختلف کتابوں کے تعارف پر مشتمل ہے۔غالباً اسی لئے اس کتاب کا انتساب بھی اُن صوفیوں کے نام کیا گیا ہے جنہوں نے شریعت وطریقت کی پاسداری میں اپنی عمر عزیز بسر کی۔کتاب میں جن نامور صوفیہ کو موضوع گفتگو بنایا گیا ہے اور مختلف تذکرہ صوفیا کے حوالے سے ان کے حالات زندگی نیز ان کے علمی کارناموں پر روشنی ڈالی گئی ہے،ان میں شیخ العالم حضرت شیخ احمد عبدالحق چشتی صابریؒ،حضرت عبدالقدوس گنگوہیؒ،حضرت سیدنا محمد ن القادری اَجھریؒ،حضرت سید شاہ بشیر اصدقؒ،حضرت شاہ حامد عظیم آبادیؒ،حضرت رشیدالدین مشہود الحقؒ،سید شاہد علی سبز پوش متخلص بہ فانیؒ اور حضرت شاہ محمد یار علیؒ کا ذکر خیر شامل ہے۔خاص بات یہ ہے کہ ان سب کے تذکرے میں مصنف نے ان بزرگوں کے خاندانی پس منظر کے ساتھ اُن تذکروں کی بھی فہرست پیش کی ہے جس میں ان بزرگوں کا تذکرہ ملتا ہے۔اور اگر ان میں کہیں اختلاف پایا جاتا ہے تو مصنف نے اس کی بھی نشاندہی کی ہے۔مصنف کے اس انداز واسلوب سے اصل اور مستند مآخذ تک قاری کی رسائی ہو جاتی ہے۔ان مضامین کی دوسری خاص بات یہ ہے کہ مصنف چونکہ خود ایک باکمال شاعر اور معتبر ناقد ہیں،لہٰذا انہوں نے ان میں سے چند ایسے صوفیہ کے شاعرانہ امتیازات اور ان کی فکری وفنی جہات کا بھی جائزہ لیا ہے جنہوں نے اردو،فارسی شاعری میں بہترین نقوش ثبت کئے ہیں۔ان میں خاص طور پر شاہ حامد عظیم آبادی اور حضرت بشیر اصدق شامل ہیں۔

ویسے تو ان صوفیہ کرام کے ذکر میں ان کی خانقاہوں کا ذکر بھی آیا ہے اور ان خانقاہوں کی علمی وادبی خدمات پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔لیکن خاص طور پر خانقاہ مجیبیہ کے حوالے سے تین مسلسل مضامین قابل ذکر ہیں جس میں بالترتیب خانقاہ مجیبیہ کی علمی وروحانی اہمیت اور وہاں کی ایک اہم علمی یادگار 'تذکرۃ الکرام' فارسی کی خصوصیات بیان کی گئی ہے۔اس کے علاوہ مصنف نے وہاں سے شائع ہونے والے مجلّہ المجیب کے موضوعات ومحتویات کی روشنی میں اسے مسلک خانقہی کا بہترین ترجمان قرار دیا ہے۔'تذکرۃ الکرام' کے علاوہ مصنف نے تصوف کی دو مزید اہم کتابوں کا تعارف پیش کیا ہے۔(الف) مناقب محمدیہ اور (ب) ترجمہ جواہر العشاق۔اول الذکر 'مناقب محمدیہ' حضرت سیدنا محمد ن القادری اَجھری

قدس سرہ کے مناقب پر مشتمل ہے جس کو ان کے مرید ومجاز حضرت علی شیر شیرازی نے ترتیب دیا ہے۔دوسری کتاب 'رسالہ غوثیہ' کی شرح ہے جس کا اردو ترجمہ 'جواہر العشاق' کے نام سے حضرت مولانا محمد ولی اللہ محمد آبادی نے کیا ہے۔اس کے علاوہ قرآنیات کے موضوع پر بھی ایک کتاب کا تعارف مصنف نے پیش کیا ہے جس کا عنوان ہے۔'قرآن پاک کی اردو تفاسیر: ایک جائزہ'۔دراصل یہ ایک تحقیقی مقالہ ہے جس کو پیش کر کے ڈاکٹر سید شاہ حیدر رضوی نے پٹنہ یونیورسٹی سے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی تھی۔

تصوف کے باب میں یہ کتاب بقامت کہتر بقیمت بہتر کے مصداق ہے کہ اس میں صوفیہ اور سلاسل طریقت کے حوالے سے کئی خانقاہوں کی تاریخ اور ان کا تاسیسی پس منظر بھی سامنے آ گیا ہے۔

ورق ورق آئینہ۔پروفیسر طلحہ رضوی برق صاحب کی یہ کتاب مختلف علمی وادبی موضوعات پر ان کے مختصر مضامین اور تبصروں کا مجموعہ ہے جسے ان کے فرزند ڈاکٹر شاہ بلال رضوی نے ترتیب دے کر شائع کیا ہے۔مجموعی طور پر ۲۱ رمضامین پر مشتمل اس کتاب کا غالب حصہ تصوف کے موضوعات سے متعلق ہے۔اگرچہ اردو رفارسی ادبیات بھی اس کے اہم موضوعات ہیں۔تصوف کے باب میں اس کتاب کا پہلا مضمون ہی بیحد اہم ہے جس میں مصنف نے حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی کی فارسی کتاب 'نکات الحق' کے اردو ترجمے کا تعارف پیش کیا ہے جس سے تصوف کے اسرار و معارف پر حضرت شیخ کی گہری نگاہ کا اندازہ ہوتا ہے۔اختصار کے ساتھ حضرت شیخ کی سوانح حیات اور ان کی بیعتوں کی تفصیلات اس مقالہ کو تحقیقی جہت بھی عطا کرتا ہے۔تصوف ہی کے ذیل میں 'ملفوظات نویسی کی روایت' پر مصنف کا مضمون بہت اہمیت کا حامل ہے جس میں ملفوظ نویسی کی ابتدا اور ارتقا پر تحقیقی نظر ڈالتے ہوئے خاص طور پر چشتی بزرگوں اور حضرت مخدوم جہاںؒ کے ملفوظات کو موضوع گفتگو بنایا گیا ہے۔'عظیم صوفی جلال الدین رومی' کے زیر عنوان مثنوی معنوی پر ایک محققانہ اور ناقدانہ مضمون اس کتاب میں شامل ہے جس میں مثنوی کے عارفانہ نکات کی تعبیر وتشریح کے ساتھ حضرت مولانا کے پُر آشوب عہد پر بھی نظر ڈالی گئی ہے اور ابن عربی کی فکر سے ان کی اثر پذیری کا تجزیہ بھی کیا گیا ہے۔'حضرت آسی غازیپوری کی شاعری' کے موضوع پر مصنف کے ایک اور مضمون کو بھی تصوف ہی کے ذیل میں رکھا جا سکتا ہے جس میں انہوں نے حضرت آسی کی صوفیانہ شاعری کا تجزیہ کرتے ہوئے ان کے فنی محاسن پر بھی روشنی ڈالی ہے۔

فارسی ادبیات کے ذیل میں 'فارسی ادب میں نعتیہ شاعری' اس لحاظ سے انفرادی اہمیت کا حامل ہے کہ مصنف کو اس موضوع پر گویا اختصاص کا درجہ حاصل ہے۔ان کی کتاب 'اردو کی نعتیہ شاعری' اس زمانے میں منظر عام پر آئی تھی جب اس موضوع پر بہت کم لکھا گیا تھا۔اس مضمون کی وسعت کا اندازہ اس سے کیا جا سکتا ہے کہ اس میں فردوسی سے لے کر عرفی، خاقانی، رومی، جامی، بیدل، نظامی، سنائی، عطار، سعدی، قدسی، خسرو، غالب اور اقبال وغیرہ کی نعتیہ شاعری اور ان

کے فکری امتیازات کو بیان کیا گیا ہے۔اسی ذیل میں امام احمد رضا کی فارسی مثنوی 'ردّ امثالیہ' پر بھی مصنف کا مضمون قابل ذکر ہے جس میں انہوں نے اس کا مفصل تعارف پیش کرتے ہوئے اس کا تصنیفی پس منظر بھی بیان کیا ہے۔کراچی کے مجلّہ 'نعت رنگ' کے ایک شمارہ (۲۲) کا تعارف بھی نعت شناسی کے ذیل میں مصنف کی ایک اہم کوشش ہے۔'امیر خسرو کی غزل گوئی' پر بھی پروفیسر طلحہ صاحب کا مضمون فارسی ادبیات کے ذیل میں ایک اہم مضمون ہے جس میں خسرو کی غزل گوئی کی فکری و فنی ابعاد کا ناقدانہ تجزیہ کیا گیا ہے۔

اردو ادب کے حوالے سے صنف رباعی پر دو مسلسل مضامین بھی اس کتاب کی زینت ہیں جن کے عنوانات یہ ہیں 'ظفر کمالی: آئینہ رباعی میں' اور 'رباعی گزشتہ بیس سال میں'۔ چونکہ مصنف خود ایک استاد شاعر ہیں اور فن رباعی پر ان کی قدرت ومہارت بھی مسلّم ہے، لہٰذا انہوں نے ان دونوں مضامین میں رباعی کے فن کے ساتھ اردو میں رباعی نگاری کی روایت پر بھی مفصل روشنی ڈالی ہے۔فن رباعی کے علاوہ تاریخ گوئی کے فن پر بھی مصنف کو استادانہ قدرت حاصل ہے لہٰذا انہوں نے 'دبستان عظیم آباد اور تاریخ گوئی' کے حوالے سے بھی ایک اہم مضمون لکھا ہے جس میں تاریخ گوئی کے اصول و ضوابط اور اس کے مختلف اقسام پر معلوماتی گفتگو کی گئی ہے۔اسی کے ساتھ عظیم آباد کے مختلف شعرا کا تعارف اور ان کے قطعات تاریخ پر تبصرہ بھی کیا گیا ہے۔رباعی اور تاریخ گوئی کے علاوہ غزل کے فن اور اردو میں غزلیہ روایت پر بھی مصنف نے ایک اہم مضمون لکھا ہے۔علامہ شاہ قتیل دانا پوریؒ کی سیرت وسوانح اور ان کے شاعرانہ امتیازات پر بھی ایک مضمون اس کتاب کی زینت ہے لیکن اس میں انہوں نے اپنی طرف سے کچھ لکھنے کی بجائے دیگر اہل قلم اور ناقدین کی آراء کو نقل کرنے پر اکتفا کیا ہے۔ادب کے ساتھ صحافت کا ہمیشہ سے قریبی رشتہ رہا ہے۔لہٰذا اس حوالے سے بھی مصنف کے دو مضامین اس کتاب میں شامل ہیں جس میں انہوں نے دہلی اردو اخبار کی صحافتی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے اُس عہد (انیسویں صدی کا وسط) کے سیاسی وسماجی منظر نامے کو بھی آئینہ بنا کر پیش کر دیا ہے۔مجموعی طور پر یہ کتاب کچھ نئے جہانوں کی دریافت کرنے کے باوجود بنیادی طور پر تصوف اور اردو/فارسی ادبیات کے عناصر ثلاثہ سے ہی عبارت ہے۔

تقاریظ۔جیسا کہ کتاب کے نام سے ظاہر ہے یہ کتاب اُن تقریظوں کا مجموعہ ہے جو پروفیسر طلحہ صاحب وقتاً فوقتاً مختلف کتابوں پر لکھتے رہے ہیں اور اس کا دورانیہ تقریباً نصف صدی پر محیط ہے۔(۱۹۶۵ء سے ۲۰۱۰ء تک) کتاب کے مرتب ڈاکٹر جنید رضوی نے ان تقاریظ کو تاریخ وار سال تحریر کی مناسبت سے ترتیب دیا ہے۔ترتیب کی اس روش سے ایک فائدہ یہ ہوا کہ پروفیسر طلحہ صاحب کے انداز تحریر واسلوب نگارش کا تدریجی ارتقا اور اس میں عہد بہ عہد رونما ہونے والی تبدیلیاں نمایاں طور پر سامنے آ گئی ہیں۔کتاب کے آغاز میں 'عرض مرتب' کے تحت ڈاکٹر جنید رضوی نے تقریظ کی تعریف کرتے ہوئے نہایت اختصار کے ساتھ اردو ادب میں تقریظ نگاری کی روایت پر روشنی ڈالی ہے۔لیکن واقعہ یہ ہے کہ اس

ایجاز کی تفصیل شمس الرحمٰن فاروقی کی تحریر میں نمایاں ہوئی ہے جس میں انہوں نے اپنے مخصوص عالمانہ انداز میں تقریظ، پیش لفظ، مقدمہ اور دیباچہ وغیرہ میں باریک فرق کی وضاحت کرتے ہوئے سب کی اپنی الگ الگ خصوصیات اور پہچان کو اجاگر کیا ہے۔ خاص بات یہ ہے کہ ان تمام تفصیلات کے بیانیہ میں انہوں نے کہیں سے بھی کسی کتاب یا لغت سے مدد نہیں لی ہے۔ بلکہ سب کچھ خود اپنے مطالعہ اور تجربے کی روشنی میں بیان کیا ہے۔ فاروقی صاحب نے خود اس کی صراحت کرتے ہوئے یہ دلچسپ اطلاع بھی دی ہے کہ انہوں نے ہمیشہ تقریظ لکھنے سے گریز کیا ہے۔ لیکن آج وہ 'تقاریظ' پر تقریظ لکھ رہے ہیں۔ فاروقی صاحب اپنی گریز کی فطرت سے گریز کرتے ہوئے اس کتاب کی تقریظ لکھنے پر آمادہ ہوئے تو اس کی واحد وجہ یہ ہے کہ انہیں طلحہ صاحب کی یہ تقریظیں عام روایتی تقریظوں سے الگ نظر آئیں۔ انہوں نے خود اس کا اعتراف کرتے ہوئے لکھا ہے:

''جو صفت اس کتاب کو سرسری تقاریظ کے دوسرے مجموعے سے مختلف بناتی ہے، وہ مصنف علام کی علمیت ہے۔ انہوں نے مداحی ضرور کی ہے لیکن ایسی کوئی بات نہیں کہی جس میں نری مداحی نظر آئے۔ بعض تقریظیں ایسی ہیں جن پر کم وبیش مستقل مضمون یا دیباچے کا گمان ہوتا ہے اور ایسی تحریروں میں مصنف نے اپنے علم اور معلومات دونوں کا قابل ستائش اظہار کیا ہے۔'' (کتاب ہذا۔ص ب)

پروفیسر ابوالکلام قاسمی صاحب نے بھی اپنی تحریر میں کچھ ایسے ہی تاثرات کا اظہار کیا ہے۔ (ملاحظہ ہو کتاب کا بیک کور) سچ یہ ہے کہ پروفیسر طلحہ صاحب کی یہ پوری کتاب فاروقی صاحب کے اسی تاثر کا آئینہ خانہ ہے۔ کتاب میں ستر (۷۰) سے زیادہ کتابوں پر لکھی گئی تقریظیں شامل ہیں۔ کتابوں کے موضوعات متنوع ہیں تاہم اس کا غالب حصہ شعری مجموعوں پر مشتمل ہے اور اس میں بھی بیشتر غزلوں کے مجموعے ہیں۔ تاہم بعض مجموعے رباعیات، قطعات اور حمد ونعت جیسے اصناف سخن پر بھی محیط ہیں۔ تصوف کی کتابیں دوسرے نمبر پر ہیں جس میں مختلف سلاسل طریقت کے مشائخ کے احوال پر لکھی گئی کتابیں شامل ہیں۔ اسلامی موضوعات اور اردو، فارسی ادبیات پر لکھی گئی کتابیں اس کے علاوہ ہیں جس میں ناول، سفرنامہ، تذکرہ وتاریخ اور سیرت وسوانح کی کتابیں شامل ہیں۔ اتنی ساری مختلف نوعیت کی کتابوں پر مفصل، متوازن اور غیر جانبدارانہ تجزیہ طلحہ صاحب کی علمیت، شاعرانہ ذوق، تنقیدی بصیرت، اردو فارسی شعر وادب پر ان کی وسیع نظر نیز ہندوستان میں تصوف اور سلاسل طریقت سے ان کی گہری واقفیت کا پتہ دیتا ہے۔ اور ان سب پر مستزاد ہے ان کے نقد ونظر کا متوازن انداز جس نے ہر کتاب کی افادیت اور انفرادیت کو اجاگر کر دیا ہے۔ اس کے علاوہ جس صنف کی کتاب ہے، شعر وادب میں اُس صنف کی ثروتمند روایت کو اجالنا پروفیسر طلحہ صاحب کا امتیاز خاص ہے جس کی وجہ سے یکساں صنف پر لکھی گئی کتابوں کے درمیان زیر تبصرہ کتاب کا مقام بھی متعین ہو جاتا ہے۔ اپنے انہی امتیازات کے سبب یہ کتاب تقریظ

لکھنے والوں کے لئے ایک رہنما اصول کی حیثیت اختیار کر گئی ہے۔

عشرۂ مبصرہ۔ یہ کتاب بھی پروفیسر طلحہ صاحب کے تبصروں کا مجموعہ ہے۔موضوع کی مناسبت سے کتاب کا نام بہت معنی خیز ہے۔مرتب کتاب ڈاکٹر جنید رضوی نے عرض مرتب کے تحت جو کچھ لکھا ہے،اس سے پتہ چلتا ہے کہ پروفیسر طلحہ صاحب کی تبصرہ نگاری کا سلسلہ ان کے دور طالب علمی سے ہی شروع ہو گیا تھا۔منصب تدریس پر فائز ہونے کے بعد ان کے تبصروں کی گیرائی سوا ہو گئی اور یہ اپنے مندرجات و معیار کے اعتبار سے تنقیدی مضمون کی شکل اختیار کرنے لگے۔ چنانچہ اس زمانے کے معیاری رسائل و جرائد کے مدیروں نے نہایت اہتمام کے ساتھ پروفیسر طلحہ صاحب کے تبصروں کو شائع بھی کیا۔کتاب میں جن کتابوں پر تبصرہ کیا گیا ہے،ان کے نام یہ ہیں:

حمد باری (ابو الامتیاز ۔ع۔س۔مسلم) انوار احمدی (علامہ انوراللہ حیدر آبادی) کہف الوریٰ (قمر وارثی، کراچی) رسالہ فنا و بقا (حضرت امیر ابوالعلا اکبرآبادی) تذکرہ رفاعی (سید مصطفیٰ رفاعی) قصیدہ احمد رضا در مدح ام المؤمنین (امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی) نگارشات (مولانا عبد اللہ عباس ندوی) سیر دہلی (شاہ محمد اکبر دانا پوری) غزلیات افسر مودودی (افسر مودودی بڑودوی) کھوٹا سکہ (ش۔مظفر پوری)

کتاب میں شامل تمام تبصرے بیحد جامع ہیں اور اپنی جامعیت کے لحاظ سے طویل بھی ہیں جس میں متعلقہ موضوع کی روشنی میں تمام مصنفین رشعراء کی فکری وفنی جہات کا احاطہ کیا گیا ہے۔پروفیسر طلحہ صاحب کے یہ مفصل تجزیاتی تبصرے بلا شبہ تنقیدی مضمون کے زمرے میں رکھے جانے کے قابل ہیں۔

'حضرت شاہ اکبر دانا پوری: حیات اور شاعری'۔یہ کتاب پروفیسر طلحہ صاحب کا وہ تحقیقی مقالہ ہے جس پر پٹنہ یونیورسٹی نے انہیں ۱۹۷۰ء میں ڈاکٹر آف فلاسفی کی سند سے نوازا۔یہ اطلاع دیتے ہوئے خود پروفیسر طلحہ صاحب نے کتاب کے پیش لفظ میں لکھا ہے کہ انہوں نے اپنے استاد گرامی علامہ جمیل مظہری کی نگرانی میں یہ مقالہ لکھا اور پروفیسر رشید احمد صدیقی (علیگڑھ) اور پروفیسر نورالحسن ہاشمی (لکھنؤ) نے زبانی امتحان لیا۔ان سب کی مثبت رپورٹ اور سفارش کے بعد پٹنہ یونیورسٹی نے نہ صرف انہیں سند سے نوازا بلکہ اس مقالے کو کتابی شکل میں شائع کرنے کی اجازت بھی دی۔کتاب مجموعی طور پر چھ ابواب پر مشتمل ہے۔پہلے باب میں شاہ اکبر دانا پوری کا سوانحی خاکہ تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔اس سوانحی خاکہ میں حضرت اکبر کی پیدائش سے لے کر وفات تک کے حالات درج ہیں جس کے درمیان ان کی تعلیم و تربیت، بیعت وخلافت، شادی واولاد، سجادہ نشینی، رشد وہدایت، سفر حج اور اخلاق و عادات پر بھی تفصیل سے روشنی ڈالی گئی ہے۔اسی ذیل میں ان کی تصنیفات کی فہرست پیش کرنے کے ساتھ شاعری میں حضرت وحید الہ بادی سے ان کے تلمذ کا احوال بھی بیان کیا گیا ہے۔

دوسرے باب کا عنوان ہے 'حضرت اکبر داناپوری: رسالوں، کتابوں اور تذکروں میں'۔ اس باب میں انہوں نے خاص طور پر شعرالہند، دلی کا دبستان شاعری، خمخانہ جاوید، بہار میں اردو شاعری کا ارتقا اور تذکرہ مسلم شعرائے بہار وغیرہ کا ذکر کیا ہے جس میں کہیں اختصار کے ساتھ اور کہیں تفصیل سے شاہ اکبر داناپوری کی حیات و کارناموں کا ذکر کیا گیا ہے۔ تیسرے باب کا عنوان ہے 'شاہ اکبر کی شاعری کا تاریخی پس منظر'۔ اس باب کے آغاز میں پروفیسر طلحہ صاحب نے شاہ اکبر کے خاندان میں شعری روایت اور ادبی ماحول کا تفصیل سے ذکر کیا ہے جس نے شاہ اکبر داناپوری کو نہ صرف متاثر کیا بلکہ ان کے شاعرانہ ذہن کی تشکیل و تعمیر میں اہم کردار ادا کیا۔ اس کے علاوہ عظیم آباد کے شعری ماحول اور وہاں منعقد ہونے والے مشاعروں نے بھی شاہ اکبر کی شاعری کو تحریک و تشویق بخشی ہے۔ پھر اُس زمانے کی مختلف تحریکوں جیسے تحریک آزادی یا سرسید کی تعلیمی تحریک نے بھی شاہ اکبر کو متاثر کیا ہے اور ان سب کے اثرات و نشانات ان کی شاعری میں دکھائی دیتے ہیں۔ مثال کے طور پر ان کی قومی و ملی نظموں کو دیکھا جا سکتا ہے۔ کتاب کے چوتھے باب میں شاہ اکبر کی مطبوعہ و غیر مطبوعہ تخلیقات پر تبصرہ کیا گیا ہے جس کا عنوان ہے 'مصنف کی مطبوعہ و غیر مطبوعہ چیزوں کی تلاش اور ان پر تحقیقی تبصرہ'۔ اس کے تحت پروفیسر طلحہ صاحب نے تجلیات عشق، جذبات اکبر، گلدستہ بہار اور رسالہ نسیم وغیرہ پر صرف تحقیقی نظر ڈالی ہے، ان کا ناقدانہ جائزہ نہیں لیا ہے۔ واضح رہے کہ یہ سب مختلف اصناف سخن میں شاہ اکبر کی شعری تخلیقات ہیں۔ خیر، اس باب میں تو پروفیسر طلحہ صاحب نے شاہ اکبر کے کلام کا تنقیدی جائزہ نہیں لیا ہے۔ لیکن کتاب کے پانچویں باب میں انہوں نے کلام اکبر پر تفصیل سے تنقیدی نظر ڈالی ہے جس کا عنوان ہی ہے 'اکبر کے شعری کارناموں پر تنقیدی نظر'۔ تقریباً ۱۲۰ صفحات پر مشتمل یہی باب کتاب کا اصل باب اور بنیادی حصہ ہے۔

اس باب کے آغاز میں اگرچہ پروفیسر طلحہ صاحب نے اعتراف کیا ہے کہ شاہ اکبر کی ابتدائی شاعری روایتی انداز کی ہے جس میں دہلی اور لکھنؤ دونوں دبستانوں کا رنگ نمایاں ہے۔ تاہم وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ اپنے گھریلو ماحول اور تصوف کی طرف فطری میلان کے تحت وہ روایتی انداز کی شاعری سے باہر نکل آئے اور ان کی شاعری میں وہ خاص متصوفانہ رنگ ابھر کر سامنے آیا جو پند و اخلاق اور عشق حقیقی کے جذبہ سے معمور بھی تھا اور ان کے مذاق و رجحان کے عین مطابق بھی۔ پروفیسر طلحہ صاحب نے اپنے مبسوط تنقیدی جائزے میں شاہ اکبر داناپوری کی شاعری میں فقر و توکل، استغنا و بے نیازی اور قلندریت جیسے صوفیانہ عناصر کی نشاندہی کی ہے۔ فکر اور موضوع سے ہٹ کر خالص فنی نقطۂ نگاہ سے شاہ اکبر کی شاعری کا تجزیہ کرتے ہوئے طلحہ صاحب نے محاورات و ضرب الامثال اور صناعات لفظی و معنوی کے برجستہ استعمال کی بطور خاص تحسین کی ہے اور ان کی شاعری سے اس کی کئی مثالیں بھی دی ہیں۔ اس کے علاوہ شاہ اکبر کی شاعری میں ہندی الفاظ کے بکثرت استعمال کی بھی مثالیں دیتے ہوئے انہوں نے لکھا ہے کہ اسی وجہ سے شاہ اکبر کی شاعری میں مقامی رنگ

کی جھلکیاں نمایاں ہوئی ہیں۔غزل کے علاوہ صنف قصیدہ میں شاہ اکبر کے امتیازات کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے ربط و تسلسل، ارتقاء خیال، مستی و بے خودی، حسن عقیدت اور سوز و گداز جیسی خصوصیات کی نشاندہی کی ہے۔قصیدہ کی طرح شاہ اکبر کی مثنوی نگاری اور ان کے ساقی ناموں کا بھی پروفیسر طلحہ صاحب نے جائزہ لیا ہے۔خاص طور پر ان کی طویل مثنوی مسمیٰ بہ روح اور 'سلک گوہر' کا انہوں نے ذکر کیا ہے جس میں عارفانہ نکات، صوفیانہ مباحث اور اخلاقیات و نصائح کے موضوعات کا احاطہ کیا گیا ہے۔اسی طرح اکبر کے ساقی ناموں میں بھی انہوں نے سادگی و صفائی، بے ساختگی و ندرت ادا، رفعت خیال و پرواز فکر اور پیکر تراشی و منظر نگاری جیسے فنی محاسن کو اجاگر کیا ہے۔اسی طرح شاہ اکبر کی رباعی نگاری پر روشنی ڈالتے ہوئے انہوں نے اخلاق، پند و موعظت اور دنیا کی بے ثباتی جیسے موضوعات کی نشاندہی کی ہے جو صنف رباعی کے بنیادی موضوعات کی حیثیت رکھتے ہیں۔اردو، فارسی کی ان معروف اصناف سے قطع نظر دیگر موضوعات پر شاہ اکبر کی نظموں، قطعات، خمسے، مراثی، سلام، سہرے، قطعات تاریخ اور شہر آشوب وغیرہ کا ذکر کرتے ہوئے پروفیسر طلحہ صاحب نے ایسے متعدد قومی و ملی نیز مذہبی و متصوفانہ موضوعات کی نشاندہی کی ہے جن پر شاہ اکبر نے اپنے شاعرانہ جوہر دکھائے ہیں۔اسی ذیل میں انہوں نے شاہ اکبر کی فارسی شاعری کا بھی جائزہ لیا ہے اور فارسی کے اہم شعرا سے ان کا موازنہ کرتے ہوئے ان کے امتیازات کو اجالا ہے۔

کتاب کے آخری باب کا عنوان ہے 'شاگردان اکبر'۔جیسا کہ عنوان سے ظاہر ہے اس باب میں طلحہ صاحب نے حضرت اکبر کے تلامذہ کی مختصر سوانح حیات کے ساتھ ان کے ادبی و شعری کارناموں پر بھی روشنی ڈالی ہے۔مجموعی طور پر ۳۱؍تلامذہ میں شاہ غفور الرحمٰن حمد کاکوی، مولوی وزیر خاں فضا اکبر آبادی، قیس گیاوی، ظہور عظیم آبادی، نظیر داناپوری، نیر داناپوری اور یوسف خاں یوسف داناپوری وغیرہ اہم ہیں۔حضرت شاہ اکبر داناپوری کی حیات و شاعری پر یہ تحقیقی مقالہ بیحد جامع ہے اور ہر جہت سے ان کی حیات اور ان کے علمی و ادبی کارناموں کا احاطہ کرتا ہے۔

اردو کی نعتیہ شاعری۔ پروفیسر طلحہ رضوی برق صاحب کی اس کتاب کی خاص بات یہ ہے کہ یہ کتاب اُس زمانے میں لکھی گئی جب اس موضوع پر اردو میں کوئی کتاب منظر عام پر نہیں آئی تھی۔خود پروفیسر طلحہ صاحب نے اپنے 'حرف آغاز' میں اس کی طرف اشارہ کرتے ہوئے لکھا ہے:

''یہ جرأت محض اس لئے ہو سکی کہ ابھی تک اردو کے نعتیہ ادب پر ایسی کوئی کتاب شائع نہیں ہو سکی ہے۔'' (ص ۴)

اسی حرف آغاز میں طلحہ صاحب نے اس کتاب کے تصنیفی پس منظر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ علامہ ارشد القادری صاحب نے رسالہ 'جام نور' کے لئے اردو کی نعتیہ شاعری کے موضوع پر ایک مضمون لکھنے کی فرمائش کی تھی

۔انہوں نے تعمیل حکم تو کر دی۔لیکن اس مضمون کی تشنگی اور اس موضوع کے ساتھ انصاف نہ ہونے کا احساس انہیں ستاتا رہا ۔اسی احساس نے انہیں ایک مفصل کتاب لکھنے پر آمادہ کیا جو'اردو کی نعتیہ شاعری' کی صورت میں ہمارے سامنے ہے۔کتاب کا خاکہ تیار کرنے میں انہوں نے اس بات کا خاص خیال رکھا ہے کہ نہ صرف ہر جہت سے اس موضوع کا احاطہ ہو سکے بلکہ اردو سے قبل عربی، فارسی میں اس صنف کا پس منظر بھی اپنی تمام صنفی اور روحانی خصوصیات کے ساتھ نمایاں ہوکر سامنے آسکے۔چنانچہ سب سے پہلے انہوں نے صنف نعت کی تعریف بیان کرتے ہوئے قرآن کریم کی ایسی بیشتر آیات کریمہ کو بطور نمونہ واستشہاد پیش کیا ہے جس میں خود خداوند قدوس نے اپنے حبیب محمد ﷺ کے اوصاف حمیدہ کو بیان کیا ہے اوران پر صلوٰۃ وسلام بھیجنے کا حکم فرمایا ہے۔دیکھا جائے تو یہ آیات کریمہ نعت رسول ﷺ ہی کے زمرے میں آتے ہیں اور انہیں صنف نعت کا نقطہ آغاز کہا جائے تو بیجا نہ ہوگا۔اس کے بعد عربی میں نعت نگاری کے آغاز وارتقا کا ذکر کرتے ہوئے پروفیسر طلحہ صاحب نے ایسے بیشتر صحابہ کرامؓ کو موضوع گفتگو بنایا ہے جنہوں نے نعت گوئی کو اپنا بڑا اشرف جانا اور ان میں حضرت حسان بن ثابتؓ کو نمایاں اہمیت حاصل ہے۔عہد رسالت کے بعد بھی عربی میں نعت گوئی کی روایت برقرار رہی ۔اس دور کی طرف مختصراً اشارہ کرتے ہوئے طلحہ صاحب نے متنبّی کا خاص طور پر ذکر کیا ہے جو نعت گوئی میں ممتاز مقام کا حامل ہے۔اس کے بعد فارسی میں نعت نویسی کے آغاز وارتقا کے ذیل میں پروفیسر طلحہ صاحب نے ایران وہند کے ایسے بیشتر شعرا کا ذکر کیا ہے جنہوں نے نعتیہ شاعری کے لازوال اور یادگار نمونے چھوڑے ہیں۔اس سلسلۃ الذہب میں سعدی، حافظ، عطار، عراقی، جامی، نظامی، قدسی، عرفی، خاقانی، انوری، خسرو، غالب، فرد، حسرت اور علامہ اقبال وغیرہ شامل ہیں۔

صنف نعت یا نعتیہ شاعری کے ذیل میں صلوٰۃ وسلام اور میلادناموں کو جو اہمیت حاصل ہے وہ اہل نظر سے مخفی نہیں۔چنانچہ طلحہ صاحب نے اصل موضوع پر آنے سے قبل ان دونوں موضوعات پر سیر حاصل بحث کی ہے اور عربی، فارسی ،اردو تینوں زبانوں میں نعتیہ سلام کی تابندہ روایت کو اجالتے ہوئے حفیظ جالندھری کو خاص طور پر خراج تحسین پیش کیا ہے جن کے سلام کو خاصی شہرت حاصل ہوئی۔اسی طرح جنوبی وشمالی ہند میں میلادناموں کا ذکر کرتے ہوئے پروفیسر طلحہ صاحب نے مولود کی ایسی کئی کتابوں کا ذکر کیا ہے جنہوں نے اردو میں نعتیہ شاعری کو بلاشبہ ایک مضبوط بنیاد فراہم کرنے میں مدد کی ہے۔تاہم ان دونوں موضوعات میں صلوٰۃ وسلام اور حضور اکرم ﷺ کے عالم وجود میں آمد کے واقعہ کو اساسی حیثیت حاصل ہے۔چونکہ ان کے موضوعات متعین ہیں، لہٰذا اس میں تنوع کی کمی فطری ہے۔لیکن اس کے بعد جب اردو میں باضابطہ نعتیہ شاعری کا آغاز ہوا تو یہ اپنے ارتقائی منزلوں میں موضوعات کے تنوع سے ہمکنار ہوتی گئی۔یہانتک کہ اس نے اپنی وسعت میں آنحضور ﷺ کے صوری حسن کے ساتھ آپ کے تمام معنوی اوصاف وکمالات کو بھی اپنے دامن میں

سمیٹ لیا۔ پروفیسر طلحہ صاحب نے بنیادی موضوع کا آغاز کرنے سے قبل اُن تمام نعتیہ موضوعات کا احاطہ کرنے کی کوشش کی ہے جو آپ کی سیرت طیبہ اور اسوۂ حسنہ کی ترجمانی کرتے ہیں۔

اردو کی نعتیہ شاعری کا اصل موضوع کتاب کے صفحہ نمبر ۲۵ سے شروع ہوتا ہے جہاں سے دکن میں نعتیہ شاعری کے تجزیاتی مطالعہ کا آغاز ہوتا ہے۔ محمد قلی قطب شاہ، ملا وجہی، نصرتی، معظم، فتاحی، غواصی اور ابن نشاطی وغیرہ کی نعت کے حوالے سے طلحہ صاحب نے دکن میں نعتیہ شاعری کے نہ صرف توسع وفروغ کا جائزہ لیا ہے بلکہ نعت کی ایک ذیلی صنف 'معراج نامہ' کا بھی انکشاف کیا ہے جس میں واقعہ معراج کا شرح وبسط کے ساتھ بیان کیا جاتا تھا۔ اس سلسلے میں انہوں نے کئی معراج ناموں کے حوالے بھی دیئے ہیں۔ صنف نعت کے تحقیقی مطالعات میں یہ پروفیسر طلحہ صاحب کا امتیاز ہے اور ان کی اولیات میں شامل ہونے کے لائق ہے کہ اس سے قبل نعتیہ شاعری کے ذیل میں 'معراج ناموں' کا ذکر کہیں اور نہیں ملتا۔ کتاب کا آخری حصہ اصل موضوع یعنی اردو کی نعتیہ شاعری کی طویل روایت پر مشتمل ہے جو کتاب کے تقریباً ۶۵/ صفحات پر مشتمل ہے۔ پروفیسر طلحہ صاحب کے مفصل بیانیہ سے موضوع کی وسعت اور جامعیت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ بنیادی طور پر یہ حصہ شمالی ہند میں اردو کی نعتیہ شاعری سے عبارت ہے جس میں سودا، درد، میر، مظہر جانجاناں، انشاء، مصحفی، نظیر، میر حسن، میر باقر آگاہ، علامہ شوق نیموی، ذوق، غالب، مومن، شاہ نیاز احمد بریلوی، الطاف حسین حالی، امیر مینائی، آسی غازیپوری، شاہ اکبر داناپوری، مولانا احمد رضا خاں بریلوی، علامہ اقبال، محمد علی جوہر، مولانا ظفر علی خاں، جوش ملیح آبادی، حسرت موہانی، علامہ قتیل داناپوری، علامہ جمیل مظہری، اختر شیرانی، شکیل بدایونی، عندلیب شادانی، ماہر القادری اور حفیظ بنارسی وغیرہ کے ساتھ کئی غیر مسلم شعراء کی نعت گوئی کے حوالے سے بھی پروفیسر طلحہ صاحب نے اس پورے عہد کی نعتیہ شاعری کا مفصل تجزیہ کیا ہے جس سے صنف نعت کے موضوعاتی تنوع کے ساتھ اس کے منفرد اسالیب بھی ابھر کر سامنے آ گئے ہیں۔

گلستان سخن محمودہ۔ نعتیہ شاعری کے حوالے سے 'گلستان سخن محمودہ' کا ذکر بھی ضروری ہے۔ یہ کتاب رابعہ عصر، بی بی محمودہ خاتون مجیبی پھلواروی قدس سرہا کے نعتیہ کلام کا مجموعہ ہے۔ اسی لئے اس کا ایک تاریخی نام 'گلستان سخن محمودہ معروف بہ تحفۂ خاتم المرسلین' بھی ہے۔ بی بی محمودہ خاتون پر مرتب کتاب پروفیسر طلحہ رضوی برق صاحب کا ایک مفصل اور جامع مقالہ اس کتاب کی افادیت اور جامعیت میں اضافہ کا سبب بنا ہے۔ اس مقالہ کے علاوہ بھی موضوع کی مناسبت سے کچھ اور بھی افادی چیزیں اس کتاب میں شامل ہیں۔ مثلاً کتاب کے پیش لفظ میں مرتب نے دبستان عظیم آباد کی طرف اشارہ کرتے ہوئے بہار کی خانقاہوں میں علمی وادبی روایت پر روشنی ڈالی ہے اور خاص طور پر خواتین کے شاعرانہ کمالات کا اعتراف کرتے ہوئے کئی ایسی خواتین کی مثالیں پیش کی ہیں جنہوں نے اپنی نعتیہ شاعری سے بہار میں نعت گوئی کے آفاق

کو وسیع تر کیا ہے۔انہی خواتین میں بی بی محمودہ خاتون بھی شامل ہیں جن کی نعتیہ شاعری کا جائزہ لینے سے قبل پروفیسر طلحہ صاحب نے ان کی حیات و خدمات پر تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔اس باب کا عنوان ہی ہے۔'بی بی محمودہ خاتون کی زندگی'۔اس باب میں بی بی محمودہ خاتون کی پیدائش،ان کی تعلیم و تربیت،شادی و اولاد اور اخلاق و عادات سے لے کر ان کی وفات تک کا احوال بیان کیا گیا ہے۔اور ضمناً ان کے خاندانی پس منظر کے حوالے سے خانقاہ مجیبیہ کے علمی و عرفانی ماحول کا بھی جائزہ لیا گیا ہے۔اس سلسلے میں اُن تذکروں اور کتابوں کے حوالے بھی دیئے گئے ہیں جس میں بی بی محمودہ خاتون کا ذکر کہیں مجمل اور کہیں تفصیل سے کیا گیا ہے۔ان کتابوں میں 'تذکرہ نسوان ہند' اور 'تذکرہ مسلم شعرائے بہار' اہم اور قابل ذکر ہیں۔بعد ازاں 'بی بی محمودہ خاتون کی نعت گوئی' کے زیر عنوان پروفیسر طلحہ صاحب نے صاحبہ کتاب کی نعت گوئی کا مفصل تجزیہ کرتے ہوئے نہ صرف ان کے امتیازات کو اجالا ہے بلکہ مختلف نعت گو شعرا سے ان کا موازنہ بھی کیا ہے۔نعت گوئی کے بنیادی موضوع اور ذات رسالت مآب ﷺ سے ان کی جذباتی وابستگی کو مختلف اشعار کے حوالے سے بیان کرتے ہوئے پروفیسر طلحہ صاحب نے نسبت قادریت کو اس کا امتیازی وصف قرار دیا ہے جس سلسلہ میں داخل ہونے کا انہیں شرف اور اعزاز حاصل تھا۔لسانی اور فنی اعتبار سے بھی پروفیسر طلحہ صاحب نے بی بی محمودہ خاتون کی نعت میں تازگی و برجستگی،سلاست و ترنم،سہل ممتنع،محاورات و ضرب الامثال کی رعایت نیز فارسی تراکیب کے برجستہ استعمال جیسے نکات کی نشاندہی کی ہے اور ان کے اشعار سے دلیلیں بھی پیش کی ہیں۔آخر میں حروف تہجی کے لحاظ سے بی بی محمودہ خاتون کی نعتوں کا انتخاب پیش کیا گیا ہے۔یہ کتاب ایک ایسے دور کا اہم حوالہ ہے جب خانقاہی روایات کے زیر اثر شاعرات بھی شاعری کی مختلف اصناف میں داد سخن بھی دے رہی تھیں اور اپنی انفرادیت کا جوہر بھی دکھا رہی تھیں۔

تجلیات قتیل۔جیسا کہ عنوان سے ظاہر ہے یہ کتاب پروفیسر طلحہ صاحب کے والد گرامی علامہ قتیل دانا پوری کا شعری مجموعہ ہے۔یہ کتاب طلحہ صاحب کے زیر اہتمام شائع ضرور ہوئی ہے لیکن انہوں نے اس پر کچھ لکھنے سے یا اس کتاب پر اظہار خیال کرنے سے گریز کیا ہے۔البتہ پیش لفظ کے طور پر خود علامہ قتیل کے قلم سے ایک مختصر سی تحریر ضرور شامل ہے جس میں انہوں نے اپنی ولادت،ولدیت،نسب،تلمذ،تاہل،معاش اور بیعت کا احوال بیان کیا ہے۔نیز تجلیات قتیل کے بارے میں لکھا ہے کہ یہ صرف غزلوں کا دیوان ہے۔اس کی تقریظ علامہ تمنا عمادی مجیبی پھلواروی نے لکھی ہے۔علامہ قتیل دانا پوری کی اس تحریر کے خاتمہ پر ۳؍مئی ۱۹۶۵ء کی تاریخ درج ہے۔یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ اس دیوان کی روشنی میں پروفیسر طلحہ صاحب کی ایک تنقیدی و تجزیاتی تحریر بھی اس کتاب میں شامل ہوتی تو بلا شبہ اس کتاب کی وقعت میں بھی اضافہ ہوتا اور کلام قتیل کی تفہیم میں بھی آسانی ہوتی۔

خورشید سحر۔یہ کتاب حضرت علامہ قتیل دانا پوریؒ کے فارسی کلام کا مجموعہ ہے جس کو پروفیسر طلحہ صاحب نے

ترتیب دے کر شائع کیا ہے۔آغاز میں پروفیسر حفیظ بنارسی، پروفیسر انیس امام اور پروفیسر علیم اللہ حالی وغیرہ نے حضرت قتیل کی فارسی شاعری کی خصوصیات اور امتیازات پر گفتگو کی ہے اور اتفاق رائے سے اس خیال کا اظہار کیا ہے کہ حضرت قتیل نے اگر چہ فارسی شعراء مثلاً حافظ وسعدی وغیرہ سے استفادہ کیا ہے اور ان کے اثرات بھی قبول کئے ہیں تاہم جلد ہی وہ ان کے اثر سے باہر نکل کر اپنا انفرادی رنگ و آہنگ قائم کرنے میں کامیاب ہوگئے۔حضرت قتیل کی فارسی شاعری کے حوالے سے خود پروفیسر طلحہ صاحب نے فارسی زبان میں ایک مقالہ لکھا ہے جو اس کتاب کی زینت ہے اور جس میں انہوں نے صائب تبریزی سے خاص طور پر حضرت قتیل کی اثر پذیری کی نشاندہی کی ہے اور اس سلسلے میں کئی اشعار بھی بطور مثال پیش کئے ہیں۔اس کے علاوہ انہوں نے حضرت قتیل کی فارسی شاعری میں عارفانہ جذبات واحساسات پر بھی اظہار خیال کیا ہے جو ان کے بقول، حضرت قتیل کی فارسی شاعری کا نشان امتیاز ہے۔موضوعات سے قطع نظر تشبیہات واستعارات اور دیگر فنی لوازمات کے ماہرانہ استعمال نے بھی کلام قتیل کو ایک نیا حسن بخشا ہے۔کلام قتیل کی تفہیم کے لئے پروفیسر طلحہ صاحب کے اس مقالے کا مطالعہ ناگزیر ہے۔

ضیاءالعروض۔علم عروض کے موضوع پر یہ کتاب بھی علامہ قتیل داناپوری کی تصنیف لطیف ہے جس کو پروفیسر طلحہ صاحب نے ترتیب دے کر شائع کیا ہے۔اپنے 'عرض مرتب' میں انہوں نے اس کتاب کا تصنیفی پس منظر بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ کتاب ۱۹۱۸ء میں لکھی گئی تھی اور یہ تاریخی نام بھی ہے کہ 'ضیاءالعروض' کے نام سے بھی یہی تاریخ نکلتی ہے۔انہوں نے یہ انکشاف بھی کیا ہے کہ علامہ قتیل داناپوری نے انگریزی میں اس موضوع پر ایک کتاب لکھی تھی جس کا عنوان ہے۔ Qateel's urdu prosody into English۔یہی کتاب طلحہ صاحب کے بقول، اردو قالب میں 'ضیاءالعروض' کے نام سے منظر عام پر آئی ہے۔کتاب کے مشمولات، فنی محاسن اور زبان وبیان پر روشنی ڈالتے ہوئے طلحہ صاحب نے لکھا ہے:

''علامہ قتیل نے عروض کے رموز وغوامض کی پردہ کشائی کی ہے اور بحور ودوایر بحور سے سادہ وسلیس زبان میں بحث کی ہے۔زبان وبیان کو خواہ مخواہ مزین، پُرتصنع اور بوجھل نہیں کیا ہے۔'' (کتاب ہذا۔ ص ۵)

فن عروض پر یہ ایک جامع کتاب ہے جس میں ارکان اور بحور، زحافات، تقطیع، اقسام بیت، قافیہ وردیف اور صنایع لفظی و معنوی کے ساتھ رباعی اور مثنوی کے بحروں کی تفصیلات بھی بیان کی گئی ہیں۔

Mysticism in our poetry ۔بنیادی طور پر تصوف اور صوفیانہ شاعری کے موضوع پر طلحہ صاحب کی یہ کتاب انگریزی میں صرف چار مقالات پر مشتمل ہے جو خود ان کے بقول، اشاعت سے قبل کلکتہ، مدراس اور الہ باد وغیرہ میں منعقد ہونے والے سیمناروں میں پیش کئے گئے تھے۔اپنے دیباچہ میں ان مقالات کا تعارف پیش کرتے

ہوئے طلحہ صاحب نے اس اہم نکتہ کی وضاحت کی ہے کہ کوئی ضروری نہیں کہ صوفیانہ انداز میں شاعری کرنے والا ہر شخص صوفی ہی ہو۔اس لئے کہ تصوف اور صوفیانہ شاعری دو الگ الگ چیزیں ہیں ۔ یہ یکجا بھی ہوسکتی ہیں اور نہیں بھی ہوسکتی ہیں۔لیکن اسی کے ساتھ یہ بھی حقیقت ہے کہ جب یہ دونوں چیزیں یکجا ہو جاتی ہیں یعنی صوفیانہ شاعری کرنے والا شخص واقعی صوفی بھی ہوتا ہے تو پھر اس کی شاعری کے اثر کی شدت میں بے پناہ اضافہ ہو جاتا ہے۔اس لئے کہ وہ دل سے نکلتی ہے اور براہ راست دل پر اثر کرتی ہے۔کتاب میں شامل چاروں مقالات کے عنوانات اگر چہ مختلف ہیں لیکن معنوی اعتبار سے یہ سب مل کر ایک اکائی یعنی تصوف ہی کی تکمیل کرتے ہیں۔اس کی طرف ڈاکٹر نذیر احمد نے بھی اپنے پیشگفتار میں اشارہ کیا ہے:

" The articles which form part of the present treatise though on differenttopicshavethesametheme,commominthem."

کتاب کا پہلا مقالہ شاعری میں تصوف وعرفان کے موضوع پر ہے جس کا عنوان ہے۔Mysticism in our poetry۔مصنف نے اس مقالے میں بنیادی طور پر اردو شاعری کے حوالے سے متصوفانہ عناصر کی نشاندہی کی ہے۔تاہم آغاز میں انہوں نے اس حوالے سے مولانا جلال الدین رومی،مرزا غالب اور علامہ اقبال کی فارسی شاعری کی طرف بھی اشارہ کیا ہے۔اردو شعراء میں انہوں نے خاص طور پر خواجہ میر درد،مرزا مظہر جانجاناں،آسی غازیپوری،بے نظیر شاہ وارثی،شاہ اکبر داناپوری اور اصغر گونڈوی وغیرہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے یہ ثابت بھی کیا ہے کہ ان سب نے صوفیانہ شاعری کو ثروتمند بنانے میں وہی کردار ادا کیا ہے جو فارسی میں حافظ،سعدی اور فرید الدین عطار وغیرہ نے کیا ہے۔

کتاب کے دوسرے مقالے کو جو اسلامی تصوف وعرفان کے موضوع پر لکھا گیا ہے، پہلے مقالے کی توسیع کہا جائے تو بیجا نہ ہوگا۔مقالے کے آغاز میں مصنف نے اسلام میں توحید کے تصور سے بحث کرتے ہوئے اس ذیل میں حضرت مخدوم جہاںؒ کے نظریات کا خاص طور پر حوالہ دیا ہے۔اس کے بعد اسلامی تصوف کے آغاز وارتقا کا جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے تصوف کی چند ایسی اہم کتابوں کا ذکر کیا ہے جنہوں نے متصوفانہ نظریات کو ایک مضبوط بنیاد فراہم کرنے میں مدد کی ہے۔مثلاً کتاب اللمع،آثارات التوحید،کشف المحجوب،فتوح الغیب،عوارف المعارف،مرصاد العباد،فوائد الفواد اور مکتوبات صدی وغیرہ۔آگے چل کر انہوں نے تصوف میں غیر اسلامی باطل نظریات کی تردید کرتے ہوئے اس کی اصل قرآن وحدیث کو قرار دیا ہے اور اس کا رشتہ اہل صفہ سے جوڑتے ہوئے اس کی مثالیں بھی دی ہیں۔اسی ذیل میں انہوں نے شریعت وطریقت کا موازنہ کرتے ہوئے عملی ونظری تصوف کی تکمیل کے لئے دونوں کو لازم وملزوم قرار دیا ہے۔تصوف کے مختلف سلاسل کے ذیل میں ان سلسلوں کے اہم ترین صوفیہ کا ذکر اس مقالے کا بہت اہم حصہ ہے جس میں اجمالی طور پر

تصوف کی گویا پوری تاریخ سمٹ آئی ہے۔اس سلسلہ میں عام طور پر چار معروف سلاسل کا ذکر کیا جاتا ہے لیکن پروفیسر طلحہ صاحب نے معروف و غیر معروف تقریباً ۲۵ رسلاسل کا ذکر کیا ہے جس سے اس موضوع پر ان کی گہری نگاہ کا پتہ چلتا ہے۔اصطلاحات تصوف کے ذیل میں مصنف نے وحدۃ الوجود اور وحدۃ الشہود کی بیحد متوازن انداز میں تعبیر وتشریح کی ہے۔آخر میں مرید و مرشد کے رشتوں کی کیفیات اور ان کے اصول وضوابط کے ذکر نے گویا عرفان وتصوف کے اس موضوع کی تکمیل کر دی ہے۔

کتاب کا تیسرا مقالہ حضرت مخدوم جہاں شیخ شرف الدین یحیٰی منیریؒ کے فلسفہ عشق و محبت پر مبنی ہے۔مقالے کے آغاز میں بہار میں تصوف کا پس منظر اور یہاں صوفیہ کی آمد کا ذکر کرتے ہوئے مصنف نے حضرت امام تاج فقیہ سے لے کر حضرت شہاب الدین پیر جگجوتؒ تک کی حیات اور کارناموں کا جائزہ لیا ہے۔بعد ازاں حضرت مخدوم جہاںؒ کی سوانح حیات بیان کرتے ہوئے ان کی تحریروں، خاص طور پر مکتوبات صدی کی روشنی میں ان کے نظریہ عشق کی صراحت کی ہے جس کی اساس قرآن وسنت پر ہے۔اس سلسلے میں مصنف کی صراحت اور تفصیلات سے یہ نکتہ ابھر کر سامنے آتا ہے کہ اگر واقعی کسی انسان میں عشق حقیقی کا جذبہ موجود ہے تو یہ جذبہ اس کو خدا اور سول کی پیروی کرنے پر مجبور کرے گا۔مصنف نے حضرت مخدوم جہاںؒ کے اس نظریہ کی روشنی میں یہ ثابت کیا ہے کہ سچی محبت انسان کو ابدی صداقت سے ہمکنار کرتی ہے۔وہ صداقت جو شریعت وطریقت دونوں کا امتزاج ہے۔انہوں نے اس ذیل میں عالم وصوفی کا موازنہ کرتے ہوئے اگرچہ ظاہری علما کی فضیلت کا اعتراف کیا ہے تاہم وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ ان کا دل اُس عشق اور درد وسوز سے خالی ہوتا ہے جس سے صوفیہ کا دل معمور ہوتا ہے اور یہی جذبہ انہیں علماء سے ممتاز کرتا ہے۔کتاب کا چوتھا اور آخری مقالہ بہار کے اولین صوفیہ کے ذکر پر مشتمل ہے جس کا عنوان ہے۔Early sufi poets of Bihar ۔اس مقالے میں مصنف نے مجموعی طور پر پندرہ صوفیہ کے حیات و کارناموں کا تفصیل سے جائزہ لیا ہے جس میں حضرت مولانا سید مظفر شمس بلخی، مخدوم سید احمد چرمپوش، مخدوم حسین نوشہ توحید بلخی، مخدوم احمد لنگر دریا، شاہ نور الحق تپاں، شاہ ظہور الحق عمادی، حضرت فرد پھلواروی اور شاہ امیر الدین ظلوم وغیرہ شامل ہیں۔چونکہ ان صوفیہ کرام میں سے بیشتر فارسی کے شاعر بھی تھے لہذا مصنف نے شاعری میں ان کے امتیازات اور محاسن کو بھی بیان کیا ہے۔

سجادہ نشینان بہار (مشائخ سخن پرداز) فارسی زبان میں لکھی گئی یہ کتاب، جو ایک مقدمہ چار فصلوں اور ایک خاتمہ پر مشتمل ہے، دراصل پروفیسر طلحہ صاحب کا وہ تحقیقی مقالہ ہے جس پر ۱۹۷۹ء میں پٹنہ یونیورسٹی نے انہیں فارسی زبان وادب میں ڈی لٹ کی سند سے نوازا تھا۔مصنف کے مقدمہ سے قبل جناب علی فولادی کے قلم سے ایک دیباچہ بھی شامل ہے جو اُس زمانے میں ایران کلچر ہاؤس، نئی دہلی میں کلچرل کاؤنسلر ہوا کرتے تھے۔دیباچہ میں انہوں نے ہندوستان میں فارسی

زبان وادب کی ترویج اشاعت میں صوفیہ کرام اور خانقاہوں کے اہم کردار کا تذکرہ کرتے ہوئے تصوف کے مختلف سلاسل کی تاریخ بھی بیان کی ہے اور اسی ذیل میں بہار کے صوفیہ کی تصنیفات وتالیفات کا حوالہ دیتے ہوئے پروفیسر طلحہ صاحب کی اس کتاب کی تحسین کی ہے جنہوں نے نہایت جامعیت کے ساتھ بہار کے صوفیہ کی علمی وادبی خدمات کا احاطہ کیا ہے۔ دیباچہ کے بعد خود مصنف نے اپنے مقدمہ میں اس کتاب کو تصوف کے مباحث کے علاوہ بہار میں صوفیہ کے ورود اور ان کے اہم کارناموں کا مفصل بیانیہ قرار دیا ہے جس میں خاص طور پر ان کی فارسی شاعری کو موضوع بحث بنایا گیا ہے۔ بعد ازاں کتاب کے مشمولات کو بیان کرتے ہوئے انہوں نے تاریخی اعتبار سے بہار کے مشائخ سخن پرداز کو دوادوار میں تقسیم کیا ہے جن کا تعلق بالترتیب ساتویں صدی سے دسویں صدی ہجری اور بارہویں صدی سے تیرہویں صدی ہجری تک ہے۔

فصل اول میں مصنف نے قرآن وحدیث اور صوفیہ کے اقوال کی روشنی میں تصوف کی تعریف اور مفاہیم نیز اس کے درجات کا مفصل بیان کیا ہے۔ اسی ذیل میں شریعت وطریقت کا موازنہ کرتے ہوئے دونوں کے امتیازات کو بھی واضح کیا ہے۔ پھر اصل صوفی کی علامتوں اور شناخت کو بیان کرنے کے بعد درویش، سالک، فقیر، عارف، مستان، قلندر، مجذوب، ابدال، غوث اور قطب وغیرہ کی بھی تعریف اور ان کی پہچان پر روشنی ڈالی ہے۔ بعدازاں بہار میں صوفیہ کی آمد کے بعد خانقاہوں کی تاسیس نیز یہاں مجلس سماع کی قدیم روایات کا تجزیہ کرتے ہوئے پروفیسر طلحہ صاحب نے اس موضوع پر لکھی ہوئی مختلف کتابوں پر بھی اظہار خیال کیا ہے۔ کتاب کا فصل دوم بہار میں اسلام کی اشاعت، صوفیہ کے ورود اور ان کے مختلف سلاسل کے بیان پر مشتمل ہے۔ اس ذیل میں مصنف نے امام تاج فقیہ سے لے کر بعد کے ادوار کی تاریخ پر مفصل روشنی ڈالتے ہوئے سلسلہ قادریہ، سہروردیہ، چشتیہ، فردوسیہ، نقشبندیہ، ابوالعلائیہ، شطاریہ اور مداریہ وغیرہ کے بزرگوں کی خدمات کا بھی جائزہ لیا ہے۔ کتاب کے تیسرے فصل میں بنیادی طور پر بہار میں تصوف کی اشاعت میں فارسی زبان کے اثرات کا جائزہ لیا گیا ہے اور اسی ذیل میں یہاں کے صوفیہ ومشائخ کے شعری ذوق کو بھی موضوع گفتگو بنایا گیا ہے۔ اس سلسلے میں مصنف نے یہاں کے بزرگوں کی تصانیف کی فہرست سازی بھی کی ہے جس میں حضرت مخدوم جہاں شیخ شرف الدین احمد یحیٰ منیریؒ، حضرت مخدوم احمد چرمپوش، مولانا مظفر شمس بلخی، مخدوم حسین نوشہ توحید بلخی، مخدوم احمد لنگر دریا، مخدوم شاہ شعیب، ملا وجیہ الحق، شاہ ابوالحسن فرد، حضرت عطا حسین فانی، شاہ ابوالحیات قادری، شاہ نورالحق تپاں، شاہ ظہورالحق ظہور، شاہ ابوتراب آشنا اور شاہ سلیمان چشتی پھلواروی وغیرہ کی کتابیں شامل ہیں۔ اسی فصل کے ایک ذیلی عنوان کے تحت مصنف نے قلب وروح پر شعر وموسیقی کے نفوذ واثرات کا جائزہ لیا ہے۔

کتاب کے چوتھے اور آخری فصل کا عنوان ہے 'آشنائی با برگزیدگان مشائخ سخن پرداز بہار'۔ اس فصل کو خود

مصنف نے اپنے مقدمہ میں 'مہم ترین و پُر حجم ترین فصل کتاب' قرار دیا ہے۔اور یہ صحیح بھی ہے کہ یہی باب کتاب کے مرکزی موضوع سے مناسبت اور راست تعلق رکھتا ہے۔اس فصل میں مصنف نے حضرت مخدوم سید احمد چرمپوشؒ سے لے کر سید شاہ نذیر الحق فائز تک مجموعی طور پر ۱۵ ارمشائخ کے کارناموں پر مفصل روشنی ڈالی ہے اوران کے شاعرانہ کمالات کا تجزیہ کیا ہے۔ان صوفیہ میں مولانا مظفر شمس بلخی، مخدوم احمد لنگر دریا، شاہ نور الحق تپاں، شاہ ابوالحسن فرد، شاہ علی حبیب نصر اور شاہ امین احمد ثبات وغیرہ شامل ہیں۔خاتمہ کتاب میں 'انتقاد و محاکمہ' کے زیر عنوان مصنف نے ان تمام مشائخ سخن پردازان بہار کی شاعری کا فکری وفنی تجزیہ کرتے ہوئے اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ اگر چہ انہوں نے شروع میں ایرانی شعراء کی پیروی تو کی تاہم بہت جلد اپنی راہ الگ کر کے اپنی منفرد شناخت بنائی اور فارسی شاعری میں خوداتنی مہارت حاصل کر لی کہ ان کے کلام کو آج ایرانی شعراء کے برابر رکھ کر دیکھا جائے تو فرق کرنا مشکل ہوگا۔

بہار میں تصوف کی تاریخ اور فارسی شاعری کے آغاز وارتقا پر بلا شبہ یہ کتاب مصنف کے وسعت مطالعہ اور اس موضوع پر ان کی قدرت ومہارت کا بہترین اشاریہ ہے۔اس کے علاوہ اس کتاب کو فارسی میں لکھ کر مصنف نے اہل ایران کے سامنے فارسی شاعری کے حوالے سے بہار کے امتیازات کو متعارف کرانے کا قابل قدر کارنامہ انجام دیا ہے۔

کشائش نامہ۔عہد شاہجہانی میں خواجہ راج کرن کایستھ کی لکھی ہوئی یہ فارسی کتاب، بنیادی طور پر ایک ناصحانہ تصنیف ہے۔گلستاں اور بوستاں کی طرح۔پروفیسر طلحہ صاحب نے اس کا سلیس اردو ترجمہ کیا ہے اور اپنے مقدمہ کے ساتھ اسے شائع کیا ہے۔اس کتاب کے مشمولات اور انداز واسلوب پر گفتگو کرتے ہوئے طلحہ صاحب نے اپنے طویل مقدمہ میں لکھا ہے:

''اس رسالے میں مختصر وطویل سات قصے اور حکایتیں بیان ہوئی ہیں۔بڑی عبرت انگیز، نتیجہ خیز اور سبق آموز۔صبر وتحمل، جدوجہد

حلم و بردباری، توکل وقناعت، شکر ورضا کی تعلیمات میں عالمانہ وحکیمانہ نکات کے ساتھ ساتھ اخلاقی قدروں کے تحفظ کو مدنظر رکھتے

ہوئے صوفیانہ انداز اور ناصحانہ لب ولہجہ اختیار کیا گیا ہے۔'' (کتاب ہذا۔ ص ۱۵)

مصنف کے انداز واسلوب کو طلحہ صاحب نے فارسی کی کتابوں شبنم شاداب اور مینا بازار سے مستعار قرار دیا ہے۔اس لئے کہ ان دونوں کتابوں کی طرح 'کشائش نامہ' بھی مرصع ومسجع اسلوب کا بہترین نمونہ ہے جس میں مصنف نے مغلق، نامانوس اور اغراق آمیز الفاظ کے استعمال سے گریز نہیں کیا ہے۔ایسی مشکل کتاب (اور وہ بھی غیر مطبوعہ) کا ترجمہ آسان کام نہیں ہے۔طلحہ صاحب نے یہ مشکل کارنامہ انجام دے کر کلاسیکی فارسی کے ساتھ مخطوطہ شناسی میں بھی اپنی قدرت ومہارت کا

ثبوت فراہم کیا ہے۔

مکتوبات جمالی۔ یہ کتاب دسویں صدی ہجری کے ایک معروف صوفی بزرگ حضرت شیخ مصطفیٰ عثمانی جونپوری کے۲۲؍مکاتیب کا مجموعہ ہے جوانہوں نے اپنے مریدین ومتوسلین کی رہنمائی کے لئے عرفان وتصوف اورشریعت وطریقت کے مختلف موضوعات پرانہیں لکھا تھا۔ پروفیسرطلحہ صاحب نے اس کتاب کا بھی سلیس اردو ترجمہ کیا ہے۔اگرچہ اصل فارسی متن میں کسی بھی مکتوب کا کوئی عنوان نہیں ہے۔تاہم اردو ترجمہ میں موضوع کی مناسبت سے عنوان دے دیا گیا ہے۔مثلاً تلاش مرشد،صفائے باطن،اتباع اصول طریقت،جذبہ خدمت خلق،عبادت درویش،برکت بیعت،احترام شیخ،طلب عشق،حسن ادب،خیال غیر،پرورش قلب اورانکشاف رازالٰہی وغیرہ۔ پروفیسرطلحہ صاحب نے'عرض مترجم' میں دیگرصوفیہ کے مکاتیب کے درمیان'مکتوبات جمالی کی انفرادیت اورامتیاز کوبھی اجالا ہے۔انہوں نے صاحب مکتوب کی سیرت و سوانح پربھی مختصراًروشنی ڈالی ہے۔لیکن جناب ابراررضا صاحب نے'مصنف کتاب:ایک نظرمیں' کے زیرعنوان حضرت شیخ مصطفیٰ عثمانیؒ کا جوحیات نامہ مرتب کیا ہے،اس میں آپ کی ولادت سے لےکرآپ کی تعلیم وتربیت،شادی واولاد،بیعت وخلافت،اسفار،جونپور سے پورنیہ نقل مکانی اورمعاصرعلماءوخلفاءکے تذکرے کے ساتھ آپ کی تصانیف کا بھی احاطہ ہوگیا ہے۔اس کے علاوہ ابرارصاحب نے صاحب مکتوب کے اسلاف واخلاف نیزخودان کی حیات وخدمات کا جائزہ لیتے ہوئے ایک طویل مقدمہ بھی لکھا ہے جس میں ان مکاتیب کے قلمی نسخے کی تفصیلات بیان کی گئی ہیں۔یہ مقدمہ حضرت شیخ مصطفیٰ عثمانیؒ کی علمی جلالت کے ساتھ ان کے مقدس خانوادے کی علمی وروحانی وراثت کوبھی روشن ومنورکرتا ہے۔کتاب کے آخرمیں فارسی متن بھی پیش کیا گیا ہے۔اس کواوراردوترجمہ کوسامنے رکھنے کے بعدترجمہ نگاری میں پروفیسرطلحہ صاحب کی قدرت ومہارت کا اندازہ ہوتا ہے کہ ان کے رواں اورسلیس ترجمہ کی وجہ سے ان مکاتیب کے مطالب ومفاہیم کی تفہیم بھی آسان ہوگئی ہےاورکہیں پرترسیل کا کوئی مسئلہ بھی پیش نہیں آتا۔

مجمع البحرین۔ پروفیسرطلحہ صاحب کے تراجم میں'مجمع البحرین' کےاردوترجمہ کوبایں اعتبارنہایت اہمیت حاصل ہے کہ تصوف کےاسرارورموزاورمذہب وعقائد کے پیچیدہ مسائل اوراصطلاحات کواردو کے قالب میں ڈھالنا آسان نہیں تھا۔خاص طورپراس لئے بھی کہ اس کتاب میں داراشکوہ نے فلسفہ

ادیان کی روشنی میں دین وعقائد کے ادق مسائل کوویدک دھرم کے عقائد سے مطابقت پیدا کرنے کی کوشش کی ہے۔کتاب کے ان مطالب ومفاہیم کی طرف اشارہ کرتے ہوئے خودمترجم نے اعتراف کیا ہے کہ مصنف ہرباب میں کامیاب نہیں ہوسکےاورمفروضات کی الجھنیں برقرار رہیں۔(کتاب ہذا۔ص ix)اپنے مقدمہ کے آغاز میں پروفیسرطلحہ صاحب نے دورمغلیہ خاص طورپرعہدشاہجہانی کی خوشحالی اوراعجازرنگ تعمیرات کا ذکر کیا ہے۔بعدازاں داراشکوہ کی

شخصیت ،اس کے علمی کارناموں اور ہندومت سے اس کی دلچسپی پر روشنی ڈالتے ہوئے انہوں نے اس کی تصانیف سکینۃ الاولیا اور سفینۃ الاولیا کا جائزہ لیا ہے جو دارا شکوہ کی علمی شخصیت کا حوالہ اور شناسنامہ بن چکی ہیں۔اس ترجمہ کے بارے میں وضاحت کرتے ہوئے مترجم نے یہ اطلاع بھی دی ہے کہ انہوں نے یہ ترجمہ مجمع البحرین کے اُس مطبوعہ نسخہ سے کیا ہے جو جناب محمد محفوظ الحسن صاحب کے انگریزی ترجمہ کے ساتھ کلکتہ سے ۱۹۲۸ء میں شائع ہوا تھا۔مقدمہ میں کتاب کا مختصر تعارف تو ہے لیکن مترجم نے اس کا مبسوط جائزہ نہیں لیا ہے۔البتہ اسے ایک تحقیقی کارنامہ قرار دیتے ہوئے دارا شکوہ کی زبان دانی اور وسعت مطالعہ کا اعتراف ضرور کیا ہے۔(کتاب ہذا۔ص x)

کتاب کے آغاز میں دارا شکوہ کے پیش لفظ کا بھی ترجمہ 'عرض مصنف' کے عنوان کے تحت کیا گیا ہے جس میں دارا شکوہ نے ہندومت سے اپنی دلچسپی اور قوم ہنود کے کاملین اور محققین کی صحبتوں سے مستفیض ہونے کا اعتراف کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اللہ کے عرفان اور حق کی شناخت میں ان کے ساتھ سوائے لفظی اختلاف کے اور کوئی فرق نہیں پایا۔اس جہت سے میں نے دونوں فرقوں کے نظریہ وعقیدہ میں مطابقت پیدا کی نیز بعض باتوں کو جو طالبان حق کے لئے جاننا ضروری اور مفید ہیں، یکجا کر کے ایک رسالہ مرتب کر دیا۔(ص xii) یہ کتاب مجموعی طور پر ۲۲/ابواب پر مشتمل ہے جس میں عالم ارواح،عوالم اربعہ،نور اور رویت،اسماء الٰہی،نبوت و ولایت،عالم برزخ،قیامت،آسمان و زمین،کائنات اور حواس وشغل جیسے علمی ومتصوفانہ موضوعات سے بحث کی گئی ہے۔ترجمہ کی زبان بیحد رواں،سلیس اور بامحاورہ ہے جس کے سبب نہایت گہرے اور پیچیدہ معانی ومفاہیم کی تفہیم بھی آسان ہوگئی ہے۔

شایگاں۔نثری تصانیف کے علاوہ پروفیسر طلحہ صاحب کی کئی شعری کتابیں بھی منظر عام پر آ چکی ہیں۔شایگاں بھی ان کا شعری مجموعہ ہے جس کا غالب حصہ غزلوں پر مشتمل ہے۔ان کی غزلیہ شاعری میں حزن والم کی کیفیت مطالعہ و مشاہدہ سے گزر کر ذاتی تجربے کی سطح پر ابھر کر سامنے آئی ہے۔اسی لئے ان کی غزلوں میں بے پناہ تاثر پیدا ہو گیا ہے۔برق کی ان حزنیہ تجربات کی یہ تصویریں دیکھئے ؎

ان آنکھوں سے خون بہے ہیں تم کو کیا معلوم　　دل پر کیا کیا زخم سہے ہیں تم کو کیا معلوم

کسی کی ایسی بھی پروردگار گزری ہے تمام عمر مری سوگوار گزری ہے، پروفیسر طلحہ رضوی برق صاحب ایک ایسے خانوادے سے تعلق رکھتے ہیں جس نے ایک طرف اسلامی اقدار کو پامال ہونے سے بچایا ہے تو دوسری طرف فارسی زبان و ادب کی تہذیب وتطہیر بھی کی ہے۔فارسی زبان وادب سے قلبی وابستگی کی وجہ سے ہی ان کی شاعری میں فارسی تراکیب و محاورات کا استعمال بھی دیکھنے کو ملتا ہے ؎

متاع جرأت دل وقف یک نگاہ کرم　　وجود بے سروساماں رہین ملک عدم

تاہم ان کے مجموعہ میں ایسے اشعار کی تعداد کم ہے۔مجموعی طور پر ان کا نداز بیان رواں، سادہ اور سلیس ہے۔اس اسلوب میں ان کے اشعار نہایت دیدہ زیب، دلکش اور متاثر کن ہیں۔مثلاً ۔

لطف و کرم کہ جور و ستم دیکھتے رہے ہم آپ کو خدا کی قسم دیکھتے رہے

یوں یاد تری دل کو چھوتی ہوئی گزری ہے جیسے کبھی غربت میں یاد آئے وطن اپنا

برق روایت کے ساتھ بہت دور تک گئے ہیں۔تاہم انہوں نے اپنے دور کی ترجمانی سے آنکھیں بھی نہیں چرائی ہیں۔عصری حسیت ان کی شاعری میں فیشن کی سطح پر نہیں برتی گئی ہے بلکہ روایت کے احترام کے ساتھ دور حاضر کی کرب زدہ زندگی کی تصویر کشی انہوں نے نہایت خلوص اور فنکارانہ مہارت کے ساتھ کی ہے۔ برق کے یہ اشعار ہمیشہ ان کے قلبی سوز و گداز کی گواہی دینگے ۔

لگا کے درد کا پیوند اوڑھتے رہئے بنی ہے زندگی آج اک عذاب کی چادر

رہ حیات پہ انبوہ کس مپرساں ہے کسے غرض کہ تمہیں ہٹ کے راستہ دے گا

غزل کے علاوہ نظمیں اور رباعیاں بھی اس مجموعہ کی زینت ہیں۔لیکن برق کی شاعری کا اصل جوہر ان کی غزلوں میں ہی کھلتا ہے جس میں سوز و گداز قلب کے ساتھ عصری حسیت کی بھرپور ترجمانی ہوئی ہے۔روایت کے سانچے میں جدید انداز فکر کو ڈھال کر برق نے قدیم و جدید کا حسین آمیزہ تیار کر دیا ہے۔

شایع نظمیں۔ پروفیسر طلحہ رضوی برق صاحب کا یہ نظمیہ مجموعہ 'شایع نظمیں' ان کے شاگرد عزیز سید التفات امجدی نے ترتیب دے کر شائع کیا ہے جس کے عنوان سے مادہ تاریخ بھی نکلتی ہے۔یعنی ۱۴۳۱ھ۔متنوع موضوعات پر طلحہ صاحب کی یہ تاثراتی نظمیں مختلف اخبارات و رسائل میں موقع و محل کی مناسبت سے شائع بھی ہوتی رہی ہیں جس کا زمانہ دہائیوں پر محیط ہے۔ان موضوعاتی نظموں میں مختلف افراد کے تہنیت و استقبال کے موقع پر کہی گئی نظموں کے علاوہ مختلف رسائل کے رسم اجراء، مختلف افراد کے سانحہ ارتحال اور مختلف بزرگوں کی شان و منقبت میں کہی گئی نظمیں شامل ہیں۔ان نظموں کے تجزیہ پر مشتمل ڈاکٹر ظفر کمالی صاحب کا ایک مفصل مقالہ اس کتاب میں دیباچہ کی صورت میں شامل ہے جس میں انہوں نے ان تمام موضوعاتی نظموں کے حوالے سے طلحہ صاحب کے رفعت تخئیل اور فنی کمالات کا جائزہ لیا ہے۔

اربعین۔ پروفیسر طلحہ صاحب کی ایک شناخت نعت گو شاعر کی حیثیت سے بھی رہی ہے۔ یہ کتاب ان کی چالیس منتخب نعتوں کا مجموعہ ہے جس کا مفصل جائزہ ڈاکٹر مفتی امجد رضا امجد نے اپنے گرانقدر مقالے میں لیا ہے جو اس کتاب میں تقریظ کی صورت میں شامل ہے۔مقالے کے آغاز میں انہوں نے اردو میں نعتیہ شاعری کی بیحد پاکیزہ اور ثروتمند روایت پر روشنی ڈالی ہے۔اس ذیل میں انہوں نے پروفیسر طلحہ صاحب کی نعت گوئی کی امتیازی خصوصیات بھی بیان کی ہیں نیز ان

کی قادرالکلامی، فنی مہارت اور اسلامی مآخذ سے ان کی معرفت و آشنائی کی طرف بھی اشارہ کیا ہے۔ان کے بقول:

طلحہ رضوی برق کی نعتیہ شاعری میں فکری بلندی، ندرت مضامین، شوکت الفاظ، زور بیان اور جدت ادا کے ساتھ عشق کی سرمستی و جاں

سپردگی سب کچھ موجود ہے۔' (اربعین۔ ص ۱۶)

عنبر سارا۔ حمد و نعت اور منقبت پر مشتمل پروفیسر طلحہ صاحب کا یہ مجموعہ جناب سید ابوذر سعد رضوی نے ترتیب دے کر شائع کیا ہے اور اس کاوش میں ڈاکٹر سید شاہ بلال رضوی کے فرزند سید محمد علی رضوی چشتی نظامی کے مخلصانہ تعاون کا اعتراف کیا ہے۔اگرچہ انہوں نے اس انتخاب کلام پر اپنی طرف سے کچھ اظہار خیال نہیں کیا ہے تاہم انہوں نے یہ کوشش ضرور کی ہے کہ اس انتخاب میں رسول اکرم ﷺ کی حیات، سیرت مبارکہ اور اسوۂ حسنہ کے تمام مقدس گوشے سامنے آسکیں اور ان کی اس کامیاب کوشش سے نعت و منقبت کے اس یکرنگ مجموعہ میں ہفت رنگی اور قوس قزح کی سی کیفیت پیدا ہوگئی ہے۔

شہاب سخن۔ یہ پروفیسر طلحہ رضوی برق صاحب کی رباعیوں کا مجموعہ ہے۔ بہار میں فن رباعی کے ماہرین میں طلحہ صاحب کا شمار صف اول میں ہوتا ہے۔وہ نہ صرف رباعی کے فن اور اس کے اوزان پر ماہرانہ دسترس رکھتے ہیں بلکہ رباعی کی بحر میں اُن مخصوص موضوعات پر رباعی کہنے پر بھی قدرت رکھتے ہیں جو موضوعات رباعی کی پہچان بن چکے ہیں۔مثلاً اخلاقی تعلیمات، مصلحانہ جذبہ کے ساتھ انسانیت کا پیغام اور صوفیانہ خیالات کا اظہار وغیرہ۔ پروفیسر طلحہ رضوی برق کی رباعی نگاری کے حوالے سے پروفیسر ڈاکٹر سید وحید اشرف کچھوچھوی نے ایک مبسوط مقالہ لکھا ہے جو بطور تقریظ اس کتاب میں شامل ہے۔اپنے سیر حاصل تجزیہ میں پروفیسر طلحہ صاحب کی فکری جہات اور فنی امتیازات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے انہوں نے لکھا ہے کہ وہ پرانی قدروں کے امین ضرور ہیں، لیکن ان کی رباعیاں اظہار کی تازگی رکھتی ہیں۔اس کے علاوہ ان رباعیوں میں اسلامی تعلیمات اور آیات قرآنی کے استعمال نے پُرتاثیر کشش پیدا کردی ہے۔دیگر رباعی گو شعراء کی مانند طلحہ صاحب نے بھی اپنی رباعیوں سے اصلاح کا کام لیا ہے۔

پروفیسر وحید اشرف صاحب کی تقریظ کے بعد 'رباعیات برق' کے عنوان سے ڈاکٹر سید عبداللہ عباس ندوی کا بھی ایک مفصل مقالہ اس کتاب کی زینت ہے جس میں انہوں نے ان کے فکر و فن کی وضاحت کرتے ہوئے لکھا ہے:

''ان کی رباعیوں میں اگر ایک طرف قدرت کلام اور قوت تعبیر جلوہ گر ہے۔فن کی باریکیاں اور موضوع سخن کے لحاظ سے الفاظ کا انتخاب اور حسن تلاش نمایاں ہے تو دوسری طرف دعوت و اصلاح اور فرد و معاشرہ کی تربیت کا پہلو بھی لفظ لفظ سے آشکارا ہے۔'' (کتاب ہذا۔ ص ۱۱)

کتاب میں شامل یہ دونوں مقالات طلحہ صاحب کی رباعیوں کی تفہیم میں بیحد معاون ہیں۔بطور نمونہ ان کی ایک رباعی ملاحظہ ہو ؎

یہ کس نے کہا تم سے کہ راہب ہو جاؤ یا صرف اس دنیا کے طالب ہو جاؤ
سنت ہے دعائے حسنات دارین کیا بات ہے گر نفس پہ غالب ہو جاؤ

مناصب التواریخ۔فن رباعی کی طرح تاریخ گوئی کے فن پر بھی پروفیسر طلحہ صاحب کو ماہرانہ قدرت حاصل ہے جس کا بہترین نمونہ ان کی کتاب 'مناصب التواریخ' ہے۔اس کا مختصر تعارف پیش کرتے ہوئے خدا بخش لائبریری کے سابق ڈائرکٹر ڈاکٹر امتیاز احمد صاحب نے اپنے 'حرف آغاز' میں لکھا ہے کہ قطعات تاریخ کا یہ مجموعہ دو سو سے زائد قطعات پر مشتمل ہے جس کا تعلق اہم واقعات سے ہے اور اسی لئے اس مجموعہ کو انہوں نے بجا طور پر بہار کی علمی وتہذیبی تاریخ کا ایک اہم مأخذ قرار دیا ہے۔کتاب کے مرتب ڈاکٹر سلمان دانش نے اپنے 'عرض مرتب' میں اطلاع دی ہے کہ اس سے قبل ان کے برادر محترم نے طلحہ صاحب کے چالیس منتخب فارسی قطعات تاریخ بعنوان 'چہل قطعہ تاریخ' شائع کر چکے ہیں۔کتاب کا پیشگفتار ڈاکٹر سید شاہ بلال رضوی انجم کے قلم سے ہے جس میں تاریخ گوئی کے فن اور اردو، فارسی میں اس کی روایت پر مختصراً روشنی ڈالتے ہوئے اس فن میں پروفیسر طلحہ صاحب کے امتیازات اور ان کی قدرت ومہارت کو مثالوں کے ساتھ صراحت سے بیان کیا ہے۔نیز اس فن کے ماہرین کی اُن آراء کو بھی نقل کیا ہے جس میں طلحہ صاحب کی ژرف نگاہی اور برجستگی جیسی خصوصیات کا اعتراف کیا گیا ہے۔ان میں علامہ ناوک حمزہ پوری کا بھی اعترافیہ شامل ہے جو خود فن تاریخ گوئی میں اپنی نظیر نہیں رکھتے۔کتاب میں شامل بیشتر قطعات تاریخ وفیات سے متعلق ہیں۔ان وفات پانے والی شخصیات میں علماء بھی ہیں،صوفیہ بھی ہیں، اردو فارسی ادبیات کے اساتذہ بھی ہیں،ادباء وشعراء بھی ہیں اور سیاسی شخصیات بھی ہیں۔مثلاً شاہ حامد حسین،ایوب ابدالی،شاہ صبیح الحق عمادی،شاہ فرید الحق عمادی،شاہ امان اللہ قادری،شاہ قایم رضوی،شاہ علی شطاری،شاہ قسیم الدین بلخی،شاہ عنایت اللہ فردوسی،شاہ ابوالمکارم،سرکارکلاں شاہ مختار اشرف،شاہ عاشق حسین،شاہ محمد رضوان اللہ قادری،شاہ برہان الدین ابوالفیاضی،سید شاہ نور الدین احمد فردوسی،علامہ ارشد القادری،شاہ فرد الحسن فرد قادری،پروفیسر کلیم الدین احمد،پروفیسر وہاب اشرفی،پروفیسر محمد صدیق،شاہ عطاء الرحمٰن عطا کاکوی،پروفیسر حفیظ بنارسی،شاہ عبد اللہ عباس ندوی،پروفیسر مختار الدین آرزو،رمز عظیم آبادی اور غلام سرور وغیرہ۔وفیات کے بعد قطعات تاریخ کا دوسرا بڑا حصہ مختلف کتابوں کی طباعت واشاعت کی تاریخ پر مشتمل ہے۔اس کے علاوہ مختلف مسرت انگیز مواقع پر لکھے گئے تہنیتی قطعات تاریخ بھی اس کتاب کی زینت ہیں۔ان پُر مسرت مواقع میں شادی بیاہ،یا کسی کے یہاں ولادت یا پھر کسی کو پروانہ تقرری ملنے جیسے مواقع شامل ہیں۔

پروفیسر طلحہ صاحب کے قطعات تاریخ میں موضوعات کا تنوع ہے۔لیکن روانی اور برجستگی سب کی یکساں خصوصیت ہے۔خاص طور پر وفاتیہ قطعات میں وہ متعلقہ شخصیات کے ذاتی اوصاف وکمالات کا نقشہ اتنی مہارت سے کھینچتے ہیں کہ وہ شخصیت اپنے تقدس اور پاکیزگی سمیت آئینہ بن کر سامنے آ جاتی ہے۔بخوف طوالت مثالوں سے گریز کر رہا ہوں۔باذوق حضرات اصل کتاب سے رجوع کر کے لطف اندوز ہو سکتے ہیں۔تاریخ گوئی میں پروفیسر طلحہ صاحب کی اس امتیازی صفت کا ایک بڑا سبب یہ بھی ہے کہ ان میں سے بیشتر شخصیات سے ان کے ذاتی مراسم رہے ہیں۔لہذا ان کے تاثرات میں مطالعات کے ساتھ ان کے مشاہدات کا بھی وافر حصہ دکھائی دیتا ہے۔ایک طرف بزرگوں کے قطعات تاریخ میں عظمت واحترام کے الفاظ کے ساتھ عقیدت مندانہ جذبات کی آمیزش ہے تو دوسری طرف عزیزوں کے تہنیتی قطعات میں شفقت آمیز الفاظ اور دعائیہ انداز نے ان قطعات میں ہفت رنگی کے ساتھ اثر کی شدت بھی پیدا کر دی ہے۔فن تاریخ گوئی میں پروفیسر طلحہ صاحب کے قدرت وتسلط کو دیکھتے ہوئے علامہ ناوک حمزہ پوری کی یہ رائے صد فی صد درست معلوم ہوتی ہے:

''آپ نے (پروفیسر طلحہ صاحب نے) کیا اردو اور کیا فارسی ہر دو زبان میں بے شمار تاریخیں رقم کی ہیں اور مجھے کہنے دیجئے کہ فی البدیہہ، برجستہ اور حسب حال تاریخ گوئی میں میری نظر میں موصوف کا ہمسر کوئی دوسرا نہیں۔'' (کتاب ہذا۔ ص ۲۰)

سہرے ہی سہرے۔جیسا کہ نام سے ظاہر ہے یہ کتاب شادیات اور نکاح وازدواج کے پُرمسرت موقع پر کہے گئے تہنیتی سہروں پر مشتمل ہے جس کو پروفیسر طلحہ صاحب کی دختر ڈاکٹر قدسیہ فاطمہ ضیاء نے ترتیب دے کر شائع کیا ہے۔کتاب کے آخر میں چند رخصتی نامے بھی ہیں جنہیں سہرا نگاری ہی کا ایک جز و سمجھا جانا چاہئے۔سہرا نگاری کو اردو ادب میں باقاعدہ صنف کا درجہ نہیں دیا گیا۔بلکہ صنف کا درجہ دینا تو کجا، اس قسم کی شاعری کو قابل اعتنا بھی نہیں سمجھا گیا۔حالانکہ اس کی افادیت، قدر وقیمت نیز اس کی انفرادی حیثیت سے یوں انکار نہیں کیا جا سکتا کہ اس میں پورے خاندان کے لوگوں کے تذکرے کے علاوہ نوشہ سے سب کے رشتوں کی صراحت بھی ہو جاتی ہے۔اس نقطہ نگاہ سے دیکھا جائے تو شاعری کی کسی اور صنف میں یہ خصوصیت نظر نہیں آتی۔ہاں یہ ضرور ہے کہ سہرا نگاری وقتی نوعیت کی شاعری ہے اور شاید اسی لئے وقت گزرنے کے ساتھ زمانے سے اس کا ربط وارتباط ختم ہو جاتا ہے۔

اس کتاب میں پروفیسر طلحہ صاحب نے اپنے فرزندوں کے علاوہ عزیز واقارب اور احباب کے فرزندوں کی شادی خانہ آبادی کے موقع پر تہنیتی سہرا لکھ کر اپنی مسرت کا اظہار کیا ہے اور زوجین کو دعائیں بھی دی ہیں۔بظاہر یہ کتاب بھی سہروں کی عام کتاب کی طرح نظر آتی ہے۔لیکن اس کو دیگر کتابوں سے جو چیز ممتاز کرتی ہے وہ کتاب کے آغاز میں 'سہرا

نویسی' کے زیر عنوان خود پروفیسر طلحہ صاحب کا ایک مبسوط مقالہ ہے۔ یہ مقالہ پروفیسر طلحہ صاحب کی اولیات میں محسوب ہونے کے قابل ہے کہ اس میں پہلی بار اردو شاعری میں سہرا نگاری کی روایت نیز اس کے لوازمات مثلاً مقنع وغیرہ کے پس منظر پر تفصیل سے روشنی ڈالی گئی ہے، اس کے فنی محاسن بیان کئے گئے ہیں اور بطور مثال مختلف سہروں کے چند خوبصورت اور بہجت آمیز اشعار بھی درج کئے گئے ہیں جو ان کے والد محترم حضرت قتیل دانا پوریؒ اور ان کے جد گرامی حضرت شاہ اکبر دانا پوریؒ کی فکر کے زائیدہ ہیں۔

پروفیسر طلحہ رضوی برق کا شمار عظیم آباد کے اُن فارسی اساتذہ میں ہوتا ہے جن کی کُل کائنات کو سمیٹنا دوسروں کے لئے تو کیا خود ان کے لئے بھی اب ممکن نہیں ہے۔ حالانکہ ان کے خانوادے کے ذی علم افراد اور ان کے چند عزیز تلامذہ نے ان کے علمی و ادبی کارناموں کو یکجا کرنے کی کوشش کی ہے اور اپنی اس کوشش میں وہ بہت حد تک کامیاب بھی رہے ہیں۔ پروفیسر برق کی حیات و خدمات پر میری یہ حقیر سی خامہ فرسائی انہی لوگوں کی کاوشوں سے استفادہ کا نتیجہ ہے۔ تاہم اس اعتراف کے باوجود محرومی کا یہ احساس بھی اپنی جگہ ہے کہ تلاش بسیار کے بعد بھی ان کی بعض کتابوں اور مضامین و مقالات تک ہماری رسائی نہ ہوسکی اور یہ جان کر مزید افسوس ہوا کہ ان کی بعض تخلیقات اب تک تشنۂ طبع ہیں۔ مثلاً آئینہ تصوف (ان کی ڈی لٹ کی تھیسس کا اردو روپ) منتشرات (نظمیہ مجموعہ) اور درر نظامی کے بارے میں ان کے خاندانی ذرائع نے بتایا کہ یہ کتابیں ابھی زیر طبع ہیں۔ اس کے علاوہ انہوں نے دانا پور کے شعرا کا تذکرہ بھی ترتیب دیا تھا اور آستانہ چشتیہ نظامیہ کی تاریخ بھی لکھی تھی۔ یہ کتابیں بھی غالباً شائع نہیں ہوسکیں۔ اسی طرح ان کے ایسے مضامین کی کوئی مکمل اور حتمی فہرست بھی دستیاب نہیں ہے جو مختلف رسائل میں بکھرے پڑے ہیں اور ان کے کسی مجموعے میں شامل نہیں ہیں۔ ایسے ہی مضامین میں حافظ شمس منیری پر ان کا وہ مبسوط مقالہ بھی شامل ہے جو رسالہ 'زبان و ادب' پٹنہ کی زینت بنا۔ (جنوری۔فروری، ۲۰۰۷ء) اور جس میں انہوں نے شمس منیری کی حیات و خدمات اور ان کے شعری کارنامے کا مفصل جائزہ لیا ہے۔ اسی طرح ریڈیو سے نشر ہونے والے ان کے وہ بے شمار مقالات بھی ہوا کے دوش میں تحلیل ہو کر کہیں گم ہو چکے ہیں جن کے عنوانات کی فہرست بھی مرتب ہو کر سامنے نہیں آسکی ہے۔ ایک اطلاع کے مطابق، ۱۹۶۷ء سے ریڈیو پر ان کے مقالات کا نشریہ جاری ہے۔ سوچئے کہ نصف صدی سے بھی زیادہ اس مدت میں کیسے کیسے گوہر گرانمایہ زمانے کی گرد میں گم ہوئے ہونگے۔ افسوس! اس کے علاوہ ملک اور بیرون ملک میں منعقد مختلف سیمیناروں اور کانفرنسوں میں آپ نے جتنے مقالات پیش کئے ہیں، ترتیب کے ساتھ ان کی بھی کوئی فہرست دستیاب نہیں ہے کہ کس کانفرنس میں کس موضوع پر آپ نے مقالہ پیش کیا اور ان میں سے کتنے مقالات آپ کے مجموعہ مضامین میں شامل ہوئے اور کتنے شامل ہونے سے رہ گئے۔ مستقل کتابوں اور تصانیف کے علاوہ پروفیسر طلحہ صاحب کی متفرق تخلیقات مختلف 'انتخابات' میں بھی شامل ہوئی

ہیں۔ان میں سے بعض کو دیکھنے کی سعادت مجھے حاصل ہوئی اور بعض کے بارے میں صرف اطلاع پر اکتفا کرنا پڑا۔مثلاً ڈاکٹر محمد صدر عالم صدیقی نے 'بیسویں صدی کے چند شعرائے دانا پور' کے موضوع پر ایک تحقیقی مقالہ لکھا ہے جس پر انہیں ویر کنور سنگھ یونیورسٹی (آرہ) کی جانب سے پی ایچ ڈی کی سند تفویض ہوئی۔یہ مقالہ کتابی شکل میں بھی شائع ہو چکا ہے۔شعرائے دانا پور کے ذیل میں سب سے آخر میں انہوں نے پروفیسر طلحہ صاحب کی شخصیت اور فن پر روشنی ڈالتے ہوئے ان کی شعری خدمات کا تفصیل سے جائزہ لیا ہے اور ان کے مختلف شعری مجموعوں کے حوالے سے مختلف اصناف سخن پر ان کی قدرت وتسلط کی مثالیں پیش کی ہیں۔اس کے علاوہ 'بہار کے چند نامور شعرا' کے نام سے ڈاکٹر منصور عمر اور ڈاکٹر مظفر مہدی نے بھی ایک کتاب ترتیب دی ہے جس میں پروفیسر طلحہ صاحب کو شامل کیا گیا ہے۔اسی قسم کا ایک انتخاب 'سنگ میل' کے نام سے بہت پہلے ۱۹۷۱ء میں صبا اکرام اور فیروز نے ترتیب دے کر شائع کیا تھا جس میں علیم اللہ حالی اور نسیم محمد جان کی تخلیقات کے ساتھ پروفیسر طلحہ صاحب کی غزلوں اور نظموں کا انتخاب بھی شامل کیا گیا ہے۔طلحہ صاحب کے اس شعری انتخاب پر اظہار خیال کرتے ہوئے مرتبین نے لکھا ہے:

''ڈاکٹر طلحہ رضوی برق کی شاعری میں نفیس کلاسیکی لہجہ اور لفظوں اور مصرعوں کی سجاوٹ ملتی ہے۔انہوں نے اردو شاعری کی خوبصورت روایات کی توسیع کی ہے۔ان کی شاعری اس امر کی دلیل ہے کہ نئے جذباتی تجربوں اور عصری شعور کا پرانے لباس فن میں بھی بھرپور طور پر اظہار ممکن ہے۔دوسری طرف ان کی آزاد اور اشاریت کی حامل نظمیں جدید شعری طرز اظہار پر ان کی قدرت ومہارت کی نمائندہ ہیں۔'' (کتاب ہذا۔ ص ۸)

ان کتابوں اور مضامین ومقالات کی عدم دستیابی یا عدم اشاعت پر محرومی کا احساس تب اور فزوں ہو جاتا ہے جب ہم دیکھتے ہیں کہ فارسی زبان میں لکھے گئے ان کے ایسے مقالات کا قیمتی سرمایہ بھی مرتب نہ ہو سکا جو ہندوستان، پاکستان اور ایران کے معتبر فارسی رسائل وجرائد میں شائع ہو کر مقبول ہو چکے ہیں۔مثلاً نخستین شاعر فارسی گوی بہار (مطبوعہ بیاض، دہلی) رباعیات نیا یوشیج (مطبوعہ قند پارسی، دہلی) تجرید وتفرید در شعر مظفر بلخی (مطبوعہ دانش، اسلام آباد) زبان فارسی وارا کین اہل تصوف در بہار (مطبوعہ آشنا، تہران) وغیرہ۔عظیم آباد کے فارسی اساتذہ میں ایسی کثیر الجہت شخصیت کی نظیر کم ملے گی جو بیک وقت محقق بھی ہو اور ناقد بھی۔شاعر بھی ہو اور مبصر بھی۔تقریظ نگار بھی ہو اور مترجم بھی۔ماہر عروض بھی ہو اور تاریخ گو بھی۔اردو اور فارسی کے قدیم وجدید ادب کا بھی رمز شناس ہو اور فارسی کی صوفیانہ شاعری کے منظر وپس منظر کا تجزیہ نگار بھی۔پروفیسر طلحہ صاحب کی ان تمام جہات پر الگ الگ تحقیقی وتنقیدی مضامین لکھے جائیں تو شاید ان کی علمی وادبی شخصیت کا کچھ حق ادا ہو سکے۔یہ مضمون تو صرف ایک ہلکا سا اشاریہ ہے اور بس!

منابع

۱۔نقدو سخن۔ڈاکٹرطلحہ رضوی برق۔ناشر:دانش اکیڈمی،ملکی محلّہ آرہ۔اشاعت اول۔۱۹۸۲ء
۲۔اردو کی نعتیہ شاعری۔ڈاکٹرطلحہ رضوی برق۔ناشر:دانش اکیڈمی،ملکی محلّہ آرہ۔باراول۔جنوری۱۹۷۴ء
۳۔شایگاں۔(شعری مجموعہ)ڈاکٹرطلحہ رضوی برق۔ناشر:دانش اکادمی،شاہ ٹولی داناپور کینٹ،پٹنہ۔اشاعت۔۱۹۸۹ء
۴۔تجلیات قتیل۔مصنف:حضرت مولینا شاہ محمد قائم رضوی چشتی نظامی قتیل داناپوری۔بہ اہتمام:طلحہ رضوی برق داناپوری۔مطبع لیبل لیتھو پریس،رمنہ روڈ پٹنہ۴۔۱۳۸۴ھ
۵۔ارزش ادب۔(مجموعہ مضامین)مصنف:پروفیسر ڈاکٹر سید شاہ طلحہ رضوی برق۔مرتب:سلمان رضوی دانش۔ناشر:ادارہ اصحاب قلم پٹنہ۔اشاعت۔۱۹۹۵ء
۶۔حضرت شاہ اکبر داناپوری:حیات وشاعری۔از:پروفیسر طلحہ رضوی برق۔ناشر:سید شاہ محمد بلال رضوی انجم داناپوری۔باراول ۱۹۸۵ء
۷۔اربعین (نعتیہ مجموعہ)از: پروفیسر طلحہ رضوی برق۔مرتب: ڈاکٹر جنید رضوی۔ناشر: علامہ قتیل اورینٹل لائبریری ومرکز تحقیق۔داناپور۔جنوری۲۰۰۸ء
۸۔سجادہ نشینان بہار(مشائخ سخن پرداز)مؤلف:سید محمد طلحہ رضوی برق۔ناشر:مرکز تحقیقات فارسی۔رایزن فرہنگی جمہوری اسلامی ایران،دہلی نو۔چاپ اول۔ژانویہ۲۰۱۵ میلادی۔
۹۔بہار کی بہار۔(جلد دوم)مصنف:اعجاز علی ارشد۔ناشر:قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان،نئی دہلی۔پہلی اشاعت۔۲۰۱۷ء
۱۰۔سنگ میل۔ترتیب وانتخاب:صبا اکرام۔فیروز۔ناشر:انٹلکچول فورم،آرہ۔(بہار)باراول۔۱۹۷۱ء
۱۱۔شایع نظمیں۔از:پروفیسر طلحہ رضوی برق۔مرتب:سید التفات امجدی۔ناشر:دارالاشاعت خانقاہ امجدیہ،سیوان بہار۔اشاعت ۔اکتوبر۲۰۱۱ء
۱۲۔کشایش نامہ(۳۳۱ سالہ قدیم نسخہ)خواجہ راج کرن کایستھ۔ترجمہ وتلخیص:پروفیسر طلحہ رضوی برق۔ترتیب وتہذیب:پروفیسر ارتضیٰ کریم۔اشاعت۔۲۰۱۱ء
۱۳۔ضیاء العروض۔از:علامہ قتیل داناپوری۔مرتب:طلحہ رضوی برق۔ناشر:سید شاہ محمد بلال رضوی انجم داناپوری۔اشاعت اول ۱۹۸۶ء
۱۴۔عشرۂ مبصرہ۔از: پروفیسر طلحہ رضوی برق۔مرتب: ڈاکٹر جنید رضوی۔ناشر: علامہ قتیل اورینٹل لائبریری ومرکز تحقیق داناپور۔اشاعت۔جون۲۰۰۹ء
۱۵۔غور وفکر(مجموعہ مضامین)ڈاکٹرطلحہ رضوی برق۔ناشر:دانش اکیڈمی،ملکی محلّہ آرہ۔اشاعت۔۱۹۷۶ء
۱۶۔شہاب سخن۔(مجموعہ رباعیات)ڈاکٹرطلحہ رضوی برق۔ناشر:جنید رضوی ارماں۔شاہ ٹولی داناپور۔۱۹۹۶ء
۱۷۔مناصب التواریخ۔از: پروفیسر طلحہ رضوی برق۔مرتب: ڈاکٹر سلمان دانش۔ناشر: خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ۔اشاعت۔۲۰۱۲ء

۱۸۔میزان قلم۔ پروفیسر طلحہ رضوی برق۔ناشر:علامہ قتیل اورینٹل لائبریری ومرکز تحقیق داناپور۔اشاعت۔۲۰۱۸ء
۱۹۔ برق نامہ(حصہ اول)مرتب:التفات امجدی۔ناشر:دارلاشاعت خانقاہ امجدیہ،سیوان۔۲۰۱۹ء
۲۰۔تذکار قتیل(علامہ قتیل داناپوری کی حیات وشخصیت پر مشتمل مضامین)مرتبہ:التفات امجدی۔ناشر:دارالاشاعت خانقاہ امجدیہ سیوان۔۲۰۲۱ء
۲۱۔ تقاریظ۔از: پروفیسر طلحہ رضوی برق۔مرتب: ڈاکٹر جنید رضوی۔ناشر: علامہ قتیل اورینٹل لائبریری و مرکز تحقیق داناپور(پٹنہ)فروری۲۰۱۱ء
۲۲۔سہرے ہی سہرے۔ پروفیسر طلحہ رضوی برق۔مرتبہ:ڈاکٹر قدسیہ فاطمہ ضیاء۔ناشر:علامہ قتیل اورینٹل لائبریری ومرکز تحقیق داناپور (پٹنہ)اشاعت۔۲۰۰۸ء
۲۳۔خورشید سحر۔مصنف: حضرت علامہ سید شاہ محمد قائم رضوی قتیل داناپوری۔مرتبہ: پروفیسر طلحہ رضوی برق۔مطبع لیبل لیتھو پریس،رمنہ روڈ پٹنہ۔۱۳۸۸ھ
۲۴۔مکتوبات جمالی۔مصنف: شیخ مصطفیٰ عثمانی جونپوری۔مترجم: پروفیسر سید شاہ طلحہ رضوی برق داناپوری۔ناشر: شاہ عبدالعلیم آسی فاؤنڈیشن دہلی۔سال اشاعت۔اگست ۲۰۱۸ء
۲۵۔لمعات سرمدی۔ پروفیسر طلحہ رضوی برق۔مرتبہ: سید محمد علی رضوی۔ناشر: علامہ قتیل اورینٹل لائبریری ومرکز تحقیق داناپور۔سنہ اشاعت۔۲۰۱۸ء
۲۶۔عنبر سارا(حمد ونعت ومنقبت)پروفیسر طلحہ رضوی برق۔مرتبہ سید ابوذر سعد رضوی۔ناشر:علامہ قتیل اورینٹل لائبریری ومرکز تحقیق داناپور۔سنہ اشاعت۔جنوری۲۰۱۸ء
۲۷۔ورق ورق آئینہ۔پروفیسر طلحہ رضوی برق۔مرتبہ:ڈاکٹر شاہ بلال رضوی۔عرشیہ پبلی کیشنز،دہلی۔سنہ اشاعت۔۲۰۱۴ء
۲۸۔گلستان سخن محمودہ۔پروفیسر طلحہ رضوی برق۔ترتیب وتقدیم:ڈاکٹر شاہ بلال رضوی۔ناشر:علامہ قتیل اورینٹل لائبریری ومرکز تحقیق داناپور۔۲۰۱۶ء
۲۹۔مجمع البحرین۔مصنف:داراشکوہ۔مترجم:طلحہ رضوی برق۔ناشر:قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان،نئی دہلی۔۲۰۱۹ء
۳۰۔رسالہ زبان وادب۔بہار اردو اکادمی پٹنہ۔جنوری۔فروری ۲۰۰۷ء
۳۱۔بیسویں صدی کے چند شعرائے داناپور۔مؤلف وناشر:ڈاکٹر محمد صدر عالم صدیقی۔مطبع۔کراؤن بک پبلشرس،سبزی باغ پٹنہ۔
32.Mysticism in our poetry. Dr Talha Rizvi Barque. Published by: Danish Academy. Milki Mohalla Arrah (Biahr) 1984

☆☆☆

ڈاکٹر نیلوفر حفیظ
اسسٹنٹ پروفیسر (فارسی)، شعبہ عربی و فارسی
الہ یونیورسٹی، پریاگراج

ہمایوں نامہ: ہندوستان کی پہلی تاریخ نویس خاتون گلبدن بیگم کا شاہکار

کشور ہندوستان میں تیموری خاندان کی تاریخ پر ایک طایرانہ نظر ڈالنے سے ہی اندازہ ہو جاتا ہے کہ پوری مغل حکومت میں کچھ متاخرین بادشاہوں کو چھوڑ کر زیادہ تر حکمرانوں نے فارسی زبان و ادب کی ترویج و پیشرفت کے لیے جو کارہائے گرانقدر انجام دیئے ہیں اس کی مثال دنیا کی کسی بھی تاریخ میں کہیں اور دیکھنے کو نہیں ملتی ہے، تیموری حکمران شجاع اور کشورستاں ہونے کے ساتھ ساتھ اعلیٰ درجہ کی علم پروری، شعر دوستی اور ادب نوازی میں بھی یگانہ عصر تصور کیے جاتے تھے اگر یہ کہا جائے تو بے جا نہیں ہوگا کہ تیموری سلاطین کی بخشش و کرم، جود و سخا اور داد و دہش کی بے پایانی نے فارسی ادبیات کے دامن کو بہترین منظوم و منثور تصانیف کے قیمتی موتیوں سے سے مالا مال کر دیا تھا خاص طور پر تاریخ نویسی کے فن کے میں تو اس ملک میں دانشوران ادب کی طرف سے وہ کارہائے گرانقدر انجام دیئے گئے ہیں جس کی مثال دنیا کے دیگر ملکوں میں کہیں اور دیکھنے کو نہیں ملتی ہے کشور ہندوستان میں مغل حکومت کی بنیاد ڈالنے والا یگانہ عصر حکمران یعنی ظہیر الدین محمد بابر خود صداقت پسندی، دیانتداری اور راست نگاری کا (جو کہ فن تاریخ کا بنیادی جزء بہ الفاظ دیگر روح رواں ہے) بہترین نمونہ ''بابر نامہ'' کی شکل میں یادگار چھوڑ گیا ہے جس سے کی ادبی و تاریخی عظمت و افادیت کا اعتراف دنیا کی تقریباً تمام ہی اہم زبانوں میں کیا گیا ہے اس شہنشاہ عالی نے کشور ہندوستان کی تاریخ میں ملک گیری اور ملک داری کی ہی بہترین اور لازوال مثالیں ہی اپنی یادگار نہیں چھوڑی ہیں بلکہ علم پروری اور سرپرستی شعراء و علماء کی بھی وہ بہترین اور عمدہ روایات قائم کی ہیں کہ اس عہد کے بعد کی تاریخ سے لے کر آج تک ان کا جواب بن نہیں پڑتا ہے مغل حکمراں تاریخ نویسی کے معاملے میں نہایت فکرمند اور سنجیدہ رہتے تھے اس فن سے ان کی بے پناہ دلچسپی و دل بستگی کا ہی نتیجہ تھا کہ انھوں نے نہ صرف یہ کہ اپنے دور کے مورخین کو تاریخ نویسی کے لیے آمادہ کیا بلکہ خود بھی بہترین تاریخیں تحریر کیں جن کی مدد سے اس دور کے درست احوال و آثار کو جاننے اور سمجھنے میں خصوصی مدد ملتی ہے چونکہ ان بادشاہوں نے خود بے حد پرارزش اور مفید تاریخی کتابیں لکھی ہیں اس لیے ان میں جانبداری یا تعصب (جس کا الزام درباری مورخین پر ہمیشہ لگایا جاتا رہا ہے) کا شایبہ تک نظر نہیں آتا اور عام قاری بغیر کسی پریشانی کے حقیقی واقعات و حالات سے آگاہی حاصل کر سکتا ہے۔

ہندوستان میں تیموری بادشاہوں اور شہزادوں نے جو ادبی و علمی کارنامے انجام دیئے ہیں وہ تو محتاج تعارف یا سزاوار تعریف نہیں ہیں لیکن ان بادشاہوں اور شہزادوں وغیرہ کے ساتھ ساتھ تیموری خاندان سے تعلق رکھنے والی خواتین نے بھی فارسی شعر و ادب کے میدان میں کارہائے گرانقدر انجام دیئے ہیں مثلاً سلطان بیگم، ممتاز محل، گلبدن بیگم، جہاں آراء بیگم اور زیب النساء وغیرہ جیسی علم نواز، ادب پرور اور نکتہ فہم خواتین نے فارسی شعر و ادب کے دامن کو وسعت و کشادگی بخشنے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا ہے ان ادب پرور اور علم نواز تیموری خواتین کی شہرت و عظمت کی گونج نہ صرف ہندوستان کے در و بام سے سنی یا محسوس کی جاسکتی ہے بلکہ پوری دنیا میں ان کے ادبی و علمی کارناموں کی صدائے بازگشت اذہان و قلوب کو اپنے حصار وسحر میں لیے ہوئے ہے اور عصر حاضر کے دانشور، محققین اور ناقدین بھی ان کے ادبی آثار سے مسلسل فیض یاب ہورہے ہیں، اور ان کے علمی و ادبی کارنامے آج بھی دنیا کی مختلف زبانوں کے دانشوران ادب کے لیے مشعل راہ کے فرایض کو انجام دے رہے ہیں اور وہ ان علمی ادب پاروں کی روشنی میں اپنی آگے کی راہوں کے تعین کرنے میں فخر محسوس کرتے ہیں اور ان خواتین کے علمی کارناموں کے مطالعے سے یہ بھی اندازہ ہوتا ہے کہ تیموری دور حکومت میں خواتین کو بھی مردوں کے مساوی اختیارات حاصل تھے، مختلف موضوعات پر ان کی آراء کا بڑی گرم جوشی، کشادہ دلی اور دیانت داری کے ساتھ خیر مقدم کیا جاتا تھا اور ان خواتین کو شاہی درباروں میں بڑی قدر و منزلت حاصل ہوتی تھی، مغل حکمرانوں نے نسوانی مساوات کی جو بہترین مثالیں قائم کی تھیں وہ اتنی پختہ اور مستحکم تھیں کہ ان کے اثرات ہندوستانی تہذیب پر آج بھی دیکھے جاسکتے ہیں۔

شبہ قارہ ہندوپاک کی تقریباً ہزار سالہ تاریخ میں سب سے پہلی، اہم اور قابل ذکر تیموری خاتون جس نے فارسی تاریخ نویسی کے میدان میں گرانقدر اور لازوال تاریخی کارنامہ انجام دے کر حیات ابدی حاصل کر لی وہ ظہیر الدین محمد بابر اور خانم دلدار بیگم کی دختر عزیز گلبدن بیگم ہیں، گلبدن بیگم کا حقیقی نام صالح سلطان تھا لیکن انھوں گلبدن بیگم کے نام سے زیادہ شہرت اور ناموری حاصل کی اس زن دانشمند کی پیدائش ۹۲۹ ہجری میں افغانستان کے ایک مشہور و معروف شہر کابل میں ہوئی تھی گلبدن بیگم کا عہدِ طفلی ان کے والد بابر بادشاہ کے لیے سخت آزمایشوں، ذہنی مصیبتوں، جسمانی مشقتوں اور سیاسی مشکلات کا زمانہ تھا حالانکہ گلبدن کی پیدایش کے وقت شہنشاہ بابر کو حکومت کرتے ہوئے تقریباً ۱۹ سال کا طول وطویل عرصہ بیت چکا تھا اور یہ دختر عالی اپنی پیدایش کے وقت سے ہی، ایک عظیم الشان، بارعب اور طاقتور حکمراں کی صاحبزادی تھیں بااین ہمہ ان کا بچپن مصایب و مشکلات کے زیر سایہ گزرا۔ کہتے ہیں کہ گلبدن بیگم جب محض دوسال کی تھیں تو بابر کی ایک اور بیوی جن کا نام ماہم بیگم تھا، وہ گلبدن بیگم کو ان کی والدہ یعنی دلدار خانم سے اجازت لے کر اپنی سرپرستی اور نگرانی میں لے آئیں تھیں اور ان کی پرورش و پرداخت کا فریضہ ان کی حقیقی ماں کے بجائے ماہم بیگم نے انجام دیا تھا، جب

گلبدن بیگم پانچ سال کی ہوئیں تو درباری خواتین کے ایک گروہ کے ساتھ جس میں ماہم بیگم خود بھی شامل تھیں، ہندوستان چلی آئیں اور پہلی بار اپنے پدرِعزیز کی گود میں آکر شفقت پدری کی گرماہٹ و نرماہٹ اور شفقت ومحبت کو محسوس کیا اس موقع پر ان کو جس لافانی مسرت وشادمانی اور قلبی طمانیت وراحت کا احساس ہوتھااس کا ذکرانھوں نے اپنی کتاب ''ہمایوں نامہ'' میں بڑے ہی والہانہ، دل کش اور جذباتی انداز میں کیا ہے وہ لکھتی ہیں:

''درملازمت حضرت پادشاه بابام آمده ملازمت کردم ودر پای افتادم وحضرت پرسش بسیارنمودند، زمانی دربغل نشانندواین حقیر رادرآن اثناآن قدرخوش حالی روی نمود که مذیدی بر آن مصتور نباشد'' ۔ ۱

افسوس کہ گلبدن بیگم کی یہ خوشی دیرپا ثابت نہیں ہوسکی ان کے ہندوستان آنے کے تقریباً تین سال بعد ہی پدر عزیز کا سایہ سر سے ہمیشہ کے لیے اٹھ گیا والدعزیز کے انتقال کے بعد ان کے بھائی ہمایوں نے ان کو اپنے سایہ عاطفت میں جگہ دی اور خوب ناز ونخروں کے ساتھ ان کی پرورش کی کوشش کی جب گلبدن بیگم محض ۱۷ سال کی تھیں تو ان کی شادی خضر خان خواجہ چغتائی کے ساتھ ہوگئی جو کہ ہمایوں بادشاہ کے خاص امیروں میں سے تھا جس وقت گلبدن بیگم رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئیں ہمایوں بنگال کی مہم میں مشغول تھا اس کے بعد شیر شاہ سوری نے ہمایوں کو شکست فاش دی اور اس شکست کے بعد پورے ملک کے سیاسی، انتظامی اور اقتصادی معاملات بہت ہی نازک موڑ پر پہنچ گئے ان منتشر حالات میں ہمایوں کے لیے بھی ممکن نہ رہا کہ وہ اپنی بہن کی صحیح طرح سے خبر گیری کرے لہٰذا والد کی وفات اور بھائی کی مشغولیت کے سبب اس دیارِ غیر میں کوئی بھی اپنا ان کا پرسان حال نہ رہا، مجبوراً گلبدن بیگم کابل واپس لوٹ گئیں اور ۹۴۷ سے ۹۵۲ تک انھوں نے کابل میں ایک زن خانہ دار کی حیثیت سے اپنی زندگی بسر کی اس دوران انھوں نے تصنیف وتالیف کی طرف توجہ مرکوز کی یا نہیں اس کے بارے میں وثوق ویقین کے ساتھ کچھ نہیں کہا جاسکتا ہے کیونکہ انھوں نے اپنے علمی مشاغل کے سلسلے میں نہ تو اپنی تحریر میں کوئی واضح اشارے کیے ہیں اور نہ ہی دیگر کتابوں کے مورخین یا محققین وغیرہ نے اس سلسلے میں ہماری کوئی رہنمائی کی ہے، اس کے علاوہ ان کے شوہر اور بچوں وغیرہ کے بارے میں بھی کوئی اطمینان بخش یا تفصیلی معلومات ہی ہماری دسترس میں نہیں پہنچ سکیں ہیں البتہ بعض تاریخی کتابوں اور تذکروں میں ان کی دو اولادوں کا ذکر ضرور ملتا ہے، بہر حال شواہد سے یہ ضرور ثابت ہوتا ہے کہ انھوں نے ۹۸۲ میں تیموری خاندان کی بعض محترم خواتین کے ساتھ زیارت کعبہ کے لیے ایک سفر اختیار کیا اور ان کی یہ مسافرت تقریباً چار سالوں پر محیط تھی شواہد بتاتے ہیں کہ اس مدت میں انھوں نے چار مرتبہ حج کے فرائض انجام دیئے اور اس کے بعد بارِ دیگر ۹۸۷ میں ہندوستان واپس چلی آئیں ان کے آنے کی کیا وجوہات تھیں اس سلسلے میں تمام تذکرے اور تاریخ کی کتابیں خاموش نظر آتی ہیں اور غالباً اکبر کی خواہش کے پیش نظر وہ فتح پور سیکری چلیں

آ ئیں اور پھر اپنی بقیہ عمر وہیں گزاری۔

گلبدن بیگم دودمان تیموری کی ایک محترم اور معزز خاتون شمار کی جاتی تھیں جن کا احترام کرنا ہر خاص وعام کے لیے لازم تھا اس دانشور خاتون کی زندگی کو تین ادوار میں تقسیم کیا جا سکتا ہے پہلا دور پدر عزیز یعنی بابر بادشاہ کی نظام حکومت کا دور تھا ان کا دوسرا دور شہزادہ ہمایوں کے ساتھ گزرا جبکہ ایام پیری شہنشاہ اکبر کے ساتھ بسر ہوئے انھوں نے عہد بابر اور عصر ہمایوں کے کم وبیش تمام قابل ذکر اور اہم حالات کے نشیب وفراز کا بہ چشم خود مطالعہ ومشاہدہ کیا تھا اور تیموری خانوادہ کے تمام سرد وگرم موسم بڑے قریب سے دیکھے تھے کہتے ہیں کہ گلبدن بانو کم عمر سے ہی بہت ذہین، باصلاحیت، پاکدامن، شیرین کلام، حاضر جواب، باسلیقہ اور دانشور قسم کی خاتون تھیں وہ دیگر علوم وفنون کے ساتھ ساتھ خوشنویسی کے فن میں بھی ماہر روزگار تسلیم کی جاتی تھیں اور گاہ بگاہ عمدہ قسم کے شعر بھی کہتی تھیں لیکن افسوس کہ شعر گوئی کے میدان میں ان کی کوئی مستقل یادگار ہماری دسترس میں نہیں ہے البتہ یہ بات تو حتمی طور پر کہی جا سکتی ہے کہ وہ فارسی اور ترکی دونوں ہی زبانوں میں بہترین شعر کہتی تھیں جو ان کی پختگی اور عمدگی پر دال تھے ''مخزن الغرایب'' اور ''تذکرۃ الخواتین'' وغیرہ جیسے تذکروں میں ان کا مندرجہ ذیل شعر ملتا ہے جس کو پڑھ کر اہل نظر بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ یہ انداز بیان کسی غیر پختہ شعر کہنے والے کا نہیں ہو سکتا:

هر پری روئی که او با عشق خود یار نیست
تو یقین می دان که هیچ از عمر بر خور دار نیست

اس کے علاوہ صاحب'' ریاض الشعراء'' نے بھی گلبدن بیگم کو اپنے دور کی بہترین تیموری خواتین شعراء کے زمرہ میں شمار کیا ہے اور ان کی ایک بیت بھی نقل کی ہے جو دیگر تذکروں میں نقل نہیں کی گئی ہے:

''هیچ گهه آن سرو و گل رخسار بی اغیار نیست
راست بود آن یکه در عالم گل بی خار نیست'' ۲؎

اس کے علاوہ گلبدن کا زندہ جاوید کارنامہ یعنی ''ہمایوں نامہ'' یا ''گلبدن نامہ'' میں بھی بعض مقامات پر موزوں اور شیریں کلمات کے دانستہ استعمال کا احساس ہوتا ہے اس کتاب میں جا بجا ایسے جملے نظر آ جاتے ہیں جو موسیقی اور نغمگی میں ڈھلے ہوئے معلوم ہوتے ہیں اور ان میں بلا کی روانی اور ترنم پایا جاتا ہے جو ان کی شعری پختگی کا منہ بولتا ثبوت ہے، یہ انداز کسی ایسے انسان کا نہیں ہو سکتا جو شعر گوئی سے نابلد ہو اپنے دعویٰ کی تصدیق میں ذیل میں ان کی منثور نثر کا صرف ایک نمونہ پیش کیا جا رہا ہے جس کی مدد سے اس دانشور خاتون کے شاعرانہ مذاق کا بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے:

''میرزا دوباراز خندق بر آمدندوحمله ها کردند درهمان تردد شهید شدند

نمی دانمکه کدام ظالم وبی رحم آن جوان کم آزاررا بی تیغ ظلم بیجان
کرده کاشکی به دل ودیده من یا به سعادت یار پسرمن یا به خضر
خواجه کان آن تیغ بی دریغ رسید۔۔۔۔آه صد
افسوس ودریغا،هزار دریغا

ای دریغا، ای دریغا، ای دریغ
آفتابم شد نهان، در زیر میغ‘‘ ۔۳

بہر حال ان کی شاعری کی درست کمیت وحقیقی کیفیت کے بارے میں پورے یقین ووثوق کے ساتھ کہہ پانا تو قدرے مشکل ہے کیونکہ انھوں نہ تو بذات خود اپنی تحریروں میں اس طرف اشارہ کیا ہے اور نہ دیگر تاریخی کتابوں اور تذکروں میں ہی ان کی شعروشاعری کے متعلق شرح وبسط سے روشنی ڈالنے کی کوشش کی گئی ہے البتہ شواہد کی روشنی میں اتنا ضرور کہا جا سکتا ہے کہ انھوں نے عمدہ شعر ضرور کہے ہوں گے لیکن شواہد کی عدم دستیابی کے سبب حتمی طور پر کوئی بھی رائے قائم کر پانا بہت مشکل ہے۔

گلبدن بیگم کے جس بہترین علمی کارنامے نے ان کو آفاقی شہرت اور دائمی حیثیت بخشی وہ ان کا تاریخی شاہکار ’’ہمایوں نامہ‘‘ ہے جس کو ’’گلبدن نامہ‘‘ بھی کہتے ہیں جس وقت گلبدن کی عمر ٦٦ سال تھی تو شہنشاہ اکبر نے اپنی پھوپی یعنی گلبدن بیگم سے بڑے ادب واحترام کے ساتھ یہ درخواست کی تھی کہ وہ تمام حالات وواقعات جو اپنے والد اور بھائی یعنی اکبر اور ہمایوں بادشاہ کے بارے میں انھوں نے دیکھے ہیں یا پھر معتبر لوگوں کی زبانی سنے ہیں ان کو ضبط تحریر میں لائیں تاکہ ان دونوں بہادروں کے کارنامیں ہمیشہ کے لیے تاریخ کے صفحات پر محفوظ رہ جائیں اکبر بادشاہ کا شوق واشتیاق دیکھ کر کچھ شش وپنج کے بعد گلبدن بیگم نے ان تمام دیدہ وشنیدہ واقعات کو ضبط تحریر میں لانے کی حامی بھر لی اور اپنے بھتیجے کی خواہش کا احترام کرتے ہوئے انھوں نے اس کتاب (ہمایوں نامہ) کو فارسی زبان میں تحریر کیا جس وقت گلبدن بیگم یہ تاریخ قلم وقرطاس کے سپرد کر رہی تھیں اس وقت وہ احاطہ گمان میں بھی نہیں لائی ہوں گی کہ محض اپنے عزیز بھتیجے کی ایک خواہش کو پورا کرنے کی غرض سے لکھی جانے والی ان کی یہ سرسری اور عام سی کاوش درحقیقت ان کی آفاقی شہرت اور لازوال عظمت کا سبب بن جائے گی اور ان کی تحریروں کے ذریعے لوگ نہ صرف ان کو ہمیشہ یاد کرتے رہیں گے بلکہ ہندوستان کی تاریخ میں بھی ان کو پہلی تاریخ نویس خاتون کا مرتبہ حاصل ہوگا اور ان کی یہ ادبی کاوش ہر دور اور ہر فکر سے تعلق رکھنے والوں کے لیے مورد استفادہ قرار پائے گی۔

’’گلبدن نامہ‘‘ یا ’’ہمایوں نامہ‘‘ اس عظیم خاتون دانشور کا ایک ایسا زندہ جاوید کارنامہ ہے جس کی صداقتوں اور

حقایق پر کتنی ہی تحقیق وتنقید کیوں نہ کرلی جائے اس کا حق ادا نہیں ہوپاتا اور ہر دن ایک نیا انکشاف سامنے آکر لوگوں کو فکر وتفکر کا نیا مواد فراہم کرتا ہے یہ ہی وجہ ہے کہ بڑے بڑے دانشور اس کی بے پناہ اہمیت وعظمت اور ارزش وافادیت کا اعتراف کرنے پر مجبور نظر آتے ہیں، اس تاریخی کتاب کی عظمت وافادیت کا اندازہ محض اسی بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ یہ دنیا کی بہت سی زبانوں میں ترجمہ ہوچکی ہے اور صرف ہندوایران ہی کے نہیں بلکہ دیگر زبانوں کے محققین ومورخین نے گلبدن بیگم کے بے پناہ تاریخی شعور اور ادبی ذوق کو دل کھول کر خراج تحسین پیش کیا ہے بہرحال سب لوگوں کی آراء سے صرف نظر کرتے ہوئے یہاں فقط ایک دانشور کی رائے قلم بند کررہی ہوں جس کی مدد سے اس کتاب کی عظمت وافادیت کا بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے ڈاکٹر خالدہ آفتاب نے اس تاریخی کتاب یعنی ہمایوں نامہ کو دنیا کی بہترین تاریخی کتابوں کے زمرہ میں صف اول میں جگہ دیتے ہوئے ایک خاتون تاریخ نویس کا عظیم ترین اور آفاقی کارنامہ قرار دیا ہے وہ کہتی ہیں:

> ”همایون نامه یااحوال همایون پادشاه، شاید اولین ودرعین حال آخرین اثر تاریخی باشد که درطول تاریخ چندین صدساله ادبیات فارسی توسط یك زن مورخ به عرصه وجود آمده است واگر گویم که اینگونه شاهکار ادبی وتاریخی که پدید آورنده آن یك نفر زن باشد در ادبیات سایر زبان های جهان مانند ندارد، شاید این هم غلط نباشد“ ۔[۴]

اس میں کسی قسم کے شک وشبہ کی کوئی گنجایش نہیں ہے کہ ”ہمایوں نامہ“ گلبدن بیگم کا وہ شہرہ آفاق تاریخی کارنامہ ہے جس میں بابر بادشاہ اور شہزادہ ہمایوں کے دور کے متعدد مخفی گوشے اجاگر ہوکر عام قارئین کے اذہان وقلوب کو جلا بخشتے ہیں اور غور وفکر کا نیا سامان فراہم کرتے ہیں اس کتاب کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ مصنفہ نے رسمی یا درباری مورخین کی طرح اپنی اس تاریخی کتاب کو دیباچہ، ابواب، فصول، یا خاتمہ وغیرہ میں تقسیم نہیں کیا ہے اور نہ ہی درباری مورخین کی طرح غیر ضروری واقعات وحالات کو تفصیلاً بیان کرکے اپنی تحریروں کو گراں بار بنانے کی کوشش کی ہے اس کتاب کو دو حصوں میں منقسم کیا جاسکتا ہے اس کتاب کا ابتدائی یا پہلا حصّہ بابر بادشاہ کے عہد حکومت سے متعلق قلم بند کیا گیا ہے جس میں بابر اور اس کے عہد کے بارے میں مختصراً اطلاعات فراہم کی گئی ہیں اور غالباً اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ جس وقت بابر کی وفات ہوئی گلبدن بیگم محض ۸ سال کی تھیں اور آٹھ سال کا بچہ جب بڑا ہوتا ہے تو بہت سی چیزوں کو فراموش کرچکا ہوتا ہے شاید ایام کودکی کے بیشتر واقعات وحالات گلبدن کے ذہن سے بھی محو ہوچکے ہوں گے جس کی بنا پر وہ اس دور کے متعلق بہت زیادہ دقیق اور تفصیلی معلومات فراہم نہیں کرسکی ہیں اور بعض جگہ تو بہت ہی مختصر الفاظ میں انھوں نے عہد بابری کے واقعات وحالات کو قلم بند کیا ہے لیکن یہاں قابل ذکر بات یہ ہے کہ اس اختصار واجمال کے باوجود ان کی پیش کردہ

معلومات بابر کے عہد کو جاننے و سمجھنے کا معتبر و مستند ماخذ کہی جا سکتی ہیں وہ خود بھی لکھتی ہیں کہ تیموری بادشاہوں میں امیر تیمور سے لے کر میرے والد کے عہدِ حکومت تک کسی بھی بادشاہ نے اس قدر مصایب و مسایل اور تکالیف و تصادم برداشت نہیں کیے ہوں گے جتنی مشکلات اور مصیبتیں میرے پدر بزرگوار کو برداشت کرنا پڑیں تھیں وہ اس بات کی خوب تعریف و ستایش کرتی ہیں کہ ان کے والد نے اپنی تدبیر و تدبر اور ذہانت و لیاقت سے پہاڑوں جیسی بھاری بھاری نا قابل بیان الجھنوں اور تکلیفوں کو اپنی فہم و فراست سے بڑی ہی کامیابی کے ساتھ فرو کیا ہے اور ایک وضع دار انسان اور کامران حکمران کی طرح اپنی زندگی بسر کی ہے اور حالات کی ہمہ نامساعدی کے باوجود اپنے دامن پر کبھی کسی قسم کا کوئی بدنما داغ نہیں لگنے دیا ہے۔

گل بدن بیگم نے اپنی کتاب کے اس حصّے میں بابر کی بے پناہ ہمت و شجاعت، صبر و تحمل، بے سرو سامانی و مفلسی، شکست و فتح اور لشکر کشی و جنگ وغیرہ سے متعلق خاصی معلومات افزا اور سیر حاصل گفتگو کی ہے اس کے علاوہ اس کتاب میں بابر بادشاہ کی علالت اور اپنے جانشیں ہمایوں کے لیے کی جانے والی بہت سی وصیتوں اور نصیحتوں وغیرہ کے بارے میں بھی قدرے تفصیلی اور جالب انداز میں روشنی ڈالنے کی نہایت ہی کامیاب کوشش کی ہے، ان کی تحریروں سے بآسانی یہ اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ کتاب کے اس حصّے کو احاطۂ تحریر میں لاتے وقت گلبدن بیگم نے ''بابر نامہ'' (سرگذشتِ بابر) سے ہی سب سے زیادہ استفادہ کیا ہے اور عہدے بابری کی بعض بڑی حقیقی اور سچی تصویریں ہماری دسترس میں پہنچائی ہیں یہ درست ہے کہ کتاب کے اس حصے میں وہ عہد بابر سے متعلق بہت دقیق اطلاعات دینے میں صد فی صد کامیاب نہیں ہو سکی ہیں بااین ہمہ ان کی بیان کردہ مختصر معلومات بھی بعض اوقات بڑی مفید اور ذی قیمت محسوس ہوتی ہیں جن کے متعلق اس عہد کی دوسری کتابوں میں کوئی تذکرہ نہیں کیا گیا ہے۔

''ہمایوں نامہ'' کا دوسرا حصّہ بہت اہم، پرارزش اور بیش قیمت ہے اس میں شہزادہ ہمایوں کی حکومت سے متعلق قیمتی اطلاعات کو فراہم کیا گیا ہے اس حصے میں گلبدن بیگم نے ہمایوں کے دور کے بعض بہت ہی اہم حالات و واقعات کو ہم تک پہنچایا ہے مثلاً بھائیوں کے درمیان آپسی نااتفاقی، شہزادہ ھندال کا جشن عروسی، گجرات بنگال اور مالوہ وغیرہ سے متعلق ہمایوں کی مہمات، ہمایوں کی کسمپرسی کی درد بھری داستان، شہرشاہ کے ہاتھوں ہمایوں کی شکست، ہمایوں کا بھکر و ملتان کی طرف روانہ ہونا، اکبر کی پیدایش، ہمایوں کا ایران کی طرف متوجہ ہونا، شہزادہ ہمایوں کو شاہ طہماسپ کی طرف سے مدد پہنچانا، تسخیر قندھار، کابل پر حملہ، مرزا کامران کی اطاعت، فتح بدخشاں، شہزادہ کامران کی شکست اور اس کا فرار ہونا، مرزا کامران کا شب خون، مرزا ھندال کا قتل، دستگیری اور مرزا کامران کا اندھا ہونا وغیرہ جیسے تقریباً تمام ہی اہم تاریخی واقعات کا ذکر کتاب کے اس دوسرے اور آخری حصے میں بڑے ہی پرزور اور دل کش انداز میں پیش کیا گیا ہے جس کی وجہ سے اس کتاب

کی تاریخی اہمیت بہت زیادہ بڑھ گئی ہے کیونکہ اس دور کی تاریخ جاننے کا کوئی دوسرا معتبر یا مستند ماخذ فی الحال ہمارے پاس نہیں ہے یہ کتاب ۹۶۱ ہجری تک کے واقعات پر پہنچ کر اچانک مندرجہ ذیل جملوں کے ساتھ اختتام پذیر ہو جاتی ہے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ یا تو دستیاب شدہ نسخوں میں پوری کتاب نہیں ملتی ہے یا اس بات کے بھی قوی امکان نظر آتے ہیں کہ بعض وجوہات کی بنا پر گلبدن بیگم اس کو تکمیل کے مرحلے تک نہیں پہنچا سکی ہوں گی:

”در نواحی رهتاس کـه رسیدند به سید محمد حکم کردند که هر دو چشم میرزا کامران را میل کشند در رفت ومیل کشید“ ۔۵

”ہمایوں نامہ“ کی سب سے بڑی اور اہم خصوصیت یہ ہے کہ یہ کتاب بابر و ہمایوں بادشاہ کے دور کے سیاسی، اقتصادی اور اجتماعی حالات کو جاننے و سمجھنے کا ایک کمیاب بلکہ نایاب ماخذ ہے گلبدن بیگم شروعات سے ہی بہت ذی فہم اور حساس قسم کی خاتون تھیں، لکھنے پڑھنے کی اچھی استعداد و ادراک رکھتی تھیں چنانچہ ”ہمایوں نامہ“ ان کی قابلیت کی زندہ مثال اور بہترین یادگار ہے اس کتاب میں انھوں نے بابر و ہمایوں کے علاوہ اپنے دیگر بہن بھایوں کے متعلق بھی بہت مختصر لیکن بڑی ہی جالب و دلکش گفتگو کی ہے جو قارئین کو بے اختیار اپنی طرف متوجہ کر لیتی ہے اس کے علاوہ اس تاریخ میں مغل محلوں کے رسم و رواج، طور و طریق اور خصوصاً شاہی محل کی خواتین کے طرز زندگی سے متعلق قدرے دلچسپ اور تفصیلی گفتگو کی گئی ہے اس کتاب کے مطالعے سے اندازہ ہوتا ہے کہ تیموری سلاطین کے یہاں خواتین کو خاص احترام و تکریم کی نظر سے دیکھا جاتا تھا ان کے ادب و احترام میں کسی قسم کی کوتاہی اور گستاخی برداشت نہیں کی جاتی تھی اور شاہی محل میں خواتین کو مردوں کے مساوی درجہ حاصل ہوتا تھا یہاں کی عورتیں لکھنے پڑھنے کے علاوہ خوش نویسی اور سپہ گری جیسے مشکل فنون سے بھی کماحقہ واقفیت رکھتی تھیں اور وقتاً فوقتاً اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ بھی کرتی تھیں بادشاہوں کے حکم پر عورتوں کو مختلف علوم و فنون کی باقاعدہ اور باضابطہ طور پر تعلیم دی جاتی تھی، اس کے علاوہ شاہی خاندان کی خواتین گھوڑ سواری، چوگان بازی، تیراندازی اور آواز خوانی وغیرہ جیسے مشاغل کا بھی عمدہ ذوق اور اعلیٰ شوق رکھتی تھیں اور ان خواتین کو شاہی محلات کے مردوں ہی کی طرح اپنی زندگی اپنے طریقے سے جینے کی پوری آزادی حاصل ہوتی تھی ان پر غیر ضروری پابندیاں نہیں لگائی جاتی تھیں۔ گلبدن بیگم نے اس تاریخ میں کئی جگہوں پر ایسے واقعات کا ذکر کیا ہے جن کو پڑھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ ہمایوں بادشاہ شاہی خاندان کی خواتین کو خلوت و جلوت میں بہت عزیز رکھتے تھے اور ان کے درباری احترام و اہتمام میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کرتے تھے مثلاً ایک جگہ گلبدن بیگم ماہم بیگم کے کشور ہند میں وارد ہونے کا واقعہ نقل کرتی ہیں کہ جب ماہم بیگم کابل سے ہندوستان کی طرف آتی ہیں تو بادشاہ فرط شوق سے مجبور ہو کر ان کے استقبال کے لیے پاپیادہ عالم وارفتگی میں دوڑتا ہوا چلا جاتا ہے اور پورے شاہی احترام و اہتمام کے ساتھ ان کو حرم سرا میں لے کر آتا ہے ”ہمایوں نامہ

''سے مندرجہ ذیل عبارت نقل کی جا رہی ہے جس سے اس واقعہ کی صداقت اور حقیقت کا اندازہ آسانی کے ساتھ لگا جا سکتا ہے:

"حضرت پادشاہ بابا م تا اسپ آوردن تحمل نکردند و پیادہ روان شدند ودرپیش خانہ نتیجہ ماھم درخوردند آکام می خواسند کہ پیادہ شوند پادشاہ بابام نماندند و خود درجلوی آکام تا خانہ خود پیادہ آمدند'' ۔ ۶

اسی طرح مرزا ھندال کے جشن عروسی کے موقع پر ذکر ہمایوں کے دوران حمیدہ بیگم کے بارے میں بتاتی ہیں کہ دونوں ایک ہی توشک پر جلوہ فگن ہیں اور دربار کی دیگر خواتین بھی انھیں کے ساتھ ان کے داہنی اور بائیں طرف جلوہ افروز نظر آ رہی ہیں اور یہ تمام خواتین بہت شادماں اور خوش ہیں اور شاہی محل میں منائی جانے والی مختلف رسومات میں حصہ لے رہی ہیں اس واقعہ سے اندازہ ہوتا ہے کہ تیموری حکمراں خواتین کی توقیر اور احترام کا خصوص اہتمام کرنا اپنے اوپر لازم گردانتے تھے اور ان کے شرعی حقوق سے کماحقہ واقفیت رکھتے تھے اور ان خواتین کو ہندوستان کے دیگر بادشاہوں کے بالکل برعکس اپنے یہاں مساوی درجہ دیتے تھے شاہی محلات میں ان خواتین کی آراء اور مشوروں کو نہ صرف یہ کہ غور سے سنا جاتا تھا بلکہ وقتاً فوقتاً ان کی طرف سے پیش کی جانے والی عمدہ رائے کو اہمیت وفوقیت بھی دی جاتی تھی شادی بیاہ یا دیگر تقاریب وغیرہ کے مواقع پر مختلف رسومات میں بھی خواتین کے ساتھ یہ بادشاہ برابر کے شریک ہوتے تھے اور محل کی خواتین کو اپنے مساوی ہی بٹھانے کا اہتمام کرتے تھے کسی کو دوسرے پر تو فق وترجیح حاصل نہیں ہوتی تھی مذکورہ بالا سطور کی صداقت کا اندازہ گلبدن بیگم کی مندرجہ ذیل تحریر سے بخوبی کیا جا سکتا ہے:

" حضرت پادشاہ آکہ خانم درپیش تخت در یك تو شك نشستند ودردست راست آکہ جانم عم ھای ایشان دختر السلطان ابو سعید میرزا فخرجھان بیگم وبدیع الجمال بیگم وآق بیگم و سلطان بخت بیگم و گوھر شاد بیگم و خدیجہ سلطان بیگم نشستند'' ۔ ۷

یہاں ایک اہم بات جس کا ذکر کر دینا بھی ضروری معلوم ہوتا ہے کہ گلبدن بیگم نے اپنی اس کتاب میں ہندوستان اور یہاں کے باشندوں کا کہیں بھی کوئی ذکر نہیں کیا ہے جو بظاہر بہت عجیب محسوس ہوتا ہے کہ ایک ہوش منداور زیرک مورخ جو کہ ہندوستان میں بیٹھ کر اس کتاب کو تحریر کر رہا ہے یہ کس طرح ممکن ہے کہ وہ یہاں کے لوگوں کے رسم ورواج اور دیگر چیزوں کا بالکل بھی کوئی تذکرہ نہ کرے اور غالباً یہ ہی وہ خیال ہے جس کی بنا پر ہمارے بعض دانشوروں کو یہ غلط فہمی پیدا ہوگئی کہ گل بدن بیگم کو اپنے والد بابر کی طرح یہاں کے رسم ورواج، طور وطریق اور آداب وعقاید سے کوئی

خاص دلچسپی نہیں تھی یا وہ یہاں کے لوگوں اور ان کے رسم و رواج کو کمتر سمجھتی تھیں جس کی وجہ سے انھوں نے اس ملک کے حالات و واقعات کو قلم بند کرنا درخور اعتنا تصور نہیں کیا ہے، اس سلسلے میں صرف یہ ہی کہا جا سکتا ہے کہ بہت ممکن ہے کہ دانشوروں کی پیش کردہ اس رائے میں تھوڑی بہت سچائی پائی جاتی ہو لیکن اس پر صد فیصد یقین کرنے کو دل نہیں چاہتا کہ ان جیسی باشعور اور حساس مصنفہ اور نرم و گداز دل رکھنے والی خاتون کو اس ملک اور یہاں کے لوگوں سے کوئی خاص دل بستگی نہیں رہی ہوگی اس کے بالکل برعکس مجھے اس کی بنیادی وجہ یہ نظر آتی ہے کہ یہ کتاب ایک محدود تناظر اور ایک مخصوص مقصد کو پیش نظر رکھ کر لکھی گئی تھی چونکہ اس کا دایرہ بہت وسیع نہیں تھا اور نہ ہی مصنفہ کا مقصد تاریخی معلومات کو منظم طریقے سے پیش کرنا تھا غالباً یہ ہی وجہ رہی ہوگی کہ گلبدن بیگم نے یہ ضروری نہیں سمجھا کہ وہ اس میں ان اطلاعات کو رقم کریں جن کا براہ راست تعلق ان کے والد یا بھائی سے نہیں ہے ان کا مقصد صرف اتنا تھا کہ وہ نہایت ہی اہم اور بے حد ضروری واقعات کو قلم بند کر کے اپنے عزیز بھتیجے کی خواہش کو پورا کر دیں لہٰذا گلبدن بیگم نے اپنے ہدف کو پورا کرنے کے دوران رسمی مورخین کی طرح اپنے قلم کو بہت زیادہ آزاد فضاؤں میں پرواز دلانے کی کوشش نہیں کی ہے اس کے بالکل برعکس انھوں نے صرف وہی حالات و واقعات بیان کرنے پر اپنی توجہ مرکوز رکھی ہے جن کا تعلق براہ راست بادشاہ بابر یا شہزادہ ہمایوں یا پھر ان دونوں کے دور سے رہا تھا اور ظاہر ہے اس محدود داور مختصر سے دائرے میں ہندوستان جیسے وسیع اور کشادہ ملک کے حالات کو بیان کرنا ان کے لیے قدرے مشکل اور دشوار تھا اور شاید یہ ہی وجہ ہو کہ ''ہمایوں نامہ'' میں ہندوستان اور یہاں کے لوگوں کے بارے میں تفصیلاً کوئی ذکر نہیں ملتا ہے۔

جیسا کہ قبلاً بھی ذکر کیا جا چکا ہے کہ گلبدن بیگم نے دور مان فضل و کمال کے گہوارہ میں پرورش و پرداخت پائی تھی اور اس کا اثر صرف ان کی شخصیت پر ہی نہیں پڑا تھا بلکہ ان کی ان کی تحریروں میں بھی ان کی شاہانہ تربیت کی سنجیدگی، وقار اور متانت عود کر آتی ہے، اگر ان کے سبک نویسندگی کی بات کی جائے تو کہا جا سکتا ہے کہ ان کی ہمہ تحریریں نہایت سادہ، سلیس اور عام فہم ہیں عبارتوں میں بلا کی روانی اور سلاست ہے ''ہمایوں نامہ'' اپنے عہد کی دیگر تاریخی کتابوں کے بالکل برعکس، حیرت انگیز حد تک پیچیدہ تشبیہات و استعارات اور پر تکلف تراکیب سے پاک نظر آتا ہے جس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ مصنفہ نے اپنی تاریخ نویسی کے اس خداداد ہنر کو شکوہ لفظی پر قربان نہیں کیا ہے جو کہ اس زمانے کے مورخین کا خاص شیوہ یا ادیبانہ کمال تصور کیا جاتا تھا بلکہ اس عظیم خاتون مورخ نے تو نہایت مختصر جملوں اور خوبصورت انداز میں اس دور کے سیاسی، تمدنی، معاشرتی اور تاریخی واقعات کے ترتیب دینے کی نہایت اعلیٰ اور کامیاب کوشش کی ہے اور یہ ہی وجہ ہے کہ علامہ شبلی نعمانی جیسی عظیم اور قد آور علمی شخصیت نے بھی ''ہمایوں نامہ'' کے طرز نگارش کو ''تزک جہانگیری'' اور ''رقعات عالمگیری'' کے ہمدوش و ہم مرتبہ بلکہ اس سے بھی کئی گنا زیادہ دل نشین اور جالب ترین فارسی نثر قرار دیا ہے علامہ شبلی اس

تاریخی کتاب کی بے پناہ اہمیت وارزش کا اعتراف کرتے ہوئے اوراس کے سبک نویسندگی کے متعلق اظہار خیال کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''فارسی زبان وادب میں سادہ اور صاف واقعہ نگاری کا عمدہ نمونہ تزک جہانگیری اور رقعات عالمگیری ہے اوراس میں شبہ نہیں ہے کہ یہ کتابیں سادگی اور لطافت کے لحاظ سے اس قابل ہیں کہ ہزاروں ظہوری اور وقایع نعمت خان عالی ان پر نثار کردیئے جائیں لیکن انصاف تو یہ ہے کہ ہمایوں نامہ کچھ ان سے بھی آگے بڑھا ہوا ہے اس کے چھوٹے چھوٹے فقرے سادہ اور بے تکلف الفاظ روزمرہ بول چال، طرز ادا کی بے ساختگی دل کو بے اختیار کردیتی ہے''۸

گلبدن بیگم کو فارسی اور ترکی دونوں ہی زبانوں پر مہارت حاصل تھی ''ہمایوں نامہ'' کے طرز تحریر اور طرز بیان کی بات کی جائے تو مجھے یہ کہنے میں کوئی تردد نہیں ہے کہ ان کا انداز بیان اور طرز تحریر ایران کے فصحائے ادب کے مساوی بلکہ بعض اوقات تو ان سے بھی بلند اور اعلیٰ مقام پر نظر آتا ہے لیکن یہ بھی درست ہے کہ بعض واقعات تحریر کرتے وقت کچھ مقامات پر ان کی عبارات میں سستی اور لغزش بھی پیدا ہوگئی ہے لیکن یہ اغلاط یا لغزشیں بہت زیادہ فراوانی کے ساتھ ان کی تحریروں میں نظر نہیں آتی ہیں کہ ان کو بہت زیادہ قابل گرفت یا لایق اعتراض قرار دیا جاسکے اور ظاہر ہے کہ ان کو علمی مشاغل میں بہت زیادہ انہماک بھی نہیں تھا اور نہ ہی وہ کوئی پیشہ ورانہ مصنفہ تھیں کہ دوران تحریر ان سے کوئی غلطی یا لغزش ہو ہی نہیں سکتی تھی ایمانداری سے بات کی جائے تو یہ تسلیم کرنے میں کوئی مضایقہ نہیں ہے کہ زبان وبیان کی یہ لغزشیں تو بعض اوقات اساتذہ کے یہاں بھی دیکھنے کو مل جاتیں ہیں اور یہ تقاضائے بشری ہے جس کو نظر انداز کردینا زیادہ بہتر ہے لہٰذا گلبدن بیگم کو بھی ان کی ان چند اغلاط کے لیے مورد ایراد ٹھرانا کسی بھی طور درست قرار نہیں دیا جاسکتا ہے اس سلسلے میں علاء الدین صدیقی نے بڑی متوازن اور حقیقت پر مبنی رائے پیش کرتے ہوئے کہا ہے:

''اگر چہ بیان کی روانی میں بعض مقامات پر عبارت سستی ترکیب کا شکار ہوتے ہوتے بچی ہے اور چند مواقع پر زبان میں عمومیت کی جھلک بھی نمودار ہوجاتی ہے تاہم واقعات کو عجیب دلکش انداز میں مرتب کیا گیا ہے اور روزمرہ محاورہ بندی نے جو عام طور پر تاریخ نگاروں کی مجرمانہ بے اعتنائی کا شکار ہے اس کتاب میں موجود ہے، جس نے اس کتاب کی ادبی حیثیت کو بہت بلند کردیا ہے''۹

''ہمایوں نامہ'' یا ''گلبدن نامہ'' کی ایک اور قابل ذکر اور اہم خصوصیت اس کتاب کا ایجاز واختصار ہے جو اس عہد میں لکھی جانے والی کتابوں میں شاذ ونادر کہیں اور دیکھنے کو ملتا ہے گلبدن بیگم ہمہ مطالب ومقاصد کو بے حد مختصر اور آسان جملوں میں بیان کرنے کے سلیقے وقرینے سے بخوبی باخبر تھیں اس ہنرمندی میں کوئی بھی ان کا ثانی نہیں

نظر آتا، دورۂ اکبری کا سب سے بڑا اور یگانہ عصر مورخ ابوالفضل جس واقعہ کو رقم کرنے میں دس صفحات میں سیاہ کرتا ہے اس کو گلبدن بیگم فقط ایک صفحہ میں بیان کرنے کا حیرت انگیز ہنر خوب جانتی ہیں اور ان کا یہ وصف اختصار ان کو بڑے بڑے تاریخ نویسوں میں ممتاز و ممیّز کرتا ہے ان کی تحریروں کے ایجاز و اختصار کے سبب مطالعہ کنندہ کو خستگی اور بوجھل پن کا احساس نہیں ہوتا اور از اول تا آخر اس میں دلچسپی اسی طرح برقرار رہتی ہے۔

جیسا کہ قبلاً بھی ذکر کیا جا چکا ہے کہ گلبدن بیگم فارسی کے ساتھ ساتھ ترکی زبان میں بھی خاصی مہارت رکھتی تھیں جس کا اثر ''ہمایوں نامہ'' کی تحریروں میں بھی صاف صاف دکھائی دیتا ہے حالانکہ انھوں نے اس دور کے دیگر مورخین کی طرح عربی ترکیبات اور پیچیدہ لغات سے پرہیز کی شعوری کوشش کی ہے اور اس میں انھیں خاطر خواہ کامیابی بھی حاصل ہوئی ہے لیکن اس کتاب میں جا بجا ان کی مادری زبان کے الفاظ ضرور دیکھنے کو مل جاتے ہیں جن کو دیکھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ یہ بے اختیار ان کے قلم کی تراوش کا نتیجہ ہیں مثلاً چاروق، ایلیک، لاریدہ، جویاق، قزاقیبا، تپوچاک، تورخانہ، آکا، ساچق، شکردوز، ینچہ، یساول، لچک قصابہ اور زلچہ وغیرہ جیسے لاتعداد ترکی الفاظ ''ہمایوں نامہ'' میں موجود ہیں ان ترکی الفاظ کے علاوہ ان کے یہاں کچھ ہندوستانی الفاظ بھی دیکھنے کو مل جاتے ہیں مثلاً پاتر (لونڈی یا ناچنے والی) گوران (ہندی میں گنوار کی فارسی جمع ہے) جمدھر و کھپوہ (ہندی کے الفاظ چوڑی نوک کے تیر کو کہتے ہیں) ان ہندوستانی علاقائی الفاظ کو استعمال کرنے کی بظاہر وجہ یہ ہی نظر آتی ہے کہ گلبدن بیگم نے اپنی عمر کا بڑا حصّہ اس ملک میں گزرا تھا اور یہاں کے رسم و رواج، الفاظ و تراکیب اور طور طریق سے کماحقہ واقفیت رکھتی تھیں لہٰذا اس ملک کی زبان کے چند الفاظ کا ان کی تحریروں میں راہ پا جانا بالکل فطری تھا کیونکہ ترکی ان کے والد، عزیزوں اور شوہر کی زبان تھی اس لیے ''ہمایوں نامہ'' کی تحریروں میں ترکی زبان کے الفاظ کا استعمال بے جا یا غیر ضروری قرار نہیں دیا جا سکتا ہے۔

مختصراً یہ کہا جا سکتا ہے کہ گلبدن بیگم کا یہ بہترین تاریخی اور ادبی کارنامہ عہد بابر اور عہد ہمایوں کے سیاسی، اقتصادی، معاشرتی اور اجتماعی حالات کو جاننے کا سب سے بڑا، مستند اور معتبر ماخذ ہے اس کتاب کی ارزش و اہمیت و اعتبار کی سب سے بڑی وجہ یہ ہی ہے کہ مصنفہ نے اس میں صرف وہ ہی حالات اور واقعات بیان کیے ہیں جن کی وہ بذات خود شاہد تھیں یعنی ان کا براہ راست مشاہدہ و محاسبہ کیا تھا انھوں نے جس واقعہ یا معاملے کو جس طرح مشاہدہ کیا یا محسوس کیا اس کو بلا کم و کاست بیان بھی کر دیا ہے اس کتاب کی مقبولیت اور افادیت کا ایک اور سبب اس کی سادگی و سلاست اور ایجاز و اختصار ہے جس نے اس تاریخ کی ادبی قدر و قیمت میں کئی گنا اضافہ کر دیا ہے، دورۂ بابری و ہمایوں کے تاریخی حقایق کی پردہ کشائی کے اعتبار سے بھی اس کتاب کو بنیادی و اساسی اہمیت حاصل ہے اور یہ ہی وہ چند خصوصیات ہیں جن کی وجہ سے دانشوران فارسی کسی نہ کسی شکل میں اس سے استفادہ کرتے رہے ہیں اور گزرتا ہوا وقت اس کی ارزش و اہمیت کا

مسلسل افزوں کرتا چلا جا رہے۔

ماخذ و منابع

۱۔ ہمایوں نامہ یا گلبدن بیگم، گلبدن بیگم، شاہی پریس الہ آباد، ۱۹۲۹ء، صفحہ نمبر ۲۳۔

۲۔ ریاض الشعرا (جلد اول)، علی قلی خان تصحیح و ترتیب، شریف حسین قاسمی، کتا نجانہ رضا رامپور اتر پردیش، ۲۰۰۱، صفحہ نمبر ۶۰۵۔

۳۔ ہمایوں نامہ گلبدن بیگم، گلبدن بیگم، شانتی پریس الہٰ آباد، ۱۹۲۹، صفحہ نمبر ۱۶۰۔

۴۔ مجلّہ اقبالیات شمارہ پنجم و ششم، دکتر خالدہ آفتاب، لاہور پاکستان، ۱۹۹۲-۱۹۹۱، صفحہ نمبر ۱۵۴۔

۵۔ ہمایوں نامہ گلبدن بیگم، گلبدن بیگم، شانتی پریس الہٰ آباد، ۱۹۲۹، صفحہ نمبر ۱۶۵۔

۶۔ ہمایوں نامہ گلبدن بیگم، گلبدن بیگم، شانتی پریس الہٰ آباد، ۱۹۲۹، صفحہ نمبر ۱۔

۷۔ ہمایوں نامہ گلبدن بیگم معہ مقدمہ مشتمل بر حالات مصنفہ و تنقید کتاب، محمد علا الدین صدیقی، مالک تاج بک ڈپو کشمیری بازار لاہور، صفحہ نمبر ۳۵۔

۸۔ مقالات شبلی (جلد چہارم)، مولانا شبلی نعمانی، شبلی اکیڈمی اعظم گڑھ، صفحہ نمبر ۵۶۔

۹۔ ہمایوں نامہ گلبدن بیگم، مقدمہ محمد علاء الدین صدیقی، کریمی پریس لاہور، صفحہ ۸۔

☆☆☆

ISSN: 2394-5567 (UGC Care Listed) **S. No. 24**

بخواندم یکی مرد هندی دبیر سخن گوی و گوینده و یادگیر
(فردوسی)

DABEER

(An International Peer Reviewed Refereed Quarterly Literary Research Journal for Persian Literature)

VOLUME: X ISSUE: I - II

JANUARY – JUNE 2023

Editor

Ahmad Naved Yasir Azlan Hyder

Address: Dabeer Hasan Memorial Library

12, Choudhri Mohalla, Kakori,Lucknow,

U.P.-226101 (INDIA)

Email: dabeerpersian@rediffmail.com

Mob. No. 09410478973

Website: www.dabeerpersian.co.in

Review Committee

Prof. Azarmi Dukht Safavi, Aligarh

Prof. Shareef Hussain Qasmi, Delhi

Prof. Masood Anwar Alvi Kakorvi, Aligarh

Prof. Umar Kamaluddin Kakorvi, Lucknow

Prof. Tahira Waheed Abbasi, Bhopal

Prof. Mazhar Asif, New Delhi

Editorial Board

Prof. Syed Hasan Abbas, HOD Persian, BHU, Varanasi

Prof. S. M. Asad Ali Khurshid, Director IPR, AMU, Aligarh

Prof. Aleem Ashraf Khan, Department of Persian, DU, Delhi

Prof. Syed Mohammad Asghar, Deptt. Of Persian, AMU

Pro. Shahid Naukhez Azmi, Department of Persian, MANUU, Hyderabad

Dr. Mohammad Aquil, Department of Persian, BHU, Varanasi

Dr. Md. Ehteshamuddin, Institute of Persian Research, AMU, Aligarh

Dr. Iftikhar Ahmad, HOD Persian, Maulana Azad College, Calcutta

Dr. Mohammad Qamar Alam, Aligarh Muslim University, Aligarh

Dr. Anjuman Bano Siddiqui, Deptt. Of Persian, Karamat College, Lucknow

Co-Editor

Dr. Mohammad Tauseef Khan Kaker

Assistant Professor, Department of Persian, Aligarh Muslim University, Aligarh

Dr. Atifa Jamal

Doctorate, Department of Persian, Lucknow University, Lucknow

CONTENTS

S.NO.	TITLE	AUTHOR	PAGE NO.
1	CONTRIBUTION OF BRAJBHASHA POETS TO THE MUGHAL COURT	Dr. Sanskriti Ramzan	5
2	THE CONSTITUTIONAL MOVEMENT OF IRAN AND ITS IMPACT ON PERSIAN POETRY	Dr. Jitul Ali	15
3	THE RAMAYANA OF HAMIDA BANU BEGUM, QUEEN MOTHER OF MUGHAL INDIA	Dr. Anjali Duhan Gulia	20
4	WAS AKBAR LITERATE OR ILLITERATE: A CASE STUDY	Dr. Seema Jangir	23
5	A CONTEXTUAL APPRECIATION OF AVICENNA’S WORKS	Dr. Yaseen Kambay	31
6	HUMANISM AS DEPICTED BY MAULANA RUMI IN HIS MYSTIC POETRY	Dr. Bilqees Bashir	34
7	MULLA MOHSIN FANI AND HIS CONTRIBUTION TO PERSIAN LITERATURE	Dr. Shazia Bano	38
8	IQBAL’S CONCEPT OF SELF: A PHILOSOPHICAL ANALYSIS	Dr. Mohd Rashid	45
9	A STUDY ON ART AND ARCHITECTURE OF PALLAVAS IN MAHABALIPURAM WITH REFERENCE TO SHORE TEMPLE	Dr. S. Prabakaran	49
10	FROM ALIAH MADRASAH TO ALIAH UNIVERSITY: A JOURNEY	Afifur Rahman Mollah	53
11	FOLK ARTS IN THE PANCHAL REGION: A STUDY	Saroj Kumari	62
12	WHO WERE KARMATIANS?	Saurabh Misra	70
13	PROMINENT MUSLIM WOMEN OF COLONIAL INDIA: BEGUM SULTAN JAHAN (1858-1930)	Ishrat Mushtaq / Sartaj Hafiz	74
14	STATUS OF WOMEN IN EIGHTEEN CENTURY BENGAL UNDER THE NAWAB REIGN	Mehbuba Khatun	78
15	SHAH NAWAZ KHAN: A LOST SOILDIER OF A FORGOTTEN ARMY	Anuradha Pal	87
16	SUFI SAINTS MONARCHY: A STUDY OF THE POLITICAL ROLE OF “WARRIOR” AND	Tania Begum	93

	"INTELLECTUAL" SAINTS IN MEDIEVAL ASSAM		
17	DEVELOPMENT OF INDO-PERSIAN HISTORIOGRAPHY DURING THE SULTANATE ERA: AN IN-DEPTH STUDY	Sakir Hossain Laskar	100
18	PILLARS OF ASHOKA: DOCUMENTARY OF MAURYA DYNASTY	Totan Sheikh	115
19	FAWAID UL FUWAD: AN ANALYTICAL STUDY	Yasmin Firdosh	121
20	KARL MARX AND MICHEL FOUCAULT: THE DEBATE FOR HISTORIOGRAPHY BETWEEN MARXISM AND POST MODERNISM	Harjot Singh / Manpreet Kaur	125

DR. SANSKRITI RAZDAN

Assistant Professor

Mount Carmel College, Bangalore

CONTRIBUTION OF BRAJBHASHA POETS TO THE MUGHAL COURT

Abstract

This article examines the contribution of Brajbhasha poets to the development of Mughal culture, focusing on their work for the Mughal Court. Poetry written in the Brajbhasha language that conveyed the local populace's ethos, values, and customs was essential to bridging the gap between the ruling class and the ordinary people. They contributed to the evolution of Mughal writing by introducing novel subjects, modes of expression, and forms of expression, such as music and dance. One of their most important contributions was to the evolution of Mughal literature. Poetry composed in the Brajbhasha language, which the Mughals encouraged and supported, is now an integral part of India's canon of literature. The article argues that Brajbhasha poetry made significant contribution to the Mughal court.

Keywords: *Brajbhasha Poets, Culture, Literature, Language, Mughal Court.*

Introduction

Literature plays a crucial role in shaping society. It has continued the ancient practice of passing on a culture's defining mythology, folktales, and legends from generation to generation[1]. The cities of Mathura and Vrindavan in the Braj area are where the Brajbhasha dialect was originally spoken. The author of Tuhfat al-Hind (the gift of India), Shahnawaj Khan, also connected the Brajbhasha with Brajmandal and offered the following flattering assessment of the region's literary culture. The Braj region, which includes present-day Mathura, Agra, and the surrounding areas in Uttar Pradesh, was the primary Brajbhasha-speaking area[2]. During the Middle Ages, Brajbhasha was primarily seen as the language in which poets composed hymns and devotional songs in honour of Krishna and Radha. This language's grammatical rules are laid out since the language is popular among poets and the culturally affluent because it contains poetry full of vivid colour and lovely expressions of the adoration of the lover and the beloved[3].

Muzaffar Alam, in his study of the rise of the Persian language in the Mughal state under Akbar and later, argued that vernacular could make its presence felt in the Mughal court and literary culture only in the eighteenth century in response to political pressure from the regions in the form of rebellious movements. This is because the Persian archive portrays Mughal society as a completely Persianized society with little room for a

---

[1] Busch, A. (2010). Hidden in plain view: Brajbhasha poets at the Mughal Court. *Modern Asian Studies*, *44*(2), 267-309.

[2] Chandan, S. K. (2014). Introducing Braj bhasha archive for the study of the history of Mughal India.

[3] Bangha, I. (2020). Allison Busch (1969–2019), Author of Poetry of Kings. *South Asia Research*, *40*(1), 12-21.

vernacular culture like Brajbhasha literary and Brajbhasha literature, notably its rich poetry, was consistently supported by the imperial Mughal court and the Mughal ruling elite, which included Mughal Princes, high mansabdars, and middle ranking mansabdars, calling into doubt this common belief[1]. In the Brajbhasha literary culture, several of these Mughal men took part not only as patrons of vernacular poets but also as poets.

Historical and cultural influences on the Mughal Court of Brajbhasha poetry

Outlining the literary climate, the Mughals might have found upon their arrival in India a good place to begin. Support of Hindi by Indo-Muslim elites predated Brajbhasha literature and the Mughal Empire, which emerged in sixteenth-century India[2]. Most significant early indicators of Hindi poetic originality may be traced to Indo-Muslim cultural settings and courts, a fact usually ignored by nationalist literary historians. There are scattered references to vernacular verse forms and songs as early as the Ghaznavid period (around 977-1186 A.D). Still, the activity in regional Muslim courts and Sufi khankhas inspired major textual achievements in pre-Mughal Hindi: a series of Premankhyans written in the Avadhi dialect between 1379 and 1545 A.D. The Avadhi poet Manjhan (who wrote Madhumalati) and Shah Muhammad Farmuli, whose Hindi poems are affectionately remembered by the literary biographers of early modern India, were frequent visitors to the court of Islam Shah Sur. Language and literary tastes in North India shifted significantly during Akbar's reign. One example is the respect the Mughals had for Persian poets. Another noteworthy shift occurred when the Brajbhasha dialect began suppressing the Avadhi dialect in vernacular literary circles[3]. There is only a little difference between the languages. Despite their varying morphological traits and preferred genres, both can be categorised as Hindi (which Indo-Muslims often termed Hindavi). As well as writing treatises on ancient Indian aesthetics known as ritigranth, Brajbhasha poets liked writing brief muktuk poems, typically on devotional or regal themes. Unlike Avadhi, which comes from further east, the Braj dialect is not too far removed from the Hindi spoken in Agra and would have likely been readily understood by the Mughals[4].

It is difficult to determine when the Mughals first became interested in Braj literary culture. Almost all early Hindi poets connected to the Mughal court have been lost to history, leaving behind only their names and maybe a few lines of poetry. Humayun has been linked to the support of Brajbhasha songs, which share some characteristics with poetry and can be difficult to tell apart. Several Braj authors are also linked to his court. The works of the poet Narhari are more chronicled than those of his contemporaries since he gained the support of Islam Shah Sur and eventually became a poet in Akbar's court.

---

[1] Sharma, G. (2014). Poetry of Kings: The Classical Hindi Literature of Mughal India.

[2] Orsini, F., & (SOAS). (2012). How to do multilingual literary history? Lessons from fifteenth-and sixteenth-century north India. *The Indian Economic & Social History Review*, *49*(2), 225-246.

[3] Schofield, K. B. (2010). Reviving the golden age again:"Classicization," Hindustani music, and the Mughals. *Ethnomusicology*, *54*(3), 484-517.

[4] Lefèvre, C. (2012). The Majālis-i Jahāngīrī (1608-11): dialogue and asiatic otherness at the Mughal court. *Journal of the Economic and Social History of the Orient*, *55*(2-3), 255-286.

Akbar had a deep appreciation for music, particularly dhrupad songs sung in Brajbhasha, the language of his court[1]. Tansen, a famous court musician, is hardly in need of introduction. Music is given significant attention in Abul Fazl's Ain-i Akbari, which includes a chapter devoted to Bishnupad (Songs to Vishnu). Abul Fazl does not mention the many Hindi poets who worked in Akbar's court, but their names and works have survived in poetry collections. Only a select few, like Karnesh and Manohar (among others), receive even passing mention in literary history, and even then, only with scant personal details. Todar Mal, Akbar's revenue administrator, and Faizi, Akbar's Persian poet laureate (and Abul Fazl's brother), are attributed to creating Braj poetry. Akbar written a few songs in Hindi himself. His Majesty's inspired nature is strongly drawn to composing poetry in Hindi and Persian, as described by Abul Fazl; he displays a subtle grasp of the finest points of literary conceits.

Brajbhasha poets recognized at Mughal Court

Keshavdas' Jahangirjascandrika (Moonlight of the Fame of Jahangir) from 1612 A.D shows a deeper connection to the Mughal court under Jahangir. This was a panegyric, as the name suggests, and it took place in the Agra royal court, though it is unclear whether he gave this to the emperor. Although Jahangir speaks highly of a group of Hindi poets in his autobiography, this may have indicated that the Braj language was more widely spoken during his reign. Many artists from the Braj region performed at Shah Jahan's court. Lal Khan, Khush-hal, and Vishram, all descendants of Tansen (whose Braj music was present in Akbar's court), attended the Mughal court. Poets from the Braj tradition who are linked to Shah Jahan include Harinath. It was also reported that the monarch met with Biharilal. Poets of equal renown who were associated with Shah Jahan's court include Sundar, Kavindracarya Sarasvati, and Chintamani Tripathi. It is still being determined how much support Aurangzeb gave the Braj poets during his reign, but it is believed that this support persisted despite the emperor's lack of involvement. It was stated that all of Aurangzeb's sons and grandkids shared his passion for Braj. This suggests a lengthy connection between the Mughal governing elite and the Braj literary tradition. Although Persian would have maintained its status as the imperial court's primary language, Brajbhasha was also spoken there. However, only some of Brajbhasha's accomplishments originated outside of royal courts or even in those of the Mughals.

Riti poetry thrived primarily in imperial and sub-imperial courts, and its readers were members of the governing class. Merchant elites like Bhavani Dutt Vaishya or Sabal Singh Sahu were trying to get a foothold in the concept of royal power by emulating courtly patronage to the rich genre of poetry. Merchants played a crucial role in the vernacularization of the Mughal literary sphere by mimicking court practices such as patronage to poets and troops of musicians. Still, they have been largely ignored in studies on cultural productions in the pre-modern period. Because of their connections to the imperial court or courts of the Indo-Persian elite, aspiring Mughal gentlemen could adopt cultural practices from the court. Even among the provincial elite, far from the Persian Cosmopolis of Agra or Delhi, there was a growing aspiration to be recognised as a Rasik of Riti poetry. By going through these motions, we can value the autonomy of these bhasha

[1] Truschke, A. (2015). Contested history: Brahmanical memories of relations with the Mughals. *Journal of the Economic and Social History of the Orient, 58*(4), 419-452.

poets, who were nomads to varied degrees and have been largely overlooked in research on Mughal history[1].

The Contribution of Brajbhasha Poets to Mughal Literature

Brajbhasha poets had a significant and multifaceted influence on Mughal literature[2]. It was well-known that the Mughal Empire was a strong patron of literature and that during Akbar's reign, the court of the Mughal Emperor was a hub of literary innovation and cultural exchange. Poets who composed in the Brajbhasha vernacular language contributed significantly to the development of Mughal literature. Poets who wrote in the Brajbhasha language contributed significantly to Mughal literature by emphasising regional themes and topics in their work. Since the authors wrote about love, nature, and devotion to God, the common people of northern India could relate to their writings. Their writings contributed to forming a distinct Mughal cultural identity and connected highbrow Persian literature with the common populace. Brajbhasha poets pioneered the introduction of innovative new forms into Mughal literature, which was immensely beneficial. For instance, they disseminated dohas and chaupais, which were types of moral and spiritual literary styles written in concise rhyming couplets. These forms eventually became an integral part of India's literary heritage and were adopted by the literature of other regions.

Brajbhasha poets significantly contributed to the evolution of Hindustani, a language composed of Persian and regional dialects. They used Persian phrases and idioms, which not only improved the overall quality of their work but also helped spread the language to a larger audience; as a consequence of the blending of cultures, a new linguistic identity emerged, which included elements of both the native and foreign languages. This identity incorporated elements from both languages. Brajbhasha poets played a crucial role in the evolution of Mughal dance and music. The regular incorporation of music and dance performances in their performances contributed to the spread of their popularity beyond the Mughal court[3]. Brajbhasha poets contributed a substantial body of work to Mughal literature, encompassing many forms. In addition to playing a significant role in the evolution of music and dance, these individuals were instrumental in the evolution of new literary genres, introduced local issues and motifs to the fore, and enhanced the Hindustani language. Their works contributed significantly to the formulation of the unique cultural identity of the Mughal Empire.

Themes, styles, and genres of Brajbhasha poetry

During the medieval period, Brajbhasha was primarily seen as the language in which poets composed hymns and devotional songs in honour of Krishna and Radha. Keshavadasa shattered this norm, revealing to the public that Brajbhasha could cover various topics and

---

[1] Bahl, C. D. (2020). Arabic Philology at the Seventeenth-Century Mughal Court. Saʿd Allāh Khān's and Shāh Jahān's Enactments of the Sharḥ al-Radī. *Philological Encounters*, *5*(2), 190-222.

[2] Vig, J. (2022). The Use of Brajbhasha in Sikh Contexts: Connecting Gurbilās Literature to Braj Martial Poetry. *Comparative Studies of South Asia, Africa and the Middle East, 42*(2), 362-369.

[3] Sharma, S. (2017). Fāʾiz Dihlavī's Female-Centered Poems and the Representation of Public Life in Late Mughal Society. In *Affect, Emotion, and Subjectivity in Early Modern Muslim Empires: New Studies in Ottoman, Safavid, and Mughal Art and Culture* (pp. 168-184). Brill.

styles[1]. This is especially clear in Rasikpriya and Kavipriya, two of his most well-known compositions. During the Mughal era, Keshavdasa's rich tradition thrived. Brajbhasha literature expanded outside the Braj region and beyond its original focus on devotional topics. Located to the South of Agra, Gwalior is where much of the oldest Brajbhasha literature was written. Vishnudas, a poet, started writing Brajbhasha versions of stories from the Mahabharata and Ramayan based on Sanskrit texts. Vishnudas's work is significant because he is credited with pioneering the vernacularizing tradition by giving fresh life to the ancient epic tales of Krishna and Ram. This is but one of the sources from which Brajbhasha derives. Some of its linguistic, lexical, content, stylistic, and illustrative elements originated in the Apabhramsha, the Sanskrit Puranas, the Persian and Sanskrit dictionaries, folk ballads, and other sources. There needed to be uniformity of style in Brajbhasha literature[2]. There was a wide range of textual output. The more prevalent form of bhakti verse was the pada, which consists of rhyming couplets in a simple metre and is intended to be sung. Both Surdas and Mira used this technique in their writing. Bihari was an expert in the doha form of couplets. Kabir also frequently uses the doha, and the caupi or quatrain which are most common in narrative epic poems. Modern hagiographies were also written about poet-saints at the head of a sampradaya or sect, such as Vallabha and Chaitanya. The Vallabha sect chronicles are often cited as one of the most influential of these pseudo-historical works since they represent an early stage in the development of Brajbhasha prose. The diversity of literary styles is wider than the topics and ideas that inspired them.

Anandghan brought the prospect of romantic love between two people to a genre of Brajbhasha poetry otherwise dominated by Krishna devotion and courtly themes. The present Hindi poetry of echoes the depth of the pain of love depicted in his poetry, attesting to his profound influence on future poetry. Even when they appeared to deal with Krishna-bhakti, his quatrains were seen as expressing an Islamic romanticism. In contrast, his padas, devotional songs, and other works were seen as expressions of real Vaishnava devotion. His quatrains sparked a heated debate because they blurred the lines between secular and devout themes.

Keshavdas's decision to rework this older literary form allowed him to experiment with a classic palette of courtly kavya styles. This piece was written when Bir Singh, who had deposed his older brother, ascended to the throne of Orcha. There is more at play here than a mere coincidence between literature and politics. The complexity of Kesavdas's historical epoch necessitated a new literary style in Brajbhasha[3].

Brajbhasha poets enriched Mughal literature with their works

The Brajbhasha tradition, a constellation of courtly poetry and intellectual practises that flourished in an environment of mixed Mughal and sub-imperial patronage, can trace its

---

[1] Lefèvre, C. (2014). The Court of ʿabd-Ur-Raḥīm Khān-I Khānān as a Bridge between Iranian and Indian Cultural Traditions. In *Culture and Circulation* (pp. 75-106). Brill.

[2] Pillai, S. S. (2022). Remembering and Removing Aurangzeb: The Manuscript History of Sabalsingh Chauhan's Mahabharat. *Comparative Studies of South Asia, Africa and the Middle East*, *42*(2), 356-361.

[3] Hasson, M. (2022). Taking Laila's Name: Reimagining the Laila-Majnun Story in Brajbhasha. *Journal of South Asian Intellectual History*, *4*(2), 146-180.

lineage back to Kesavdas, who Hindi writers revere as one of its founders. Kesavdas broke with convention by choosing the less prestigious Hindi dialect of Brajbhasha over Sanskrit, the traditional language of the Indian court. He broadened the scope of Brajbhasha, which had hitherto been limited to Krishna-themed lyrical poetry, to include works on various scholarly and even arcane topics and forms. Although they were written in Brajbhasha, Keshavadasa's works were considered paradoxical because the Sanskrit literary tradition influenced them. The literary language Brajbhasha was on the cusp of widespread acceptance at that time. The Bhakti movement is often cited as a factor in the shift in public opinion. The spread of Vaishnavism helped keep the general public's focus on languages like Brajbhasha.

One notable example is Abdul Rahim Khan Khanan, who supported and wrote highly regarded works in the Hindawi literary genre, using both the Awadhi and Brajbhasha languages in his poetry compositions. The muktak style, popularised by Gang, was central to his work. In his work Kavinirnay (1746), Bhikharidas asserts that Rahim is the preeminent poet of Brajbhasha. Doha and baravi were Rahim's preferred writing styles. Khan-i Khanan was a prodigy in the written word and an avid reader. He was a renowned scholar of not just Persian but also Arabic, Sanskrit, and Hindawi, and at Akbar's request, he even studied Portuguese. Supposedly, he had the largest library in the sub-region. The works he penned in the Hindawi language under the pen name 'Rahim' demonstrate his brilliance[1].

Birbal and Tansen were two notable courtiers of Akbar who wrote verse or prose in Brajbhasha. Akbar is claimed to have bestowed the title Kaviraj upon Birbal for his Brajbhasha compositions, which Birbal wrote under the takhallus (pen name) Brahma. Todar Mal and Faizi, Abul Fazl's brother, are also rumoured to have written in Brajbhasha. The fact that the Mughal aristocracy during Akbar's reign was interested in vernacular literature is supported by Shahnawaz Khan's statement of Zain Khan Koka's (1601 A.D) fondness for Hindawi ragas and kavitts (riti metres).

Cultural Identity

The Mughal emperors' encouragement of Brajbhasha poetry resulted in the development of a unique Mughal culture. Included in the cultural practices of the Mughal court was poetry written in the Brajbhasha language, which had the effect of lowering social barriers between the aristocracy and the common people. This was of the utmost importance in a society that placed a premium on social stratification and in which the cultural norms of the upper class were frequently viewed as foreign and unrelated to daily life. Support for Brajbhasha poets, whose works reflected the Mughal Empire's tolerance for diverse cultures, was one way the Mughal Empire's rulers encouraged cultural blending[2]. This cultural mixing was reflected in the language, concepts, and motifs of Brajbhasha poetry, ultimately resulting in a new literary tradition distinct from both Persian and Sanskrit. The Mughals' encouragement of Brajbhasha poetry contributed significantly to the development of a distinct cultural identity for the them. It established a cultural synthesis

---

[1] Hussain, S. (2012). The emperor's new tongue: Literature and language in the Mughal court. Cambridge University Press.

[2] Subramanian, V. K. (2002). The Mughal state, 1526-1750. Oxford University Press.

that matched the global nature of the imperial government and gave the locals a sense of cultural pride and identity. These factors contributed to the growth of mutual comprehension between the ruling class and the general population.

Language

